وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا

تصوف و سلوک

PDFBOOKSFREE.PK

حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی مدظلہ العالی

ناشر مکتبۃ الفقیر فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایک ضروری گزارش!

معزز قارئینِ کرام! اس کتاب کو عام قاری کے مطالعہ، اُمتِ مسلمہ کی راہنمائی اور ثوابِ دارین کے خاطر پاکستان ورچوئل لائبریری پر شائع کر رہا ہوں۔ اگر آپ کو میری یہ کاوش پسند آئی ہے یا آپ کو اس کتاب کے مطالعے سے کوئی راہنمائی ملی ہے تو برائے مہربانی میرے اور میرے والدین کی بخشش کے لئے اللہ رب العزت سے دُعا ضرور کیجئے گا۔ شکریہ

طالبِ دُعا سعید خان

PAKISTAN VIRTAUL LIBRARY
www.pdfbooksfree.pk

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا (القرآن)

تصوف و سلوک

مؤلف:
فقیر ذو الفقار احمد
نقشبندی مجددی
مہتمم دار العلوم
جھنگ، پاکستان

- [illegible]
- تصوف کیا ہے
- لفظ صوفی کی تحقیق
- بیعت طریقت کا شرعی ثبوت
- ضرورت مرشد
- آداب مرشد
- [illegible]
- [illegible]
- اسباق تصوف
- معمولات شب و روز
- معارف و حقائق
- اخلاق حمیدہ
- سوالات و جوابات

ناشر: جامعۃ الحبیب فیصل آباد

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب ——— تصوف وسلوک

مؤلف ——— حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مدظلہ

ناشر ——— مکتبۃ الفقیر
223 سنت پورہ فیصل آباد

اشاعت اول ——— اکتوبر 1995ء

اشاعت دوم ——— جون 1998ء

اشاعت سوم ——— نومبر 2000ء

اشاعت چہارم ——— دسمبر 2003ء

اشاعت پنجم ——— مئی 2005ء

تعداد ——— 1100

کمپیوٹر کمپوزنگ ——— ڈاکٹر شاہد محمود نقشبندی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

انتساب

فقیر اپنی ان طالبعلمانہ کوششوں کا انتساب اپنے ہادی و راہبر مرشد عالم محبوب العارفین **حضرت پیر غلام حبیب** نقشبندی مجددیؒ کے نام کرتا ہے۔

- جن کی تعلیمات کی گھنی چھاؤں نے فقیر کو زندگی کی کڑکتی دھوپ سے بچائے رکھا۔
- جن کی توجہات نے خود شناسی اور خدا شناسی کی منزل کا راہی بنایا۔
- جن کی شفقتوں نے فقیر جیسے بے مایہ کو بھی درد دل کا گوہر عطا فرمایا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

فہرست مضامین

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
	پیش لفظ	
	باب نمبر1: علم تصوف	1
1	علم تصوف	1
2	دلیل نمبر1	1
3	دلیل نمبر2	4
4	دلیل نمبر3	6
5	تصوف مشاہیر امت کی نظر میں	8
	باب نمبر2: تصوف کیا ہے؟	11
1	تصوف کیا ہے؟	11
2	خلاصہ کلام	13
	باب نمبر3 : لفظ "صوفی" کی تحقیق	15
1	لفظ "صوفی" کی تحقیق	15
2	صوفی کون ہوتا ہے؟	21
	باب نمبر4: بیعت طریقت کا شرعی ثبوت	23
1	بیعت طریقت کا شرعی ثبوت	23
2	بیعت کی تعریف	23
3	بیعت اسلام	24
4	بیعت جہاد	24
5	بیعت ہجرت	25
6	بیعت توبہ (بیعت طریقت)	25
7	بیعت سے متعلقہ سوالات و جوابات	26
	باب نمبر5: ضرورت مرشد	35
1	قرآن مجید سے دلائل	35
2	احادیث سے دلائل	39
3	عقلی دلائل	41
4	اقوال الصالحین سے دلائل	43
5	علامات شیخ کامل	48
	باب نمبر6: آداب مرشد	50
1	مرشد کی ظاہری حیثیت و قومیت پر نظر نہ کرے۔	51
2	مرشد کو اپنے حق میں انفع سمجھے۔	52
3	اپنی آواز مرشد کی آواز سے بلند نہ کرے۔	57
4	مرشد کے مصلے پر پاؤں نہ رکھے۔	58
5	مرشد کے سایہ پر قدم نہ رکھے۔	60
6	مرشد کھڑا ہو تو مرید بھی کھڑا ہو جائے۔	62
7	مرشد کی سختی اور ڈانٹ سے دل تنگ نہ ہو۔	65
8	مرشد کے کلام کو رد نہ کرے۔	68
9	جو خواب میں دیکھے مرشد کی خدمت میں عرض کر دے۔	71
10	مرشد کی اجازت کے بغیر کسی دوسری جگہ بیعت نہ کرے۔	78
	باب نمبر7: خانقاہوں کا قیام	80
1	قرآن مجید سے دلائل	81
2	احادیث سے دلائل	85
3	عقلی دلیل	87

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

فہرست

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
	باب نمبر8: اعتقادات	89
1	اعتقادات برائے مریدین	89
2	اہل اللہ کی شان حد سے گھٹانا گناہ ہے۔	89
3	اہل اللہ کی شان حد سے بڑھانا گناہ ہے۔	91
4	حضرت جنید بغدادیؒ کا جاہل صوفیاء کے بارے میں قول۔	92
5	اولیاء اللہ کے کشف و الہام کی حقیقت۔	92
6	غیراللہ کی عبادت حرام ہے۔	93
7	قبروں کو سجدہ کرنا شرک ہے۔	95
8	کوئی ولی شریعت کے کاموں سے مستثنیٰ نہیں۔	96
9	ولی کی کرامات اس کی فضیلت کی دلیل نہیں۔	99
10	ولی کا بے عمل بیٹا پیر نہیں بن سکتا۔	105
11	طریقت کی بدعت شریعت کی بدعت کی مانند ہے۔	106
	باب نمبر9: اسباق تصوف	107
1	شریعت محمدیہ کا حسن و جمال	107
2	مثال نمبر1	107
3	مثال نمبر2	108
4	مثال نمبر3	109
5	آمدم بر سر مطلب۔	109
6	سلف صالحین کی عبارات	111
7	اوراد و وظائف کے دلائل۔	113
8	(1) ذکر (وقوف قلبی)	114
9	قرآن مجید سے دلائل۔	116
10	احادیث سے دلائل	118
11	(2) فکر (مراقبہ)	119
12	قرآن مجید سے دلائل۔	121
13	احادیث سے دلائل	123
14	ذکر و مراقبہ سے متعلقہ سوالات و جوابات۔	124
15	امام ابن تیمیہؒ کے اعتراض کا جواب۔	126
16	(3) درود شریف	129
17	قرآن مجید سے دلائل۔	129
18	احادیث سے دلائل	130
19	درود شریف سے متعلقہ سوالات و جوابات۔	131
20	(4) استغفار	133
21	قرآن مجید سے دلائل۔	133
22	احادیث سے دلائل۔	135
23	(5) تلاوت قرآن مجید	139
24	قرآن مجید سے دلائل۔	139
25	احادیث سے دلائل	140
26	(6) رابطہ شیخ	141
27	قرآن مجید سے دلائل۔	141
28	احادیث سے دلائل۔	142
29	عقلی دلائل۔	143
30	اشعار سے دلائل۔	143
	باب نمبر10: معمولات شب و روز	145

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

فہرست

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
1	حضرت خواجہ ابو سعیدؒ کی مشہور رباعی۔	145
2	حضرت خواجہ ابو یوسفؒ ہمدانی کی نماز تہجد۔	146
3	حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا قول۔	146
4	حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاریؒ کے اشعار۔	146
5	حضرت مولانا عبدالغفور مدنیؒ کا انمول جواب۔	147
6	حضرت خواجہ دوست محمد قندھاریؒ کا فرمان۔	150
	باب نمبر11: معارف و حقائق	152
1	دنیا	152
2	دل	153
3	عبادات	153
4	توبہ	154
5	شیخ اور مرید	155
6	تقویٰ	157
7	ذکر و مراقبہ	157
8	دعا	158
9	علم و عمل	158
10	برائے علمائے کرام	159
11	متفرقات	164
	باب نمبر12: اخلاق حمیدہ	182
1	مکارم اخلاق	183
2	اخلاق الصالحین	183
3	حسن خلق کے فضائل	184

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
4	خیر خواہی کی لاجواب مثالیں	190
5	اخوت اسلامی کے فضائل	192
6	اخوت کی بنیادی شرط	196
7	حبیب کیسا ہو؟	198
8	اخوت کے آداب	202
	باب نمبر13: سوالات و جوابات	216
1	پیر سے محبت کے بارے میں شریعت کی کوئی دلیل ہے یا نہیں؟	216
2	پیر پکڑنے کی کیا ضرورت ہے؟	217
3	سلوک میں ذکر ہی سے فائدہ ہوتا ہے یا کسی اور چیز سے بھی؟	219
4	مومن کو نماز کا انتظار کیوں رہتا ہے؟	221
5	مجذوب کون ہوتے ہیں؟	221
6	دست غیب سے کیا مراد ہے؟	222
7	قبضؒ و بسط سے کیا مراد ہے؟	223
8	فنا فی الرسولؐ سے کیا مراد ہے؟	223
9	نقشبندیہ اور چشتیہ سلسلہ میں کیا فرق ہے؟	223
10	کیا سماع جائز ہے؟	225
11	سنت اور بدعت کی پہچان کیا ہے؟	225
12	امت کا ایک بڑا طبقہ تصوف کو اچھا کیوں نہیں سمجھتا؟	225
13	اکثر گناہوں کا سبب کیا ہوتا ہے؟	226
14	صوفیاء جہاد کیوں نہیں کرتے؟	227

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

پیش لفظ

1994ء کے سالانہ نقشبندی اجتماع کی ایک نشست میں فقیر نے ولی ابن ولی حضرت مولانا پیر عبدالرحیم صاحب دامت برکاتہم سجادہ نشین خانقاہ حبیبیہ چکوال کے ارشاد پر بیان کیا۔ تصوف و سلوک کے مختلف عنوانات کے گرد گھومتے ہوئے اس بیان کو سالکین طریقت نے پذیرائی بخشی۔ بعض احباب نے تقاضا کیا کہ یہ تقریر اگر تحریر کے سانچے میں ڈھل جائے تو افادیت کا باعث ہوگی۔ فقیر نے تعمیل ارشاد کرتے ہوئے اپنی یادداشت کو صفحہ قرطاس پر بکھیرنا شروع کر دیا۔ پے در پے تبلیغی اسفار کے باوجود کچھ نہ کچھ سپرد قلم کرنے کی کوشش رہی۔ آزاد کشمیر ضلع باغ کا تبلیغی دورہ کرتے ہوئے جناب پروفیسر امتیاز احمد عباسی نے فقیر کا یہ معمول دیکھا تو حسرت موہانی کا ایک شعر قدرے تصرف کیساتھ یوں چسپاں کیا۔

ہے مشق "قلم" جاری "سفروں" کی مشقت بھی   اک طرفہ تماشا ہے "حضرت" کی طبیعت بھی

قارئین کرام اگر فقیر کی اس طالبعلمانہ کوشش میں کوئی قابل اصلاح بات نوٹ کریں تو مطلع فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ البتہ جن حضرات نے اس کتاب کی ترتیب و تالیف میں علمی و عملی تعاون کیا ہے فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنا درد نصیب فرمائے۔ مزید برآں تمنا ہے کہ رب کائنات روز محشر اس ناچیز کوشش کو قبول فرما کر فقیر کو بخشش کئے ہوئے گنہگاروں کی قطار میں شامل فرمائے۔ آمین ثم آمین

مجھے اپنی پستی کی شرم ہے تیری رفعتوں کا خیال ہے
مگر اپنے دل کو میں کیا کروں اسے پھر بھی شوق وصال ہے

مؤلف

فقیر ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی
(کان اللہ لہ عوضا عن کل شیٔ)
مہتمم دارالعلوم جھنگ۔ پاکستان

20-7-95

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 1

علم تصوف

علم تصوف کے شرعی ثبوت کے لئے تین دلائل بیان کئے جاتے ہیں۔

دلیل نمبر1:۔ اللہ جل شانہ' کا فرمان ہے۔"وذروا ظاھر الاثم وباطنہ"

(الانعام آیت 120)

[اور ظاہری گناہ اور پوشیدہ گناہ سب چھوڑ دو]

تفسیر خازن میں اس آیت کے تحت مرقوم ہے.....

"المراد بظاھر الاثم افعال الجوارح وباطنہ افعال القلوب"

(تفسیر خازن جلد دوم صفحہ 146)

[ظاہری گناہ سے مراد اعضاء و جوارح کے اعمال اور باطنی گناہوں سے مراد دل کے اعمال ہیں]

لہٰذا انسانی اعمال کی تین قسمیں ہیں۔

قسم اول:۔ وہ اعمال جن کا تعلق فقط انسان کے ظاہر سے ہے۔ مثلاً "کلوا واشربوا ولا تسرفوا" [کھاؤ اور پیئو اور اسراف نہ کرو] "قل للمومنین یغضوا من ابصارھم" [آپ کہہ دیجئے ایمان والوں سے کہ نگاہیں نیچی رکھیں] "فاعتزلوا النساء فی المحیض" [عورتوں سے حیض کے دوران علیحدہ رہو]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

قسم دوم:- وہ اعمال جن کا تعلق فقط انسان کے باطن سے ہے۔ مثلاً "و توکل علی اللہ" [اور اللہ پر توکل کرو] "و افوض امری الی اللہ" [میں اپنا کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں] "لا تخشوھم و اخشونی" [ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو]

قسم سوم:- وہ اعمال جن کا تعلق انسان کے ظاہر سے بھی ہے اور باطن سے بھی مثلاً نماز کے ظاہر کے متعلق فرمایا "و اذا قاموا الی الصلوۃ قاموا کسالی" [اور جب کھڑے ہوتے ہیں نماز میں تو کھڑے ہوتے ہیں سستی کے ساتھ] اور باطن کے متعلق فرمایا "یراء ون الناس" [انسانوں کے دکھانے کے لئے] اعمال کے ظاہری حصے کا تعلق علم قال (فقہ) اور باطنی حصے کا تعلق علم حال (تصوف) سے ہے۔ یہ دونوں علوم صحابہ کرامؓ نے شارع علیہ الصلوۃ والسلام سے سیکھے جس کی تائید درج ذیل احادیث سے ہوتی ہے۔

✪ ــــ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ "حفظت من رسول اللہ ﷺ وعائین۔ فاما احدھما فبسطتہ و اما الاخر فلو بسطتہ قطع ھذا البلعوم" (مشکوۃ کتاب العلم)

[میں نے رسول اللہ ﷺ سے علم کے دو برتن حفاظت میں لئے۔ ایک کو لوگوں میں پھیلا دیا اور دوسرا اگر پھیلاؤں تو یہ گردن کاٹ دی جائے] اس حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے نبی اکرم ﷺ سے دو علوم سیکھے یعنی ایک علم قال اور دوسرا علم حال۔

✪ ــــ سیدنا عمر بن الخطابؓ کو جب دفن کیا گیا تو حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے صحابہ کرامؓ کی ایک محفل میں کہا "آج دس میں سے نو حصے علم فوت ہوگیا" اس پر بعض صحابہ کرامؓ نے ناگواری کا اظہار کیا تو حضرت عبداللہؓ نے فرمایا "اس سے مراد حیض و نفاس کا علم نہیں بلکہ علم باللہ ہے" یہ جواب سن کر سب حضرات مطمئن اور خاموش ہوگئے۔ پس اس پر صحابہ کرامؓ کا اجماع سکوتی ثابت ہوا اور صاف ظاہر ہے کہ صحابہ کرامؓ کسی غیر شرعی بات پر ہرگز خاموش نہ رہتے۔ وہ تو باطل کے خلاف ننگی تلوار تھے۔

✪ ــــ حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"رسول اللہ ﷺ نے مجھے علم کے ستر ابواب بتا رکھے ہیں اور میرے سوا یہ علم کسی اور کو نہیں بتایا۔" (کتاب اللمع ص 54)

✪ — صحابہ کرامؓ میں سے بعض حضرات ایسے بھی تھے جنہیں ایک خاص قسم کا علم خصوصیت کے ساتھ حاصل تھا۔ حضرت حذیفہؓ کو منجملہ اور کئی باتوں کے منافقین کے ناموں کا علم تھا۔ انہیں رسول اللہ ﷺ نے یہ علم راز میں بتایا تھا۔ یہاں تک کہ حضرت عمرؓ بھی ان سے دریافت کرتے تھے کہ کہیں میں تو ان میں سے نہیں ہوں۔

✪ — بعض تابعین حضرات علم قال (فقہ) میں صحابہ کرامؓ سے بڑھے ہوئے تھے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بعض اوقات مسئلہ پوچھا جاتا تو فرماتے "جابر بن عبداللہ" سے پوچھو' اہل بصریٰ ان کے فتویٰ پر عمل کریں" حضرت عبداللہ ابن عمرؓ فرماتے "سعید بن المسیب" سے پوچھو" حضرت انس بن مالکؓ فرمایا کرتے "حسن بصریؒ" سے پوچھو۔ انہوں نے مسئلے یاد کر رکھے ہیں ہم بھول گئے" حالانکہ یہ طے شدہ بات ہے کہ صحابہ کرامؓ کو یقین و معرفت (علم حال) میں تابعین پر ایسی فضیلت حاصل تھی جیسا کہ سورج کو چراغ شب پر۔ صحابہ کرام کے یقین کامل کا اندازہ اس روایت سے لگایا جا سکتا ہے جسے حکیم ترمذیؒ نے شان الصلوۃ میں اور ابن الاثیر نے اسد الغابہ میں نقل کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ اپنے ایک صحابیؓ سے پوچھا.....

"کیف اصبحت یا حارثؓ۔ قال اصبحت مومنا باللہ حقا۔ قال انظر ما تقول یا حارثؓ ان لکل شئی حقیقۃ فما حقیقۃ ایمانک۔ فقال عزلت نفسی و صرفتھا عن الدنیا فاستوی عندی حجرھا و ذھبھا و فضتھا و مدرھا فاسھرت لیلی و اظمات نھاری حتی صرت کانی انظر الی عرش ربی بارزاً و کانی انظر الی اھل الجنۃ یتزاورون فیھا و کانی انظر الی اھل النار یتصارعون۔ و فی روایۃ یتعادون۔"

[اے حارثؓ! صبح کیسے کی؟ تو حارثؓ نے جواب دیا کہ اے اللہ کے نبیؐ! میں نے اللہ پر سچے ایمان کی حالت میں صبح کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ دیکھ تو کیا کہہ رہا ہے؟

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اے حارث! بیشک ہر ایک شے کی کوئی نہ کوئی حقیقت ہوتی ہے' تیرے ایمان کی کیا حقیقت ہے؟ تو حارث نے جواب دیا' میں نے اپنے نفس سے علیحدگی اختیار کی اور اسے دنیا سے پھیر دیا' جس کے نتیجہ میں میری نظر میں اس دنیا کے پتھر' مٹی' سونا اور چاندی برابر ہو گئے ہیں۔ میں رات کو جاگتا ہوں اور دن میں پیاسا رہتا ہوں۔ میری یہ کیفیت ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے عرش کو اپنے سامنے ظاہر دیکھ رہا ہوں اور گویا میں جنت میں اہل جنت کو ایک دوسرے سے ملتے ہوئے اور اہل جہنم کو چلاتے ہوئے دیکھ رہا ہوں]

اس پر نبی علیہ السلام نے فرمایا۔ "عرفت فالزم" [تو جان گیا ہے اور اسی پر جما رہ]

حضرت علیؓ سے منقول ہے "اگر جنت اور جہنم مجھے نظر بھی آجائے تو میرے یقین میں اضافہ نہ ہو" حضرت ابوبکر صدیقؓ کے بارے میں ان کی اہلیہ سے منقول ہے "ابوبکرؓ کو لوگوں پر فضیلت نماز اور روزہ کی کثرت کی وجہ سے نہ تھی بلکہ دل کے یقین (معرفت) کی وجہ سے تھی" اسی یقین و معرفت کا نام علم حال (تصوف) ہے۔ یہ علم کتابیں پڑھنے سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ خواہشات نفسانی کے ترک کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ حضرت حسن بصریؒ فرمایا کرتے تھے "ہم نے تصوف کا علم قیل و قال کے ذریعے سے حاصل نہیں کیا بلکہ دنیا اور اس کی لذتوں کے ترک کرنے سے حاصل کیا ہے۔" پس ثابت ہوا کہ علم قال اور علم حال کی ندیاں سرچشمہ علوم نبوت ہی سے نکلی ہیں۔

دلیل نمبر2:- صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"مجھ سے (دین کی باتیں) پوچھا کرو" لیکن حضرات صحابہ کرامؓ ہیبت نبویؐ کے غلبہ کی وجہ سے سوال نہ کر سکے۔ چنانچہ ایک اجنبی آدمی مجلس میں آئے' بیٹھ گئے اور پوچھا "ما الایمان" [ایمان کیا ہے؟] "ما الاسلام" [اسلام کیا ہے؟] "ما الاحسان" [احسان کیا ہے؟]

یہ سوالات و جوابات حدیث جبرئیلؑ میں معروف ہیں۔ مطلب یہ کہ غلبہ ہیبت کی وجہ سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حضرات صحابہ کرامؓ کو سوالات کرنے کی جرات بہت کم ہوتی تھی۔ تعلیم حقائق دینیہ کے لئے حق تعالیٰ نے حضرت جبرئیلؑ کو انسانی شکل میں بھیجا تاکہ وہ سوال کریں اور معلم کائنات ﷺ جواب میں گوہر افشانی فرمائیں اور اس انداز سے صحابہؓ کا دامن علمی جواہر پاروں سے بھرپور ہو۔ سوالات کے جوابات دینے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ "فانہ جبرئیلؑ اتاکم یعلمکم دینکم" [یہ جبرئیلؑ آئے تھے تمہیں تمہارا دین سکھانے کے لئے] اس تعبیر میں یہ بات بتا دی گئی کہ علوم دینیہ کا خلاصہ ان جوابات میں موجود ہے۔ پس تمام احادیث کے علوم تین حصوں میں تقسیم ہوسکتے ہیں۔

- ــــ وہ احادیث جن میں دین کے اصول اور نظریات کی تعلیم ہے۔
- ــــ وہ احادیث جو اعمال ظاہرہ کی اصلاح سے متعلق ہیں۔
- ــــ وہ احادیث جو اصلاح باطن سے متعلق ہیں۔

حدیث جبرئیلؑ میں ان تینوں قسموں کا ذکر آگیا۔ "ما الایمان" میں اصلاح عقائد کا مضمون آگیا۔ "ما الاسلام" میں اعمال ظاہرہ کی اصلاح کا مضمون آگیا اور "ماالاحسان" میں اصلاح اخلاق کا مضمون آگیا۔ چند جملوں میں پورے دین کا خلاصہ بیان کردینا پیغمبرانہ اعجاز ہے لہٰذا یہ حدیث "جوامع الکلم" میں سے ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی شخصیت انتہائی جامعیت کی حامل تھی۔ آپؐ نے دین کے ان تینوں حصوں کی کماحقہ، تشریح اور اشاعت کی۔ صحابہ کرامؓ میں بھی جامعیت کی شان کافی حد تک تھی۔ لیکن مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جامعیت میں کمی آتی گئی۔ اس لئے علماء امت نے دین کی حفاظت وخدمت کے لئے ان شعبوں کو تین مستقل علیحدہ علیحدہ علوم میں مدون کر دیا.....

- ــــ تصحیح عقائد کے سلسلہ میں کتاب وسنت میں جو ہدایات دی گئیں ان کی حفاظت وخدمت کے لئے "علم الکلام" مدون ہوا۔
- ــــ اعمال ظاہرہ کے متعلق جو راہنمائی کتاب وسنت نے کی ہے اسکی تشریح کیلئے "علم الفقہ" کو مدون کیا۔
- ــــ اصلاح باطن کے متعلق جو باتیں کتاب وسنت نے بتائی ہیں ان کی تفصیلات کے لئے علم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

الاحسان، علم الاخلاق، علم التصوف مدون ہوا۔

✪ ــــ ان علوم ثلاثہ میں کامل دسترس رکھنے والا ہی محقق اور کامل عالم دین کہلانے کا حقدار ہے۔ اس تفصیل سے یہ بات واضح ہوگی کہ یہ تینوں علوم "تیسیر علی الامۃ" کے لئے مدون کئے گئے۔ یہ علوم قرآن وسنت سے کوئی الگ چیز یا ان کے خلاف کوئی محاذ نہیں بلکہ کتاب وسنت کی روح اور ان کے ثمرات ہیں۔ شیخ زروقؒ اپنی کتاب "ایقاظ الهمم" میں لکھتے ہیں۔

"لنسبة التصوف من الدين نسبة الروح الى الجسد [تصوف کی نسبت دین کے ساتھ اسی طرح ہے جیسے روح کی نسبت جسم کے ساتھ]

✪ ــــ حضرت مجدد الف ثانیؒ اپنے ایک مکتوب میں ملا حاجی محمد لاہوریؒ کو تحریر فرماتے ہیں.....

"شریعت کے تین حصے ہیں علم، عمل، اخلاص۔ جب تک یہ تینوں اجزاء متحقق نہ ہوں شریعت متحقق نہیں ہوتی۔ جب شریعت متحقق ہوجاتی ہے تو حق تعالٰی کی رضا حاصل ہوجاتی ہے جو کہ تمام دنیاوی اور اخروی سعادتوں سے بالاتر ہے طریقت وحقیقت جس سے کہ صوفیاء ممتاز ہوئے ہیں دونوں (شریعت کے تیسرے حصے) یعنی اخلاص کی تکمیل میں شریعت کے خادم ہیں پس ان کی تحصیل صرف شریعت کی تکمیل کے لئے کی جاتی ہے۔

احوال ومواجید اور علوم ومعارف جو اثناء راہ میں حاصل ہوتے ہیں وہ مقاصد میں سے نہیں۔ ان سب سے گزر کر مقام رضا تک پہنچنا چاہئے۔ جو کہ سلوک کا آخری مقام ہے اس لئے طریقت وحقیقت کی منزلوں کو طے کرنے کا مقصد تحصیل اخلاص (احسان) کے سوا کچھ نہیں ہے"

(جلد اول مکتوب سہ و ششم)

✪ ــــ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں.....

"مقصود صوفیہ کے طریقہ عالیہ کا مشاہدہ حق کا حصول ہے "کانک تراہ" اور اس حضور کا نام انہوں نے "مشاہدہ بالقلب" رکھا ہے"

(انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ ص 39)

دلیل نمبر 3 :- حدیث متواتر کی تعریف اور اس کے قطعی الثبوت ہونے کی دلیل میں اہل

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اصول لکھتے ہیں:

"الخبر المتواتر مایکون له طریق بلاعدد معین۔ تکون العادة قد احالت تواطؤهم علی الکذب" (نخبته الفکر)

حدیث متواتر وہ ہے کہ اتنی بڑی تعداد نے ہر زمانے میں اس کی روایت کی ہو کہ عقل سلیم اور انسانی عادات اس بات کو ماننے کے لئے تیار نہ ہوں کہ اتنے کثیر انسانوں نے غلط بیانی اور افتراء پردازی پر اتفاق کرلیا ہے اور یہ کسی سازش کا نتیجہ ہے۔

چنانچہ قرن ثانی سے لے کر اس وقت تک بلا انقطاع اور بلا استثناء ہر دور اور ہر ملک کے کثیر التعداد مخلص بندوں نے علم تصوف کو حاصل کیا۔ خود فائدہ اٹھایا اور دوسروں کو پہنچایا۔ یہی دلیل علم تصوف کی حقانیت کو اجاگر کرنے کیلئے کافی ہے۔

ع مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

✪ ــــ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں۔

"صحبتنا وتعلمنا آداب الطریقة والسلوک متصلة الی رسول الله صلی الله تعالی علیه وآله وسلم بالسند الصحیح المستفیض المتصل"

[ہماری صحبت اور ہماری تعلیم جو آداب تصوف وسلوک سے تعلق رکھتی ہے یہ حضور ﷺ سے سند متصل صحیح اور جاری کے ذریعے ملتی ہے]

خلاصہ کلام:- صحابہ کرامؓ نے علم ظاہری و علم باطنی یعنی علم قال و علم حال رسول اللہ ﷺ سے سیکھا اور اس وقت سے امت میں ان علوم کی اشاعت و ترویج جاری و ساری ہے آج کے دور میں علم قال کو فقہ یا شریعت اور علم حال کو تصوف یا طریقت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے یہ دونوں علوم انسان کی ایمانی تکمیل کے لئے ضروری ہیں۔ جس طرح کنز و ھدایہ اور شرح وقایہ پڑھنا ضروری ہے اسی طرح ابونصر سراج کی "کتاب اللمع" ابوطالب مکی کی "قوت القلوب" امام غزالی کی "اربعین" شیخ سہروردی کے "عوارف المعارف" اور حضرت مجدد کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"مکتوبات" پڑھنا ضروری ہیں۔ اگر روایت میں کمال حاصل کرنے کے لئے عسقلانیؒ اور قسطلانیؒ سے استفادہ ضروری ہے تو درایت میں کمال حاصل کرنے کے لئے جنیدؒ و بایزیدؒ سے فیضیاب ہونا ناگزیر ہے۔

تصوف مشاہیر امت کی نظر میں:

✪ ـــ شیخ ابو طالب مکیؒ قوت القلوب میں لکھتے ہیں۔ "هما علمان اصليان لا يستغنى احدهما عن الاخر بمنزلة الاسلام و الايمان مرتبط كل منهما بالاخر كالجسم و القلب لا ينفك احد من صاحبه"

[دونوں علوم اصلی ہیں جو ایک دوسرے سے مستغنی نہیں ہیں بمنزلہ اسلام اور ایمان کے۔ ہر ایک دوسرے کے ساتھ بندھا ہوا ہے، جیسے جسم اور قلب کہ ان میں سے ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتا]

✪ ـــ شیخ الاسلام زکریا انصاریؒ لکھتے ہیں۔ "الشريعة ظاهر الحقيقة و الحقيقة باطن الشريعة و هما متلازمتان لا يتم احدهما الا بالآخر"

[شریعت حقیقت کا ظاہر ہے اور حقیقت شریعت کا باطن۔ دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ ایک کے بغیر دوسرے کی تکمیل نہیں ہوتی]

✪ ـــ حضرت امام مالک بن انسؒ فرماتے ہیں۔ "من تفقه و لم يتصوف فقد تفسق و من تصوف و لم يتفقه فقد تزندق و من جمع بينهما فقد تحقق"

[جس نے (علم) فقہ حاصل کیا مگر (علم) تصوف حاصل نہ کیا اس نے فسق کیا۔ جس نے (علم) تصوف حاصل کیا مگر (علم) فقہ حاصل نہ کیا وہ زندیق ہوا۔ جس نے ان دونوں (علوم) کو جمع کیا پس وہ محقق ہوا]

✪ ـــ علامہ شامیؒ فرماتے ہیں۔ "الطريقة و الشريعة متلازمتان"

[طریقت و شریعت دونوں لازم و ملزوم ہیں]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ــــ اکبر الہ آبادی مرحوم نے شریعت و طریقت کے حوالے سے چند خوبصورت اشعار پیش کئے ہیں۔

سنو دو ہی لفظوں میں مجھ سے یہ راز
شریعت وضو ہے طریقت نماز
شریعت در محفل مصطفیٰ ﷺ
طریقت عروج دل مصطفیٰ ﷺ
شریعت میں ہے صورت فتح بدر
طریقت میں ہے معنی شق صدر
شریعت میں ہے قیل و قال حبیب
طریقت میں حسن وجمال حبیب
نبوت کے اندر ہیں دونوں ہی رنگ
عبث ہے یہ صوفی وملا کی جنگ

پس ثابت ہوا کہ علم تصوف کوئی عجمی چیز نہیں بلکہ خالص مکی اور مدنی چیز ہے۔ البتہ جاہل صوفیاء کی وہ باتیں جو کتاب وسنت کے خلاف ہوں ہمیشہ رد کی جائیں گی۔

✪ ــــ امام ابو القاسم قشیری فرماتے ہیں۔ "کل شریعۃ غیر مویدۃ بالحقیقۃ فغیر مقبول و کل حقیقۃ غیر مقیدۃ بالشریعۃ فغیر محصول"

[شریعت کی ہر وہ بات جس کی تائید حقیقت سے نہ ہو وہ غیر مقبول ہے اور حقیقت کی ہر وہ بات جو شریعت کی قیود میں نہ ہو حاصل کرنے کے قابل نہیں ہے]

✪ ــــ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی فرماتے ہیں۔ "کل طریقۃ ردتہ الشریعۃ فھو زندقۃ والحاد"

[طریقت کی ہر وہ بات جسے شریعت رد کرے زندقہ اور کفر ہے]

✪ ــــ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی اپنے مکتوبات میں فرماتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"ہمارے مشائخ شرع شریف کے نفیس موتیوں کو بچوں کی مانند وجدو حال کے جوزو مویز کے بدلے نہیں دیتے۔ نص سے فص کی طرف مائل نہیں ہوتے۔ فتوحات مدنیہ سے فتوحات مکیہ کی طرف التفات نہیں کرتے۔ ان کا کارخانہ بلند ہے۔"

ایک اور جگہ تحریر فرماتے ہیں۔

"وہ ریاضتیں اور مجاہدے جو تقلید سنت سے الگ ہو کر اختیار کئے جائیں معتبر نہیں ہیں' اس لئے کہ جوگی اور ہندوستان کے براہمہ اور یونان کے فلاسفہ بھی ان کو اختیار کرتے ہیں اور یہ ریاضتیں ان کی گمراہی میں اضافہ کے سوا اور کچھ نہیں کرتی ہیں۔"

(جلد اول مکتوب دو صد و بست و یکم)

✪ ___ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی" تحریر فرماتے ہیں۔

"بعض جہلاء جو کہہ دیتے ہیں شریعت اور ہے اور طریقت اور ہے محض ان کی کم فہمی ہے۔ طریقت بے شریعت خدا کے گھر مقبول نہیں۔ صفائی قلب کفار کو بھی حاصل ہوتی ہے۔ قلب کا حال مثل آئینہ کے ہے۔ آئینہ زنگ آلودہ ہے تو پیشاب سے بھی صاف ہو جاتا ہے اور گلاب سے بھی صاف ہو جاتا ہے لیکن فرق نجاست و طہارت کا ہے۔ ولی اللہ کو پہچاننے کے لئے اتباع سنت کسوٹی ہے۔ جو متبع سنت ہے وہ اللہ کا دوست ہے اور اگر مبتدع ہے تو محض بے ہودہ ہے۔ خرق عادات تو دجال سے بھی ہوں گے"

(رجوم المذنبین ص129)

لہذا سالک کو چاہئے کہ علم تصوف ان حضرات سے سیکھے جن کا علم و عمل اور قال وحال کتاب و سنت کے عین مطابق ہو۔ جاہل و بے عمل صوفیاء کی بے ہودہ باتوں پر ہرگز ہرگز فریفتہ نہ ہو۔ عربی کا مشہور مقولہ ہے۔"خذ ما صفا ودع ما کدر" [جو صاف ہو وہ لے لو اور جو میلا ہو وہ چھوڑ دو]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 2

تصوف کیا ہے؟

مشائخ نے اس سوال کے کئی جوابات دیئے ہیں ابراہیم بن مولد رقیؒ نے اپنی کتاب میں اس کے ایک سو سے زائد جوابات جمع کئے ہیں۔ اختصاراً چند ایک نقل کئے جاتے ہیں۔

1)۔۔۔ حضرت جنید بغدادیؒ کے استاد حضرت محمد بن علی القصابؒ سے پوچھا گیا کہ تصوف کیا ہے؟ فرمایا تصوف ان کریمانہ اخلاق کا نام ہے جو کسی کریم زمانہ میں کسی کریم شخص سے شریف لوگوں کے سامنے ظہور پذیر ہوں۔

2)۔۔۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا:

تصوف یہ ہے کہ تو مخلوق سے منہ موڑلے، اللہ سے رشتہ جوڑلے۔

3)۔۔۔ حضرت رویمؒ نے فرمایا:

تصوف یہ ہے کہ تو اپنے نفس کو اللہ کے ساتھ اس طرح چھوڑ دے کہ وہ جو چاہے اس کے ساتھ کرے۔

4)۔۔۔ حضرت سمنونؒ نے فرمایا:

تصوف یہ ہے کہ نہ تو کسی چیز کا مالک ہو، اور نہ کوئی چیز تمہاری مالک ہو۔

5)۔۔۔ حضرت ابو محمد جریریؒ نے فرمایا:

تصوف نام ہے ہر قسم کے اچھے اخلاق کے اندر داخل ہونے کا اور ہر قسم کے کمینے اخلاق کے باہر نکل جانے کا۔

6)۔۔۔ حضرت عمرو بن عثمان مکیؒ نے فرمایا:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تصوف یہ ہے کہ بندہ ہر لحہ ایسے عمل میں مشغول ہو جو اس لحہ کیلئے زیادہ مناسب ہو۔

7)۔۔۔ حضرت محمد بن علی بن الحسین بن علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا:

تصوف اچھے اخلاق کا دوسرا نام ہے جو اچھے اخلاق میں تجھ سے زیادہ ہے وہ تصوف میں زیادہ ہے۔

8)۔۔۔ حضرت مرتعشؒ نے فرمایا:

تصوف اچھے اخلاق کا مجموعہ ہے۔

9)۔۔۔ حضرت ابو علی قزوینیؒ نے فرمایا:

تصوف ایسے اخلاق کو کہتے ہیں جن سے رب راضی ہو۔

10)۔۔۔ حضرت ابو الحسن نوریؒ نے فرمایا:

تصوف علم و فن کا نام نہیں مجموعہ اخلاق کا نام ہے۔

11)۔۔۔ حضرت احمد خضرویہؒ نے فرمایا:

تصوف باطن کی گندگی اور کدورتوں سے پاکیزگی حاصل کرنے کا نام ہے۔

12)۔۔۔ حضرت محمد بن احمد السکریؒ نے فرمایا:

تصوف اپنے احوال کو سچ پر قائم رکھنے کا نام ہے۔

13)۔۔۔ حضرت ابو حفص نیشاپوریؒ نے فرمایا:

تصوف آداب ہی آداب ہے ہر وقت کا ادب، ہر جگہ کا ادب، ہر حال کا ادب۔

14)۔۔۔ حضرت معروف کرخیؒ نے فرمایا:

تصوف ہر چیز کی حقیقت جاننے اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے مایوس ہونے کا نام ہے۔

15)۔۔۔ حضرت ابوالحسن شنجہؒ نے فرمایا:

ایک وقت تھا کہ تصوف حقیقت تھی بے نام آج نام ہے بے حقیقت۔

16)۔۔۔ حضرت ابو حمزہ بغدادیؒ نے فرمایا:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تصوف درگزر کو اختیار کرنا، اچھے کاموں کا حکم دینا اور جاہلوں سے اعراض کرنا ہے۔

17)۔۔۔ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاریؒ نے فرمایا:

تصوف یہ ہے کہ اجمالی معاملہ تفصیلی ہو جائے اور استدلالی معاملہ کشفی ہو جائے۔

18)۔۔۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا:

تصوف شریعت پر اخلاص سے عمل کرنے کا نام ہے۔

19)۔۔۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا:

تصوف اپنے کو مٹا دینے کا نام ہے۔

20)۔۔۔ حضرت شیخ الحدیث محمد زکریاؒ نے فرمایا:

تصوف کی ابتداء ہے "انما الاعمال بالنیات" [بیشک اعمال کا دارومدار نیت پر ہے] اور تصوف کی انتہا "ان تعبداللہ کانک تراہ" ہے۔ [یہ کہ تو اللہ کی عبادت کر گویا کہ تو اس کو دیکھ رہا ہے]

21)۔۔۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ نے فرمایا:

تصوف یہ ہے کہ اللہ کو عبادت سے، رسول اللہ ﷺ کو اطاعت سے اور مخلوق خدا کو خدمت سے راضی کرو۔

خلاصہ کلام :- انسانی زندگی ایک ہیرا ہے جسے تراشنا انسان کا اپنا کام ہے۔ رب کائنات نے حضرت انسان کو کہیں "جاعل فی الارض خلیفۃ" سے خطاب کیا۔ کہیں "ولقد کرمنا" کا تاج پہنایا اور کہیں "فضلنا" کا ہار گلے میں ڈال کر عزت افزائی کی۔ انسان کو چاہئے کہ "الست بربکم" کے میثاق کو پیش نظر رکھتے ہوئے "وتبتل الیہ تبتیلا" کے راستے پر چلے اور "الی ربک منتھھا" کی منزل پر پہنچ کر دم لے۔

کسی بھی گاڑی کو منزل پر پہنچنے کیلئے دو چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک تو سڑک ٹھیک ہو، دوسرا گاڑی میں پٹرول بھرا ہوا ہو، اگر سڑک ٹھیک نہ ہو تو بھی گاڑی نہیں چل سکتی۔ اگر پٹرول نہ ہو تو بھی گاڑی نہیں چل سکتی۔ دونوں چیزیں لازم وملزوم ہیں پس انسان کی مثال گاڑی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کی سی ہے شریعت کی مثال راستے کی سی اور طریقت کی مثال پٹرول کی سی ہے۔ انسان اگر وصول الی اللہ کی منزل پر پہنچنا چاہے تو اسے شریعت کے راستے اور طریقت کے پٹرول کی ضرورت پڑیگی لہٰذا جو لوگ شریعت و طریقت میں سے کسی ایک چیز کے بھی منکر ہیں وہ اپنی گاڑی کو راستے ہی میں رکا ہوا پائیں گے۔ کامیاب زندگی یہ ہے کہ انسان "ففروا الی اللہ" کے حکم پر لبیک کہتے ہوئے "تخلقوا باخلاق اللہ" کے مطابق اخلاق خداوندی سے متخلق اور اوصاف محمدیؐ سے متحلی ہو کر زندگی گزارے تاکہ "انابوا الی اللہ" کی جماعت میں شامل ہو کر "لھم البشری" کی بشارت اور "ورضوان من اللہ اکبر" کی منزل پر پہنچے۔ اسی کا نام تصوف ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 3

لفظ "صوفی" کی تحقیق

✪ — قرآن و حدیث میں مومنین کو مخاطب کرنے کے لئے کئی الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ مثلاً ذاکرین، صابرین، خاشعین، صادقین، قانتین، موقنین، مخلصین، محسنین، خائفین، وجلین، عابدین، متوکلین، متقین، مقربین، ابرار، فقراء، عباد، اولیاء

سلف صالحین ایک دوسرے کو مخاطب کرنے کے لئے ان میں سے مختلف الفاظ وقتاً فوقتاً استعمال کیا کرتے تھے تاہم دو الفاظ (فقراء، عباد) نے زیادہ قبولیت پائی۔ دونوں کی ایک ایک مثال درج ذیل ہے۔

1)— ایک موقع پر حضرت حسن بصریؒ نے ارشاد فرمایا۔

"یا معشر الفقراء انکم تعرفون باللہ وتکرمون اللہ فانظروا کیف تکونوا مع اللہ اذا خلوتم بہ"

[اے فقراء کی جماعت! بے شک تم اللہ کو پہچانتے ہو اور اللہ کی تعظیم کرتے ہو، پس دیکھو کہ جب تم خلوت میں ہو تو اللہ کے ساتھ کیسے ہو]

2)— علامہ ابن الجوزیؒ نے سیرت عمرؓ بن الخطاب میں (صفحہ 216 پر) لکھا ہے۔

"قالت الشفاء ؓ رات فتیانا یقصدون فی المشی ویتکلمون رویدا قالت ماھولاء قالوا نساك" (یعنی عباد)

[شفاءؓ (بنت عبداللہ) نے چند نوجوانوں کو دیکھا کہ ان کی رفتار اور گفتار میں آہستگی پائی جا رہی تھی۔ دریافت کیا یہ کون لوگ ہیں، بتایا گیا کہ یہ عباد ہیں]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ـــ فقراء ان لوگوں کو کہتے ہیں جن میں فقر ہو اور عباد ان لوگوں کو کہتے ہیں جو عبادت گزار ہوں۔ چونکہ یہ دونوں لفظ اپنے موصوف کی صفت کی طرف اشارہ کرتے تھے لہٰذا سلف صالحین اپنی باطنی صفات و مقامات پر نام پکارے جانے میں ریا کاری سے ڈرتے تھے طبیعت کا انشراح اور ادب کا تقاضا یہی تھا کہ عادات ظاہرہ پر نام پکارا جائے۔ ظاہراً ان حضرات میں قدر مشترک صوف کا لباس تھا جسے یہ سنت سمجھ کر پہنتے تھے دو احادیث درج ذیل ہیں۔

1)ـــ شیخ ابو زرعہ طاہر بن محمد بن طاہر نے اپنے مشائخ کی اسناد کے حوالے سے حضرت انس بن مالکؓ کی حدیث بیان کی ہے۔

"کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یلبس الصوف ویرکب الحمار" [نبی اکرم ﷺ اون کا لباس پہنتے اور گدھے کی سواری کرتے تھے]

2)ـــ حضرت علی ہجویریؒ نے کشف المحجوب میں ایک روایت نقل کی ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا:

"علیکم بلبس الصوف تجدون حلاوۃ فی قلوبکم"

[تم اون کا لباس پہنو ایمان کی حلاوت اپنے دلوں میں پاؤ گے]

✪ ـــ چونکہ صوف کا لباس (پشمینہ) پہننا انبیاء علیہم السلام کی عادت اور اولیاء واصفیاء کا شعار تھا لہٰذا انہیں ظاہری لباس کی طرف منسوب کر دیا گیا۔ پس صوفی ایک مجمل اور عام نام ہوا جو ان کے تمام علوم، اعمال، اخلاق اور تمام شریف اور قابل ستائش احوال کی خبر دیتا ہے۔

حضرت ابو نصر سراج طوسیؒ لکھتے ہیں۔

"اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خاص اصحاب کا قرآن مجید میں تذکرہ کیا تو انہیں ان کے ظاہری لباس کی طرف منسوب کیا۔ "اذ قال الحواریون" [جب حواریوں نے کہا] یہ لوگ سفید لباس پہنا کرتے تھے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے انہیں اس کی طرف منسوب کر دیا اور جن علوم واحوال سے یہ موسوم تھے ان میں سے کسی نوع کی طرف منسوب نہیں کیا۔ میرے نزدیک صوفیہ کا بھی یہی معاملہ ہے۔"

(کتاب اللمع فی التصوف ص 55)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

مندرجہ بالا دلائل سے یہ بات ثابت ہوئی کہ صوفی کا لفظ صوف سے مشتق ہے یہی قول اقویٰ ہے۔ شیخ ابوبکر ابراہیم بخاری القلا بازی نے اپنی کتاب "التعارف المذہب التصوف" میں لغوی تحقیق کے حوالے سے اس بات کو ثابت کیا ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

1)۔۔۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ صوفی کا لفظ "صَفا" سے بنا ہے وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ صوفی کا مقصود صفائی باطن کا حاصل کرنا ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو یہ لفظ "صَفاوی" ہونا چاہئے تھا۔

2)۔۔۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ صوفی کا لفظ "صَف" سے بنا ہے وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ یہ لوگ قیامت کے دن اگلی صفوں میں ہوں گے اگر ایسا ہوتا تو یہ لفظ "صَفی" ہونا چاہئے تھا۔

3)۔۔۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ صوفی کا لفظ "صُفہ" سے بنا ہے وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ یہ لوگ اصحاب صُفہ کی یادگار ہیں اگر ایسا ہوتا تو یہ لفظ "صُفی" ہونا چاہئے تھا۔

4)۔۔۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ "صوفی" کا لفظ "صُوف" سے بنا ہے وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ یہ لوگ صوف کا لباس پہنتے تھے اگر ایسا ہے تو یہ لفظ صوفی ہی ہونا چاہئے تھا معلوم ہوا کہ صوفی کا لفظ مشتق "صوف" سے ہے مقصود اس کا "صَفا" ہے نسبت اسے اصحاب "صُفہ" سے ہے اور قیامت کے دن اس کا مقام "صَف" اول ہوگا۔

✪ ۔۔۔ صوفی کے لفظ کی نسبت صوف (پشمینہ) سے ہونے میں کئی حکمتیں بھی ہیں۔

1)۔۔۔ پشمینہ نرم ہوتا ہے پس صوفی وہ شخص ہے جو دل کو نرم بنانے کے لئے محنت کر رہا ہو۔

2)۔۔۔ پشمینہ سفید ہوتا ہے پس صوفی وہ شخص ہے جو اپنے دل کو صوف کی طرح سفید کرنے کے لئے محنت کر رہا ہو۔

3)۔۔۔ پشمینہ کسی رنگ کو جلدی قبول نہیں کرتا۔ پس صوفی وہ شخص ہے جو "صبغة الله" اللہ کے رنگ میں ایسا رنگا جا چکا ہو کہ اب ماسوا کا رنگ اس پر اثر انداز نہیں ہو سکتا۔

صوفی کے عنوان سے متعلقہ چند مشہور سوالات کے جوابات قلمبند کئے جاتے ہیں۔

سوال نمبر1:۔ صوفی کا لفظ جن الفاظ سے ماخوذ ہے کیا ان کا ذکر قرآن وحدیث میں کہیں ملتا ہے؟

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جواب :- جی ہاں، صوفی کا لفظ جن الفاظ سے ماخوذ ہے ان کا تذکرہ قرآن وحدیث میں موجود ہے تفصیل درج ذیل ہے۔

1)___ ایک قول کے مطابق صوفی کا لفظ صف سے ماخوذ ہے تو قرآن پاک میں ہے۔

"ان اللہ یحب الذین یقاتلون فی سبیلہ صفا کانھم بنیان مرصوص"

[بیشک اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو پسند فرماتا ہے جو اللہ کے راستہ میں صفیں باندھ کر جہاد کرتے ہیں یوں لگتا ہے کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں]

2)___ دوسرے قول کے مطابق صوفی کا لفظ صفا سے ماخوذ ہے تو حدیث پاک میں ہے۔

"عن ابی جحیفۃؓ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متغیر اللون فقال ذھب صفو الدنیا وبقی کدرھا فالموت الیوم تحفۃ لکل مسلم" (رسالہ قشیریہ)

[حضرت ابو جحیفہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی علیہ السلام ہم پر نکلے آپکا رنگ متغیر تھا آپ نے فرمایا کہ دنیا کی صفائی چلی گئی اور میل کچیل رہ گئی پس آج تو موت ہر مسلمان کیلئے تحفہ ہے]

3)___ تیسرے قول کے مطابق صوفی کا لفظ صفہ سے ماخوذ ہے تو حدیث پاک میں ہے۔

"عن ابن عباسؓ وقف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی اصحاب الصفۃ فرای فقرھم وجھدھم وطیب قلوبھم فقال ابشروا یا اصحاب الصفۃ فمن بقی من امتی علی النعت الذی انتم علیہ راضیا بمافیہ فانہ من رفقائی فی الجنۃ" (کشف المحجوب)

[حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اکرم ﷺ اصحاب صفہ پر تشریف لائے۔ آپ نے انکے فقر اور مشقت کو محسوس کیا تو فرمایا خوش ہو جاؤ اہل صفہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

پس جو شخص میری امت سے تمہاری روش پر رہنا پسند کریگا وہ بہشت میں میرا ساتھی ہوگا]

4)۔۔۔ چوتھے قول کے مطابق صوفی کا لفظ صوف سے ماخوذ ہے تو حدیث پاک ہے۔

"کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یلبس الصوف ویرکب الحمار" [نبی اکرمؐ صوف کا لباس پہنتے اور گدھے کی سواری کرتے تھے]

سوال نمبر2:۔ لفظ صوفی کی کوئی اہمیت ہوتی تو قرآن و حدیث میں من و عن موجود ہوتا۔

جواب:۔ کسی لفظ کا من و عن قرآن وحدیث میں موجود نہ ہونا اس بات کی دلیل نہیں کہ وہ لفظ غیراہم یا غیر اسلامی ہے۔ مثال کے طور پر متکلمین کا لفظ قرآن وحدیث میں من و عن کہیں موجود نہیں تو کیا علم کلام غیر اسلامی ہوگیا۔ اس کے بغیر تو اسلامی عقائد بھی ثابت نہیں کئے جاسکتے۔ اسی طرح نحو کا لفظ قرآن وحدیث میں موجود نہیں تو کیا علم النحو فضول اور غیر اہم ہے اس کے بغیر تو قرآن وحدیث کو سمجھنا بھی ممکن نہیں۔

سوال نمبر3:۔ صحابہ کرامؓ کے دور میں تو کسی کو صوفی نہیں کہا جاتا تھا۔

جواب:۔ رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہنے کی ایک خاص عظمت اور خصوصیت تھی۔ جسے یہ نعمت نصیب ہوگئی اس پر کوئی اور نام چسپاں کرنا گستاخی تھی صحابہ کرامؓ تو نسبت اور صحبت کی وجہ سے زاہدوں، عابدوں، متوکلوں، صابروں، اطاعت گزاروں اور فقراء کے پیشواء ہیں تمام احوال میں سے بہترین اور بزرگ ترین حال ان کو نصیب تھا۔ اب انہیں کسی اور فضیلت کی وجہ سے فضیلت دینا ناروا ہے۔

حدیث پاک میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

"خیرالقرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم"

[بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے پھران لوگوں کا زمانہ جو ان کے بعد آئیں گے۔ اسی طرح پھران لوگوں کا جو ان کے بعد آئیں گے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

پس ساری دنیا کی سعادتیں اور بھلائیاں مل کر بھی صحبت رسولؐ کا نعم البدل نہیں ہو سکتیں۔ امام شافعیؒ سے پوچھا گیا کہ سیدنا امیر معاویہؓ افضل ہیں یا حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ؟ تو امام شافعیؒ نے جواب دیا کہ سیدنا امیر معاویہؓ جب نبی علیہ السلام کی معیت میں جہاد پر نکلے تو ان کے گھوڑے کی ناک میں جو مٹی گئی وہ مٹی بھی عمر بن عبدالعزیزؒ سے افضل ہے اس لئے علماء کرام نے لکھا ہے کہ ساری دنیا کے اتقیاء، اصفیاء اور اولیاء مل کر بھی کسی ادنیٰ صحابیؓ کے درجے کو نہیں پہنچ سکتے۔

پس جن لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت پائی وہ خوش نصیب حضرات صحابی کہلائے، جنھوں نے صحابہؓ کی صحبت پائی وہ تابعین کہلائے اور جنھوں نے تابعین کی صحبت پائی وہ تبع تابعین کہلائے یہ تینوں نسبتیں مندرجہ بالا فرمان نبوی ﷺ کی بنا پر خیر کی غمازی کرتی تھیں۔ لہٰذا ہر شخص اس نسبت کے ساتھ پکارا جانا اپنی سعادت سمجھتا تھا۔ پس صحابہ، تابعین اور تبع تابعین کے بعد امت کے مشائخ صوفیا کے نام سے مشہور ہوئے حضرت امام قشیریؒ کی تحقیق کے مطابق یہ لفظ دوسری صدی ہجری سے پہلے زبان زدعام تھا۔

<u>سوال نمبر4:-</u> صوفی کا لفظ سب سے پہلے کب استعمال ہوا؟ سنا ہے کہ یہ اہل بغداد کی ایجاد ہے؟

<u>جواب:-</u> حضرت ابو نصر سراج طوسیؒ نے تاریخ مکہ کے حوالے سے محمد بن اسحاق بن یسارؒ اور دیگر لوگوں کی روایت سے یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ "اسلام سے پہلے ایک بار مکہ خالی ہوگیا تھا یہاں تک کہ بیت اللہ کا طواف کرنے والا کوئی نہ تھا دور دراز سے ایک صوفی آتا اور بیت اللہ کا طواف کرکے واپس چلا جاتا۔"

تاریخ کے اس حوالے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ نام اہل عرب کو اسلام سے پہلے بھی معلوم تھا صاحب فضیلت اور صالح لوگ اسی نام سے موصوف ہوتے تھے "واللہ اعلم"

حضرت حسن بصریؒ جنھوں نے اٹھارہ بدری صحابہؓ کی صحبت کا شرف حاصل کیا اور سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے باطنی فیضان پایا۔ ان کے وقت میں صوفی کے لفظ کا مستعمل ہونا تو یقینی امر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہے۔ حضرت ابو نصر سراج طوسیؒ فرماتے ہیں۔

"لوگوں کا یہ کہنا کہ یہ نام بغدادیوں نے گھڑ لیا ہے غلط ہے۔ چونکہ یہ نام تو حسن بصریؒ کے عہد میں بھی مستعمل تھا۔ حضرت حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ میں نے طواف کے دوران ایک صوفی کو دیکھا اور اسے کچھ دیا۔ اس نے نہیں لیا اور کہنے لگا۔ میرے پاس چار دانق پڑے ہیں اور کافی ہیں" (کتاب اللمع فی التصوف ص 65)

معلوم ہوا کہ صوفی کا لفظ تابعین کے دور میں احیاناً استعمال ہوتا تھا تبع تابعین کے دور میں نسبتاً زیادہ استعمال ہونے لگا اور ان کے بعد دوسری صدی ہجری سے پہلے زبان زد عام ہو گیا۔ امام سفیان ثوریؒ اپنے وقت کے ایک شیخ کو ابو ہاشم صوفی کہا کرتے تھے۔ امام احمد بن حنبلؒ اپنے وقت کے ایک شیخ ابو حمزہ بغدادیؒ کو صوفی کہتے تھے۔

صوفی کون ہوتا ہے...؟

✪ — حضرت حسن بصریؒ کے شاگرد عبدالواحد بن زیدؒ سے پوچھا گیا صوفیاء کون ہوتے ہیں؟ فرمایا جو اپنی عقلوں کے ذریعے اپنے ارادوں پر قائم ہوتے ہیں اور اپنے دلوں سے اس پر ڈٹے رہتے ہیں اور اپنے شر سے بچنے کی خاطر اپنے آقا کو مضبوط پکڑے رہتے ہیں۔

✪ — حضرت ذوالنون مصریؒ سے پوچھا گیا تو فرمایا:

"صوفی وہ ہے جسے جستجو تھکا نہ سکے اور محرومیت کی وجہ سے بے چین نہ ہو۔"

✪ — حضرت ابو محمد رویمؒ سے پوچھا گیا تو فرمایا:

"جس کا کردار اس کی گفتار کے موافق ہو۔"

✪ — کسی عارف نے اسی سوال کا جواب دیا:

صوفی آں باشد کہ صافی شود از کدر پر شود از فکر
در قرب خدا منقطع شود از بشر۔ یکساں شود در چشم او خاک و زر

"صوفی وہ ہوتا ہے، جو میل سے صاف ہو، فکر سے پر ہو، خدا کے قرب میں مخلوق سے دور ہو اور اس کی نگاہ میں سونا اور مٹی برابر ہو"۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ــــ حضرت شبلیؒ نے فرمایا:

"صوفی وہ ہے جو مخلوق سے کٹے اور اللہ سے جڑے۔"

خلاصہ کلام:۔ پس صوفی وہ ہوتا ہے جس کو جانوروں کی آواز، ہر ایک سوزو ساز، چڑیوں کی چہک، پھولوں کی مہک، سبزے کی لہک، جواہرات کی دمک، سورج کی چمک، سماء و سمک، درختوں کے رنگ، شیشہ و سنگ، پتھر کی سختی، خوشحالی و بدبختی، زمین کی نرمی، آتش کی گرمی، دریا کی روانی، کواکب آسمانی، پہاڑوں کے ابھار، بیابان و مرغزار، خزاں و بہار، غرض ہر چیز ایک نادیدہ ہستی کی یاد دلائے۔ اللہ اللہ اللہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 4

بیعت طریقت کا شرعی ثبوت

آج امت مسلمہ کی زبوں حالی اس انتہا کو پہنچ چکی ہے کہ جھوٹ سچ سے اور کھوٹا کھرے سے بالکل پیوست نظر آتا ہے۔

ع ناطقہ سربگریباں ہے اسے کیا کہئیے

جس طرح علم ظاہر کے حامل علمائے حق کی صفوں میں علمائے سوء داخل ہوچکے ہیں اسی طرح علم باطن کے حامل مشائخ حق پرست کے بھیس میں نفس پرست لوگ شامل ہوچکے ہیں۔ عوام الناس کی روحانی اور باطنی تنزلی کی انتہا یہاں تک ہوچکی کہ ایک طبقے نے بیعت طریقت کو لازم قرار دے کر فرائض کے ترک کرنے اور شریعت و طریقت کو الگ الگ ثابت کرنے کا بہانہ بنالیا۔ "ضلوا فاضلوا" [خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا]

دوسرے طبقے نے بیعت طریقت کو بدعت وگمراہی سمجھ کر اسکی مخالفت کا بیڑا اٹھالیا۔ "ویا اسفی"

ان حالات میں اہل حق کیلئے افراط و تفریط کے شکار ان دونوں طبقوں سے چومکھی لڑائی لڑنے کے سوا چارہ نہیں۔ تاکہ احکام شریعت کو نکھار کر پیش کیا جائے اور حق و باطل کی حد فاصل کو واضح کیا جائے درج ذیل میں بیعت طریقت کی شرعی حیثیت کو پیش کیا جاتا ہے۔

بیعت کی تعریف:۔ شریعت کی کسی بات کیلئے لوگوں سے عہد لیا جائے کہ وہ اس کام کو سرانجام دیں گے۔ خواہ پوری شریعت کا عہد لیا جائے یا کسی خاص بات کا عہد لیا جائے۔ اس کو بیعت کہتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس امر کو بہت سے مواقع پر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سرانجام دیا۔ صحابہ کرامؓ نے نبی اکرم ﷺ سے چار طرح کی بیعت کی جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1)۔۔۔ **بیعت اسلام :۔** جب کوئی دین اسلام میں داخل ہونا چاہتا اور کفرو شرک سے بیزاری کا اظہار کرنا چاہتا تو نبی اکرم ﷺ اس سے بیعت لیتے تھے۔ روایات سے ثابت ہے کہ ہجرت سے قبل حج کے موقع پر مدینہ طیبہ کے لوگ حاضر خدمت ہو کر بیعت ہوئے۔ بیعت عقبہ اولیٰ اور بیعت عقبہ ثانی کا تذکرہ حدیث کی معتبر کتب میں موجود ہے۔

2)۔۔۔ **بیعت جہاد:۔** رسول اللہ ﷺ نے حدیبیہ کی لڑائی کے وقت صحابہ کرامؓ سے عہد لیا تھا کہ اگر دشمن سے مقابلے کی نوبت آئی تو بھاگیں گے نہیں بلکہ جب تک زندہ رہیں گے دشمنوں کا مقابلہ کریں گے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرہ" (الفتح آیت 18)

[بالتحقیق اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں سے خوش ہوا جبکہ یہ لوگ آپؐ سے درخت کے نیچے بیعت کرتے تھے]

✪۔۔۔ حضرت سلمہؓ بن اکوع اس بیعت میں شریک تھے ایک مرتبہ ان سے پوچھا گیا کہ آپ نے درخت (سمرہ) کے نیچے کس بات پر بیعت کی تھی فرمایا "علی الموت" یعنی ہم مرجائیں گے بھاگیں گے نہیں۔ یہ عمل اللہ تعالیٰ کو اتنا پسند آیا کہ ارشاد ہوا۔

"ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ یداللہ فوق ایدیھم" (الفتح آیت 10)

[جو لوگ آپ سے بیعت کر رہے ہیں تو وہ در حقیقت اللہ تعالیٰ سے بیعت کر رہے ہیں۔ ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے]

✪۔۔۔ غزوہ احزاب میں خندق کھودتے ہوئے صحابہ کرامؓ نے اشعار پڑھے۔

نحن الذین بایعوا محمدا علی الجھاد مابقینا ابدا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے محمد ﷺ سے بیعت کی ہے جہاد کرنے پر جب تک زندہ رہیں گے] مندرجہ بالا شعر میں اس بیعت جہاد کی طرف اشارہ ہے۔

3)۔۔۔ **بیعت ہجرت :۔** حارث بن زیاد ساعدیؓ فرماتے ہیں کہ میں یوم خندق میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؐ لوگوں سے ہجرت پر بیعت لے رہے تھے۔ میرا گمان ہوا کہ یہ لوگ بیعت کیلئے بلائے جا رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اس سے بھی ہجرت پر بیعت لے لیجئے۔ آپؐ نے فرمایا! یہ کون ہیں؟ میں نے کہا کہ میرے چچیرے بھائی حوط بن یزید ہیں یا یزید بن حوط۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! میں تم لوگوں سے بیعت نہیں لیتا۔ لوگ تو تمہاری طرف ہجرت کر کے آتے ہیں تم لوگوں کی طرف ہجرت کر کے نہ جاؤ گے...... الی آخرہ۔ اس کو احمد، ابو نعیم اور طبرانی نے روایت کیا ہے۔

4)۔۔۔ **بیعت توبہ (بیعت طریقت) :۔** امت کی تعلیم کیلئے رسول اللہ ﷺ نے بعض اوقات صحابہ کرامؓ سے بعض گناہوں کے نہ کرنے پر بیعت لی۔
امام بخاری و مسلم نے حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت کی ہے۔

"عن عبادةؓ بن صامتؓ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وحوله عصابة من اصحابه بايعوني على ان لا تشركوا بالله شيئا ولا تسرقوا ولا تزنوا ولا تقتلوا اولادكم ولا تاتوا ببهتان تفترونه بين ايديكم وارجلكم ولا تعصوا في معروف فمن وفى منكم فاجره على الله ومن اصاب من ذلك شيئا فعوقب به في الدنيا فهو كفارة له ومن اصاب من ذلك شيئا ثم ستره الله عليه فهو الى الله ان شاء عفا عنه وان شاء عاقبه فبايعناه على ذلك"

(متفق علیہ)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میری بیعت کرو۔ "وحوله عصابة من اصحابه" [اور ان کے گرد صحابہؓ کی ایک جماعت تھی] یہاں اصحابہ کا لفظ اس بات کی نشان دہی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کر رہا ہے کہ یہ وہ لوگ تھے جو بیعت اسلام سے پہلے ہی مشرف ہو چکے تھے ان کے دل ایمان کی دولت سے مالا مال ہو چکے تھے۔ رحمتہ للعالمین کی نظر رحمت نے ان کو روحانیت کی ان بلندیوں تک پہنچا دیا تھا کہ امت کے اولیاء ان کے مرتبہ تک ہرگز نہیں پہنچ سکتے۔ ان صحابہ کرام سے بیعت توبہ لی گئی۔ یہاں پر ذہن میں چند سوالات پیدا ہوتے ہیں جن کے جوابات قلمبند کئے جاتے ہیں۔

سوال نمبر1 :۔ صحابہ کرامؓ کو ایمان کی ان بلندیوں پر پہنچنے کے بعد پھر اس بیعت کی کیا ضرورت تھی؟

جواب :۔ ایک تو یہ امت کی تعلیم کے لئے تھی اور دوسرے گناہوں سے بچنے کے لئے (بیعت توبہ) تھی روایت کے الفاظ میں "ولا تسرقوا ولا تزنوا ولا تقتلوا اولادکم" [نہ چوری کرو گے، نہ زنا کرو گے اور نہ ہی اولاد کو قتل کرو گے] پس ثابت ہوا کہ کبائر سے اجتناب کے لئے بیعت تھی۔

سوال نمبر2 :۔ صحابہ کرامؓ کو اس بیعت کا کیا فائدہ تھا؟

جواب :۔ اللہ تعالیٰ سے اجر وثواب کا امیدوار بننا تھا۔ چنانچہ روایت کے الفاظ ہیں "فمن وفی منکم فاجرہ علی اللہ" [جو کوئی تم میں سے اس عہد پر قائم رہا تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے]

سوال نمبر3 :۔ کبائر سے بچنا تو ایمان والوں کے لئے کلمہ پڑھ لینے کے بعد ویسے ہی ضروری تھا تو بیعت کے ذریعے اور وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر ان گناہوں سے بچنے کا عہد ایک فالتو عمل نظر آتا ہے؟

جواب :۔ قرآن پاک میں سورۃ الممتحنہ میں صحابیاتؓ سے بھی اس طرح کی بیعت کا تذکرہ ہے وہاں نبی علیہ السلام کو ارشاد فرمایا گیا ہے۔ "فبایعھن واستغفرلھن اللہ" [آپ انہیں بیعت کر لیجئے اور ان کے لئے استغفار کیجئے] معلوم ہوا کہ ان گناہوں سے توبہ تو وہ لوگ گھر بیٹھ کر تنہائی میں بھی کر سکتے تھے۔ مگر نبی علیہ السلام سے بیعت کرنے میں ایک بے بدل فائدہ یہ تھا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کہ نبی اکرم ﷺ کی زبان فیض ترجمان سے بھی ان حضرات کے بارے میں استغفار کے کلمات ادا ہوتے تھے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلتا تھا کہ "واللہ غفور رحیم" [اور اللہ غفور اور رحیم ہے] پس مغفرت اور رحمت کی بارش ہو جاتی۔

قرآن پاک میں بھی اسی عنوان سے متعلقہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"ولوانھم اذ ظلموا انفسھم جاءوک فاستغفروا اللہ واستغفرلھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما"

اس آیت کریمہ میں "فاستغفروا اللہ" [وہ اللہ سے استغفار کرتے] کے ساتھ "واستغفرلھم الرسول" [ان کے لئے رسول اللہ ﷺ بھی استغفار کرتے] بھی ہے اور آخر میں فرمایا گیا "لوجدوا اللہ توابا رحیما" [یہ پاتے اللہ کو توبہ قبول کرنے والا اور رحمت کرنے والا] نتیجہ یہ نکلا کہ نبی علیہ السلام کے مبارک ہاتھوں پر بیعت کرنے کا یہ فائدہ تھا کہ نبی رحمت ﷺ بھی ان کی مغفرت کے لئے استغفار کریں اور اسی کو بہانہ بنا کر ان کے گناہوں کی بخشش کر دی جائے۔ اسی بیعت توبہ کا نام آج بیعت طریقت ہے۔

سوال نمبر4:۔ اس بیعت توبہ کے بارے میں اور بھی روایات ہیں یا نہیں؟

جواب :۔ اس طرح کی کئی احادیث موجود ہیں۔ مسلم شریف میں حضرت عوفؓ بن مالک اشجعی سے ایک روایت ہے اور ابن ماجہ میں بھی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے چند غریب مہاجرین سے بیعت لی کہ وہ کسی سے سوال نہ کریں گے۔ ایک روایت میں حضرت جریرؓ بن عبداللہ سے بیعت لی کہ وہ مسلمانوں کی خیر خواہی کریں گے۔ ایک روایت میں انصاری عورتوں سے بیعت لی کہ وہ میت پر بین نہیں کیا کریں گی۔

بخاری شریف کی روایت ہے کہ ابن عمرؓ فرماتے تھے کہ ہم لوگ حضور اکرم ﷺ سے سننے اور اطاعت کرنے پر بیعت کیا کرتے تھے۔

سوال نمبر5 :۔ اگرچہ نبی اکرم ﷺ سے کئی طرح کی بیعتیں ثابت ہیں مگر صحابہ کرامؓ کے زمانے میں بیعت خلافت اور بیعت جہاد کے سوا اور کسی بیعت کا ثبوت نہیں ملتا؟

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جواب :۔ اس کا الزامی جواب تو بہت آسان ہے کہ جب ایک فعل رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے تو کسی اور سے نقل کرنے کی کیا ضرورت ہے تاہم تحقیقی جواب یہ ہے کہ حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ اور حضرت سیدنا علیؓ سے ثابت ہے اسی لئے تمام اہل طریقت حضرات کے پاس مستند شجرۂ سلسلہ موجود ہے خلفائے راشدین جب بیعت خلافت لیتے تھے۔ تو اسی میں بیعت توبہ شامل ہوتی تھی۔ خلیفۂ وقت کے علاوہ دوسرے صحابہ کرامؓ اس لئے بیعت نہ لیتے تھے کہ کہیں بیعت خلافت میں شبہ نہ پڑجائے اور فتنہ نہ کھڑا ہو جائے۔ فقط صحبت پر اکتفا ہوتا تھا جب خلفائے راشدین کا دور ختم ہوا اور خلافت کا معاملہ امور مملکت کے انتظام وانصرام اور نظم ونسق تک سمٹ کر رہ گیا تو سلف صالحین نے بیعت توبہ (بیعت طریقت) والی سنت کو زندہ کیا۔ الحمدللہ آج بھی یہ سنت امت میں جاری وساری ہے۔

سوال نمبر6:۔ بیعت توبہ کا حکم کیا ہے یہ فرض ہے یا واجب ہے؟

جواب :۔ نہ یہ فرض ہے نہ واجب ہے بلکہ سنت عمل ہے یہ الگ بات ہے کہ اس سنت پر عمل کرنے سے فرائض زندہ ہوتے ہیں۔

سوال نمبر7:۔ اگر کوئی آدمی یہ بیعت نہ کرے تو کیا ہوتا ہے؟

جواب :۔ اس سنت کی برکات سے محروم ہوجاتا ہے۔ حدیث پاک میں ہے۔

"من تمسک بسنتی عند فساد امتی فلہ اجرماۃ شہید"

[جس نے فسادات کے وقت میں میری ایک سنت پر عمل کیا اس کے لئے سو شہیدوں کا ثواب ہوگا]

سوال نمبر8:۔ کیا ہر عالم اور صوفی یہ بیعت لے سکتا ہے؟

جواب:۔ جس طرح نبی اکرم ﷺ نے سیدنا صدیق اکبرؓ کو خلافت سپرد فرمائی۔ اور باطنی نعمت بھی منتقل فرمائی۔ جیسا کہ حدیث پاک میں ہے۔

"ماصب اللہ فی صدری الا وقدصببتہ فی صدرابی بکرؓ"

[اللہ نے میرے سینے میں جو کچھ ڈالا میں نے اسے ابوبکرؓ کے سینے میں ڈال دیا]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اس طرح حضرت ابوبکر صدیقؓ سے یہ سلسلہ آگے چلا اور آج تک اولیائے امت میں یہ نعمت سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی چلی آرہی ہے پس بیعت صرف وہ شخص لے سکتا ہے جس نے کسی ولی اللہ کی صحبت میں رہ کر نعمت باطنی حاصل کی ہو اور ان بزرگوں نے انہیں اس کام پر مامور کیا ہو۔ جو آدمی ازخود بیعت لینا شروع کردے اس کی مثال "ٹپکے کے آم" کی سی ہے جس کے نسب کا پتہ نہیں ہوتا۔ پس ایسے شخص سے بیعت نہ کرنی چاہئے۔

سوال نمبر9:۔ کیا کوئی عورت بھی یہ بیعت لے سکتی ہے؟

جواب:۔ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ عورت ولایت کے اعلیٰ سے اعلیٰ ترین مراتب تک پہنچ سکتی ہے مگر شریعت نے رشد و ہدایت کے منصب کی ذمہ داریاں اس کے نازک کندھوں پر نہیں ڈالیں اس لئے کبھی کوئی عورت نبی نہیں بنائی گئی۔ گو کہ اسے نبیوںؑ کی ماں ہونے کا شرف نصیب ہے اللہ تعالیٰ نے منصب نبوت کا بوجھ مردوں کے کندھوں پر رکھا اس لئے انبیاءؑ کی وراثت بھی مردوں ہی کے سپرد کی گئی۔ پس کوئی بھی عورت بیعت نہیں لے سکتی۔

سوال نمبر10:۔ کیا بیعت کے لئے ہاتھ میں ہاتھ دیکر کلمات پڑھنا ضروری ہے؟

جواب:۔ ہاتھ میں ہاتھ دیکر کلمات پڑھنا سنت ہے اس پر ضرور عمل کرنا چاہئے۔ اگر لوگ بہت زیادہ ہوں تو چادر پھیلا کر سب اسے پکڑ لیں۔ یہ بھی عمل نبوی ہے کہ بیت اللہ کی تعمیر کے وقت پتھر چھوٹا تھا۔ اٹھانے کی سعادت حاصل کرنے والے زیادہ تھے تو نبی علیہ السلام نے اسے اپنی چادر میں رکھ دیا اور سب لوگوں نے چادر پکڑ کر حجر اسود کو اٹھایا۔ اگر مجمع اس سے بھی زیادہ ہو تو فقط کلمات پڑھا کر نیت کر کے بیعت لی جاسکتی ہے۔ صحابہ کرامؓ نے مجاہدین سے اسی طرح جہاد پر بیعت لی۔

سوال نمبر11:۔ کیا عورتیں بھی ہاتھ میں ہاتھ دیکر بیعت کریں؟

جواب:۔ ہرگز نہیں، نبی علیہ السلام کی عادت شریفہ تھی کہ عورتوں کو پردے میں بغیر ہاتھ مس کئے بیعت فرماتے تھے ایک روایت میں ہے۔

"عن عائشةؓ قالت مامس رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

وسلم ید امراۃ قط الا ان یاخذ علیھا فاذا اخذعلیھا فاعطتہ قال اذھبی فقد بایعتک"

[حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ بوقت بیعت رسول اکرمؐ نے کسی عورت کا ہاتھ نہیں پکڑا بلکہ ایک کپڑا پکڑوا دیتے اور (وعظ و تلقین کے بعد) ارشاد فرماتے کہ جاؤ تمہاری بیعت ہوگئی]

سوال نمبر12 :- بچوں کی بیعت کا کیا جواز ہے؟

جواب :- مسلم شریف کی روایت ہے کہ حضرت زبیرؓ کو بیعت کے لئے لایا گیا۔ عمر سات آٹھ سال ہوگی۔ پس نبی اکرم ﷺ ان کو اپنی طرف متوجہ دیکھ کر مسکرائے اور پھر بیعت کی۔

سوال نمبر13 :- کیا غائبانہ بھی بیعت کی جاسکتی ہے؟

جوب :- جی ہاں۔ جس طرح نبی علیہ السلام نے صلح حدیبیہ کے موقع پر درخت کے نیچے صحابہ کرامؓ سے بیعت لی۔ تو اس وقت حضرت عثمان غنیؓ کو بھی غائبانہ بیعت میں شامل کیا۔ حالانکہ وہ تو اس وقت مکہ مکرمہ میں تھے۔ لہٰذا غائبانہ بیعت کا ثبوت ملتا ہے۔

سوال نمبر14 :- کیا خط کے ذریعے یا ٹیلی فون پر بیعت کی جاسکتی ہے؟

جواب :- جی ہاں۔ جب غائبانہ بیعت ثابت ہے تو خط کے ذریعے بیعت اسی میں شامل ہے ٹیلی فون کے ذریعے بیعت تو بدرجہ اولیٰ جائز ہے۔

سوال نمبر15 :- کیا ایک وقت میں کئی حضرات سے بیعت کی جاسکتی ہے؟

جواب :- نہیں۔ ایک وقت میں ایک ہی شیخ کے ہاتھ پر بیعت کرنی چاہئے۔ جگہ جگہ بیعت کرنے والے کی مثال چمچے کی مانند ہے۔ جو طرح طرح کے کھانوں میں ڈوبا رہتا ہے۔ مگر ذائقے سے محروم رہتا ہے۔

ع یک دست گیر محکم بگیر

سوال نمبر16 :- کیا ایک شیخ کی وفات کے بعد کسی دوسرے شیخ سے بیعت کرنا ضروری ہے؟

جواب :- جی ہاں، اگر تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب کا حصول نہیں ہوا تو تجدید بیعت ضروری

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہے۔ مثلاً ایک طالب علم کسی قاری صاحب سے قرآن پاک پڑھ رہا ہو اور وہ قاری صاحب فوت ہو جائیں تو طالب علم قرآن پاک پڑھنا بند نہیں کرتا بلکہ کسی دوسرے استاد سے پڑھنا اور قرآن پاک مکمل کرنا ضروری سمجھتا ہے۔ البتہ جن حضرات کو نسبت کے حصول کی بشارت مل چکی ہو انہیں تجدید بیعت کرنا ضروری نہیں۔

سوال نمبر17:- جو لوگ بیعت کے مخالف ہیں کیا انہوں نے یہ حدیثیں نہیں پڑھیں؟

جواب:- پڑھی تو یقیناً ہوں گی مگر سمجھی یقیناً نہیں۔ ورنہ اتنے واضح مسنون عمل پر یوں اعتراض نہ کرتے۔ بیعت طریقت کی مخالفت کرنے والوں کا حال چند الفاظ میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے۔ "وکذبوا بمالم یحیطوا بعلمہ" (یونس آیت 39) [ایسے کلام کو جھٹلانے لگے جس کے علم کا ابھی تک انہوں نے احاطہ بھی نہیں کیا]

سوال نمبر18:- بیعت طریقت کی غرض و غایت کیا ہوتی ہے؟

جواب:- بیعت کے اغراض و مقاصد وضاحت سے بیان کئے جاتے ہیں۔

1)۔۔۔ نہ اس میں کشف و کرامات کا حاصل ہونا ضروری ہے۔

2)۔۔۔ نہ قیامت میں بخشوانے کی ذمہ داری ہے۔

3)۔۔۔ نہ دنیاوی کاموں میں کامیابی مثلاً غلبہ ہو' مقدمات فتح ہوں وغیرہ ضروری ہے۔

4)۔۔۔ نہ تصرفات لازم ہیں کہ گناہ کا خیال ہی نہ آئے۔

5)۔۔۔ نہ ایسی محویت کا حاصل ہونا لازمی کہ اپنے پرائے کی خبر نہ ہو۔

6)۔۔۔ نہ ہی رنگوں اور انوار کا نظر آنا ضروری ہے۔

7)۔۔۔ نہ عمدہ خوابوں کا نظر آنا ضروری ہے۔

بلکہ اصل مقصد تو شریعت کے احکام پر چل کر اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا ہے۔

سوال نمبر19:- بیعت کی افادیت کے لئے عقلی دلائل پیش کریں؟

جواب:- تین دلائل سے یہ بات واضح کی جاتی ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ —— جس طرح ایک نوجوان فوج میں ملازمت اختیار کرے اور وردی پہن کر کسی جگہ ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہو تو ہر آدمی اس کی عزت کرتا ہے اور اس کی بات مانتا ہے۔ اس کی عزت فوج کی عزت اور اس کی ذلت فوج کی ذلت سمجھی جاتی ہے۔ کوئی یہ نہیں پوچھتا کہ تم کس قبیلے یا خاندان سے ہو؟ فوج کی نسبت اور وردی کی عزت کام آتی ہے۔ اسی طرح جو شخص مشائخ طریقت سے بیعت ہو جاتا ہے اس کو سلسلہ کے بزرگوں سے روحانی تعلق نصیب ہو جاتا ہے۔ اللہ رب العزت کے ہاں اس نسبت کی وجہ سے اس کی عزت وقدر بڑھ جاتی ہے۔

✪ —— دو اینٹیں ایک ہی جگہ بن کر تیار ہوئیں۔ ایک کو مسجد کے فرش میں لگا دیا گیا۔ دوسری کو بیت الخلاء میں لگا دیا گیا۔ ایک کا مرتبہ اتنا بڑھا کہ وہاں پیشانی ٹیکتے پھرتے ہیں اور دوسری کا مرتبہ اتنا گرا کہ بیت الخلا میں ننگے پاؤں جانا گوارا نہیں کرتے۔ یہ نسبت تھی، اچھی نسبت نے عزت بخشی اور بری نسبت ذلت کا سبب بنی۔ اسی طرح جو شخص مشائخ طریقت سے بیعت ہو جاتا ہے اسے اچھی نسبت مل جاتی ہے۔ اللہ رب العزت کے ہاں اس کا اکرام ہوتا ہے۔

✪ —— قرآن پاک پر اگر ایک سادہ گتہ جلد کی شکل میں چڑھا دیا جائے تو اگرچہ اس پر کوئی آیت یا کوئی لفظ نہیں لکھا ہوا ہوتا۔ اس کے باوجود فقہاء نے مسئلہ لکھا ہے کہ جس طرح آیات لکھے ہوئے صفحات کو بے وضو ہاتھ نہیں لگا سکتے اسی طرح اس گتے کو بھی بے وضو نہیں چھو سکتے۔ کہنے کو وہ گتہ ہے مگر قرآن پاک کے ساتھ یک جان ہونے سے اس کا مرتبہ بڑھ گیا۔ سبحان اللہ۔

جو شخص مشائخ طریقت سے بیعت کے ذریعے جڑ جاتا ہے اسے بھی ان اہل اللہ سے نسبت رکھنے کی وجہ سے عزت نصیب ہوتی ہے۔ انشاء اللہ اسی نسبت کی وجہ سے رحمت وکرم کا معاملہ ہو گا۔ بقول شخصے

؎ عمل کی اپنے اساس کیا ہے بجز ندامت کے پاس کیا ہے
رہے سلامت تمہاری نسبت مرا تو بس آسرا یہی ہے

سوال نمبر20:- ایک آدمی بیعت کے کلمات تو پڑھ لیتا ہے مگر زندگی نہیں بدلتا تو کیا فائدہ؟

جواب:- گو ایسے شخص نے بیعت سے پورا فائدہ تو حاصل نہ کیا مگر بالکل خالی بھی نہ رہا کم ازکم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دو فائدے ضرور ملے۔ ایک تو یہ کہ بیعت کے وقت جو توبہ کے کلمات پڑھے اس کی برکت سے انشاء اللہ پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ مشائخ طریقت نے احادیث کی روشنی میں کہا ہے کہ جو آدمی سچے دل سے بیعت کے کلمات پڑھ لیتا ہے، سو سال کا کافر اور مشرک کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بھی معاف کر دیتا ہے۔ سر سے اتنے بڑے بوجھ کا دور ہو جانا معمولی بات تو نہیں ہے۔ دوسرا فائدہ یہ ہو گا کہ موت کے وقت جب دنیا کا تعلق کمزور ہو جاتا ہے آخرت کے احوال سامنے کھلنے لگ جاتے ہیں اس وقت یہ نسبت کام آتی ہے گنہگار سہی مگر موت، ایمان اور اسلام پر آتی ہے علمائے کرام نے لکھا ہے کہ انکشاف آخرت کے ساتھ دنیا کا ہوش جمع ہو سکتا ہے۔ فرعون نے آخرت کی جھلکی دیکھی مگر اسے بنی اسرائیل کے حالات یاد تھے کہنے لگا "آمنت بالذی آمنت بہ بنو اسرائیل" ممکن ہے اسی لئے حضرت خواجہ فضل علی قریشیؒ نے فرمایا کہ جس قلب پر یہ انگلی لگ گئی (یعنی اللہ کی نسبت مل گئی) اسے ذکر کے سوا موت نہیں آسکتی۔

خلاصہ کلام :- بیعت طریقت کرنے سے انسان کو اپنے مشائخ سلسلہ کے واسطہ سے نبی اکرم ﷺ کے قلب مبارک سے ایک روحانی تعلق نصیب ہو جاتا ہے۔ وضاحت کے لئے دو مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

1)—— ایک آدمی نیا گھر بنوائے خوب سجائے وائرنگ کروائے فانوس لگوائے مگر اس کے فانوس میں اس وقت تک روشنی نہیں آسکتی جب تک کہ وہ وائرنگ کا کنکشن پاور ہاؤس سے نہ جوڑے اسی طرح انسان جب دل کے فانوس کا کنکشن سلسلہ کے مشائخ کی وائرنگ کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک سے جوڑتا ہے جو رحمتوں کا خزینہ ہے تو پھر سالک کے دل میں روشنی آتی ہے انوار و برکات نبی علیہ السلام کے قلب مبارک سے مشائخ کے قلوب سے ہوتے ہوئے سالک کے قلب میں آتے ہیں۔

2)—— ایک ٹرین کئی ڈبوں پر مشتمل ہوتی ہے اگر اس کے ساتھ ایک اور ڈبہ جوڑ دیا جائے تو جہاں ٹرین پہنچے گی، وہ ڈبہ بھی پہنچ جائے گا یوں سوچئے کہ سلسلہ کے مشائخ ٹرین کی مانند نبی اکرم ﷺ اس ٹرین کے انجن کی مانند اور سالک اس سے جڑنے والے ڈبے کی مانند، یہ ٹرین اللہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کی رضا والے اسٹیشن پر جا رہی ہے اگر یہ ڈبہ جڑا رہے گا تو جہاں انجن منزل پر پہنچے گا اس تھرڈ کلاس ڈبے کو بھی منزل پر پہنچنا نصیب ہو گا۔

ع لذیذ بود حکایت دراز تر گفتیم

آمدم بر سر مطلب وہ حضرات جو اب تک بیعت کے متعلق شکوک و شبہات کا شکار رہے ہیں انہیں چاہئے کہ اس سعادت عظمیٰ کے حصول میں دیر نہ لگائیں بلکہ کسی جامع الشریعت والطریقت ہستی سے اپنے باطنی رشتے کو جوڑیں۔ حقیقت یہی ہے کہ آج کے پر فتن دور میں کسی شیخ کامل کے ذریعے سلسلے میں داخل ہونے والے کی مثال "ومن دخلہ کان آمنا" [اور جو اس میں داخل ہوا امن پا گیا] کا مصداق ہے۔

ع شاید کہ ترے دل میں اتر جائے میری بات

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 5

ضرورت مرشد

ہر دور اور ہر زمانے میں انسانیت کی ہدایت کے لئے اللہ تعالیٰ نے کتاب اللہ اور رجال اللہ کو ذریعہ بنایا۔ کئی مرتبہ ایسا تو ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے نبیؑ کو مبعوث فرمایا مگر کتاب نہیں بھیجی۔ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کتاب بھیج دی ہو مگر نبیؑ کو نہ بھیجا گیا ہو۔ اس سے رجال اللہ کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ مزید براں کبھی کسی قوم پر عذاب نازل نہیں ہوا جب تک کہ اتمام حجت کے لئے نبیؑ کو نہ بھیجا گیا ہو۔ فرمان الٰہی ہے۔

"وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا" (بنی اسرائیل: آیت 15)

[اور ہم (کبھی) سزا نہیں دیتے جب تک کسی رسول کو نہیں بھیج لیتے۔]

یہ اس لئے کہ ہر انسان کو اپنی تربیت کے لئے مربی اور تزکیہ کے لئے مزکی کی ضرورت ہوتی ہے۔ ذرج ذیل میں اس کے دلائل پیش کئے جاتے ہیں۔

قرآن مجید سے دلائل:

دلیل نمبر1:۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"واتبع سبیل من اناب الی" (لقمان: آیت 15)

تفسیر جلالین میں ہے "واتبع سبیل" (طریق) "من اناب (رجع) الی بالطاعة" (جلالین صفحہ 347)

تفسیر عثمانی میں اس آیت کا ترجمہ یوں کیا گیا ہے [یعنی پیغمبروں اور مخلص بندوں کی راہ پر چل] (تفسیر عثمانی صفحہ 548)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تفسیر مواھب الرحمٰن میں اس آیت کے تحت فرمایا گیا "اور تو ایسے شخص کی راہ چل جو ہمہ تن میری جانب جھکا ہے۔ یعنی وہ اولاً پیغمبر ﷺ ہیں اور ثانیاً آپ کے صالحین امت ہیں۔ (مواہب الرحمٰن صفحہ 83)

دلیل نمبر2:۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یا ایھا الذین آمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون (المائدہ: آیت 35)

[اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کا قرب ڈھونڈو اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا کرو، امید ہے تم کامیاب ہو جاؤ گے]

"وابتغوا الیہ الوسیلۃ" کی تفسیر میں علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں "الوسیلۃ ھی التی یتوصل بھا الی تحصیل المقصود" (تفسیر ابن کثیر عربی صفحہ 54)

وابتغوا الیہ الوسیلۃ کے تحت تفسیر جلالین میں ہے۔ "مایقربکم الیہ من طاعتہ" (جلالین صفحہ 99)

لہٰذا محققین تفسیر کا فرمان ہے کہ الوسیلہ سے مرشد مراد ہے جو سبب بنتا ہے اللہ تعالیٰ کے قرب کا اور انسان کی اصلاح کا جب کہ "وجاھدوا فی سبیلہ" میں نفس کے خلاف مجاہدے (اشغال تصوف) کی طرف اشارہ ہے حدیث پاک میں ہے۔ "المجاھد من جاھد نفسہ فی طاعۃ اللہ" (مشکوۃ شریف)

[مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں جہاد کرے]

مرشد عالم حضرت خواجہ غلام حبیبؒ اپنے بیانات میں اس آیت کے تحت فرماتے تھے۔ آسمان سے بارش کون برساتا ہے؟ اللہ، مگر بادل وسیلہ بن جاتا ہے۔ اولاد کون دیتا ہے؟ اللہ، مگر ماں باپ وسیلہ بن جاتے ہیں۔ دل میں انوارات کون ڈالتا ہے؟ اللہ، مگر پیرو مرشد اس کا وسیلہ بن جاتا ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ "وابتغوا الیہ الوسیلۃ" [اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دلیل نمبر3 :۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"یاایھاالذین آمنوااتقوااللہ وکونوامع الصادقین"

(التوبہ: آیت نمبر119)

[اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو]

علامہ ابن کثیرؒ صادقین کی تفسیر میں لکھتے ہیں "قال الضحاک ھم ابوبکرو عمرو اصحابھما" (تفسیرابن کثیرعربی صفحہ 407)

یہ بات ذہن نشین رہے کہ مشائخ طریقت کے سلاسل اربعہ واسطہ بہ واسطہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ سے ملتے ہیں حضرت مفتی محمد شفیعؒ فرماتے ہیں "اس جگہ قرآن کریم نے علماء و صلحاء کی بجائے صادقین کا لفظ اختیار فرماکر عالم وصالح کی پہچان بتلادی کہ صالح صرف وہی شخص ہوسکتا ہے جس کا ظاہروباطن یکساں ہو' نیت وارادے کا بھی سچا ہو' قول کا بھی سچا ہو۔ عمل کا بھی سچا ہو۔ (معارف القرآن)

صاف ظاہر ہے کہ آج کے دور میں صادقین کا مصداق مشائخ عظام ہی ہیں۔

دلیل نمبر4 :۔امام رازیؒ اپنی تفسیرکبیر میں "انعمت علیھم" کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"لم یکتف علیہ (اھدنا الصراط المستقیم) بل قال صراط الذین انعمت علیھم وھذا یدل علی ان المرید لاسبیل لہ الی الوصول الی مقامات الھدایۃ المکاشفۃ الا اذا اقتدی بشیخ یھدیہ الی سواء السبیل ویجنبہ عن مواقع الاغالیط والاضالیل وذلک لان النقص غالب عن الخلق وعقولھم غیر وافیۃ بادراک الحق وتمیزالصواب عن الغلط فلابدمن کامل یقتدی بہ الناقص حتی یتقوی عقل ذلک الناقص بنور عقل الی مدارج السعادات ومعارج الکمالات" (تفسیرکبیر)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[اللہ تعالیٰ نے صرف "اھدنا الصراط المستقیم" کے الفاظ پر کفایت نہیں کی۔ بلکہ "صراط الذین انعمت علیھم" بھی ساتھ فرمایا۔ یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مرید کے مقامات ہدایت اور مکاشفہ تک پہنچنے کی سوائے اس کے کوئی صورت نہیں کہ وہ ایسے شیخ و رہنما کی اقتدا کرے جو اسے سیدھے راستے پر چلائے اور گمراہیوں اور غلطیوں کے مواقع سے بچائے اور یہ اس بنا پر ضروری ہے کہ اکثر مخلوق پر نقص اور کوتاہی غالب ہے اور ان کے عقول و اذہان کے حق تک پہنچنے اور صواب کو غلط سے تمیز کرنے میں پورے نہیں اترتے تو پھر ایسے کامل کی اقتدا ضروری ہے جو ناقص کی رہنمائی کرے۔ تاکہ ناقص کی عقل کامل کے نور سے قوت پکڑے۔ ایسا ہی کرنے سے ناقص (انسان) سعادتوں کے مدارج اور کمالات کی سیڑھیوں کو عبور کر سکتا ہے] پس مرشد و مربی کی ضرورت کیلئے یہ دلیل اتمام حجت کا درجہ رکھتی ہے۔

دلیل نمبر5:- ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ولو انھم اذظلموا انفسھم جاء وک" (النساء: آیت65)

علامہ سید امیر علی ملیح آبادی اس آیت کے تحت ارقام فرماتے ہیں:

"اس آیت میں دلالت ہے کہ بندہ گنہگار اگر کسی بندہ صالح و پرہیزگار سے دعا کراوے تو قابل قبولیت ہوتی ہے اور جو لوگ اس زمانہ میں پیروں کے مرید ہوتے ہیں وہ بھی یہی توبہ ہے۔"

(تفسیر مواہب الرحمان صفحہ 109)

آیات بالا سے یہ ثابت ہوا کہ آج کے دور میں بھی جو بندہ گنہگار کسی شیخ کامل متبع شریعت وسنت کو تلاش کرے گا۔ وہ "وابتغوا الیہ الوسیلۃ" پر عمل کرے گا۔ اگر اس شیخ کامل کے ہاتھ پر بیعت توبہ کرے گا تو "اذظلموا انفسھم جاء وک" پر عمل کرے گا۔ اگر شیخ کامل کی صحبت میں بیٹھے گا تو کونوا مع الصادقین کا ثواب پائے گا۔ اگر شیخ کامل کے پندو نصائح پر عمل کرے گا تو "واتبع سبیل من اناب الی" پر عمل کرنے والوں میں شمار ہوگا۔ یہی راستہ "صراط الذین انعمت علیھم" کا مصداق ہے جس پر چلنے کی ہر چھوٹا بڑا صبح وشام دعائیں کرتا ہے۔ رہی یہ بات کہ آج کے دور میں صاحب شریعت مشائخ کم ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ انسان تلاش ہی چھوڑ دے یا ان کی ضرورت ہی کا انکار کر دے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ــــ حضرت سفیان ثوریؒ کا فرمان ہے۔

"اسلکوا سبیل الحق و لا تستوحشوا من قلة اهله"

[اہل حق کے راستے کو اختیار کرو اور اہل حق کی قلت سے مت گھبراؤ]

✪ ــــ اسی بارے میں امام شاطبیؒ کا قول ہے۔

"اتبع طرق الهدی و لا یضرك قلة السالکین و ایاك طرق الضلالة و لا تغتر بكثرة السالکین"

[ہدایت کے راستوں کی اتباع کر اور سالکین کی قلت تجھے نقصان دہ نہ ہو، گمراہی کے راستوں پر نہ چل اور سالکین کی کثرت سے دھوکہ نہ کھا۔]

✪ ــــ حضرت شیخ عبداللہ خفیفؒ کا فرمان ہے۔

اقتدوا انجمة من شیوخنا لانهم جمعوا بین العلم و الحقائق"

[ہمارے شیوخ کی جماعت کی اتباع کرو کیونکہ یہ حضرات علم اور اسرار کے جامع ہیں]

احادیث سے دلائل :- فطرت انسانی ہے کہ وہ نفوس سے جتنا اثر لیتی ہے نقوش سے اتنا اثر نہیں لیتی۔ گو کہ حضرات صحابہ کرامؓ کے سامنے قرآن پاک کی آیات نازل ہوتی تھیں مگر اس کے باوجود ان پر خشیت و حضوری کی جو کیفیت نبی علیہ السلام کی خدمت میں ہوتی تھی وہ غیبت میں نہیں ہوتی تھی۔ چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

دلیل نمبر1 :- حضرت انسؓ روایت فرماتے ہیں۔

"عن انسؓ قال لما كان الیوم الذی دخل فیه رسول الله صلی الله علیه و سلم المدینة اضاء منها كل شئ فلما كان الیوم الذی مات فیه اظلم منها كل شئ و ما تفضنا ایدینا عن التراب و انا لفی دفنه صلی الله علیه و سلم حتی انكرنا قلوبنا"

[حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ جس روز رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تھے مدینہ کی ہر چیز منور ہو گئی تھی اور جس دن آپ کا وصال ہوا تو مدینہ کی ہر چیز تاریک

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہو گئی تھی اور ہم آپ ﷺ کے دفن کے بعد ہاتھ سے مٹی بھی نہ جھاڑنے پائے تھے کہ ہم نے اپنے قلوب میں تغیر پایا تھا]

پس صحابہ کرامؓ جیسی مقدس ہستیوں نے بھی تسلیم کیا کہ ان کی جو کیفیت نبی علیہ السلام کی صحبت میں ہوتی تھی وہ بغیر صحبت کے نہیں ہوتی تھی جس طرح صحابہ کرامؓ مشکوۃ نبوت سے اکتساب فیض کیا کرتے تھے آج بھی مریدان باصفا اپنے مشائخ کی صحبت میں رہ کر ان سے اکتساب فیض کرتے ہیں۔

دلیل نمبر2 :۔ مسلم شریف کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت حنظلہؓ گھر سے یہ کہتے ہوئے نکلے "نافق حنظلة" [حنظلہ تو منافق ہوگیا] راستے میں حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ملاقات ہوئی۔ وہ یہ سن کر فرمانے لگے کہ سبحان اللہ کیا کہہ رہے ہو، ہرگز نہیں۔ حضرت حنظلہؓ نے صورتحال بیان کی کہ جب ہم لوگ حضور ﷺ کی خدمت میں ہوتے ہیں اور حضورؐ دوزخ اور جنت کا ذکر فرماتے ہیں تو ہم لوگ ایسے ہوجاتے ہیں گویا وہ دونوں ہمارے سامنے ہیں۔ جب حضور ﷺ کے پاس سے گھر واپس آ جاتے ہیں تو بیوی بچوں اور جائیداد وغیرہ کے دھندوں میں پھنس کر اس کو بھول جاتے ہیں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا، یہ کیفیت تو ہمیں بھی پیش آتی ہے۔ پس دونوں حضرات نے نبی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر صورتحال بیان کی تو نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا "اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر تمہارا ہر وقت وہی حال رہے جیسا میرے سامنے ہوتا ہے تو فرشتے تم سے بستروں پر اور راستوں میں مصافحہ کرنے لگیں" لیکن بات یہ ہے کہ حنظلہؓ "گاہے گاہے" (یعنی گاہے حضوری کی کیفیت عروج پر ہوتی ہے اور گاہے اس میں کمی آ جاتی ہے تاکہ معاشی و معاشرتی نظام درست رہے) فیضان صحبت کی اس سے زیادہ واضح مثال اور کیا ہو سکتی ہے۔

دلیل نمبر3 :۔ حدیث پاک میں وارد ہے کہ ایک صحابیؓ کو نظر لگ گئی تو نبی علیہ السلام نے فرمایا "العين حق" [نظر اثر کرتی ہے] (ترمذی کتاب الآداب)

اب سوچنے کی بات یہ ہے کہ جس نظر میں عداوت ہو، حسد ہو، بغض ہو، کینہ ہو، وہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

نظر اپنا اثر دکھا سکتی ہے تو جس نظر میں محبت ہو، شفقت ہو، رحمت ہو، اخلاص ہو، وہ نظر کیوں اثر نہیں دکھا سکتی۔ یہ اللہ والوں کی نظر ہی تو ہوتی ہے جو گناہوں میں لتھڑے ہوئے انسان میں احساس ندامت پیدا کرتی ہے اور رب کے دربار میں رب کا سوالی بنا کر کھڑا کر دیتی ہے

؎ نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

دلیل نمبر4 :- حدیث پاک میں وارد ہے کہ نبی علیہ السلام نے ہجرت کے وقت عبداللہ بن ارقات کو کافر ہونے کے باوجود ظاہری سفر کا رہبر بنایا۔ اس سے ثابت ہوا کہ آج کے دور میں کوئی سالک اگر وصول الی اللہ کے راستے پر چلنے کے لئے کسی مومن کامل کو رہبر مقرر کرے گا تو اسے سفر کا رہبر مقرر کرنے والی سنت پر عمل کرنے کا ثواب ملے گا۔

مولانا رومؒ نے اسی کیفیت کے بارے میں فرمایا ہے۔

گر ہوائے ایں سفرداری دلا دامن رہبر بگیر وپس بیا
بے رفیقے ہرکہ شد از راہ عشق عمر بگذشت ونشد آگاہ عشق

[اے دل! اگر تو اس سفر کی خواہش رکھتا ہے تو رہبر کا دامن پکڑ اور پیچھے چل کیونکہ بغیر ساتھی کے جو شخص راہ عشق پر چلا، تمام عمر بے کار گذری اور عشق سے آگاہی نہ ہوئی]

عقلی دلائل:- نفس و شیطان انسان کے کھلم کھلا دشمن ہیں اور انسان کے اعمال کو مزین کر کے اس کے سامنے پیش کرتے ہیں حتیٰ کہ گمراہی کے باوجود انسان اپنے آپ کو ہدایت پر سمجھتا ہے۔ "و یحسبون انھم مھتدون" (الاعراف آیت 30) [اور وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ہدایت پر ہیں] جس طرح درخت کو اپنے پھل وزن دار معلوم نہیں ہوتے اسی طرح انسان کو اپنے عیوب وزن دار محسوس نہیں ہوتے۔ لہٰذا اصلاح و تربیت کے لئے کسی مربی کی ضرورت پڑتی ہے۔ چند عقلی دلائل درج ذیل ہیں۔

دلیل نمبر1 :- ایک طالب علم کمرہ امتحان میں بیٹھا پرچہ حل کر رہا ہوتا ہے تو وہ اپنے گمان میں ہر سوال کو ٹھیک ٹھیک حل کرتا ہے۔ (اگر اسے پتہ ہو کہ میں فلاں غلطی کر رہا ہوں تو وہ کرے ہی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کیوں؟) جب طالب علم کا پرچہ استاد کے ہاتھ میں آتا ہے تو وہ بعض جوابات کو ٹھیک قرار دیتا ہے اور بعض کو غلط، تب طالب علم بھی تسلیم کرتا ہے کہ اس سے غلطی ہوئی۔ اسی طرح سالک اپنے زعم میں تحدیث نعمت سمجھ کر کسی بات کا اظہار کرتا ہے۔ مگر شیخ کامل پہچانتا ہے کہ یہ عُجب کی وجہ سے ہے۔ سالک اپنے خیال میں سخاوت کی وجہ سے مال خرچ کرتا ہے۔ مگر شیخ بتاتا ہے کہ یہ اسراف ہے پیرو مرشد کے بغیر گمراہی کے گڑھے میں گرنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ مرشد کے سایہ میں زندگی گزاری جائے۔

دلیل نمبر2:۔ امور دنیا میں ہر چھوٹا بڑا کام سیکھنا پڑتا ہے۔ حتی کہ کرتے پر بٹن لگانے کا طریقہ بھی بغیر سیکھے نہیں آتا۔ تو کیا دین کو سیکھنے کی ضرورت نہیں؟ نبی علیہ السلام نے فرمایا "انما بعثت معلما" [میں معلم بن کر مبعوث ہوا ہوں] رسول اللہ ؐ نے صحابہ کرامؓ کو دین سکھایا۔ حتیٰ کہ صحابہ کرامؓ نے فرمایا۔ "تعلمنا الایمان ثم تعلمنا القرآن" [ہم نے پہلے ایمان سیکھا پھر قرآن سیکھا] آج ظلمت و گمراہی کے دور میں ہمیں بغیر سیکھے دین کیسے آئے گا۔ پس ثابت ہوا کہ ہمیں پیرو مرشد سے دین سیکھنا پڑے گا۔

دلیل نمبر3:۔ کوئی شخص یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ میں علم طب خود بخود سیکھ لوں گا یا انجینئرنگ کا فن خود حاصل کرلوں گا۔ اسی طرح کوئی آدمی دین بھی خود بخود نہیں سیکھ سکتا۔ حدیث پاک میں آتا ہے "انما العلم بالتعلم" [علم سیکھنے ہی سے آتا ہے]

دلیل نمبر4:۔ اگر کوئی پودا کسی مالی کے ہاتھوں میں پروان چڑھے تو وہ سیدھا بھی ہوتا ہے۔ دیدہ زیب اور جاذب نظر بھی۔ جب کہ خود رو پودا ٹیڑھا بھی ہوتا ہے شاخیں فالتو پھیلی ہوئی اور بے سلیقہ لٹکی ہوئی ہوتی ہیں اسی طرح جو انسان کسی شیخ کامل سے تربیت پائے اس کی شخصیت حسن اخلاق کی وجہ سے دیدہ زیب ہوتی ہے۔ شریعت نے تربیت پانے کو اتنی اہمیت دی کہ سکھائے ہوئے کتے کے شکار کو بھی کچھ شرائط کے ساتھ حلال جانا گیا۔ پس سالک کو بھی شیخ کامل کے زیر تربیت رہ کر دین سیکھنا ضروری ہے۔

چوں تو کردی ذات مرشد را قبول ہم خدا آمد ز ذاتش ہم رسول

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

نفس نتواں کشت اِلاَّ ذاتِ پیر دامن آں نفس کش محکم بگیر

[تو نے پیر کی ذات کو قبول کرلیا۔ اس سے تجھے اللہ تعالٰی بھی مل گیا اور رسول ؐ بھی۔
اس نافرمان نفس کو پیر کی ذات کے سوائے کوئی نہیں مار سکتا۔ تو اس نفس کو مارنے والے
پیر کا دامن مضبوط پکڑ]

دلیل نمبر5 :- اہل اللہ نے حکایت مورچہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک چیونٹی بیت اللہ شریف کی زیارت کرنا چاہتی تھی مگر راستے میں دریا' پہاڑ اور صحرا تھے۔ اس چیونٹی نے ایک دن بیت اللہ میں رہنے والے ایک کبوتر کو دیکھا تو اس کے پاؤں کے ساتھ چمٹ گئی۔ کبوتر اڑ کر خانہ کعبہ پہنچا تو چیونٹی نے بھی بیت اللہ شریف کی زیارت کرلی۔

مور مسکیں ہوسے داشت کہ در کعبہ رسد
دست برپائے کبوتر داد و ناگاہ رسید

[ایک مسکین چیونٹی کے دل میں خواہش تھی کہ کعبہ پہنچے۔ اس نے کبوتر کے پاؤں پکڑ
لئے اور منزل پر پہنچ گئی]

دلیل نمبر6 :- اصحاب کہف کے کتے نے چند دن صلحاء کی صحبت اختیار کی تو اس کے ساتھ جنت کا وعدہ ہوا۔

سگ اصحاب کہف روزے چند
پئے نیکاں گرفت و مردم شد

[اصحاب کہف کے کتے نے چند دن نیکوں کی پیروی کی اور آدمی کے حکم میں ہوگیا]

دلیل نمبر7 :- ایک شخص ہوائی جہاز پر سفر کرنا چاہے تو وہ اچھی کمپنی کا ٹکٹ خرید تا ہے۔ پھر پائلٹ پر اعتماد کرکے جہاز میں بیٹھ جاتا ہے تو پائلٹ سواری کو منزل پر پہنچا دیتا ہے۔ سالک اسی طرح شیخ کامل پر اعتماد کرتے ہوئے باطنی سفر کے لئے اپنے آپ کو شیخ کے حوالے کرتا ہے تو شیخ اپنے مرید کو راہ سلوک پر چلاتا ہوا اللہ تعالٰی سے واصل کر دیتا ہے۔

احوال الصالحین سے دلائل :- سلف صالحین کی زندگیوں سے چند دلائل پیش کئے جاتے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہیں۔

دلیل نمبر1 :۔ حضرت وحشیؓ کو نبی علیہ السلام کی چند لمحے کی صحبت سے وہ مقام مل گیا کہ اگر پوری دنیا اویس قرنیؒ جیسے حضرات سے بھر جائے تو بھی ان کی گرد راہ کو نہیں پاسکتی۔ حضرت امام شافعیؒ سے کسی نے پوچھا حضرت امیر معاویہؓ کے دور میں بدامنی رہی جب کہ عمر بن عبدالعزیزؒ کے دور میں امن وامان رہا تو دونوں میں سے کون افضل ہے؟ فرمایا سیدنا امیر معاویہؓ جب گھوڑے پر سوار ہو کر نبی علیہ السلام کے ہمراہ جہاد پر نکلتے تھے تو اس گھوڑے کے نتھنوں میں جو مٹی جاتی تھی عمر بن عبدالعزیزؒ اس کے مرتبہ کو بھی نہیں پہنچ سکتے۔ معلوم ہوا کہ صحبت کا نعم البدل کوئی اور چیز نہیں ہو سکتی۔ کسی عارف نے کہا ہے کہ

؎ یک زمانہ صحبتے با اولیاء
بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

[اولیاء کے ساتھ تھوڑی دیر کی صحبت، سو سال کی بے ریا اطاعت سے افضل ہے]

دلیل نمبر2 :۔ حضرت حسن بصریؒ نے اٹھارہ بدری صحابہؓ سے علم ظاہری حاصل کیا تاہم علم باطن حضرت علیؓ سے حاصل کیا اور انوار ولایت کا اکتساب کیا۔

دلیل نمبر3 :۔ حضرت سفیان ثوریؒ فرمایا کرتے تھے اگر ابوہاشم الصوفی نہ ہوتے تو میں ریا کاری کی دقیق باتوں سے واقف نہ ہوتا۔

دلیل نمبر4 :۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ نے حضرت جعفر صادقؒ سے فیض پایا۔ امام اعظمؒ نے دو سال کے رابطہ کے بعد فرمایا۔ "لولا السنتان لهلك النعمان" [اور وہ دو سال نہ ہوتے تو نعمان ہلاک ہو جاتا]

دلیل نمبر5 :۔ ایک مرتبہ حضرت ابراہیم ادھمؒ حضرت امام اعظمؒ سے ملنے کے لئے تشریف لائے۔ امام صاحب نے فرمایا۔ "سیدنا ابراہیم آگئے" طلباء نے پوچھا وہ کیسے؟ فرمایا، "ہم جسموں کی خدمت کرنے میں مشغول اور یہ خدا کی خدمت کرنے میں مشغول۔" پس ایسی باخدا ہستی کو ہی مرشد کہا جاتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دلیل نمبر6:۔ حضرت امام اعظمؒ نے امام ابو یوسفؒ کو وصیت فرمائی۔

"واکثر ذکر اللہ تعالی فیما بین الناس لیتعلموا منک ذلک"

[لوگوں کے درمیان ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا ذکر زیادہ کیا کرو تاکہ لوگ تم سے ذکر سیکھیں]

دلیل نمبر7:۔ امام شافعیؒ نے حضرت امام محمد بن حسن الشیبانیؒ سے فیض پایا۔ آپ کا مشہور قول ہے۔

"میں نے صوفیا کی صحبت اختیار کی اور ان کی دو باتوں سے بڑا نفع پایا۔ ایک یہ کہ وقت ایک تلوار ہے اگر تم اس کو نہ کاٹو گے تو وہ تم کو کاٹ دے گا اور دوسری بات یہ کہ اگر تم اپنے نفس کو حق میں مشغول نہ کرو گے تو وہ تم کو باطل میں مشغول کر دے گا۔" (مدارج السالکین)

دلیل نمبر8:۔ امام احمد بن حنبلؒ اپنے وقت کے ولی کامل (حضرت بشر حافیؒ) کی خدمت میں جایا کرتے تھے۔ ایک دن طلباء نے پوچھا، حضرت! آپ اتنے بڑے عالم ہو کر ایسے شخص کے پاس جاتے ہیں جو عالم نہیں ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ نے تاریخی جواب دیا "میں عالم بکتاب اللہ ہوں۔ بشر حافیؒ عالم باللہ ہیں اور عالم باللہ کو عالم بکتاب اللہ پر فضیلت نصیب ہے" اللہ اکبر کبیرا۔

دلیل نمبر9:۔ ایک شخص نے امام احمد بن حنبلؒ سے پوچھا "ماالاخلاص" [اخلاص کیا ہے؟] فرمایا "الاخلاص ھو الخلاص من آفات الاعمال" [اعمال کے معائب سے چھٹکارے کا نام] اس نے پوچھا "ماالتوکل" [توکل کیا ہے؟] فرمایا۔ "الثقة باللہ" [اللہ پر اعتماد کرنا] اس نے پوچھا "ماالرضاء" [رضا کیا ہے؟] فرمایا۔ "تسلیم الامور الی اللہ" [تمام امور اللہ کے سپرد کرنا] پوچھا۔ "ماالمحبة" [محبت کیا ہے؟] امام احمد بن حنبلؒ نے یہ سن کر فرمایا کہ یہ سوال بشر حافیؒ سے پوچھو۔ جب تک وہ زندہ ہیں میں جواب نہیں دے سکتا۔

دلیل نمبر10:۔ امام غزالیؒ کے ظاہری اور باطنی علوم کے مربی خواجہ بوعلی فارمدیؒ تھے جو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم المرتبت شیخ تھے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

امام غزالیؒ اپنی سوانح حیات میں لکھتے ہیں۔

"انی اخذت الطریقۃ من ابی علی فارمدیؒ و انتصلت ما کان یشیر الیہ من وظائف العبادات و استدامۃ الذکر الی ان جزت العقبات و تکاف تلک المشاق و حصلت ما کنت اطلبہ" (مکاشفۃ القلوب ص 35)

[میں نے طریقہ تصوف شیخ بو علی فارمدیؒ سے اخذ کیا ہے عبادت اور ذکر میں ان کے دستور کو اپنایا ہے۔ اس طرح مجھے تکالیف سے نجات ملی اور مشقتوں سے چھٹکارا ملا۔ اور جو کچھ میں نے پانا تھا وہ پالیا]

دلیل نمبر11 :- امام رازیؒ کی بیعت حضرت نجم الدین کبریٰؒ سے تھی۔

دلیل نمبر12 :- عارف کامل مولانا رومؒ کی بیعت شمس تبریزؒ سے تھی۔ آپ نے فرمایا۔

۔ مولوی ہرگز نشد مولائے روم تا غلام شمس تبریزی نہ شد

[مولوی روم والوں کا مولا اس وقت تک نہ بن سکا۔ جب تک شمس تبریزیؒ کا غلام نہ بن گیا]

دلیل نمبر13 :- مولانا جامیؒ جیسی شہرہ آفاق کی حامل شخصیت کی بیعت سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے شیخ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار سمرقندیؒ سے تھی۔

دلیل نمبر14 :- حضرت علامہ سید محمد شریف جرجانیؒ کی بیعت سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے شیخ حضرت خواجہ علاؤالدین عطارؒ سے تھی۔ علامہ جرجانیؒ اپنی ایک کتاب میں لکھتے ہیں۔

"واللہ ما عرفت الحق سبحانہ و تعالی مالم اصل فی خدمۃ العطار"

[اللہ کی قسم! میں نے حق سبحانہ و تعالیٰ کو نہ پہچانا جب تک کہ میں شیخ عطارؒ کی خدمت میں حاضر نہ ہوا]

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنے حالات زندگی کے بارے میں "الجزء اللطیف فی ترجمۃ العبد الضعیف" میں لکھتے ہیں۔

پندرہ برس کی عمر میں والد بزرگوار سے بیعت کرکے اشغال صوفیہ خصوصاً مشائخ نقشبندیہ کے اشغال میں مصروف ہوگیا اور ان کی توجہ و تلقین سے بہرہ مند ہوتے ہوئے ان کے آداب طریقت کی تعلیم اور خرقہ صوفیہ حاصل کرکے اپنے روحانی سلسلے کو درست کرلیا۔

(حجۃ اللہ البالغہ صفحہ 10 اردو نسخہ)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دلیل نمبر15 :- حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی ؒ جیسی شخصیت کا باطنی تعلق سلسلہ نقشبندیہ کے شیخ حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ سے تھا۔

دلیل نمبر16 :- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ؒ فرماتے ہیں کہ ناپاک زمین کے پاک ہونے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ اتنی بارش برسے کہ گندگی کو بہالے جائے۔ دوسرے اتنا سورج چمکے کہ نجاست کو جلادے اس کا نام ونشان مٹادے۔ اسی طرح قلب کی زمین کے لئے دو چیزیں ہیں ایک ذکر الٰہی جس کی مثال بارش کی سی ہے۔ دوسرا شیخ کامل جس کی مثال سورج کی سی ہے۔ ذکر سے بھی دل صاف ہوتا ہے اور شیخ کامل کی توجہات سے بھی۔

دلیل نمبر17 :- حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی ؒ جیسے محدث و مفسر کا باطنی تعلق سلسلہ نقشبندیہ کے شیخ مرزا مظہر جان جاناں ؒ سے تھا۔ اسی لئے انہوں نے اپنی تفسیر کا نام تفسیر مظہری رکھا۔

دلیل نمبر18 :- حضرت مولانا قاسم نانوتوی ؒ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی ؒ اگرچہ علم کے آفتاب ماہتاب تھے تاہم ان کی بیعت کا تعلق حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ؒ سے تھا۔ جب کہ حاجی صاحب ؒ فقط کافیہ تک کتابیں پڑھے ہوئے تھے۔

دلیل نمبر19 :- بعض حضرات نے ایک وقت میں کئی کئی مشائخ سے فیض پایا۔ چنانچہ حضرت خواجہ ابو سعید ؒ نے مقام رجاء حضرت رازی ؒ سے مقام غیرت شاہ شجاع کرمانی ؒ سے اور مقام شفقت ابو حفص حداد ؒ سے پایا۔

دلیل نمبر20 :- حضرت ابو علی رودباری ؒ فرمایا کرتے تھے۔

"تصوف میں میرے استاد حضرت جنید بغدادی ؒ علم فقہ میں حضرت ابو العباس ابن شریح ؒ نحو میں ثعلب ؒ اور حدیث شریف میں ابراہیم ؒ اور نفس کی اصلاح کے لئے بس یہی علوم ضروری ہیں"

مندرجہ بالا حقائق سے یہ بات واضح ہوتی ہے۔ کہ مشاہیر امت کو بھی کسی شیخ کامل کے زیر سایہ اور زیر تربیت رہ کر اکتساب فیض کرنے سے بلند مقامات نصیب ہوئے۔ آج بھی کوئی سالک اس منزل پر پہنچنا چاہے تو اسے انہیں راستوں پر چلنا پڑے گا۔ جن پر سلف صالحین نے چل کر وصول الی اللہ کی نعمت عظمیٰ کو حاصل کیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

علاماتِ شیخ کامل:-

مسند ارشاد پر بیٹھنے والوں میں چند صفات کا پایا جانا لازمی ہے۔

؎ در کفے جام شریعت در کفے سندانِ عشق
ہر ہوسناکے نداند جام و سنداں باختن

[ایک ہاتھ میں جام شریعت اور دوسرے ہاتھ میں صراحی عشق۔ ہر خواہش پرست دونوں سے کھیلنا نہیں جانتا]

بعض علماء کرام نے لکھا ہے کہ شیخ کامل میں درج ذیل حدیث کی صفات بدرجہ اتم موجود ہونی چاہئیں۔ "**التجا فی عن دارالغرور والا نابة الی دارالخلود والاستعداد للموت قبل نزوله**"

[دھوکہ کے گھر سے دوری اختیار کرنا اور ہمیشہ کے گھر کی طرف متوجہ ہونا اور موت کے آنے سے پہلے اس کی تیاری کرنا]

سچی بات ہے کہ کمینی دنیا کا طلب گار شیخ طریقت بننے کا اہل نہیں ہوتا۔

؎ مانا کہ شیخ وقت ہو پیر ھدی بھی ہو
پر یہ مجھے بتاؤ کہ تم باخدا بھی ہو

بعض علماء نے شیخ کامل کی درج ذیل علامات بیان کی ہیں۔

1)۔۔۔ صاحب نسبت ہو (کسی بزرگ سے اجازت یافتہ ہو۔ سلسلہ کے کام کے لئے مامور ہو۔)

2)۔۔۔ صاحب علم ہو (جاہل کی مثال اندھے کی سی ہے۔ جو اندھے کو رہبر بنائے گا۔ گڑھے میں گرے گا۔)

3)۔۔۔ صاحب تصرف ہو (گویا وہ "الذین اذا ذکر الله" کا مصداق ہو۔)

4)۔۔۔ صاحب ارشاد ہو (یہ صفت لازمی نہیں مگر بہتر ہے۔)

اگر یہ چار صفات نہ پائی جائیں تو ایسے شخص کو پیر نہ سمجھا جائے۔

؎ ہزار نکتۂ باریک تر ز مُو اینجاست نہ ہرکہ سر بتراشد قلندری داند

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[یہاں ہزار نکتے بال سے بھی زیادہ باریک ہیں جو شخص بھی سر منڈا لے وہ قلندری نہیں جانتا]

علامہ ابن عربیؒ نے شیخ کامل کی تین صفات قلمبند فرمائی ہیں۔

1)۔۔۔ دین انبیاء کا سا ہو۔

2)۔۔۔ تدبیر اطباء کی سی۔

3)۔۔۔ سیاست بادشاہوں کی سی۔

بقول شخصے

ہے وہی تیرے زمانے کا امام برحق
جو تجھے حاضر وموجود سے بیزار کرے
موت کے آئینے میں تجھ کو دکھا کر رخ دوست
زندگی تیرے لئے اور بھی دشوار کرے
دے کے احساس زیاں تیرا لہو گرما دے
فقر کی سان چڑھا کر تجھے تلوار کرے

شیخ کامل ظاہر میں تو عام انسانوں کی مانند ہوتا ہے مگر باطن میں عام انسانوں سے بہت مختلف ہوتا ہے جیسے تلخ اور میٹھے پانی کی صورت ایک مگر سیرت مختلف' فاسق و نیک نے ایک روٹی کھائی ایک میں شہوت پیدا ہوئی دوسرے میں عشق الٰہی' زمین نے دو کانے اگائے ایک بانس بنا دوسرا گنا بنا۔ دو ہرنوں نے ایک گھاس کھایا اور ایک میں مینگنیاں بنیں دوسرے میں کستوری بنی۔ بھڑ اور مگس نے ایک پھول چوسا ایک میں زہر بنا دوسرے میں شہد بنا۔ شیخ کامل بھی ظاہر میں تو عام انسان کی طرح مگر حقیقت میں مختلف ہوتا ہے۔

الفاظ ومعانی میں تفاوت نہیں لیکن ملا کی اذاں اور مجاہد کی اذاں اور
پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

اگر کسی سالک کو ان صفات کا حامل کامل شیخ مل جائے تو چاہیئے کہ اس کا دامن مضبوطی سے پکڑے۔ اس کی صحبت کو کیمیاء احمر کی مانند سمجھے۔

؎ اگر کوئی شعیب آئے میسر شبانی سے کلیمی دو قدم ہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 6

آداب مرشد

اللہ رب العزت کا ارشاد ہے۔"لا تقدموا بین یدی اللہ و رسولہ"
(الحجرات: آیت 1)

[اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے سبقت نہ کرو]

دوسری جگہ فرمایا۔"لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی"(الحجرات: آیت 2)

[اپنی آوازوں کو نبی علیہ السلام کی آواز سے بلند نہ کرو]

ان آیات بینات کا مقصود مومنین کو آداب کی تعلیم دینا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔"ادبنی ربی فاحسن تادیبی"[میرے رب نے مجھے ادب سکھایا پس بہت ہی اچھا ادب سکھایا] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سالک کے لئے آداب کی رعایت لازمی ہے۔ بقول شخصے

خموش اے دل بھری محفل میں چلانا نہیں اچھا
ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

حضرت ابو حفص نیشاپوریؒ کا قول ہے۔"التصوف کلہ ادب"[تصوف سراسر ادب ہے]

کسی شاعر نے کہا ہے۔

"ادبوا النفس ایھا الاصحاب طرق العشق کلھا آداب

[اے دوستو! اپنے نفوس کو ادب سکھاؤ۔ کیونکہ عشق کے سب راستے آداب ہی ہیں]

درج ذیل میں چند آداب بیان کئے جاتے ہیں جن کی پابندی ہر سالک کے لئے ازحد ضروری ہے جو سالک جتنا زیادہ آداب کا خیال رکھے گا اتنا جلدی ترقی پائے گا۔ اگر آداب کو پڑھ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کر غفلت برتے گا تو باطنی نعمتوں سے بھی محروم رہے گا۔ یہ آداب حضرت خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ سے منقول ہیں۔ شجرہ طیبہ سے انہیں من و عن نقل کیا گیا ہے۔ اور تشریح کے لئے "فائدہ" کے عنوان سے کچھ اضافہ کر دیا ہے تاکہ سالکین کو آسانی سے بات سمجھ آسکے۔ گویا بامر مجبوری قالین کو ٹاٹ کا پیوند لگا دیا گیا ہے۔

ادب 1 :- مرشد کی ظاہری حیثیت، قومیت، حشمت و شوکت اور پیشہ وغیرہ پر نظر نہ کرے اور اسے حقیر نہ جانے۔ بلکہ اس نعمت اور فیضان کو جو اللہ تعالیٰ نے شیخ کو عنایت کیا ہے نگاہ میں رکھ کر اسے حق تعالیٰ کی معرفت کا وسیلہ سمجھے اور کمال صدق و یقین سے اس کی صحبت کا فیض اٹھائے۔

فائدہ:- جس طرح کوئی مریض اپنے طبیب کی طبی مہارت کو سامنے رکھ کر علاج کرواتا ہے۔ اس کی ظاہری حیثیت اور قومیت کو خاطر میں نہیں لاتا۔ اسی طرح سالک کو بھی مرشد کی باطنی نعمت پر نظر رکھنی چاہئے، ظاہری حشمت و شوکت پر نہیں۔ ایک حدیث پاک میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ صحابہؓ کی محفل میں تشریف فرما تھے۔ سامنے سے ایک شخص کا گزر ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے پوچھا۔ "آپ لوگ اس کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں۔"

عرض کیا گیا "یہ امیر آدمی انتہائی خوش لباس ہے اگر یہ کسی سے بات کرے تو توجہ سے بات سنی جائے۔ اگر کسی طرف رشتے کا پیغام بھیجے تو قبول کرلیا جائے" تھوڑی دیر بعد ایک دوسرے صاحب گزرے تو نبی علیہ السلام نے پوچھا "آپ لوگ اس شخص کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں" عرض کیا گیا "غریب آدمی مفلس و نادار نظر آتا ہے۔ اگر بات کرے تو لوگ توجہ سے نہ سنیں۔ کہیں رشتے کا پیغام بھیجے تو قبول نہ ہو" نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "اگر پہلے جیسے لوگوں سے ساری دنیا بھر جائے تو سب مل کر بھی اللہ تعالیٰ کی نظر میں اس غریب نیک شخص کے برابر نہیں ہوسکتے۔" ایک روایت میں ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں کو اور مال پیسے کو نہیں دیکھتے بلکہ تمہارے دلوں کو اور اعمال کو دیکھتے ہیں۔ حضرت عمرؓ اپنے زمانہ خلافت میں حضرت بلالؓ کو دیکھ کر کھڑے ہوئے اور فرمایا "سیدنا بلال آگئے" معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ظاہری حشمت و شوکت کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے۔ پس سالک کو چاہئے کہ ظاہری حالات پر نظر نہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

رکھے بلکہ شیخ کی باطنی دولت کو پیش نظر رکھے۔ حقیقت یہی ہے کہ پیاسے آدمی کو ٹھنڈا پانی پینے سے غرض ہوتی ہے اس کی پروا نہیں ہوتی کہ پانی مٹی کے پیالے میں ہے کہ سونے چاندی کے چمکتے برتن میں ہے۔

رہی بات قومیت کی، تو ارشاد باری تعالیٰ ہے "وجعلنکم شعوبا وقبائل لتعارفوا۔ ان اکرمکم عنداللہ اتقکم" (الحجرات آیت 13)

[ہم نے تمہیں شاخیں اور قبیلے بنایا تاکہ ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ اللہ کے ہاں عزت والا متقی پرہیزگار ہے]

روایت ہے کہ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحبؒ نے جب حضرت خواجہ شمس الدین سیالویؒ سے بیعت کی تو ایک صاحب نے کہا "شاہ صاحب! آپ نے سید ہو کر ایک جاٹ سے بیعت کی ہے" حضرت شاہ صاحب نے فرمایا "میں جٹ دا بنا ساوا ڈٹھا اے" "میں نے زمیندار کی کھیتی سرسبز و شاداب دیکھی ہے، لہٰذا بیعت کی ہے۔"

ادب 2 :۔ "شیخ کو اپنے حق میں سب سے انفع (زیادہ نفع پہنچنے کا ذریعہ) سمجھے اور یہ اعتماد رکھے کہ میرا اصلاح باطن اور حصول معرفت کا مطلب اسی مرشد سے باآسانی حاصل ہو گا۔ ہرجائی نہ بنے اگر دوسری طرف توجہ کرے گا تو فیض و برکات سے محروم رہے گا۔"

فائدہ:۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ "وفوق کل ذی علم علیم" (یوسف آیت 76)

[اور ہر علم والے پر بڑا علم والا ہے]

لہٰذا شیخ اگرچہ اعلم "سب سے زیادہ علم والا" نہ بھی ہو سالک کے حق میں انفع "سب سے زیادہ نفع پہنچانے کا باعث" ضرور ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک بچے کو جو پیار و محبت اور شفقت اپنی ماں سے مل سکتی ہے وہ کسی دوسری عورت سے نہیں مل سکتی۔ حالانکہ دوسری عورتیں عقل و شکل اور اخلاق وغیرہ میں اس کی ماں سے افضل ہو سکتی ہیں۔ مثل مشہور ہے کہ ماں کی محبت وہ ہمالیہ ہے جس کی بلندیوں کو کوئی نہیں چھو سکتا۔ ماں کی محبت وہ گہرا سمندر ہے جس کی گہرائیوں تک کوئی دوسرا نہیں پہنچ سکتا۔ ماں کی ماتا وہ سدا بہار پھول ہے جس پر خزاں و بہار اثر انداز نہیں ہو سکتے۔ اسی طرح سالک کو جو نفع اپنے شیخ سے حاصل ہو سکتا ہے وہ کسی اور

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سے نہیں۔ سالک شیخ کے بارے میں جتنا حسن ظن رکھے گا اتنا ہی فیض کا دروازہ کھلے گا۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے پیرو مرشد حضرت خواجہ باقی باللہؒ بہت زیادہ کم گو اور خاموش طبع تھے۔ ایک مرتبہ کسی نے کہا حضرت کچھ وعظ و نصیحت فرمائیں تاکہ سالکین کو فائدہ ہو۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے فرمایا۔ "جس نے ہماری خاموشی سے کچھ نہیں پایا وہ ہماری باتوں سے بھی کچھ نہیں پائے گا۔"

حضرت مجدد الف ثانیؒ لکھتے ہیں کہ "ہم تین پیر بھائی تھے اور ہم تینوں کا اپنے شیخ کے بارے میں مختلف گمان تھا ایک تو یہ گمان رکھتا تھا کہ میرے شیخ خود تو کامل ہیں دوسروں کو کامل نہیں بناسکتے۔ دوسرے کا گمان تھا کہ میرے شیخ کامل تو ہیں مگر صاحب ارشاد نہیں ہیں جبکہ میرا یہ گمان تھا کہ اس امت میں کسی کو کامل شیخ ملے ہیں تو صدیق اکبرؓ کو نبی علیہ السلام ملے یا پھر اس کے بعد مجھے کامل شیخ ملے ہیں۔ میرے اس حسن ظن کی وجہ سے مجھے تجدیدی کام کے لئے اللہ تعالٰی نے چن لیا۔" پس آپ حضرت مجدد الف ثانیؒ بنے۔ سالک کو چاہیے کہ ہرجائی نہ بنے اور حصول فیض کیلئے اپنے مرشد کے علاوہ کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو اس کی اصل "و حرمنا علیہ المراضع من قبل" بن سکتی ہے۔

ادب 3:- ہر طرح سے مرشد کا مطیع و فرمانبردار رہے۔ کیونکہ پیر کی عقیدت اور محبت کے بغیر فیض کا در نہیں کھلتا۔ اور محبت کا تقاضا اطاعت و خدمت ہے۔

فائدہ:- صوفیاء کے نزدیک سیدنا صدیق اکبرؓ کا سفر ہجرت مرشد کی اطاعت و خدمت اور محبت و عقیدت کی فقید المثال داستان ہے۔ چنانچہ ہجرت کی رات نبی اکرم ﷺ جب حضرت صدیق اکبرؓ کے گھر تشریف لائے تو انہیں جاگتے ہوئے پایا۔ پوچھا "ابوبکر آپ کیوں جاگ رہے تھے۔" عرض کیا "اے اللہ کے نبی ﷺ! مجھے اندازہ تھا کہ عنقریب ہجرت کا حکم ہوگا۔ یہ بھی میرا دل گواہی دیتا تھا کہ آپ ؐ مجھے رفیق سفر بنائیں گے۔ جس وقت سے یہ خیال آیا میں نے رات کو سونا چھوڑ دیا۔ مباداکہ آپ تشریف لائیں اور مجھے حاضرباش نہ پائیں۔" سبحان اللہ

حضرت خواجہ دوست محمد قندھاریؒ ایک مرتبہ بیمار ہوئے تو حضرت خواجہ محمد عثمان دامانیؒ کئی دن متواتر موسیٰ زئی شریف سے پیدل چل کر تقریباً تیس کلومیٹر دور ایک شہر درابن جاتے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اور دوائی لیکر واپس آتے پھر ساری رات تیمارداری میں مشغول رہتے۔ حضرت خواجہ محمد عبدالمالک (چوک قریشی والے) نے تقریباً بارہ سال حضرت خواجہ فضل علی قریشیؒ کی خانقاہ پر رہ کر بکریاں چرائیں حتی کہ بکڑوال (بکریاں چرانے والا) کے نام سے مشہور ہوئے۔

حضرت مرشد عالمؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ نے ایک خوبصورت بیش قیمت نفیس ہینڈ بیگ (پرس) خریدا۔ پوچھنے پر بتایا کہ میں اس میں اپنے پیرومرشد کے استعمال کے لئے مٹی کے ڈھیلے رکھا کروں گا۔ عربی کا مقولہ ہے "ان المحب لمن یحب مطیع" [محب جس سے محبت کرتا ہے اس کا مطیع ہوتا ہے] یہی محبت وخدمت حصول فیضان کا سبب بنتی ہے۔

ادب 4:۔ حسب استطاعت جان ومال سے شیخ کی خدمت کرے اور اس پر احسان نہ جتلائے بلکہ شیخ کا احسان سمجھے کہ اس نے خدمت کو شرف قبولیت بخشا۔ شیخ سے کسی قسم کی طمع یا مطالبہ نہ رکھے جتنی بھی خدمت کرے خلوص وللہیت سے کرے تاکہ کمال ایمان سے بہرہ مند ہو۔

فائدہ:۔ غزوہ تبوک میں سیدنا صدیق اکبرؓ نے نبی علیہ السلام کے اشارے پر اپنا سارا مال قدموں پر نچھاور کر دیا۔ ایک مرتبہ ٹاٹ کا لباس پہنے حاضر خدمت ہوئے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ "ابوبکرؓ ! تمہیں مکہ کی تجارت والی آسودگی یاد ہے، دیکھو آج تمہارا کیا حال ہوگیا۔" صدیق اکبرؓ نے تڑپ کر عرض کیا۔

"امالو عشت انا عمر الدنیا واعذب به جمیعا اشد العذاب لا یفرجنی فرج الملیح"

[یہ چند سالوں کی زندگی ہے اگر ساری کی ساری زندگی شدید ترین تکالیف میں گزر جائے حتی کہ ٹھنڈی ہوا کا جھونکا بھی نہ لگے تو آقا تیری خاطر یہ سب کچھ آسان ہے۔ میرے ہاتھ میں آپ کا ہاتھ آجانا میرے لئے نعمت عظمیٰ ہے]

نہ خیال وخواب کی محفلیں نہ میں بزم شوق سے جا سکا
تیری اک نگاہ بدلتے ہی میرے سب ارادے بدل گئے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جو فنا ہوئے غم عشق میں انہیں زندگی کا نہ غم ہوا

ترا ہاتھ ہاتھ میں آگیا تو چراغ" راہ کے جل گئے

حضرت صدیق اکبرؓ اس قدر جانی و مالی قربانی پیش کرنے کے باوجود ایک مرتبہ گوشہ تنہائی میں بیٹھے زار و قطار رو رہے تھے اور دعا مانگتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ یا اللہ! میں اپنا مال نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ مگر دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے اونچا ہوتا ہے مجھے اپنے آقاؐ کی اتنی بے ادبی بھی گوارا نہیں۔ یا اللہ! میرے آقا ﷺ کے دل میں القا فرما کہ وہ میرے مال کو اپنے ذاتی مال کی طرح خرچ کریں۔ یہ ہے مزہ کہ خدمت بھی کرے احسان مند بھی شیخ کا ہو۔ بقول شخصے

منت منہ کہ خدمت سلطاں ہمی کنی

منت ازو شناس کہ در خدمت گزاشتہ

[اے مخاطب! تو بادشاہ کی خدمت کرکے احسان نہ چڑھا۔ (بادشاہ کی خدمت کرنے والے تو لاکھوں ہیں) یہ بادشاہ کا تجھ پر احسان ہے کہ اس نے تجھے اپنی خدمت کے لئے قبول کرلیا]

ادب 5:- مرشد کے فرمان کو فوراً بجالائے۔ اس کے فعل کی اقتداء اس کی اجازت کے بغیر نہ کرے۔ کیونکہ بعض اوقات وہ اپنے حال اور مقام کی مناسبت سے کام کرتا ہے۔ جو مرید کے لئے اس کی استعداد سے عالی ہونے کی وجہ سے مضر ہوتا ہے البتہ قولی متابعت اختیار کرتا رہے تاکہ پیر سے محبت اور مناسبت پیدا ہوجائے۔

فائدہ:- اس ادب کی اصل وہ حدیث ہے کہ ایک مرتبہ نبی علیہ السلام نے دن میں متواتر روزے رکھنے شروع کردیئے اور رات قیام و سجود کی حالت میں بسر کرنے لگے۔ بعض صحابہ کرامؓ کو اسکا پتہ چلا تو انہوں نے بغیر اجازت طلب کئے اس کی اتباع شروع کردی۔ اتنی ریاضت اتنا مجاہدہ کہ چند دنوں میں نقاہت و بے آرامی کی وجہ سے حالت غیر ہونے لگی۔ نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔ "ایکم مثلی یطعمنی ربی و یسقینی" [تم میں سے کون میری طرح ہوسکتا ہے۔ میرا رب مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سالک کو چاہئے کہ مرشد کے حکم کو فوراً بجالائے۔ البتہ اگر مرشد کو کوئی خاص عمل کرتا دیکھے تو اجازت طلب کرے۔ اجازت ملنے پر عمل کو اپنائے۔ نہ ملنے پر اپنے آپ کو کم ظرف کم ہمت سمجھے۔ زبان سے مرشد کے عمل ہی کو اقویٰ کہے تاکہ پیر سے محبت اور مناسبت پیدا ہوجائے۔

ادب 6:- مرشد کی موجودگی میں ہمہ تن اس کی طرف متوجہ رہے یہاں تک کہ فرض وسنت کے سوا نفل نماز یا کوئی اور وظیفہ اس کی اجازت کے بغیر نہ پڑھے بلکہ اس کی صحبت کیمیا اثر کو غنیمت سمجھے تاکہ شیخ کی نگاہ شفقت حاصل ہو۔ اور اس کے فیض باطن سے حصہ ملے۔ مشائخ نقشبندیہ رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ شیخ کی موجودگی میں وقوف قلبی کی بجائے رابطہ قلبی (شیخ کے قلب سے مربوط رہنا) زیادہ مفید ہے۔

فائدہ:- شیخ کے سامنے نفل نماز اور وظیفہ وغیرہ سے اس لئے منع کیا گیا کہ یہ کام تو سالک شیخ کی عدم موجودگی میں بھی کرسکتا ہے لہٰذا شیخ کی صحبت سے تو باطنی فائدہ اٹھانا چاہئے ہمہ تن گوش وہوش سے متوجہ رہنا چاہئے۔

یک چشم زدن غافل از آں شاہ نہ باشی
شاید کہ نگاہے کند آگاہ نہ باشی

[ایک لمحہ بھی اس بادشاہ سے غافل نہ ہو۔ ممکن ہے وہ نگاہ کرے اور تو آگاہ نہ ہو]

وقوف قلبی کہتے ہیں دل کا دھیان اللہ تعالیٰ کی طرف رکھنے کو۔ رابطہ قلبی کہتے ہیں سالک اپنے آپ کو خالی سمجھے اپنے قلب کو شیخ کے قلب سے مربوط رکھے۔ اور یہ خیال کرے کہ شیخ کے قلب سے فیضان میرے دل میں آرہا ہے۔

سالک کی روحانی ترقی ذکر کے ذریعے سے بھی ہوتی ہے اور مرشد کی توجہات سے بھی۔ تاہم ذکر کرنے سے جو راستہ سالوں میں طے ہوتا ہے وہ مرشد کی توجہات سے لمحوں میں طے ہوجاتا ہے۔ اسی لئے کہا گیا

یک زمانہ صحبت باِاولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

حضرت خواجہ محمد معصومؒ فرماتے ہیں:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ع سایہ رہبر بہتر است از ذکر حق

[رہبر کا سایہ بھی ذکر حق سے بہتر ہے۔]

کسی عارف نے کہا کہ علماء کی محفل میں بیٹھو، تو زبان سنبھال کر بیٹھو۔ ملوک و سلاطین کی محفل میں بیٹھو تو نگاہ کو سنبھال کر بیٹھو اور اہل اللہ کی محفل میں بیٹھو تو دل کو سنبھال کر بیٹھو۔ صحابہ کرامؓ کو نبیؐ کی چند لمحوں کی صحبت سے وہ کچھ نصیب ہوا جو غیر صحابہ کو ہزاروں سال کے مجاہدہ سے بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کی ایک توجہ نے نان بائی کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔

ادب 7:۔ شیخ کی صحبت میں با ادب ہو کر نہایت عاجزی سے خاموش بیٹھا رہے۔ اور اس کے کلام قدسی کو نہایت غور سے سنتا رہے ادھر ادھر نہ دیکھے اس کی اجازت کے بغیر کلام نہ کرے بوقت ضرورت مختصر کلام کرے اور نہایت توجہ سے جواب کا منتظر رہے۔ گفتگو آہستگی اور نرمی سے کرے نیز اپنی آواز مرشد کی آواز سے بلند نہ کرے۔ کوئی بات ایسی نہ کہے جو پیر کی سبکی اور گرانی کا سبب بنے۔

فائدہ:۔ سالک جب طالب صادق بن کر گوش ہوش سے نصیحت سنے۔ تو دل پر یقینی اثر ہوتا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ "ان فی ذلک لذکری لمن کان لہ قلب او القی السمع و ھو شھید" (سورۃ ق: آیت 37)

[اس میں نصیحت ہے ہر اس شخص کیلئے جس کے پاس عقل ہو یا کم از کم دوسرے کی بات توجہ سے سنے]

مرشد کی اجازت کے بغیر کلام نہ کرنے میں حکمت یہ ہے کہ ممکن ہے شیخ کسی خاص علمی نکتہ پر غور و فکر کر رہے ہوں یا کسی کے دل پر باطنی توجہات ڈال رہے ہوں یا ان پر الہام کی کیفیت ہو یا کسی اہم کام یا مضمون کی طرف طبیعت متوجہ ہو۔ایسی صورت میں کسی کا بدون اجازت کلام کرنا طبیعت پر انقباض کا باعث بنتا ہے۔ مزید برآں دوران گفتگو اپنی آواز کو مرشد کی آواز سے بلند نہ کرے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"یا ایھا الذین آمنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ولا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون" (الحجرات آیت 2)

[اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو نبی علیہ الصلوٰۃ و السلام کی آواز سے اونچا نہ کرو اور ان کے سامنے بات زیادہ اونچی آواز سے نہ کرو جیسے تم ایک دوسرے سے اونچا بول لیتے ہو ورنہ اندیشہ ہے کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں محسوس بھی نہ ہو]

مرشد کی بات نہایت غور سے سننی چاہیئے۔ بعض مشائخ کا قول ہے مرشد کو زبان بننا چاہیئے اور مرید کو کان بننا چاہیئے۔

ادب 8:۔ پیر کی مجلس میں اپنے آپ کو کسی طرح ممتاز نہ کرے اور اپنے تئیں حقیر' نیاز مند' تشنگی' اور طلب سے بھرا ہوا ظاہر کرے۔

فائدہ:۔ مرشد کی موجودگی میں کوئی ایسی بات نہ کرے جس سے حاضرین پر علمی تفوق ظاہر ہو۔ نہ ہی دنیاوی جاہ و حشمت کا مظاہرہ کرے' نہ ہی کسی عمل سے یہ ظاہر کرے کہ میں شیخ کا مشیر اور ہمراز ہوں اور نہ ہی یہ جتلائے کہ مرشد مجھ پر بہت مہربان ہے۔ یہ تمام باتیں نفس کو موٹا کرتی ہیں۔ اور انانیت کی دلیل ہیں۔ حتی الوسع نیاز مندی اور عاجزی کو اپنائے۔

زمیں کی طرح جس نے عاجزی وانکساری کی
خدا کی رحمتوں نے اس کو ڈھانپا آسماں ہوکر

ادب 9:۔ مرشد کی نشست گاہ پر نہ بیٹھے اس کے مصلیٰ پر پاؤں نہ رکھے۔

فائدہ:۔ اس کی اصل حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ کا عمل ہے۔ روایات سے ثابت ہے کہ نبی اکرم ﷺ جب خطبہ دینے کے لئے منبر پر جلوہ افروز ہوتے تو تیسرے درجے پر کھڑے ہوتے تھے۔ جبکہ حضرت صدیق اکبرؓ اپنے دور خلافت میں خطبہ دینے کے لئے دوسرے درجے پر کھڑے ہوتے تھے۔ یہ از راہ ادب تھا مرشد کے مصلے پر نماز پڑھنے سے اس لئے منع کیا گیا کہ ظاہراً اس سے "مساوات" کا دعویٰ ظاہر ہوتا ہے۔

ادب 10:۔ بلا اجازت اس کے سامنے کھانا نہ کھائے نہ پانی پئے نہ وضو کرے نہ اس کے برتن

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

استعمال کرے۔ اس کی طہارت اور وضو کی جگہ طہارت یا وضو نہ کرے۔ جو آداب شیخ کے روبرو بجالاتا ہے وہی پیچھے بھی بجالائے تاکہ اخلاص نصیب ہو۔

فائدہ:۔ مرشد کے سامنے بلا اجازت کھانے پینے میں مشغول نہ ہونا چاہئے۔ حتیٰ کہ مرشد اپنے دسترخوان پر بیٹھنے کی اجازت دے تو بیٹھ جائے ورنہ بخوشی پیچھے ہٹ جائے۔ مرشد کی نظروہ کچھ دیکھ سکتی ہے جو سالک کی نظر نہیں دیکھ سکتی۔ سلسلہ عالیہ شاذلیہ کے مشائخ کا دستور ہے کہ وہ کھانے پینے کی اشیاء میں توجہ شامل کرکے سالک کو کھلاتے ہیں ان کے ہاں بعض مشائخ تو خلافت واجازت سلسلہ دیتے ہوئے اس بات پر عہد لیتے ہیں کہ تم اپنی باطنی توجہات کھانے پینے کی چیزوں میں شامل کرکے سالکین کو پیش کیا کرو گے۔ تصوف کی کتب معتبرہ میں منقول ہے کہ بعض مشائخ نے خلافت دیتے وقت اپنے ہاتھ سے کوئی چیز سالک کو کھلائی۔ حضرت مرشد عالمؒ دسترخوان پر جمع ہونے والے تمام سالکین کا گہری نظر سے جائزہ لیتے رہتے تھے۔ تربیت کے لئے ڈانٹ ڈپٹ کا سلسلہ بھی جاری رہتا تھا۔ فرمایا کرتے تھے کہ میں نے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ کو دیکھا ہے دسترخوان پر انکا اس قدر کنٹرول ہوتا تھا کہ جو سالک چند مرتبہ ان کے سامنے کھانے میں شریک ہوجاتا اس کے کئی کس بل نکل جاتے تھے۔

ایک مرتبہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے لئے نہایت پرتکلف کھانوں پر مشتمل دسترخوان چنا گیا۔ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بھی حاضر خدمت تھے حضرت حاجی صاحبؒ نے ایک چپاتی اٹھائی ایک پلیٹ میں تھوڑی سی دال ڈالی اور حضرت گنگوہیؒ کے ہاتھ میں پکڑا کر فرمایا "مولانا! اس دسترخوان کے کونے پر بیٹھ کر یہ کھانا کھالو۔" حضرت گنگوہیؒ برضا و رغبت کھانے میں مشغول ہوگئے۔ تھوڑی دیر بعد حضرت حاجی صاحبؒ نے نہایت سخت لہجے میں کہا "رشید احمد! جی تو چاہتا تھا کہ تمہیں جوتوں والی جگہ پر بٹھاتا مگر رعایت کرلی کہ دسترخوان پر بٹھالیا۔" یہ کہتے ہی حضرت حاجی صاحبؒ نے مولانا کے چہرے کے تاثرات کو دیکھا۔ حضرت گنگوہیؒ نے نہایت ادب سے عرض کیا "حضرت! آپ نے سچ فرمایا میں اسی قابل تھا کہ جوتوں میں بٹھایا جاتا۔ آپ کا احسان ہے جو یہاں بیٹھنے دیا۔" حضرت حاجی صاحبؒ نے جب ملاحظہ کیا کہ لوگوں کے سامنے اتنی کڑوی کسیلی سن کر بھی مولانا کا نفس نہیں بھڑکا تو فرمایا "الحمد للہ" ذکر کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اثرات محسوس ہو رہے ہیں۔"

ادب 11 :- جس جگہ مرشد بیٹھا ہوا ہو اس طرف پاؤں نہ پھیلائے اس کی طرف منہ کرکے نہ تھوکے اگرچہ سامنے نہ ہو۔

فائدہ:- فقہائے کرام نے بیت اللہ شریف کی طرف پاؤں پھیلانا یا تھوکنا مکروہ لکھا ہے۔ اگرچہ بیت اللہ سامنے نہ ہو۔ جس طرح بیت اللہ مرکز انوار و تجلیات ہے اسی طرح مرشد کا قلب بھی تجلیات ذاتیہ کا مورد ہوتا ہے لہٰذا مرشد کے لئے بھی انہی آداب کی رعایت ضروری ہے۔ ابن ماجہ کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ طواف کرنے کے بعد کعبۃ اللہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ بیت اللہ ! تیری حرمت بھی بہت زیادہ ہے مگر "حرمة المومن ارجح من حرمة الكعبة" [مومن کی عزت بیت اللہ کی حرمت سے بھی زیادہ ہے]

ادب 12 :- شیخ کے سایہ پر قدم نہ رکھے اور حتی الامکان ایسی جگہ کھڑا نہ ہو کہ اس کا سایہ مرشد کے سایہ پر یا اس کے کپڑے پر پڑے۔

فائدہ:- کسی چیز کو پاؤں تلے روندنا اس کی تحقیر کی علامت ہوتی ہے۔ سالک کو چاہئے کہ مرشد کے سایہ پر بھی قدم نہ رکھے۔ تاکہ بے حرمتی کا شائبہ تک نہ ہو۔ اسی طرح اپنا سایہ مرشد پر نہ پڑنے دے کہ بسا اوقات روشنی کا رک جانا طبعی الجھن کا سبب بنتا ہے۔ سالک ان آداب کو معمولی نہ سمجھے کیونکہ چھوٹے چھوٹے ذرات مل کر ہی ریت کے ٹیلے بن جاتے ہیں۔ مثل مشہور ہے کہ ایک دانہ خرمن کو تو نہیں بھرتا مگر ان دانوں کی مدد ضرور کرتا ہے جو خرمن کو بھر دیا کرتے ہیں۔

حافظ ابن قیمؒ کا قول ہے "گناہ کو چھوٹا نہ سمجھو بلکہ اس ذات کی عظمت کو دیکھو جس کی نافرمانی ہو رہی ہے" اسی پر قیاس کرتے ہوئے کہا جاتا ہے کہ کسی بھی ادب کو چھوٹا نہ سمجھو بلکہ مرشد کی ذات کو سامنے رکھو جو مالک حقیقی سے واصل ہونے کا ذریعہ ہے۔ حضرت مرشد عالمؒ نے یہ واقعہ بیان فرمایا کہ ایک طالب صادق حضرت خواجہ فضل علی قریشیؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا "حضرت کچھ دنوں سے لطائف بند ہو گئے ہیں، سمجھ نہیں آتی کیا وجہ ہے۔" حضرت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

نے فرمایا "غور کرو آپ سے کوئی نہ کوئی بے ادبی سرزد ہوئی ہے جس کی یہ سزا ہے" وہ سالک کافی دیر غور کرتا رہا۔ بالآخر اسے یاد آیا کہ چند دن پہلے مرشد کا عصا پڑا ہوا تھا۔ اور وہ اس کے اوپر سے گزر گیا تھا چنانچہ توبہ استغفار کرنے سے لطائف دوبارہ جاری ہو گئے۔

ادب 13:- شیخ کے آگے نہ چلے اور پیچھے چلنے میں شرم نہ کرے بلکہ سعادت سمجھے۔

فائدہ:- مرشد کے آگے نہ چلنے سے مراد یہ ہے کہ دن کے اوقات میں چلتے ہوئے بلاضرورت ان سے آگے نہ بڑھے۔ اگر کسی ضرورت کی وجہ سے آگے چلنا پڑے تو مضائقہ نہیں، بلکہ بسا اوقات آگے چلنا بہتر ہوتا ہے۔ مثلاً رات کے وقت اس نیت سے آگے چلنا کہ کوئی موذی جاندار راستے میں نہ ہو یا گڑھا راستے میں نہ ہو یا کوئی ایسا پتھر نہ پڑا ہو کہ کوئی ٹھوکر کھا کر گرے یا خود مرشد ہی کسی وجہ سے آگے چلنے کا حکم دیں تو پھر آگے چلنا ہی عین ادب ہے۔ "الامر فوق الادب" [حکم ادب پر فائق ہے]

ایک مرتبہ حضرت مرشد عالمؒ حرم شریف سے نکلے تو کسی کے ہاں جانا تھا۔ حضرتؒ نے میزبان سے کہا کہ آگے چلیں ہمیں راستے کا پتہ نہیں، وہ کہنے لگے "نہیں نہیں حضرت آپ ہی آگے چلیں میں راستہ بتادوں گا" اب چلتے چلتے جب کوئی موڑ آتا تو حضرتؒ کو پیچھے مڑ کر پوچھنا پڑتا کہ کس طرف جانا ہے چنانچہ تھوڑی دیر بعد حضرتؒ نے دوبارہ میزبان سے کہا کہ آپ آگے چلیں وہ پھر معذرت کرنے لگے کہ نہیں حضرتؒ بس میں پیچھے ہی ٹھیک ہوں۔ جب تیسری مرتبہ کہنے پر بھی انہوں نے وہی جواب دیا تو حضرتؒ نے غصے میں آکر عصا لہرایا اور کہا "تو میڈا پیر ایں یا میں تیڈا پیر ہاں" [تو میرا پیر ہے یا میں تیرا پیر ہوں] تب ان صاحب کو حقیقت سمجھ آئی اور وہ آگے چلنے لگے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ جب سفر ہجرت میں نبی علیہ السلام کے ہمراہ چلے تو کچھ دیر پیچھے چلے پھر آگے چلنے لگے پھر کبھی دائیں چلتے اور کبھی بائیں چلتے۔ نبی اکرم ﷺ نے پوچھا کہ کیا معاملہ ہے؟ تو عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ جب پیچھے چلتا ہوں تو خیال آتا ہے دشمن آگے سے نہ حملہ کر دے۔ جب آگے چلتا ہوں تو دائیں بائیں سے حملے کا ڈر ہوتا ہے اس لئے پھر دائیں یا بائیں چلتا ہوں۔ نبی علیہ السلام یہ سن کر بہت خوش ہوئے۔ یہ عشق و محبت کی داستان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تھی۔ پورے سفر میں یہی معاملہ رہا۔ جیسے پروانہ کسی شمع کے گرد طواف کر رہا ہوتا ہے۔ "ھنیئا لارباب النعیم نعیمھا" [اہل نعمت کو اپنی نعمت مبارک ہو] عام اصول یہی ہے کہ مرید بلاضرورت مرشد کے آگے نہ چلے۔ ایک روایت میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک نوجوان کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ کبھی اپنے باپ کا نام لیکر نہ پکارنا اور راستہ چلتے ہوئے آگے نہ چلنا۔

عیون الاخبار میں ہے کہ حضرت عمر بن زیدؒ سے ان کے بیٹے کی تعلیم و تربیت اور حسن ادب کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: "میں دن میں نہیں چلا مگر وہ میرے پیچھے تھا، میں رات میں نہیں چلا مگر وہ آگے تھا، اور وہ کسی ایسی چھت پہ نہیں چڑھا۔ جس کے میں نیچے تھا۔"

حضرت مرشد عالمؒ فرمایا کرتے تھے کہ میں اپنے مرشد کے پیچھے راکھویں لیلے (پالتو مینڈھے) کی طرح چلتا تھا۔

ادب 14:- جب شیخ کھڑا ہو تو مرید بھی کھڑا ہوجائے اور اس کے بیٹھنے کے بعد بیٹھے۔

فائدہ:- یہ اکرام میں داخل ہے کہ جب شیخ کھڑا ہو تو مرید بھی کھڑا ہوجائے اور جب شیخ بیٹھے تو مرید بھی بیٹھ جائے۔ بعض حضرات یہ سوال کرتے ہیں کہ ایک حدیث پاک میں نبی علیہ السلام نے صحابہ کرامؓ کو کھڑا ہونے سے منع کیا تو پھر مشائخ کی مجالس میں لوگ کسی کے اکرام کے لئے کیوں کھڑے ہوتے ہیں؟ یہ حضرات ایسے موقع پر نہ تو خود کھڑے ہوتے ہیں اور نہ ہی کھڑا ہونے والوں کو اچھا سمجھتے ہیں۔ اس کی وجہ کم علمی کے سوا کچھ نہیں۔ شریعت محمدیہؐ کا یہ حسن ہے کہ جہاں کسی معاملہ میں دو فریق ہوں تو دونوں کو ایک دوسرے کے حقوق کی تلقین کی جاتی ہے تاکہ معاملات خوش اسلوبی سے چلتے رہیں۔ دونوں میں محبت و پیار اور اکرام و تکریم کا رشتہ استوار رہے۔

شریعت نے ایک طرف تو مرید کو کھڑے ہونے کا حکم دیا تاکہ استاد کی عزت افزائی ہو اور "انزلوا الناس منازلھم" پر عمل ہو۔ دوسری طرف مرشد کو حکم دیا کہ لوگوں کے کھڑے ہونے کو پسند نہ کرے تاکہ عجب و تکبر سے بچ سکے۔ پس مرید کھڑے ہونے کو فرض منصبی سمجھے اور مرشد محبت و پیار سے بیٹھنے کی تلقین کرتا رہے تاکہ محبت و عقیدت کا بندھن سلامت رہے۔ کھڑا نہ ہونے کی احادیث تو معروف ہیں ہی سہی یہاں کھڑے ہونے کے بارے میں دو احادیث

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

پیش کی جاتی ہیں۔ امام نسائیؒ اور امام ابوداؤدؒ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ہم سے گفتگو کرتے پھر آپ کھڑے ہوتے تو ہم بھی کھڑے ہو جاتے تھے۔

امام بخاریؒ و امام مسلمؒ روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذؓ تشریف لا رہے تھے جب قریب آگئے تو نبی اکرم ﷺ نے انصار سے کہا "قوموا لسید کم" [اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ] پس صحابہؓ کرام ان کے اکرام کے لئے کھڑے ہو گئے۔ نبی علیہ السلام کے اسی حکم کے پیش نظر مرید اپنے سیدو مرشد کے لئے کھڑے ہوتے ہیں۔

ادب 15:- شیخ کے روبرو اور پس پشت یکساں رہے۔ اپنا ظاہر و باطن ایک طرح پر رکھے یعنی دل اور زبان کے درمیان کسی قسم کا فرق نہ رکھے۔

فائدہ:- جو مرید اپنے شیخ کے روبرو اور پس پشت یکساں نہ رہے اس کی مثال اس مریض کی سی ہے جو طبیب سے اپنا مرض چھپائے۔ یقیناً ایسے مریض کو شفاء نصیب نہیں ہوگی۔ حضرت مرشد عالمؒ فرمایا کرتے تھے کہ مرید اپنا سب کچھ مرشد کے سامنے اس طرح کھول دے جس طرح بیٹی اپنا سب کچھ ماں کے سامنے کھول دیتی ہے۔ شریعت نے جس طرح علاج کی خاطر طبیب کے سامنے ستر کھولنے کی اجازت دی ہے اسی طرح روحانی علاج کی خاطر مرشد کے سامنے اپنا کیا کرایا کھولنے کی اجازت ہی نہیں دی بلکہ اسے ضروری قرار دیا ہے۔ اگر مرید اپنے مرشد سے عیب چھپائے گا تو نقصان بھی خود ہی اٹھائے گا۔ بقول شخصے

"اگر تم اپنا عیب چھپانے کے لئے دروازے بند کر لو گے تو سچائی بھی باہر رہ جائے گی" ایسی صورت میں تو ذکر بھی فائدہ نہیں دیتا۔

رام رام چپدیاں میری جبھیا گھس گئی
رام نہ دل وچ وسیا ایہہ کی دھاڑ پئی
گل وچ مالا کاٹھ دی تے منکے لے پرو
دل وچ گھنڈی پاپ دی رام جپیاں کی ہو

[رام رام کرتے میری زبان گھس گئی مگر رام دل میں نہ بسا یہ کیا مصیبت پڑ گئی گلے میں کاٹھ کی مالا اور منکے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

پرولئے مگر دل میں گرہ پاپ کی ہے تو رام جپنے سے کیا ہو]

ادب 16:۔ مرشد کے تمام اقوال وافعال کو راست جانے اعتراض نہ کرے دل میں شک وشبہ نہ لائے۔ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ کا قصہ یاد کرے۔

فائدہ:۔ مرید اور مرشد کا تعلق شاگرد اور استاد کی بجائے مریض و طبیب کی مانند ہوتا ہے جس طرح مریض کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ طبیب کی کسی بات پر چون وچرا کرے اسی طرح مرید کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ مرشد کی کسی بات پر اعتراض کرے۔

حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ "ارشاد الطالبین" میں لکھتے ہیں۔

"مرشد اگر پرہیز گاری اور استقامت والا ہے تو "احیاناً" اس سے کوئی خلاف شرع بات سرزد ہونے پر بھی اعتراض نہیں کرنا چاہئے بلکہ تاویل کرنی چاہئے، اور کسی مجبوری، حالت استغراق یا اپنے واقف نہ ہونے پر محمول کرنا چاہئے اگر کوئی ایسا شخص ہے جس میں شیخ کامل کے اوصاف نہیں ہیں اور اس کی عادت اور طریقہ ہی فاسقانہ ہے تو ایسا شخص ہرگز ولی نہیں ہے ایسے شخص کے کاموں اور باتوں کی تاویل ہرگز جائز نہیں۔"

حضرت شبلیؒ کے مرشد حضرت عبداللہ اندلسیؒ حافظ القرآن والحدیث تھے۔ لاکھوں سالکین ان سے وابستہ تھے۔ اور سینکڑوں خانقاہیں ان کے دم قدم سے آباد تھیں۔ ایک مرتبہ جماعت کے ہمراہ عیسائیوں کی بستی سے گزرتے ہوئے کسی لڑکی پر نظر پڑی تو باطنی نعمت چھن گئی۔ شیخ نے سالکین کو واپس رخصت کیا اور لڑکی کے والد سے نکاح کا مطالبہ کیا۔ اس نے کہا کہ آپ ناواقف ہیں ایک صورت ہے کہ آپ سال دو سال یہاں رہ کر ہمارے سور چرائیں تو بات آگے بڑھے گی۔ شیخ تیار ہوگئے صبح سویرے سوروں کا ریوڑ چرانے نکلتے اور رات گئے واپس لوٹتے۔ پورا ایک سال اسی طرح گزر گیا۔ حضرت شبلیؒ کے دل میں شیخ کی سچی محبت جاگزیں تھی وہ جانتے تھے کہ شیخ کامل ہیں مگر کسی آزمائش میں سے گزر رہے ہیں۔ ایک سال بعد حضرت شبلیؒ اپنے شیخ سے ملنے اسی بستی پہنچے، دیکھا کہ شیخ وہی خطبہ جمعہ والا جبہ پہنے وہی عمامہ باندھے وہی عصا ہاتھ میں لئے کھڑے ہیں اور ریوڑ کی نگرانی کر رہے ہیں۔ حضرت شبلیؒ قریب آئے۔ خیریت دریافت کرنے کے بعد پوچھا "حضرت آپ کو قرآن پاک اب بھی یاد ہے" شیخ نے تھوڑی دیر خاموش رہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کر فرمایا بس ایک آیت یاد ہے "ومن یھن اللہ فمالہ من مکرم" [جسے اللہ ذلیل کرے اسے کوئی نہیں عزت دینے والا] پھر پوچھا کہ حضرت احادیث یاد ہیں۔ فرمایا صرف ایک یاد ہے۔ "من بدل دینہ فا قتلوہ" [جو اپنا دین بدلے اسے قتل کرو]

یہ کہنے کے بعد شیخ زار و قطار رونے لگے اور آسمان کی طرف دیکھ کر کہا "یا اللہ! میں آپ سے ایسا گمان تو نہیں رکھتا تھا" حضرت شبلیؒ بھی دھاڑیں مار مار کر روئے کافی دیر کے بعد شبلیؒ واپس وطن چل پڑے۔ راستے میں ایک دریا کے کنارے پہنچے تو کیا دیکھا کہ حضرت عبداللہ اندلسیؒ ترو تازہ مسکراتا چہرہ طبیعت میں بشاشت سامنے ظاہر ہوئے۔ حضرت شبلیؒ کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ پوچھا کہ حضرت! یہ کیا معمہ تھا۔ فرمایا کہ جس وقت میں سالکین کی جماعت کے ہمراہ عیسائیوں کی بستی سے گزر رہا تھا تو میرے دل میں یہ خیال آیا "یہ عیسائی کیسے بیوقوف لوگ ہیں کہ حضرت عیسیٰؑ کو اللہ کا بیٹا بنالیا" فوراً گرفت ہوئی ایک آواز آئی "اگر تم اسلام پر ہو تو یہ تمہارا کمال ہے یا ہمارا کمال ہے" اس کے ساتھ ہی باطنی نعمت چھن گئی اللہ تعالیٰ نے آزمائش میں ڈال دیا۔ (یہ نکتہ قابل غور ہے کہ وہ بات جو عامتہ الناس کے نزدیک کوئی وزن نہیں رکھتی، اس کے کرنے پر بھی مقربین کی پکڑ ہو جاتی ہے) حضرت شبلیؒ اپنے شیخ کے ہمراہ واپس آئے تو خانقاہوں کی رونقیں لوٹ آئیں۔ اس واقعہ میں سالکین کے لئے کئی نصیحتیں ہیں ایک تو یہ کہ کمالات کو کبھی اپنی طرف منسوب نہ کریں دوسرا یہ کہ استقامت والے شیخ سے خلاف شرع بات صادر ہو جائے تو یہ سمجھیں کہ کوئی آزمائش ہے۔ تیسرے یہ کہ اپنی کیفیات حالات و واردات پر فریفتہ نہ ہوں۔ چوتھے یہ کہ اللہ تعالیٰ سے کسی حالت میں بھی مایوس نہ ہوں۔ حضرت شبلیؒ کی اپنے شیخ سے عقیدت و محبت سالکین کے لئے روشنی کا مینار ہے۔

ادب 17:۔ شیخ کی سختی اور ڈانٹ ڈپٹ سے دل تنگ نہ ہو اور بدگمانی کو راہ میں نہ آنے دے کیونکہ شیخ کی سختی طالب کے لئے صیقل کا کام کرتی ہے۔

فائدہ:۔ جس طرح ایک مالی کسی پودے کے فاضل حصوں کو کاٹتا ہے تو پودے کی نشوونما بھی اچھی ہوتی ہے اور وہ دیکھنے میں بھی دیدہ زیب نظر آتا ہے یا جس طرح ایک طبیب کسی مریض کے زخم پر کبھی نشتر لگاتا ہے کبھی اس میں سے گندا مواد نکالتا ہے اور کبھی اس پر مرہم لگاتا ہے حتیٰ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کہ مریض شفایاب ہوجاتا ہے۔ اسی طرح مرشد کامل مرید کی تربیت کے لئے کبھی شفقت و محبت سے پیش آتا ہے اور کبھی ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہے تاکہ مرید میں اخلاق حمیدہ پیدا ہوجائیں۔ مرشد کی ڈانٹ ڈپٹ مرید کی باطنی بیماریوں کے لئے تریاق کا کام دیتی ہے۔ مرشد چونکہ اخلاص کے ساتھ تربیت کی خاطر روک ٹوک کرتے ہیں لہٰذا مریدین اس زجر و توبیخ کو بھی نمکین غلاف میں پوشیدہ شکرپارے سمجھتے ہیں اور پہلے سے زیادہ محبت کرنے لگتے ہیں۔ حضرت مرشد عالمؒ فرمایا کرتے تھے "پیر کو چپ شاہ نہیں ہونا چاہئے" اگر مرشد اپنے مریدین کی کوتاہیوں پر خاموش رہے گا' نہ موقع پر سمجھائے گا نہ ہی تنہائی میں تو مریدین کی اصلاح کیسے ہوگی۔ مریدین کی غلطیوں اور کوتاہیوں کو دیکھ کر اصلاح کی کوششیں نہ کرنا سراسر مداہنت ہے۔ اس سے پیری مریدی تو چمک جاتی ہے مگر مریدین کی تربیت نہیں ہوتی۔ حضرت مرشد عالمؒ فرمایا کرتے تھے "حلوہ' پیر اور مولوی کے لئے سیمنٹ کا کام کرتا ہے" یعنی حلوہ کھالینے سے منہ بند ہوجاتا ہے۔ امراء کو تو بالخصوص استغناء کی چھری سے ذبح کرنا چاہئے۔ حضرت مرشد عالمؒ یہ فرمایا کرتے تھے "جب تک "دب" نہ ہو ادب نہیں ہوتا" یہ بھی فرمایا کرتے تھے۔ "مرشد اگر بلاوجہ کسی چوراہے پر کھڑا کرکے مرید کو جوتے مارے تو بھی مرید کو چاہئے کہ وہ جوتا اٹھا کر دے۔" مرشد کی بلاوجہ ڈانٹ میں بھی حکمت ہوتی ہے۔ ممکن ہے یہ دیکھنا چاہتے ہوں کہ مرید کا نفس بھڑکتا ہے یا نہیں؟ مرشد اگر مرید کی کسی بھی پر اسے ڈانٹتا ہے تو اس احساس کے ساتھ کہ جیسے کسی حسینہ نے چہرے پر سیاہی لگا لی ہے ابھی سیاہی دھوئے گی تو چاند سا چہرہ نکل آئے گا۔ مزید برآں ڈانٹ ڈپٹ اور روک ٹوک کا مقصد اصلاح احوال ہوتی ہے۔ کوئی دل میں غبار رکھنا نہیں ہوتا۔ اگر کوئی مرشد مریدین کی غلطیوں' کوتاہیوں پر دل میں غبار رکھنے لگے تو پھر اس کے دل میں غبار کے سوا کچھ نہیں رہے گا۔ مرشد کا غصہ عارضی ہوتا ہے اگر مرید اپنی اصلاح کرلے تو غصہ شفقت و محبت میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ مرشد جب کسی مرید کو ڈانٹتا ہے تو نہ اپنے آپ کو افضل سمجھتا ہے اور نہ ہی مرید کو گھٹیا سمجھتا ہے مرید کو ڈانٹتے وقت مرشد کی کیفیت اس جلاد کی سی ہوتی ہے جسے بادشاہ حکم دے کہ شہزادے کی فلاں غلطی کی وجہ سے شہزادے کو کوڑے لگاؤ۔ جلاد تعمیل حکم کی وجہ سے شہزادے کو کوڑے بھی لگائے گا مگر دل میں شہزادے کی حقارت کی بجائے محبت ہوگی۔ پس مرشد ڈانٹ بھی رہا ہوتا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہے دل سے توجہات بھی ڈال رہا ہوتا ہے اور نیم شب کی تنہائیوں میں مرید کے لئے ہاتھ پھیلا کر دعائیں بھی کر رہا ہوتا ہے۔ احادیث مبارکہ سے بھی ثابت ہے کہ نبی علیہ السلام جب کسی کو تنبیہہ کرتے تھے تو اس کے لئے دعائیں بھی کرتے تھے۔

مرشد اگر کسی مرید پر زیادہ توجہ دے اور کسی پر کم توجہ دے تو مرید دل تنگ نہ ہو بلکہ یوں سمجھے کہ جس طرح کوئی طبیب بعض مریضوں کو انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں رکھتا ہے اور بعض مریضوں کو عام وارڈ میں رکھتا ہے اسی طرح مریدین کو شیخ کی توجہ میں ظاہری تفاوت محسوس ہوتا ہے حقیقتاً دل میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔

ادب 18:- دل میں کوئی شبہ گزرنے کی صورت میں فوراً مناسب طریقے سے عرض کر دے اگر وہ شبہ حل نہ ہو تو اپنی فہم کا قصور سمجھے۔ اگر مرشد کوئی جواب نہ دے تو جان لے کہ میں جواب کے لائق نہ تھا۔

فائدہ:- جو سالکین اپنے مرشد سے محبت و عقیدت کے رشتے کو مضبوط سے مضبوط تر بنا لیتے ہیں اول تو انہیں کوئی غلط فہمی پیدا ہی نہیں ہوتی اگر دل میں کوئی سوال پیدا بھی ہو تو عموماً مرشد کی توجہات کی برکت سے خود ہی جواب بھی دل میں القا ہو جاتا ہے۔ یہ بھی نہ ہو تو اللہ تعالیٰ مرشد کی زبان سے دوران گفتگو اسکا جواب دلوا دیتے ہیں۔ سالکین حیران ہو کر کہتے ہیں۔

اے لقائے تو جواب ہر سوال
با تو مشکل حل شود بے قیل وقال

[اے کہ تیری ملاقات ہر سوال کا جواب ہے اور آپ سے بغیر کہے سنے مشکل حل ہو جاتی ہے]

سالکین طریقت کے لئے مرشد کے کسی قول و فعل پر دل میں شبہ کا پیدا ہونا سب سے بڑا شیطانی دھوکا ہے عموماً مبتدی حضرات محبت و عقیدت اور رابطہ شیخ میں کمی کی وجہ سے اسکا شکار ہو جاتے ہیں ایک اصولی بات سمجھ لینی چاہئے کہ جب بیعت سے پہلے مرشد میں وہ تمام شرائط نشانیاں اور صفات دیکھ لی گئیں جو ایک شیخ کامل میں ہونی چاہئیں تو پھر بیعت کے بعد شیطان کو کوئی بھی غلط فہمی پیدا کرنے کا موقع نہیں دینا چاہئے۔ ہر بات میں اپنے آپ کو عقل کل سمجھتے ہوئے مرشد کو ناقدانہ نظر سے دیکھتے اور پرکھتے رہنا فیض سے محرومی کا سبب ہوتا ہے۔ ابو جہل

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ساری عمر نبی علیہ السلام کو محمد بن عبداللہ کی نظر سے دیکھتا رہا کاش کہ ایک مرتبہ محمد رسول اللہ کی نظر سے دیکھ لیتا تو بیڑا پار ہو جاتا۔ بدگمانی اور شک کی نظر اس ہستی پر ڈالنا جو اللہ تعالیٰ سے واصل ہونے کا ذریعہ ہے کتنا بڑا ستم ہے حق بات یہی ہے کہ ذہن اپنا بیمار ہوتا ہے کوتاہی شیخ میں نظر آتی ہے مرشد کی حیثیت تو آئینے کی مانند ہوتی ہے حدیث پاک "المؤمن مرأۃ لمؤمن" [مومن، مومن کا آئینہ ہے] کے مطابق مرید کو اپنی ہی خامیوں کا عکس نظر آتا ہے۔ لہٰذا شبہ پیدا ہونے کی صورت میں فوراً مناسب طریقے سے مرشد کو آگاہ کر دینا چاہئے۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کی خدمت میں ایک ہندو پنڈت حاضر ہوا۔ کہنے لگا کہ مجھے کئی سالوں سے کشف القلوب نصیب ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ کا دل بالکل سیاہ ہے۔ حضرتؒ نے پوچھا کہ تمہیں یہ چیز کیسے ملی؟ کہنے لگا کہ ہر کام نفس کے خلاف کرنے سے۔ حضرتؒ نے باتوں باتوں میں کہا کہ مسلمان کیوں نہیں ہو جاتے؟ کہنے لگا کہ جی نہیں چاہتا۔ حضرتؒ نے فرمایا کہ یہ کام بھی تو نفس کے خلاف کرو ناں۔ ہندو پنڈت اسی وقت توبہ تائب ہو کر مسلمان ہوا۔ حضرتؒ نے فرمایا اب میرے قلب پر نظر ڈالو۔ کہنے لگا کہ حضرتؒ اب تو نور ہی نور نظر آ رہا ہے۔ فرمایا کہ پہلے تمہیں اپنے قلب کا عکس میرے اندر نظر آیا تھا۔

رہا علمی مسائل کا پوچھنا اور اشکالات کا حل کرنا تو ایسی باتیں مناسب طریقے اور مناسب موقع پر ضرور پوچھنی چاہئیں۔ "فاسئلوا اھل الذکران کنتم لا تعلمون" [اہل ذکر سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے] کا یہی مقصود ہے۔ البتہ ہر وقت لم اور لا کے چکر میں پڑے رہنا عقلمندی نہیں۔

اچھا ہے دل کے پاس رہے پاسبان عقل
لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے

ادب 19:- مباحثے اور جھگڑے وغیرہ کی صورت نہ بنائے۔ مرشد کے کلام کو رد نہ کرے اگرچہ حق مرید ہی کی جانب ہو بلکہ یہ اعتقاد رکھے کہ شیخ کی خطا میرے صواب سے بہتر ہے۔

فائدہ:- یہ ادب منتہی حضرات کے احوال سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے۔ علمی معاملات میں اگر موقعہ آجائے کہ مرشد سے اختلاف رائے ہو تو بھی ادب کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہئے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حضرت شاہ عبدالعزیزؒ نے سید احمد شہیدؒ کو تصور شیخ کا حکم دیا تو سید صاحبؒ نے نہایت ادب سے معذرت کی۔ شاہ عبدالعزیزؒ نے یہ شعر پڑھا

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نبود ز رسم و راہ منزلہا

[مربی کامل کے کہنے پر اپنے مصلّٰی کو شراب سے رنگین کرلو کیونکہ راہ حق پر چلنے والا منزل کے طور طریقوں سے بے خبر نہیں ہوتا]

سید صاحبؒ نے عرض کیا کہ حضرت! میں آپ کے حکم سے شراب پی لوں گا پھر توبہ کروں گا مگر میرے نزدیک تصور شیخ شرک ہے۔ میں یہ نہیں کرسکتا۔ حضرت شاہ صاحبؒ نے اٹھ کر سید صاحبؒ کو سینے سے لگالیا اور فرمایا "الحمد للہ تم پر توحید غالب ہے۔ اب ہم تمہیں اور راستے سے لے چلیں گے۔"

مرید اختلاف رائے کی صورت میں مباحثے اور جھگڑے کی صورت نہ بنائے اگرچہ حق مرید ہی کی جانب ہو، غزوہ بدر میں نبی علیہ السلام کی رائے تھی کہ قیدیوں کو بعض شرائط پر رہا کردیا جائے جبکہ حضرت عمرؓ کی رائے تھی کہ ان قیدیوں کی گردنیں اڑا دی جائیں۔ جب وحی اتری تو حضرت عمرؓ کی رائے وحی کے مطابق تھی۔

شرع شریف کا حکم ہے کہ مجتہد کا اجتہاد صحیح ہو تو اسے دو ثواب ملتے ہیں اور اگر غلط ہو تو بھی اسے ایک ثواب ضرور ملتا ہے۔ شیخ کی خطا بھی خطائے اجتہادی کا حکم رکھتی ہے۔ لہٰذا سالک کو یہی گمان رکھنا چاہئے کہ شیخ کی خطا میرے صواب سے بہتر ہے ایک مرتبہ نبی علیہ السلام نے سہواً چار رکعت نماز پڑھتے ہوئے دو پر سلام پھیر دیا۔ نبی رحمت ﷺ کا یہ سہو امت کے لئے رحمت بن گیا اور سجدہ سہو کے مسائل واضح ہوگئے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ فرمایا کرتے تھے کہ نبی علیہ السلام کو اس سہو پر وہ اجر ملا کہ ابوبکرؓ کی پوری زندگی کی نیکیاں بھی اس کے برابر نہیں ہو سکتیں۔ چنانچہ آپ کا مشہور قول ہے۔ "یلیتنی کنت سهو محمد" [اے کاش میں محمد ﷺ کا سہو ہوتا]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ادب 20:- شیخ کے روبرو بیہودہ باتیں نہ کرے اور نہ ہی کسی کے عیوب بیان کرے۔

فائدہ:- عیب جوئی دوسروں پر تنقید اور تبصرہ ان لوگوں کی عادت ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ کے قرب سے محروم ہوتے ہیں ورنہ دوست کو کب فرصت ہوتی ہے کہ وہ اپنے دوست کی یاد چھوڑ کر لایعنی باتوں میں وقت ضائع کرے۔ حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ فرمایا کرتے تھے کہ شیخ سعدیؒ نے تصوف کو دو شعروں میں سمجھا دیا۔

مرا پیر دانائے مرشد شہاب
دو اندرز فرمود بر روئے آب
یکے آنکہ برخویش خود بیں مباش
دوم آنکہ درکس تو بدبیں مباش

[میرے شیخ مرشد کامل شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے مجھے دو نصیحتیں دریا کے کنارہ کھڑے ہو کر فرمائیں۔
(1) اپنی نیکیوں پر نگاہ مت رکھو۔ (2) دوسرے کی غلطیوں میں نگاہ مت ڈالو اور درگذر کرو]

گویا تصوف کا نچوڑ دو لفظوں میں یوں پیش کیا جاسکتا ہے کہ سالک اپنے پہ "خود بیں" نہ ہو اور دوسرے پر "بدبیں" نہ ہو۔ یعنی اپنی اچھائیوں پر نظر نہ جمائے رکھے اور دوسروں کی برائیوں پر نظر نہ لگائے رکھے۔

ادب 21 :- مرشد کے قرابت داروں اور عزیزوں سے محبت ومودت رکھے۔ اس کے دوستوں محبوبوں اور نیز پیر بھائیوں اور طالبوں کی رعایت کرے اس کی بدگوئی اور اس کے مخالفوں سے دور رہے تاکہ استقامت حاصل ہو۔

فائدہ:- مرشد سے محبت کی پہچان یہی ہے کہ مرید اپنے مرشد کے قرابت داروں اور عزیزوں سے محبت ومودت رکھے۔ یہی تعلیم کتاب وسنت سے ملتی ہے قرآن مجید میں نبی علیہ السلام کا قول نقل کیا گیا:

"یقوم لا اسئلکم علیہ اجراً الا المودۃ فی القربی" (الشوریٰ: آیت 23)

[اے میری قوم میں تم سے اس تبلیغ پر کوئی اجر نہیں مانگتا۔ سوائے اپنے قرابت داروں سے محبت کے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

طبرانی شریف کی روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

"ادبوا اولادکم علی ثلاث خصال۔ حب نبیکم وحب آل بیته وتلاوة القرآن" [اپنی اولاد کو تین چیزوں کی تعلیم دو۔ پیغمبر کریم ؐ کی محبت آپ کے اہل بیت کی محبت اور تلاوۃ قرآن]

ادب 22:- اپنے احوال باطنی (اچھے ہوں یا برے) مرشد کے سامنے عرض کرے کیونکہ مرشد طبیب روحانی ہے اطلاع کے بعد اصلاح کرے گا۔ مرشد کے کشف پر اعتماد کرکے سکوت نہ کرے۔

فائدہ:- جس طرح کوئی مریض اپنے حالات سے طبیب جسمانی کو باخبر رکھتا ہے اگر نہ رکھے گا تو موت کے منہ میں چلا جائے گا' اسی طرح سالک کو چاہئے کہ اپنے مرشد یعنی طبیب روحانی کو کیفیات و واردات سے مطلع کرتا رہے ورنہ دل مردہ ہوجائے گا۔ اس معاملے میں افراط و تفریط سے بچنا لازمی ہے۔ افراط یہ کہ سالک اپنی کیفیات شیخ کے علاوہ ہر کہ ومہ کے سامنے بتاتا پھرے۔ حالانکہ واردات وکیفیات تو عرائس باطنی ہوتی ہیں بھلا کوئی شخص غیر کو اپنی دلہن دکھاتا ہے۔ تفریط یہ ہے کہ اپنے حالات شیخ کے سامنے بھی نہ کہے اور یہ سوچتا رہے کہ مرشد صاحب کشف ہیں انہیں خود ہی پتہ چل جائے گا۔ اعتدال کی راہ یہی ہے کہ اپنے حالات سے مرشد کو مطلع کرتا رہے۔ صوفیہ کا قول ہے کہ سالک اگر اطلاع اور اتباع کو اپنا دستور بنالے گا تو اس کی ترقی میں کوئی چیز رکاوٹ نہیں بن سکتی۔

ادب 23:- خواب میں جو کچھ دیکھے وہ مرشد کی خدمت میں عرض کرے اگر اس کی تعبیر ذہن میں آئے تو وہ بھی بیان کرے۔

فائدہ:- بعض سالکین لطیف الطبع ہوتے ہیں انہیں بہت خواب نظر آتے ہیں اور بعض کثیف الطبع ہوتے ہیں انہیں کم خواب نظر آتے ہیں۔ زیادہ خواب نظر آنا فضیلت کی بات نہیں اور کم خواب نظر آنا بھی گراوٹ کی دلیل نہیں۔ خواب تین طرح کے ہوتے ہیں۔

1)--- حدیث نفس' سالک جو کچھ دن میں کرتا سوچتا ہے یا اس کے لاشعور میں ہوتا ہے وہی کچھ خواب میں نظر آجاتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

2)۔۔۔ اضغاثِ احلام۔ اوٹ پٹانگ خیالات خواب کی شکل میں نظر آتے ہیں۔
3)۔۔۔ رؤیاء صالحہ۔ سچے خواب جنہیں نبوت کا چھتیسواں حصہ کہا گیا ہے۔

ان تینوں قسم کے خوابوں میں پہچان کرنا ایک مشکل امر ہے۔ باطنی بصیرت رکھنے والا ہی یہ معمہ حل کر سکتا ہے۔ سالک کو چاہئے کہ جو کچھ خواب میں دیکھے وہ اپنے شیخ کی خدمت میں بے کم و کاست عرض کر دے۔ مرشد اگر تعبیر بتا دے تو فبہا اگر خاموش رہیں تو سمجھ لے کہ تعبیر بتانا میرے لئے بہتر نہیں تھا۔ یا پھر یہ خواب قابل تعبیر نہ تھا۔ تعبیر الرؤیاء کے سلسلہ میں چند باتیں بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔

1)۔۔۔ کئی خواب جس طرح نظر آئیں ان کی تعبیر من و عن اسی طرح ہوتی ہے۔
2)۔۔۔ کئی خوابوں کی تعبیر الٹ ہوتی ہے۔ مثلاً کسی کو دیکھا کہ مر گیا مگر حقیقت میں لمبی زندگی پائی۔
3)۔۔۔ کئی خوابوں کی تعبیر تمثیل پر منحصر ہوتی ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے موٹی گائے دیکھی تو تعبیر رزق کی فراوانی والا سال، پتلی گائے کی تعبیر قحط زدہ سال۔
4)۔۔۔ ایک ہی خواب دو مختلف آدمی دیکھیں تو دونوں کے لئے تعبیر مختلف ہوگی۔ نیک آدمی نے خواب دیکھا کہ اذان دے رہا ہوں تو "و اذن فی الناس بالحج" کے تحت عزت ملی۔ کسی فاسق شخص نے دیکھا کہ اذان دے رہا ہوں۔ تو "ثم اذن مؤذن" کے تحت چوری کرتے پکڑا گیا، ذلت ملی۔
5)۔۔۔ ایک ہی خواب مختلف موسموں میں دیکھیں تو تعبیر مختلف۔ سردیوں میں آگ دیکھیں تو فائدہ پہنچے، گرمیوں میں آگ دیکھیں تو نقصان ہو۔
6)۔۔۔ کئی مرتبہ خواب ظاہر میں اوٹ پٹانگ مگر رویاء صالحہ میں سے ہوتا ہے۔ زبیدہ خاتون نے اپنے آپ کو برہنہ دیکھا پھر انسانوں، جانوروں اور پرندوں کو دیکھا کہ اس سے زنا کر رہے ہیں۔ پریشان ہو کہ اٹھ بیٹھی، ڈر گئی کہ کہیں رسوا نہ ہو جاؤں۔ مگر تعبیر یہ تھی کہ اس نے نہر بنوائی جس سے انسانوں، جانوروں، پرندوں اور چرندوں نے پانی پیا۔ زبیدہ خاتون کے لئے صدقہ جاریہ بنا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ اپنی ماں سے زنا کر رہا ہوں۔ بہت پریشان ہوا۔ مگر ماں سے مراد زمین اور زنا سے مراد اس سے فائدہ لینا۔ چنانچہ اسے اپنی کھیتی سے بہت زیادہ فائدہ ہوا۔

سالکین کو ایک اصول ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ بالفرض سچا خواب بھی نظر آئے تو جب تک پورا نہ ہو کیا فائدہ۔ مثلاً خواب میں دیکھا کہ بادشاہ بن گیا ہوں تو کیا فائدہ جب تک حقیقت میں نہ بنے۔ حضرت یوسفؑ نے سورج، چاند، ستاروں کو سجدہ کرتے دیکھا مگر کنویں میں گرنا پڑا۔ مصر میں بکنا پڑا۔ عزیز مصر کے گھر کی چاکری کرنی پڑی۔ آزمائش میں سے گزرنا پڑا، نو سال جیل کاٹنی پڑی پھر بادشاہت ملی اور خواب پورا ہوا۔ جب سچے خوابوں کا بھی یہ حال ہے تو پھر اوٹ پٹانگ خوابوں پر فریفتہ کیا ہونا۔ بعض سالکین تو ہر وقت خواب ہی سناتے پھرتے ہیں یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ خوابوں کی دنیا کے شہزادے ہیں۔

در حقیقت شیطان خوابوں کے ذریعے بڑے بڑوں کو گرا دیتا ہے۔ خود پسندی اور عجب پیدا کر کے فتنے میں مبتلا کر دیتا ہے۔ مرشد ہی کی ذات ہے جو ان شیطانی ہتھکنڈوں سے خبردار کرتی ہے تاکہ ایمان بچ جائے۔ حضرت جنید بغدادیؒ کا ایک مرید روزانہ خواب میں جنت کی سیر کرتا تھا۔ صبح اٹھ کر لوگوں میں تذکرے کرتا حتیٰ کہ اس کے قصے زبان زد عام ہوگئے ایک سال اسی حالت میں گزر گیا۔ ایک مرتبہ حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ شیخ نے دیکھا کہ خود پسندی اور خود فریبی کے جال میں پھنس چکا ہے فرمایا "اب جنت نظر آئے تو "لاحول و لا قوۃ" پڑھنا" مرید سمجھا کہ شیخ مجھ سے حسد کرنے لگے ہیں۔ اگلی رات خواب میں جنت کی سیر کرنے لگا تو خیال آیا کہ شیخ نے کہا تھا (درحقیقت یہ شیخ کی توجہ اور برکت تھی) کہ لاحول پڑھنا۔ جب پڑھا تو سب نقشے ختم چند ہڈیاں پڑی دیکھیں۔ تب احساس ہوا کہ شیطان تو میرے ایمان پر ڈاکہ ڈالنا چاہتا تھا۔

بعض سالکین کو خواب میں بزرگ نظر آتے ہیں سالک سمجھتا ہے کہ مجھے باطنی فائدہ ہو رہا ہے۔ حقیقتاً شیطان اس کا رابطہ شیخ سے کاٹنا چاہتا ہے۔ بعض سالکین کو دیکھا کہ خواب ایک سے بڑھ کر ایک عجیب و غریب دیکھتے ہیں مگر پابندی شریعت میں سست ہوتے چلے جاتے ہیں۔ یہ فتنہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

میں پڑنے کی واضح علامات ہیں۔

حدیث پاک میں ہے "من رأنی فی المنام فقد رأنی فان الشیطان لا یتمثل بی" (بخاری کتاب الایمان)

[جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے واقعی مجھ کو دیکھا کیونکہ شیطان میری شکل ہرگز نہیں بنا سکتا]

اس حدیث پاک کے تحت حضرت مجدد الف ثانیؒ اپنے مکتوبات میں لکھتے ہیں کہ شیطان نبی اکرم ﷺ کی اس صورت مبارک میں جس میں آپ ﷺ مدینہ میں پردہ فرما ہیں ظاہر نہیں ہوسکتا۔ اس کے علاوہ ہر ایک صورت میں آکر دھوکہ دے سکتا ہے چاہے وہ اہل اللہ کی صورت ہو یا آباؤ اجداد کی۔ لہٰذا جو سالکین خوابوں پر اپنی روحانیت کی بنیاد رکھتے ہیں وہ بڑے خطرے میں ہوتے ہیں بعض خانقاہوں کے تو سجادہ نشین حضرات بات شروع کرتے ہیں خواب سے اور ختم کرتے ہیں تو خواب پر۔

؏ جو شاخ نازک پہ آشیانہ بنے گا ناپائیدار ہوگا

ایک روایت میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نماز میں سورۃ النجم کی تلاوت کرتے ہوئے جب اس جگہ پہنچے "افرء یتم اللٰت والعزٰی و مناۃ الثالثۃ الاخریٰ"

[بھلا تم نے لات عزیٰ اور تیسرے منات کے حال میں غور بھی کیا ہے] (النجم: آیت 20)

تو صحابہؓ کو ایسے محسوس ہوا کہ جیسے آپ نے اس سے آگے یہ کہا کہ ان کی بھی عبادت کرو اور اللہ کی بھی۔ صحابہ کرامؓ بہت حیران ہوئے۔ نماز سے فراغت پر عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ نئی آیتیں اتری ہیں جو آپ ﷺ نے پڑھی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں نے تو نہیں پڑھیں چنانچہ جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے اور آیات اتریں۔ "القی الشیطان فی امنیتہ" (الحج: آیت 52)

[شیطان نے اپنی گفتگو (وقف کے دوران) حضورؐ کی قرات سے ملا دی تھی]

پھر پتہ چلا کہ شیطان نے اپنی آواز نبی علیہ السلام کی مبارک آواز کی مانند بنا کر یہ عبارت پڑھی تاکہ صحابہ کرامؓ کو دھوکہ دے سکے۔ یہاں سوچنے کی بات یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

موجودگی میں پھر حالت نماز کی یکسوئی میں صحابہ کرامؓ جیسے پاکیزہ حضرات کو دھوکہ دینے سے شیطان باز نہیں آیا تو پھر ہم کس کھیت کی گاجر مولی ہیں کہ بلند و بانگ دعوئ کریں۔ آج کا سالک اتنی کمزور روحانیت، مشکوۃ نبوت سے اتنا بُعد، فتنے والا دور پھر نیند کی حالت میں تو شیطان کے لئے بہکانا کونسا مشکل کام ہے۔ سالک کو یوں سوچنا چاہئے کہ ہمیں تو شیطان جیتے جاگتے بقائمی ہوش وحواس بہکا دیتا ہے تو خواب کی حالت میں بہکانا کونسا مشکل کام ہے۔ پس خوابوں پر اعتماد ہرگز ہرگز نہ کرے جو کچھ دیکھے اپنے مرشد کی خدمت میں عرض کر دے اور دعائیں کرتا رہے۔

"اللھم انی اعوذبک من ھمزات الشیاطین واعوذبک رب ان یحضرون" [یا اللہ میں آپ کی پناہ پکڑتا ہوں۔ شیطان مردود کی چوکیوں سے اور اس بات سے کہ وہ شیطان میرے اعمال میں حاضر ہو کر دخل دیں]

ادب 24:۔ جو ورد وظیفہ مرشد تعلیم کرے اسی کو اپنا معمول بنائے اس کے علاوہ تمام وظیفے چھوڑ دے خواہ اپنی طرف سے شروع کئے ہوں یا کسی دوسرے نے بتائے ہوں۔ البتہ اعمال مسنونہ مستثنٰی ہیں۔

فائدہ:۔ یہ بات عامتہ الناس میں بھی مشہور ہے کہ مریض کو ایک وقت میں ایک طبیب کی دوا استعمال کرنی چاہئے اسی طرح سالک کو فقط اپنے ہی شیخ کے بتائے ہوئے معمولات پر عمل کرنا چاہئے۔ اس کی اصل "و حرمنا علیہ المراضع" ہے۔ اپنی مرضی سے یا کسی اور کے کہنے پر مزید وظائف کو اپنائے گا تو نقصان اٹھائے گا۔ مبتدی کے لئے وظائف دوا کی مانند اور منتہی کے لئے غذا کی مانند ہوتے ہیں۔ وظائف میں ثواب کی نیت کرنا برا نہیں ہے "و فی ذالک فلیتنافس المتنافسون" [اور حرص کرنیوالوں کو ایسی چیز کی حرص کرنا چاہیے] اس کی دلیل ہے۔ سالک کو چاہئے کہ اپنے عمل کو اتنا کامل بھی نہ سمجھے کہ ناز پیدا ہو اور اتنا ناقص بھی نہ سمجھے کہ مایوسی ہو۔ "یدعون ربھم خوفا و طمعا" (السجدہ: آیت 16) [ایمان والے اپنے رب کی عبادت خوف اور امید کے درمیان کرتے ہیں] میں یہی راز پوشیدہ ہے۔

اوراد وظائف صبح وشام کرنے کی قرآنی دلیل "یسبح لہ فیھا بالغدو والاصال" ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ادب 25 :- شیخ کے پاس بیٹھ کو وظیفہ وغیرہ میں مشغول نہ ہو اگر کچھ پڑھنا لازمی ہو تو اس کی نظر سے پوشیدہ بیٹھ کر پڑھے۔

فائدہ :- مرشد کی موجودگی میں سالک کو رابطہ قلبی میں جو فائدہ ملتا ہے وہ ذکر و وظائف سے نہیں ملتا۔ مرشد کی مثال سورج کی مانند اور مرید کی مثال پھل پھول کی مانند ہوتی ہے۔ جس طرح سورج کی حرارت سے پھلوں کا ذائقہ بہتر ہوجاتا ہے یا پھولوں کی رنگت میں خوشنمائی آتی چلی جاتی ہے۔ اسی طرح مرشد کی توجہات سے سالک کے دل میں نورانیت آتی رہتی ہے۔ اگر مرید کوئی وظائف کرنا چاہے تو شیخ کی نظر سے پوشیدہ بیٹھ کر کرے۔

ادب 26 :- جو کچھ فیض باطنی اسے پہنچے اسے مرشد کا طفیل سمجھے اگرچہ خواب یا مراقبہ میں دیکھے کہ کسی دوسرے بزرگ سے فیض پہنچ رہا ہے تو یہ خیال کرے کہ میرے مرشد کا کوئی لطیفہ اس بزرگ کی صورت میں ظاہر ہوا ہے۔

فائدہ :- جس طرح ایک بلب تار سے جڑا ہوا ہوتا ہے اسے جو بھی بجلی پہنچتی ہے اسی تار کے ذریعے سے پہنچتی ہے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ بجلی تربیلا ڈیم سے آرہی ہے یا منگلا ڈیم سے، بجلی جس پاور اسٹیشن سے بھی آئے گی اسی تار سے ہو کر بلب کو ملے گی۔ اسی طرح مرید کو جو بھی باطنی فیض پہنچتا ہے وہ شیخ کے قلب سے ہو کر پہنچتا ہے اگرچہ وہ فیض پیچھے کسی بھی بزرگ کی طرف سے آرہا ہو۔ اسی لئے کوئی مرید ظاہر میں کسی دوسرے بزرگ سے فیض ملتا دیکھے تو بھی یہی گمان کرے کہ میرے شیخ کا کوئی لطیفہ اس شکل میں ظاہر ہو کر مجھے فیض پہنچا رہا ہے۔ مرید کی توجہ کا قبلہ ہمیشہ ایک ہی ہونا چاہئے اس کو کہتے ہیں۔

ع یک گیر محکم بگیر

[ایک ہی شیخ بنالو اور ان کو ہی مضبوط پکڑو]

حضرت خواجہ محمد سعید قریشیؒ ایک مرتبہ سرہند شریف حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار اقدس پر حاضر ہوئے۔ آپ کے خلفاء میں سے حضرت سید زوار حسین شاہؒ، حضرت مولانا محمد سعید گوہانویؒ اور مریدین میں سے بھی چند حضرات رفیق سفر تھے۔ مزار مبارک پر کافی دیر مراقبہ کرنے کے بعد حضرت مجدد الف ثانیؒ سے ہمکلامی نصیب ہوئی مختلف امور پر گفتگو کے بعد

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حضرت مجددؒ نے فرمائش کی کہ اپنے خلفاء (سید زوار حسین شاہؒ اور مولانا محمد سعید گوہانویؒ وغیرہم) کو کچھ دن یہیں میرے پاس چھوڑ جائیں۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے اپنے خلفاء سے فرمایا کہ اب میں تو آگے سفر کے لئے روانہ ہو رہا ہوں۔ آپ حضرات فیصلہ کرلیں کہ کیا کرنا ہے۔ مولانا محمد سعید گوہانویؒ نے پوچھا "حضرت آپ کا حکم ہے کہ ہم یہاں ٹھہریں یا ہماری مرضی پر ہے کہ یہاں ٹھہریں یا ساتھ سفر پہ جائیں" حضرت نے فرمایا "آپ حضرات کی مرضی پر ہے میں نے تو حضرت مجدد الف ثانیؒ کا پیغام پہنچا دیا ہے" مولانا گوہانویؒ نے کہا "حضرت! ہم آپ کے ساتھ جائیں گے ہمارے مجدد تو آپ ہیں۔"

سبحان اللہ۔ مرشد کے ساتھ وابستگی ہو تو ایسی۔ دعوت دی جا رہی ہے حضرت مجددؒ کی طرف سے جو اپنے سلسلہ کے سرخیل بزرگ ہیں' پیغام پہنچا رہے ہیں اپنے پیرو مرشد' تو اس سب کے باوجود یہ کہنا کتنا عجیب ہے کہ حضرت! ہمارے مجدد تو آپ ہیں۔ اسی لئے ان حضرات کو ایسی ایسی کیفیات ملتی تھیں کہ آج کا سالک ان کی گرد راہ کو بھی نہیں پہنچ پاتا۔ "الا ما شاء اللہ"

حضرت خواجہ ابو سعید خرازؒ کے خاندان میں آباؤ اجداد سے ایک خرقہ چلا آرہا تھا مشہور تھا کہ خاندان کے مشائخ نے اپنی توجہات کو اس میں شامل کیا ہوا ہے۔ کئی مرتبہ اس خرقہ کی برکات ظہور میں آئیں۔ حضرت خواجہ صاحبؒ کو ان کے پیرومرشد نے جب اجازت وخلافت دی تو انہوں نے بھی ایک خرقہ عطا فرمایا۔ یہ دونوں خرقے حضرتؒ کے استعمال میں رہے۔ جب آپ پر مرض الموت کا غلبہ ہوا۔ تو آپ نے ایک خادم سے کہا کہ خرقہ لاکر میرے اوپر ڈال دو تاکہ میں اس کے فیوضات سے مستفیض ہوں۔ خادم نے پوچھا' حضرت! کونسا خرقہ؟ حضرتؒ نے فرمایا کہ مجھے اپنے آباؤ اجداد کے خرقے کا بہت احترام ہے لیکن اس وقت میرے پیرو مرشد کا عطا کردہ خرقہ لاؤ۔ میں آخری وقت میں اپنے پیرو مرشد کے انوارات میں مستغرق ہو کر مرنا چاہتا ہوں۔

ادب 27 :۔ مرشد کا کلام دوسروں کے سامنے اس قدر بیان کرے جس قدر لوگ سمجھ سکیں جس بات کے بارے میں یہ گمان ہو کہ عام لوگوں کی سمجھ سے بالا ہے تو اسے ہرگز بیان نہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کرے۔ کیونکہ بعض باتیں صرف خواص کے لئے ہوتی ہیں۔

فائدہ :۔ سالک کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ مرشد کی صحبت میں سنی ہوئی معرفت کی باتیں ہر خاص و عام کو سناتا پھرے۔ کچھ باتیں سمجھنے کے لئے استعداد کی ضرورت ہوتی ہے اگر استعداد نہ ہو تو ایسی باتیں فائدے کی بجائے نقصان دیتی ہیں۔ حدیث پاک میں آیا ہے "کلموا الناس علی قدر عقولھم" [لوگوں سے انکی عقلوں کے مطابق بات کرو]

ادب 28 :۔ اگر کوئی مرتبہ یا منصب عنایت ہو تو اللہ تعالٰی کی رضا کے لئے قبول کرے، دل میں کوئی دنیوی خیال نہ آئے۔

فائدہ :۔ اگر مرشد کوئی منصب یا مرتبہ عطا کریں تو نعمت غیر مترقبہ سمجھتے ہوئے جان و دل سے قبول کرے۔ اور اللہ تعالٰی کا شکریہ ادا کرے۔ اللہ تعالٰی کے ہاں قابلیت نہیں قبولیت شرط ہے۔ وہ چاہے تو خاک سے افلاک تک پہنچائے۔ کس کی مجال ہے کہے "اھٰؤلاء من اللہ علیھم من بیننا" حضرت فضیل بن عیاضؒ کو رہزنوں کے گروہ سے چنا، ولیوں کا سردار بنا دیا۔ خالدؓ کو بت پرستی سے نکالا اور سیف اللہ کا تاج پہنا دیا۔ وہ اگر مہربانی کی نظر ڈالے تو سب عیب ہنر ہیں۔ مٹھی بھر خاک قدموں کے نیچے آنے والی سے کہا "انی جاعل فی الارض خلیفۃ" لطف الٰہی کا جھونکا چلتا ہے تو مردود کو مقبول بنتے اور خاک کو کیمیا بنتے دیر نہیں لگتی۔ وہ چاہتا ہے تو کتے کو ولیوں کی صف میں بٹھا کر قرآن میں اس کے تذکرے کر دیتا ہے۔ اور "کلبھم باسط" کے الفاظ کہہ کر مرتبہ بڑھا دیتا ہے کبھی میخانہ رحمت جوش میں آتا ہے تو مطلوب خود طالب کو کھینچتا ہے پھر محروم رہنے کا کیا سوال۔ پھر تو مٹی بھی سونا بن جاتی ہے رہی بات یہ کہ سالک سوچے میں اس قابل نہیں قابل تو مرتے وقت تک نہیں ہوں گے۔ جس نے سوچا میں اب اس قابل ہو گیا ہوں یہی اس کی ناقابلیت کی دلیل ہے۔

ادب 29 :۔ اپنے شیخ کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے شیخ کی طرف بغرض بیعت رجوع نہ کرے تاکہ سعادت مندی کی دولت سے مالا مال ہو۔

فائدہ :۔ سالک کو اپنے مرشد کے علاوہ دوسرے مشائخ سے استفادہ کرنے کی درج ذیل صورتیں پیش آسکتی ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

1)۔۔۔ بیعت کا تعلق ایک شیخ سے تھا مگر روز گار یا تعلیم کے سلسلہ میں کسی دوسرے ملک جانا پڑا۔ وہاں کا ماحول انتہائی خراب، شیخ سے رابطہ مشکل مگر اپنے ہی سلسلہ کے کسی مقامی بزرگ کی صحبت میسر ہے تو ایسی صورت میں اپنے مرشد کی اجازت سے اس مقامی بزرگ کو پیر بنالے۔ پہلے والے شیخ پیر طریقت ہوں گے۔ دوسرے پیر تعلیم، ایک وقت میں دو شیوخ سے تعلق کتب میں منقول ہے۔

2)۔۔۔ مرشد سے بیعت کا تعلق تو بہت عرصے رہا مگر فائدہ نہیں ہوا تو ان کا ادب و احترام دل میں رکھتے ہوئے ان کی اجازت سے کسی دوسری جگہ بیعت کرلے، مقصود تو اصلاح ہے۔

3)۔۔۔ اپنے شیخ کے اکابرین میں سے کوئی بزرگ بقید حیات ہوں اور دل ان سے بیعت برکت کیلئے آمادہ ہو۔ تو شیخ کی اجازت سے بیعت برکت کرسکتا ہے۔ حضرت خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ نے حضرت مرشد عالمؒ کو اسباق طے کروائے۔ اور مزید توجہات کے لئے اپنے پیر خانے مسکین پور شریف بھیجا۔ حضرت سید فضل علی قریشیؒ نے کئی دن توجہات دیں پھر اجازت وخلافت دی اور بیعت کیا یہ بیعت ثانی اپنے پیرو مرشد کی رضا و خوشنودی سے ہوئی۔

ادب 30 :۔ جب مرشد اس دارفانی سے رحلت فرماجائے۔ تو اسکے لئے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کرے تاکہ تعلق روحانی باقی رہے۔

فائدہ :۔ سالک کا انگ انگ اسی ہستی کے احسانات میں ڈوبا ہوتا ہے جو وصول الی اللہ کا ذریعہ بنے۔ اگر وہ وفات پا جائے تو ایصال ثواب کو یوں سمجھیں جیسے روزانہ تحفہ بھیج رہے ہوں۔ قرآن مجید پڑھ کر، نوافل پڑھ کر، صدقہ وخیرات کرکے، ذکر و مراقبہ کرکے درودپاک واستغفار کرکے تسبیحات پڑھ کر، نفلی روزہ رکھ کے، مساجد و مدارس بنوا کر اپنے مرشد کو ثواب پہنچایا جاسکتا ہے۔ علامہ شامیؒ نے لکھا ہے کہ فرض اور واجب کے علاوہ ہر نفل عبادت کا ثواب پہنچایا جاسکتا ہے۔ علماء نے لکھا ہے کہ جو شخص کسی کی طرف سے حج کرے تو یہ ان کے لئے حج کا بدل ہوسکتا ہے ان کی روح کو آسمان میں خوشخبری دی جاتی ہے اور یہ کسی کی طرف سے حج کرنے والا شخص اللہ کے نزدیک تابع فرمان شمار ہوتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 7

خانقاہوں کا قیام

انسان کی ظاہری آنکھ کی بینائی کو بصارت کہتے ہیں اور باطنی آنکھ کی بینائی کو بصیرت کہتے ہیں۔ خواہشات نفسانی کی پیروی کرنے سے انسان کی بصیرت چھن جاتی ہے اور دل اندھا ہو جاتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"فانها لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور"

[بیشک آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ سینوں میں دل اندھے ہو جاتے ہیں]

امام نسفیؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

"ای فماعمیت ابصارهم عن الابصار بل قلوبهم عن الاعتبار، ولکل انسان اربع اعین۔ عینان فی الرءس وعینان فی القلب۔ فاذا ابصر مافی القلب وعمی مافی الراس لم یضره۔ وان ابصر مافی الراس وعمی مافی القلب لم ینفعه"

(تفسیر نسفی جلد دوم صفحہ 1079 آیت 46)

[پس ان کی آنکھیں دیکھنے سے اندھی نہیں ہوئیں بلکہ دل عبرت حاصل کرنے سے اندھے ہوئے اور ہر انسان کی چار آنکھیں ہیں۔ دو سر میں اور دو دل میں۔ جب دل کی آنکھیں بینا ہوں تو سر کی آنکھوں کا اندھا پن نقصان دہ نہیں اور اگر سر کی آنکھیں بینا ہوں اور دل کی اندھی ہوں تو یہ نقصان دہ ہے]

سچ ہے کہ دل اندھا ہو تو چمکدار آنکھیں کچھ فائدہ نہیں دیتیں۔ بقول شخصے

؎ دل بینا بھی کر خدا سے طلب   آنکھ کا نور دل کا نور نہیں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ذکر اللہ ایسا تریاق ہے جو اندھے دلوں کو بینا بلکہ مردہ دلوں کو زندہ کر دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"اعلموا ان اللہ یحی الارض بعد موتھا قد بینا لکم الایات لعلکم تعقلون" (سورۃ الحدید: آیت نمبر17)

[جان لو کہ بیشک اللہ تعالیٰ زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے خشک ہونے کے بعد، تحقیق ہم نے بیان کر دی ہیں تمہارے لئے نشانیاں تاکہ تم سمجھو]

اس آیت کی تفسیر میں امام نسفیؒ لکھتے ہیں۔

"قیل ھذا تمثیل لاثر الذکر فی القلوب وانہ یحییھا کما یحی الغیث الارض" (تفسیر نسفی جلد3 صفحہ 1761)

[کہا گیا ہے کہ اس آیت میں ایک تمثیل بیان کی جا رہی ہے کہ ذکر کا دل پر اثر ہوتا ہے اور ذکر سے دل اسی طرح زندہ ہو جاتے ہیں جس طرح بارش کے پانی سے زمین زندہ ہو جاتی ہے]

وہ جگہیں جہاں خوابیدہ دلوں کو جگانے کے لئے یعنی اندھے دلوں کو بینا کرنے کے لئے اور مردہ دلوں کو زندہ کرنے کے لئے ذکر اللہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔ خانقاہیں کہلاتی ہیں، کتاب و سنت سے ان خانقاہوں کے قیام کے دلائل بیان کئے جاتے ہیں۔

قرآن مجید سے دلائل

دلیل نمبر1:-ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"فی بیوت اذن اللہ ان ترفع ویذکر فیھا اسمہ یسبح لہ فیھا بالغدو والاصال رجال لا تلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ"

(سورۃ نور آیت37)

✪ ــــ اس آیت کا ربط ماقبل آیت سے بیان کرتے ہوئے حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ لکھتے ہیں۔

"اب آگے یہ بتلاتے ہیں کہ وہ اہل ہدایت کون لوگ ہیں اور نور ہدایت یعنی کہ وہ روشنی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کہاں ملتی ہے؟ سو بتلاتے ہیں کہ روشنی مسجدوں اور خانقاہوں میں ملتی ہے جہاں صبح و شام اللہ کا ذکر ہوتا ہے" (معارف القرآن جلد 5۔ صفحہ 132)

✪ —— چند سطور کے بعد لکھتے ہیں۔

"ویذکر فیھا اسمہ" [ان گھروں میں اللہ تعالٰی کا نام لیا جائے] اس میں تسبیح و تہلیل اور تلاوت قرآن پاک اور دیگر اذکار سب داخل ہیں۔ ان گھروں سے مسجدیں اور خانقاہیں مراد ہیں" (معارف القرآن جلد 5 صفحہ 132)

دلیل نمبر2 :- ارشاد باری تعالٰی ہے۔

"للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ لا یستطیعون ضربا فی الارض" (سورۃ بقرہ: آیت 273)

مفسرین اس آیت کی وضاحت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"الذین احصروا فی سبیل اللہ" ھوالذین احصرھم الجھاد فمنعھم من التصرف، لایستطیعون، لاشتغالھم بہ، ضربا فی الارض، للکسب وقیل ھم اصحاب الصفۃ" (تفسیر نسفی جلد اول صفحہ 190)

✪ —— شیخ عبدالحق محدث دہلوی ؒ لکھتے ہیں کہ:

"احصروا فی سبیل اللہ" جیساکہ آنحضرت ؐ سے تعلیم پانے اور شب و روز یاد الٰہی میں بہت سے صحابی گھربار چھوڑ کر حضور ؐ کی خدمت میں حاضر رہتے، جن کے فیض نے آنحضرت ؐ کے بعد تمام عالم کو منور کیا۔ (تفسیر حقانی جلد دوم صفحہ 18)

✪ —— حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی ؒ لکھتے ہیں کہ:

"احصروا فی سبیل اللہ" جو خدا کی راہ میں مقید اور پابند ہیں یعنی دین کی خدمت اور علوم ظاہری اور باطنی کے حاصل کرنے میں مشغول ہیں۔ قرآن کریم حفظ کرتے ہیں اور علم دین سیکھتے ہیں اور ظاہری اور باطنی دشمنوں کے جہاد میں لگے ہوئے ہیں۔ ظاہری دشمن سے کفار مراد ہیں اور باطنی دشمن سے نفس امارہ مراد ہے۔ جس طرح کافروں کی گردن کشی کیلئے جہاد و قتال بزرگ ترین عبادت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہے اسی طرح نفس کشی کیلئے مجاہدات اور ریاضات بھی عظیم ترین عبادت ہے۔ حدیث میں ہے "المجاھد من جاھد نفسہ" (معارف القرآن جلد اول صفحہ 412)

✪ —— حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ لکھتے ہیں۔

"احصروا فی سبیل اللہ" (ان فقرا کے لئے جن کو راہ خدا میں روک دیا گیا ہے۔ یعنی ظاہری اور باطنی علوم کی تحصیل یا جہاد میں مشغول ہیں)۔ (تفسیر مظہری جلد دوم صفحہ 77)

✪ —— سید امیر علی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

"عرائس میں کہا کہ "قولہ للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ" اس میں ایسے لوگ بھی شامل ہیں جنہوں نے اللہ عزوجل کی مجلس مراقبہ میں اپنے نفسوں کو روک رکھا ہے۔ "لا یستطیعون ضربا فی الارض" یعنی اپنی معاش و حوائج ضروریہ تلاش کرنے کے واسطے اپنی مجالس مراقبہ سے جدا نہیں ہوتے ہیں۔ اس جہت سے کہ ان پر حال کا زور ہے اور ذکر الٰہی ان پر غالب ہے اور اپنے مولیٰ کے مشاہدہ میں مستغرق ہیں اور محبت ان پر شدت سے اور عشق کثرت سے طاری ہے کہ ان کو کمائی میں مشقت کی استطاعت نہیں رہی۔"

(مواہب الرحمٰن جلد اول صفحہ 90)

دلیل نمبر 3 :- ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"واصبر نفسک مع الذین یدعون ربھم بالغدوۃ والعشی یریدون وجھہ ولا تعد عینک عنھم ترید زینۃ الحیوۃ الدنیا ولا تطع من اغفلنا قلبہ عن ذکرنا واتبع ھواہ وکان امرہ فرطا"

(سورۃ کہف: آیت 28)

[آپ اپنے کو ان لوگوں کے ساتھ مقید رکھا کیجئے جو صبح و شام (یعنی علی الدوام) اپنے رب کی عبادت محض اسکی رضا جوئی کیلئے کرتے ہیں اور دنیا کی زندگی کی رونق کے خیال سے آپ کی آنکھیں (یعنی توجہات) ان سے نہ ہٹنے پائیں۔ اور آپ اس شخص کی اطاعت نہ کریں جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہشات کی پیروی کرتا ہے اور اس کا معاملہ حد سے بڑھ چکا ہے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اصحاب صفہ جیسے درویشان اسلام اور اہل خرقہ یعنی گدڑی اور کمبل پوشوں کی مجالست، مدارات اور خاطرداری کا حکم دیتے ہیں یہ درویشان اسلام صبح و شام اللہ کے ذکر اور دعا میں مشغول ہیں اور ہمارے مخلص بندے ہیں اور اصحاب کہف کا نمونہ ہیں۔

✪ ـــــ طبرانی شریف کی روایت ہے۔

"عن عبدالرحمن بن سهل ابن حنيف قال نزلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في بعض ابياته واصبر نفسك مع الذين يدعون ربهم بالغدوة والعشي۔ فخرج يلتمسهم فوجد قوما يذكرون الله فيهم ثائرالراس وجاف الجلد و ذوالثوب الواحد فلما رآهم جلس وقال الحمد الله الذي جعل في امتي من امرني ان اصبر نفسي معهم" (اخرجہ ابن جریر و الطبرانی وابن مردویہ کذافی الدر)

[حضرت عبدالرحمٰن بن سہل سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ دولت کدہ میں تھے کہ آیت "واصبر نفسك" نازل ہوئی۔ حضورؐ اس آیت کے نازل ہونے پر ان لوگوں کی تلاش میں نکلے۔ ایک جماعت کو دیکھا کہ اللہ کے ذکر میں مشغول ہے بعض لوگ ان میں بکھرے ہوئے بالوں والے ہیں اور خشک کھالوں والے اور صرف ایک کپڑے والے ہیں۔ جب حضور ﷺ نے انہیں دیکھا تو انکے پاس بیٹھ گئے اور ارشاد فرمایا کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں، جس نے میری امت میں ایسے لوگ پیدا فرمائے کہ خود مجھے انکے پاس بیٹھنے کا حکم ہے]

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ فرمایا "تم ہی لوگوں کے ساتھ زندگی ہے اور تمہارے ہی ساتھ مرنا ہے یعنی مرنے جینے کے رفیق اور ساتھی تم ہی لوگ ہو۔" ایک حدیث میں ہے کہ حضرت سلمان فارسیؓ وغیرہ حضرات صحابہ کرامؓ کی جماعت ذکر اللہ میں مشغول تھی کہ نبی علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا میں نے دیکھا کہ رحمت الٰہی تم لوگوں پر اتر رہی ہے تو میرا بھی جی چاہا کہ آکر تمہارے ساتھ شرکت کروں۔ ان ہی جیسے احکام سے صوفیہ نے استنباط کیا ہے کہ خانقاہیں قائم کی جائیں جہاں سالکین اسی طرح بیٹھ کر ذکر کر سکیں جس طرح اصحاب صفہ کیا کرتے تھے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"وقف رسول الله صلى الله عليه وسلم على اصحاب الصفة فرأى فقرهم وجهدهم وطيب قلوبهم فقال ابشروا يااصحاب الصفة فمن بقى من امتى على النعت الذى انتم عليه راضيا بمافيه فانه من رفقائى فى الجنة" (کشف المحجوب)

[ایک مرتبہ رسول اکرم ﷺ اصحاب صفہ پر تشریف لائے آپ نے ان کے فقر اور مشقت کو محسوس کیا تو فرمایا اے اہل صفہ خوش ہو جاؤ جو شخص میری امت میں سے تمہاری صفت پر رہنا پسند کرے گا وہ بہشت میں میرا ساتھی ہوگا]

خانقاہوں میں رہ کر اصحاب صفہ کی طرز پر زندگی گزارنے والے "الذين يذكرون الله قياما وقعودا وعلى جنوبهم" پر عمل پیرا ہونے والے اور "واذكر اسم ربك وتبتل اليه تبتيلا" کا مصداق بننے والے ذاکرین کے لئے مبارک باد ہے۔ درحقیقت قلوب کے اجتماع کو اللہ جل جلالہ کی رحمت اور رأفت کے متوجہ کرنے میں خاص دخل ہے اسی وجہ سے جماعت کی نماز مشروع ہوئی اور یہی بڑی وجہ ہے کہ عرفات کے میدان میں سب حجاج بیک حال ایک میدان میں اللہ کی طرف متوجہ کئے جاتے ہیں اسی لئے مشائخ کو حکم دیا گیا کہ وہ ایسے طالبین کے ساتھ بیٹھنے میں کوتاہی نہ کریں۔ حضرت کاندھلوی آیت کریمہ "واصبر نفسك" کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

"عالم شریعت اور شیخ طریقت پر لازم ہے کہ فقراء کی صحبت اور مجالست کو نعمت سمجھے اور اپنی مجلس کو عام رکھے" (معارف القرآن جلد 4۔ صفحہ 412)

پس ثابت ہوا کہ خانقاہوں کے قیام کا مقصد انہی احکام پر عمل پیرا ہونا ہے۔

؎ خوشا مسجد و مدرسہ خانقاہے   کہ در وے بود قیل وقال محمدؐ

احادیث سے دلائل

دلیل نمبر 1:- ایک حدیث پاک میں وارد ہے۔

"عن ابى هريرةؓ وابى سعيدؓ انهما شهدا على رسول الله صلى الله

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

علیہ وسلم انہ قال لا یقعد قوم یذکرون اللہ الا حفتھم الملائکۃ وغشیتھم الرحمۃ ونزلت علیھم السکینۃ وذکرھم اللہ فیمن عندہ" (اخرجہ احمد و مسلم والترمذی)

[حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابو سعیدؓ دونوں حضرات اس کی گواہی دیتے ہیں۔ کہ ہم نے حضور اکرم ﷺ سے سنا ارشاد فرماتے تھے کہ جو جماعت اللہ کے ذکر میں مشغول ہو فرشتے اس جماعت کو سب طرف سے گھیر لیتے ہیں۔ رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور سکینہ ان پر نازل ہوتی ہے اور اللہ جل شانہ ان کا تذکرہ اپنی مجلس میں (تفاخر کے طور پر) فرماتے ہیں]

دلیل نمبر2:- ایک حدیث پاک میں وارد ہے۔

"عن انسؓ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال مامن قوم اجتمعوا یذکرون اللہ لا یریدون بذلک الا وجھہ الا ناداھم مناد من السماء ان قوموا مغفورا لکم قد بدلت سیاتکم حسنات"

(رواہ احمد والطبرانی)

[حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو لوگ اللہ کے ذکر کے لئے مجتمع ہوں اور ان کا مقصود صرف اللہ ہی کی رضا ہو تو آسمان سے ایک فرشتہ ندا کرتا ہے کہ تم لوگ بخش دیئے گئے اور تمہاری برائیاں نیکیوں سے بدل دی گئیں]

خانقاہی ماحول میں رہنے والے لوگوں کے لئے یہ حدیث عظیم خوشخبری ہے۔

دلیل نمبر3:- ایک حدیث پاک میں وارد ہے۔

"عن ابی الدرداءؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیبعثن اللہ اقواما یوم القیمۃ فی وجوھھم النور علی منابر اللولوء یغبطھم الناس لیسوا بانبیاء ولاشھداء فقال اعرابی حلھم لنا نعرفھم قال ھم المتحابون فی اللہ من قبائل شتی وبلاد شتی یجتمعون علی ذکر اللہ یذکرونہ" (اخرجہ الطبرانی باسناد حسن)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[حضرت ابو درداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بعض قوموں کا حشر ایسی طرح فرمائیں گے کہ ان کے چہروں پر نور چمکتا ہوگا۔ وہ موتیوں کے منبروں پر ہوں گے لوگ ان پر رشک کرتے ہوں گے۔ وہ انبیاء اور شہداء نہیں ہوں گے۔ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ ! ان کا حال بیان کر دیجئے کہ ہم ان کو پہچان لیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ وہ لوگ ہوں گے جو (دنیا میں) اللہ کی محبت میں مختلف جگہوں اور خاندانوں سے آکر ایک جگہ جمع ہوگئے ہوں اور اللہ کے ذکر میں مشغول ہوں]

شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریاؒ اس حدیث کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

"آج خانقاہوں کے بیٹھنے والوں پر ہر طرح الزام ہے ہر طرف سے فقرے کسے جاتے ہیں۔ آج انہیں جتنا دل چاہے برا بھلا کہہ لیں، کل جب آنکھ کھلے گی اس وقت حقیقت معلوم ہوگی۔ کہ یہ بوریوں پر بیٹھنے والے کیا کچھ کما کر لے گئے۔ جب وہ ان منبروں اور بالا خانوں پر ہوں گے۔" (فضائل ذکر صفحہ 34)

"فسوف تری اذا انکشف الغبار
افرس تحت رجلک او حمار"

[عنقریب جب غبار ہٹ جائے گا تو معلوم ہوگا کہ آپ گھوڑے پر سوار تھے یا گدھے پر]

عقلی دلیل: ۔ اگر دنیا میں طب جسمانی کی تعلیم نہ ہو اور نہ کوئی اس کی درسگاہ ہو تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ دنیا جسمانی بیماریوں سے پر ہوجائے گی اور کوئی طبیب اور معالج نہیں ملے گا۔ اسی طرح اگر طب روحانی کی کوئی درسگاہ نہ ہو تو دنیا روحانی مریضوں یعنی کفر، الحاد اور معصیت والے لوگوں سے بھر جائے گی۔ خانقاہیں ان ہی روحانی امراض کے شفاخانے ہیں۔ ان شفاخانوں سے دوائے دل ملتی ہے دل کی بیماریوں کا علاج ہی تمام پریشانیوں کا حل ہے۔

بقول شخصے۔

؎ دل مردہ دل نہیں ہے اسے زندہ کر دوبارہ
کہ یہی ہے امتوں کے مرض کہن کا چارہ

رہی یہ بات کہ کوئی شخص کفر و معصیت کو بیماری ہی نہ سمجھتا ہو تو اس سے ہمارا خطاب نہیں۔ ایسے شخص کے لئے دفتروں کے دفتر بیکار ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ان اہل اللہ کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے جنہوں نے آج کے ظلمت و معصیت کے دور میں بھی صحیح خانقاہی نظام کو زندہ رکھا ہوا ہے۔

"اللھم ثبتنا علی طریقتھم وارزقنا من برکتھم و احشرنا فی زمرتھم"

[اے اللہ! ہمیں ان کے طریقہ پر ثابت قدم رکھیں۔ اور ان کی برکات سے ہمیں نوازیں۔ اور ان ہی کے ساتھ ہمارا حشر و نشر فرمائیے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 8

اعتقادات

اعتقادات برائے مریدین

(1)۔۔۔ مسئلہ:۔ اہل اللہ کی شان گھٹانا ان میں نقص نکالنا اور آداب نہ بجالانا حرام ہے۔

فائدہ:۔ جو حضرات تقویٰ وطہارت اور ذکر وعبادت کی بنا پر قرب کی منزلیں طے کرکے مقبولین بارگاہ الٰہی میں شامل ہوجاتے ہیں وہ باخدا حضرات اولیاء اللہ یا اہل اللہ کہلاتے ہیں۔ ان حضرات کو راحت پہنچانا اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا اور ان حضرات کو ایذا پہنچانا اللہ تعالیٰ کو ایذا پہنچانے کے مترادف ہے۔ اہل اللہ کے آداب کی رعایت کرنا اور ان سے عقیدت ومحبت سے پیش آنے کی تین دلیلیں دی جاتی ہیں۔

✪ ۔۔۔ مفسرین نے شعائر اللہ کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ، کلام اللہ، بیت اللہ جہاں شعائر اللہ میں شامل ہیں وہاں کاملین اولیاء اللہ بھی شعائر اللہ ہوتے ہیں بلکہ ان کاملین کے جہاں قدم لگ جاتے ہیں وہ جگہیں بھی شعائر اللہ میں شامل ہوجاتی ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ" (البقرۃ: آیت 157)

[بیشک صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں]

حالانکہ صفا اور مروہ کی پہاڑیاں تو اس وقت سے موجود ہیں جب سے دنیا بنی۔ مگر یہ شعائر اللہ میں تب شمار کی گئیں جب ایک نیک بندی ہاجرہ صابرہ کے قدوم میمنت لزوم ان پر لگے۔ معلوم ہوا کہ کاملین مقبولین کے جہاں قدم پڑ جائیں وہ جگہیں شعائر اللہ بن جاتی ہیں تو خود یہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہستیاں تو بدرجہ اولیٰ شعائر اللہ ہوتی ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"ومن یعظم شعائراللہ فانھا من تقوی القلوب" (الحج: آیت 32)

[اور جو شعائر اللہ کی تعظیم کرے یہ اس کے دل کے تقویٰ کی بنا پر ہے]

لہٰذا اہل اللہ کی تعظیم کرنا اور آداب کی رعایت کرنا حکم الٰہی ہے

✪ —— حدیث پاک میں آتا ہے کہ جو بندہ نوافل کے ذریعے قرب الٰہی حاصل کرلیتا ہے تو ایسی کیفیت ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں۔ "کنت سمعہ الذی یسمع بہ و بصرہ الذی یبصربہ و رجلہ التی یمشی بھا" [میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے۔ اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اسکے پاؤں بن جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے]

جن حضرات کی شان میں اللہ رب العزت یوں ارشاد فرماتے ہوں ان کی عزت کرنا اللہ تعالیٰ کے احکام کی عزت کرنا ہے۔

✪ —— اہل اللہ کی شان میں نقص نکالنا ناپسندیدہ فعل ہے اور ان کو ایذا پہنچانا قبیح عمل ہے۔ حدیث قدسی میں ہے۔

"من عادیٰ لی ولیاً فقد آذنتہ بالحرب"

[جس نے میرے ولی سے دشمنی کی اسکے ساتھ میرا اعلان جنگ ہے]

پس اولیاء اللہ کو ایذا پہنچانا اللہ تعالیٰ سے اعلان جنگ کرنے کے مترادف ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی سے ناراض ہوتے ہیں تو پگڑیاں سر سے اتر جاتی ہیں، دوپٹے اچھل جاتے ہیں، انسان گھر بیٹھے بٹھائے ذلیل وخوار ہو کر کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہتا۔ "اللھم احفظنا منہ"

وہ مُلاّئے خشک و ناہموار جو اہل للہ کو اپنے پر قیاس کرتے ہیں اور جنہیں بدگمانی اور بدزبانی سے فرصت نہیں ان کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ ایسی توحید کہ ادب کا دامن ہاتھ سے چھوٹ جائے یا ایسا ادب کہ توحید کا دامن چھوٹ جائے، افراط و تفریط میں داخل ہے۔ موحد ہونے کے ساتھ ساتھ مودب ہونا ہی کمال کی دلیل ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

(2)—— مسئلہ:- اہل اللہ کی شان حد سے بڑھانا بھی گناہ ہے۔

فائدہ:- بعض لوگ مشائخ کے ادب واحترام میں اتنا غلو کرنا شروع کر دیتے ہیں کہ ان کو تعظیمی سجدہ کرتے ہیں یہ عمل حرام ہے اور شرک میں داخل ہے۔ عیسائیوں اور یہودیوں نے غلبہ محبت میں اپنے پیغمبروں کو اللہ کا بیٹا بنالیا تھا جس کی قباحت و شناعت پر قرآن پاک میں جابجا مہر لگائی گئی ہے۔ بعض لوگ اپنے پیر کو چھوٹا سا خدا بنا لیتے ہیں اور اسے نفع نقصان کا مالک سمجھتے ہیں۔ حدیث پاک میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے فرمایا۔

"یا غلام انی اعلمک کلمات۔ احفظ اللہ یحفظک۔ احفظ اللہ تجدہ تجاھک اذا سئالت فاسئل اللہ واذاستعنت فاستعن باللہ واعلم ان الامۃ لو اجتمعت علی ان ینفعوک بشئی لم ینفعوک الابشئی قدکتبہ اللہ لک وان اجتمعوا علی ان یضروک بشئی لم یضروک الابشئی قد کتبہ اللہ علیک رفعت الاقلام وجفت الصحف"

[اے لڑکے! میں تمہیں چند کلمات سکھاتا ہوں۔ حق تعالیٰ (کے حقوق کا) خیال رکھو، حق تعالیٰ تمہاری حفاظت فرمائیں گے۔ حق تعالیٰ کا دل میں دھیان رکھو پھر ہر وقت حق تعالیٰ کو سامنے پاؤ گے، جب کوئی شے مانگو تو اللہ سے مانگو، جب امداد مانگو تو اللہ تعالیٰ سے، اور جان لو کہ اگر ساری مخلوق تمہیں نفع پہنچانے کے لئے جمع ہو جائے تو وہ صرف اسی چیز کا نفع پہنچا سکتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے لکھ رکھی ہے اور اگر وہ تمہارے نقصان پر مجتمع ہو جائیں تو تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکتے مگر اس قدر جتنا تمہارے لئے لکھا گیا ہے قلم لکھ کر خشک ہوچکا اور دفتر سمیٹ دیئے گئے]

اہل اللہ کی شان حد سے بڑھانے سے متعلق ایک مثال سے وضاحت کرنا مناسب ہے۔

ایک آدمی اپنی بیوی سے کہتا ہے کہ میرے والد صاحب کی خدمت کرو، ان کا خیال رکھا کرو۔ اب وہ بیوی جس قدر والد صاحب کی خدمت کرے گی خاوند خوش ہوگا۔ لیکن بیوی خدمت کرتے کرتے اس سے وہی معاملہ کرنے لگے جو بیوی خاوند سے کرتی ہے تو یہ بات خاوند کو کبھی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

گوارا نہ ہوگی۔ خاوند بیوی کے اس گناہ کو معاف نہیں کرے گا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء کا ادب کرنے کا حکم دیا مگر اسکی حدود وقیود ہیں۔ اگر ایک آدمی ان اولیاء کی شان حد سے بڑھائے گا تو سزا پائے گا۔ اللہ تعالیٰ ناراض ہوں گے۔

(3)۔۔۔ مسئلہ:۔ وہ طریقت جسے شریعت رد کرے' زندقہ اور الحاد ہے۔

فائدہ:۔ شریعت اور طریقت کو جدا جدا سمجھنا جائز نہیں۔ درحقیقت طریقت شریعت کی لونڈی ہے۔ بعض جاہل پیر اپنے برے اعمال پر پردہ ڈالنے کے لئے شریعت اور طریقت کو جدا جدا ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ خود تو گمراہ ہوتے ہی ہیں اپنے متعلقین کو بھی گمراہ کر دیتے ہیں۔ ان میں سے بعض نماز نہیں پڑھتے اور کہتے ہیں "تہاڈی پنج ویلے ساڈی ہر ویلے"

[تمہاری پانچ وقت نماز ہے ہماری ہر وقت نماز ہے]

سید الطائفہ حضرت جنید بغدادیؒ سے کہا گیا کہ بعض جاہل صوفیوں کی جماعت کہتی ہے۔

"نحن وصلنا فلا حاجة لنا الی الصلوة والصیام"

[ہم تو واصل ہوگئے اب ہمیں روزہ نماز کی حاجت نہیں]

حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا:

"صدقوا فی الوصول ولکن الی سقر"

[سچ کہتے ہیں واصل ہوگئے مگر جہنم میں]

(4)۔۔۔ مسئلہ:۔ اولیاء اللہ کو بعض باتیں خلاف عادت کشف اور الہام سے معلوم ہو جاتی ہیں۔

فائدہ:۔ اس کا یہ معنی نہیں ہے کہ اولیاء اللہ کو علم غیب حاصل ہوتا ہے۔ علم غیب فقط اللہ تعالیٰ کو ہے۔ "وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها الا هو" (الانعام: آیت 59)

[اور اس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں ان کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا]

البتہ "انباء الغیب" [غیب کی خبریں] اللہ تعالیٰ جب چاہے' جسے چاہے اپنے انبیاء اور اولیاء کو معلوم کروا دیتے ہیں یہ سمجھنا کہ پیر کو ہر وقت ہر بات کا پتہ ہوتا ہے صریح گمراہی ہے۔ آج جہالت کی انتہا ہو چکی کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے پیر خانے کی بلیاں بھی غیب جانتی ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حالانکہ جن حضرات کو کشف القلوب نصیب ہوتا ہے انہیں بھی ہر وقت ہر بات نہیں کھلتی بلکہ اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے پردے ہٹا دیتا ہے۔ مزید برآں ضروری نہیں کہ کشف ہمیشہ صحیح ہوں ان میں غلطی کا امکان بھی ہوتا ہے۔ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی ؒ ایک مرتبہ اپنے خادم کے ہمراہ کہیں جا رہے تھے کہ اس نے سوال پوچھا "حضرت کشف انبیاء کو بھی ہوتا ہے مگر بالکل ٹھیک، کشف اولیاء کو بھی ہوتا ہے کبھی ٹھیک کبھی غلط۔ ایسا کیوں ہے؟" حضرت ؒ جس طرف چل رہے تھے اسی طرف سامنے ایک مکان کی طرف اشارہ کرکے کہنے لگے کہ وہ مکان ہم سے کتنے قدم کے فاصلے پر ہوگا؟ اس نے کہا پندرہ قدم۔ جب چلے تو فاصلہ کم و بیش نکلا۔ قریب پہنچ کر حضرت ؒ نے "پوچھا اب کتنا فاصلہ ہوگا؟" اس نے کہا حضرت ؒ اب تو صرف چار قدم فاصلہ ہے جواب بالکل ٹھیک تھا۔ حضرت ؒ نے فرمایا "یہی فرق ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو بھی ایک چیز دکھائی جاتی ہے مگر قریب سے۔ اولیاء کو چیز دکھائی جاتی ہے مگر دور سے۔ اس لئے انبیاء کے کشف یقینی ٹھیک ہوتے ہیں۔ جبکہ اولیاء کے کشف ظنی ہوتے ہیں کبھی ٹھیک کبھی غلط۔"

(5)— مسئلہ :- غیر اللہ کی عبادت حرام ہے ان سے مدد طلب کرنا جائز نہیں۔

فائدہ:- غیر اللہ کی عبادت کرنا حرام ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"فاعلم انہ لا الہ الا اللہ" (سورۃ محمد ﷺ : آیت 19)

[جان لو کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے]

اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں کسی کو شریک کرنا شرک کہلاتا ہے جو ناقابل معافی جرم ہے فرمایا گیا "ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذلک لمن یشاء"

(النساء: آیت 48)

[اللہ اس کو معاف نہیں کرے گا جس نے شرک کیا اسکے علاوہ جو چاہے گا معاف کر دے گا]

حضرت حسن بصری ؒ فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے توحید ایک دھوبن سے سیکھی۔ کسی نے پوچھا، حضرت! وہ کیسے؟ فرمایا کہ ایک دن میں چھت پر بیٹھا عبادت میں مشغول تھا کہ ہمسائے میں رہنے والے دھوبی اور دھوبن میں بحث ہو رہی تھی۔ دھوبی دوسری شادی کرنا چاہتا تھا جس کے جواب میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دھوبن کہہ رہی تھی "میں نے تمہاری خاطر اس گھر میں تنگی برداشت کی، سختی برداشت کی، کھانے کو ملا تو کھالیا ورنہ صبر کیا۔ ہر تکلیف میں نے برداشت کرلی اور تمہاری خاطر میں اس سے بھی زیادہ تکالیف برداشت کر سکتی ہوں لیکن اگر میری محبت میں کسی اور کو شریک کرو گے تو یہ میں کبھی برداشت نہیں کروں گی" حضرت حسن بصریؒ فرمانے لگے جب میں نے قرآن میں نظر ڈالی تو یہی آیت سامنے آئی "ان اللہ لا یغفران یشرک بہ"

ایک بزرگ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے توحید ایک عورت سے سیکھی کسی نے پوچھا حضرت وہ کیسے؟ فرمایا "ایک مرتبہ ایک عورت مسئلہ دریافت کرنے آئی اور کہنے لگی کہ مجھے لکھ کر دیں کہ میرا خاوند دوسری شادی نہیں کر سکتا۔ میں نے اسے سمجھایا کہ جب شریعت نے ایک سے زیادہ کی گنجائش رکھی ہے تو میں کیسے لکھ کر دے سکتا ہوں۔ وہ بڑی دیر اصرار کرتی رہی میں انکار کرتا رہا۔ بالآخر اس نے ٹھنڈی سانس لی اور کہا "حضرت! شریعت کا حکم مانع ہے۔ ورنہ میں اگر اپنا چہرہ آپ کے سامنے کھولتی اور آپ میرے حسن و جمال کو دیکھتے تو لکھنے پر مجبور ہو جاتے کہ جس شخص کی بیوی اتنی خوبصورت ہو اسے دوسری بیوی کرنے کی اجازت نہیں۔" یہ کہہ کر وہ عورت تو چلی گئی لیکن مجھے توحید سکھا گئی۔ میں حیران ہوا کہ اگر ایک عورت کو اپنے عارضی حسن پر اتنا ناز ہے کہ وہ اپنے ساتھ کسی دوسری عورت کو برداشت نہیں کر سکتی تو پھر اللہ تعالیٰ جو مالک الملک اور احکم الحاکمین ہیں وہ کیسے پسند کریں گے کہ اس کی ذات و صفات میں کسی اور کو شریک کیا جائے۔

غیر سے مدد مانگنا جائز نہیں اسی لئے دن میں کئی مرتبہ "ایاک نعبدو ایاک نستعین" [تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے ہم مدد چاہتے ہیں] کا اقرار لیا گیا۔

"الیس اللہ بکاف عبدہ" (سورۃ الزمر: آیت 36) [کیا اللہ اپنے بندے کیلئے کافی نہیں]

ایمان والوں کو چاہئے کہ ڈنکے کی چوٹ کہا کریں۔

"حسبنا اللہ و نعم الوکیل نعم المولی و نعم النصیر"

[اللہ ہمیں کافی ہے اور کتنا بہترین کارساز ہے کتنا اچھا مولیٰ اور کتنا اچھا مددگار ہے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

(6)—— مسئلہ :- قبروں کو سجدہ کرنا، ماتھا ٹیکنا یا قبروں کا طواف کرنا شرک ہے۔

فائدہ:- اللہ تعالیٰ نے چرندوں، پرندوں، درندوں وغیرہ جانوروں کی ساخت ایسی بنائی ہے کہ انہیں غذا کھانے کے لئے سر جھکانا پڑتا ہے۔ اس کے برعکس اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات یعنی انسان کی ساخت ایسی بنائی ہے کہ غذا خود بخود اس کے ہاتھوں کے ذریعے منہ تک پہنچتی ہے اسے سر جھکانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ یہ اسلئے کیا کہ جو پیشانی میرے سامنے جھکنے کے لئے بنائی گئی وہ غیر کے سامنے نہ جھکے۔ اس لئے غیر اللہ کو تعظیمی سجدہ کرنا شریعت محمدیہ میں منع کیا گیا۔ قبروں کو سجدہ کرنا، ماتھا ٹیکنا بھی اسی لئے منع ہے۔ بعض لوگ مزاروں کی جالیوں کو چومتے ہیں یہ ناجائز ہے۔ سیدنا عمر بن الخطابؓ ایک مرتبہ طواف کرنے کے بعد حجر اسود! کو چومنے لگے تو فرمایا کہ اے حجر اسود تو ایک پتھر ہے میں تجھے اس لئے بوسہ دے رہا ہوں کہ نبی علیہ السلام نے تجھے بوسہ دیا۔ کسی شاعر نے اس مضمون کو اسطرح بیان کیا۔

ـ ترے بوسے کو ہم دیتے ہیں بوسہ حجر اسود پر
وگرنہ کام کیا تھا ہم مسلمانوں کو پتھر سے

(7)—— مسئلہ :- بزرگوں کے واسطہ سے دعا مانگنا جائز ہے۔

فائدہ:- دعا ان الفاظ سے مانگی چاہئے۔ مثلاً الٰہی! خواجہ غلام حبیبؒ کے طفیل میری فلاں حاجت پوری فرما۔ یوں بھی دعا کی جاسکتی ہے الٰہی! حضرت خواجہ غلام حبیبؒ آپ کے مقبول بندے ہیں مجھے ان سے محبت ہے اس محبت کے صدقے میری فلاں حاجت پوری فرما۔ توسل جائز ہے تعبد جائز نہیں۔ عوام الناس کا یہ حال ہے کہ شرک کو بھی توسل سمجھتے ہیں جبکہ علمائے خشک کا یہ حال کہ توسل کو بھی شرک سمجھتے ہیں حقیقت تو اہل اللہ کی صحبت میں بیٹھ کر ہی سمجھ آتی ہے۔

(8)—— مسئلہ :- زندہ یا فوت شدہ اولیاء سے دعا (مراد) مانگنا جائز نہیں۔

فائدہ:- مرادیں فقط اللہ تعالیٰ ہی سے مانگنی چاہئیں۔ بعض لوگ مزاروں پر جا کر بیٹے مانگتے ہیں اور کہتے ہیں "ساڈی تہاڈے اگے تہاڈی رب اگے" [ہماری تمہارے سامنے اور تمہاری اللہ کے سامنے] بعض جہلاء نے تو گھروں میں اپنے پیر کی تصویر لگائی ہوتی ہے اور صبح سویرے اٹھ کر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اسکے سامنے سلام کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ "بابا جی تہاڈا ای دتا کھاندے آں" [ہم آپ ہی کا دیا کھا رہے ہیں] ایسے جہلاء کے متعلق فرمایا گیا۔ واذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاما (الفرقان: آیت 63)

[اور جب ان سے جاہل مخاطب ہوتے ہیں تو وہ کہتے ہیں سلام سلام]

(9)۔۔۔ مسئلہ:۔ ولی خواہ کتنا ہی بڑھ جائے کسی نبیؑ کے رتبے کو نہیں پہنچ سکتا۔

فائدہ:۔ ولایت کسبی چیز ہے یعنی ریاضت سے حاصل کی جاسکتی ہے جبکہ نبوت وہبی اور عطائی چیز ہے۔ محبوب کی عطا اپنی کمائی سے افضل ہوتی ہے پس نبوت افضل ہے ولایت سے چاہے اس نبیؑ کی اپنی ولایت ہی کیوں نہ ہو۔

(10)۔۔۔ مسئلہ:۔ کوئی ولی شرع کے کاموں سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتا۔ سوائے مجذوب کے کہ اس سے عقل لے لی جاتی ہے۔

فائدہ:۔ ولایت کی منزلوں میں کوئی بھی ایسا مقام نہیں آتا کہ انسان بقائمی ہوش و حواس شرع شریف کے حکموں سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ خود نبی اکرم ﷺ کو حکم دیا جا رہا ہے کہ "واعبد ربک حتی یاتیک الیقین" (الحجر: آیت 99) [آپ رب کی عبادت کیجئے حتیٰ کہ موت آجائے] آج تو ایسا وقت ہے کہ آدھا ننگا آدھا ولی پورا ننگا پورا ولی کہلاتا ہے۔ بعض جاہل پیر تو اپنے مریدوں کو یہ سبق پڑھاتے ہیں کہ ہم بے عمل ہی سہی مگر قیامت کے دن تمہیں بخشوائیں گے اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ پیشاب اگرچہ ناپاک ہوتا ہے مگر آگ کو بجھا دیتا ہے یہ بھول جاتے ہیں کہ جب خود ہی بد عملی کی وجہ سے زنجیروں میں باندھ کر پیش کئے جائیں گے تو اوروں کو کیا بخشوائیں گے۔

ایک مرتبہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ جنگل میں بیٹھے مراقبہ کر رہے تھے کہ ایک روشنی ظاہر ہوئی۔ آواز آئی کہ ہم تمہاری عبادت سے خوش ہیں، ہم نے تمہارے اگلے پچھلے گناہوں کو معاف کردیا، اب تم عمل کرو یا نہ کرو تمہارے لئے برابر ہے۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے دل میں فوراً یہ بات آئی کہ یہ حکم ابوبکرؓ و عمرؓ جیسے حضرات کے لئے نہ اترا میرے لئے کیسے ہوسکتا ہے۔ ہو نہ ہو یہ شیطان ہے چنانچہ آپ نے پڑھا "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" یہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سنتے ہی شیطان بھاگا مگر جاتے جاتے دوسرا وار کر گیا۔ کہنے لگا کہ عبدالقادر جیلانیؒ ! میں نے اس فریب سے کئی لوگوں کو بہکایا مگر تو اپنے علم کی وجہ سے بچ گیا۔ حضرت نے فوراً "لاحول ولاقوة الا بالله" پڑھا اور کہا مردود! میں اپنے علم کی وجہ سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچا ہوں۔ جب اتنے بڑے کامل شیخ بھی شیطان کے وار سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں تو پھر کوئی کیسے دعویٰ کر سکتا ہے کہ مجھ سے شریعت کی پابندی اٹھالی گئی۔ رہی بات مجذوب کی تو وہ مثل دیوانہ کے ہے اس سے تو قلم اٹھالی جاتی ہے مگر عام لوگوں کو شریعت منع کرتی ہے کہ دیوانوں اور مجذوبوں کی اتباع نہ کریں۔ لہٰذا مجذوبوں کے پیچھے لگنے والے حضرات کو سوچنا چاہئے کہ دنیا داری میں کسی پاگل کے پیچھے لگ کر منزل پہ نہیں پہنچ سکتے تو پھر آخرت والے راستے پر مجذوب کے پیچھے لگ کر منزل پہ کیسے پہنچیں گے۔

ع ایں خیال است و محال است وجنوں

(11)—مسئلہ:- انبیاء گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں اولیاء گناہوں سے محفوظ ہوتے ہیں۔

(12)—مسئلہ:- صحابہ کرامؓ امت کے تمام اولیاء سے افضل ہیں۔

فائدہ:- یہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں کی چنی ہوئی جماعت تھی جن کے بارے میں فرمایا گیا۔ "والزمهم كلمة التقوى وكانوا احق بها واهلها" (الفتح: آیت 26) [اور ان کو مضبوط کیا تقویٰ کی بات پر اور وہ اسی کے مستحق اور اسی کے اہل تھے] اسی جماعت کے متعلق فرمایا گیا "رضى الله عنهم ورضوا عنه" (البینہ: آیت 8) [اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے]

✪ — اسی جماعت کی نشانیاں تورات اور انجیل میں تھیں۔ "ذلك مثلهم فى التوراة ومثلهم فى الانجيل" (الفتح: آیت 29) [ان کی نشانیاں تھیں تورات میں اور انجیل میں]

✪ — اسی جماعت کو یہ شرف نصیب تھا کہ جب نبی اکرم ﷺ نماز میں "سمع الله لمن حمده" کہتے تھے۔ تو وہ اس کے جواب میں "ربنا لك الحمد" کہا کرتے تھے۔

✪ — اسی جماعت کے متعلق جب کفار نے "سفهاء" کا لفظ استعمال کیا "قالوا انؤمن

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کما آمن السفھاء" [کہتے ہیں کہ کیا ہم ایمان لے آئیں جیسے یہ بیوقوف ایمان لائے] تو جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا "الا انھم ھم السفھاء" [جان لو کہ یہی خود بے وقوف ہیں]

✪ ــــ اسی جماعت کی تعریف میں اللہ رب العزت نے فرمایا۔ "رجال صدقوا ماعاھدوا اللہ علیہ فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظروما بدلوا تبدیلا" (الاحزاب: آیت 23) [وہ بندے جنہوں نے اللہ سے کیا ہوا عہد سچ کر دکھایا ان میں سے وہ بھی ہیں جو قربانی دے چکے اور وہ بھی ہیں جو قربانی دینے کے لئے منتظر ہیں اور وہ ذرہ برابر نہیں بدلے]

✪ ــــ اسی جماعت کے بارے میں نبی علیہ السلام نے فرمایا۔ "الصحابۃ کلھم عدول" [صحابہ سب کے سب عدل والے ہیں]

✪ ــــ اسی جماعت کے افراد کو خوشخبری ملی کہ "اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم" [میرے صحابہؓ ستاروں کی مانند ہیں ان میں سے جس کی بھی اقتدار کرو گے ہدایت پاؤ گے]

(13)ــــ مسئلہ:۔ مشاجرات صحابہؓ کے بارے میں یہ عقیدہ رہے کہ ہر دو فریق حق پر تھے ان کی خطا دراصل خطائے اجتہادی تھی۔

فائدہ:۔ مشاجرات صحابہؓ کے بارے میں حضرت امام شافعیؒ سے سوال کیا گیا تو فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو ان کے خون سے آلودہ نہیں ہونے دیا تو ہم اپنی زبانوں کو اس معاملے میں کیوں آلودہ کریں۔

بقول جناب عبدالستار نجم صاحب دامت برکاتہم:

صحابہ رضی اللہ عنہم باہم جنگ بھی کریں تو وہ سعید ہیں
ادھر کے بھی شہید ہیں ادھر کے بھی شہید ہیں

✪ ــــ نبی علیہ السلام کا فرمان ہر وقت پیش نظر رہنا چاہیے۔

"اللہ اللہ فی اصحابی لا تتخذوھم من بعدی غرضا فمن احبھم فبحبی احبھم ومن ابغضھم فببغضی ابغضھم"

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[میرے صحابہؓ کے بارہ میں خدا سے ڈرو۔ میرے بعد ان کو نشانہ نہ بنانا۔ جو ان سے محبت کرے گا وہ میری وجہ سے محبت کرے گا۔ اور جو ان سے بغض رکھے گا وہ مجھ سے بغض رکھے گا]

(14)۔۔۔ **مسئلہ:۔** بعض صوفیاء کا مقولہ ہے کہ پیر کا باطن ہر جگہ ہوتا ہے۔

فائدہ:۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ پیر ہر جگہ حاضر ناظر ہوتا ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ مرید جہاں کہیں بھی ہو پیر کی توجہات وہاں بھی اسے پہنچتی ہیں۔

(15)۔۔۔ **مسئلہ:۔** کسی ولی کی کرامات اس کی فضیلت کی دلیل نہیں ہیں۔

فائدہ:۔ کرامت کہتے ہیں خلاف عادت بات پیش آنے کو اور اس کی تین وجوہات ہوتی ہیں۔

1)۔۔۔ بعض اوقات کاملین سے کرامات کا صدور ہوتا ہے تاکہ عوام الناس میں ان کی قبولیت زیادہ ہو۔

2)۔۔۔ بعض اوقات ولی سے کرامات کا صدور کسی کوتاہی کی بنا پر ہوتا ہے تاکہ سرزنش ہو۔ جو اولیاء چھپے ہوتے ہیں وہ کرامات کو اس طرح چھپاتے ہیں جس طرح عوام الناس اپنے عیوب کو چھپاتے ہیں۔

3)۔۔۔ بعض اوقات کرامات ناقصین سے بھی ظاہر ہوتی ہیں اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ہر ولی کو قرب الٰہی کے مدارج طے کرنے کے لئے چار قدم اٹھانے پڑتے ہیں۔ ہر قدم کو سیر کہتے ہیں۔

✪ ۔۔۔ **پہلا قدم:۔** سیر الی اللہ یا عروج بھی کہلاتا ہے۔ اس مقام میں ولی عالم خلق یا عالم اسباب سے عالم امر کی طرف جاتا ہے۔

✪ ۔۔۔ **دوسرا قدم:۔** سیر فی اللہ یا فنا بھی کہلاتا ہے۔ اس مقام میں ولی کو ذات باری تعالیٰ اور اسکی صفات میں سیر نصیب ہوتی ہے۔

✪ ۔۔۔ **تیسرا قدم:۔** سیر من اللہ یا نزول بھی کہلاتا ہے۔ اس مقام میں سالک عالم امر سے عالم اسباب کی طرف واپس ہوتا ہے۔

✪ ۔۔۔ **چوتھا قدم:۔** سیر فی الاشیاء یا بقاء کہلاتا ہے۔ اس میں سالک کے قرب کی تکمیل ہوتی ہے۔ وہ عالم اسباب میں زندگی گزارتا ہے۔ اس کا ظاہر مخلوق کے ساتھ اور باطن اللہ کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ساتھ ہوتا ہے۔

ایک بات ذہن نشین کرنے کے قابل ہے کہ جس سالک کا عروج جتنا کامل ہو گا اس کا نزول بھی اتنا ہی کامل ہو گا اور جب نزول کامل ہو گا تو ظاہری زندگی اسباب کے ماتحت ہوگی حتی کہ ظاہری نظر سے عام آدمی اور اس ولی میں فرق کرنا مشکل ہو گا اس لئے کاملین حضرات عام لوگوں میں زندگی گزارتے ہیں مگر لوگ انہیں پہچان ہی نہیں سکتے۔ انبیاء علیہم السلام کا نزول چونکہ کامل ترین ہوتا ہے اسی لئے ان کی ظاہری زندگی بالکل عام سی نظر آتی ہے۔ لوگ ان کو دیکھ کر کہتے ہیں۔

"مال ھذا الرسول یاکل الطعام و یمشی فی الاسواق" (الفرقان: آیت 7)

[یہ کیسے رسول ہیں کہ کھانا کھاتے ہیں اور بازاروں میں چلتے ہیں]

سید الانبیاء ؐ کی ظاہری زندگی اتنی سادہ تھی کہ بعض اوقات لوگوں کیلئے پہچاننا مشکل ہوتا تھا بلکہ کفار تو یہاں تک کہتے تھے اھذا الذی بعث اللہ رسولا۔ (الفرقان: آیت16)

[کیا یہی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے رسول بنا کر بھیجا ہے]

ہجرت کے وقت مدینہ طیبہ کے لوگ بھی نبی علیہ السلام کو نہ پہچان سکے اور سیدنا صدیق اکبرؓ سے مصافحہ کرنے لگے۔ اسی طرح ایک مرتبہ ایک اعرابی آیا تو نبی علیہ السلام صحابہ کرامؓ کے ساتھ بیٹھے تھے وہ پہچان نہ سکا حتی کہ پوچھنا پڑا کہ تم میں سے اللہ کا نبیؐ کون ہے۔ کاملین چونکہ ظاہری طور پر اسباب میں زندگی گزارتے ہیں لہٰذا "انا عند ظن عبدی بی" [میں بندے کے ساتھ وہ معاملہ کرتا ہوں جیسا کہ وہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے] کے اصول کے تحت ان کے ساتھ اسباب کا معاملہ کیا جاتا ہے۔ پس ان سے کرامات کم صادر ہوتی ہیں۔ صحابہ کرامؓ کی جماعت اللہ تعالیٰ کی چنی ہوئی جماعت تھی مگر چونکہ سب کا عروج بھی کامل تھا۔ نزول بھی کامل تھا۔ لہٰذا ان سے کرامات اتنی کم صادر ہوئی ہیں کہ اولیاء امت کے مقابلے میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ یہ ان کے نقص کی دلیل نہیں بلکہ کمال کی دلیل ہے۔

دوسری یہ بات ذہن نشین کرنے کے قابل ہے کہ جس سالک کا عروج جتنا ناقص ہو گا اس کا نزول بھی اتنا ناقص ہو گا۔ جب نزول ناقص ہو گا تو کئی مرتبہ عالم اسباب سے اوپر ہی معاملہ انکا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

رہے گا۔ جب سالک عالم امر میں ہو گا تو اس کی نظر مافوق الاسباب یعنی اسباب سے اوپر ہی رہے گی۔ چنانچہ "انا عند ظن عبدی بی" [میں بندے کے ساتھ اس کے گمان کے مطابق معاملہ کرتا ہوں] کے اصول کے تحت اس سے ایسے کام سرزد ہوں گے۔ جو اسباب کے خلاف ہوں انہیں کرامات کہتے ہیں یہ نقص کی دلیل ہیں۔ چند مثالیں درج ذیل ہیں تاکہ بات کی وضاحت ہو سکے۔

مثال نمبر1 :۔ حضرت حسن بصریؒ امت کے کامل اولیاء میں سے ہیں علم ظاہری و علم باطنی کے حامل اور اپنے ہم عصروں سے بازی لے جانے والوں میں سے ہیں۔ انہیں سیدنا علیؓ سے خلافت نصیب ہوئی اٹھارہ بدری صحابہؓ کی صحبت نصیب ہوئی۔ ان کا عروج کامل تھا نزول بھی کامل تھا لہٰذا ان کی ظاہری زندگی اسباب کے تحت تھی۔

✪ — حضرت حبیب عجمیؒ حضرت حسن بصریؒ کے مرید ہیں ظاہری علم نہ تھا اور عروج و نزول بھی کامل نہ تھا۔ ان دونوں حضرات کے واقعات غور طلب ہیں۔

✪ — ایک مرتبہ حضرت حسن بصریؒ کو پولیس تلاش کر رہی تھی تاکہ انہیں سرکاری عہدہ پیش کیا جا سکے جسے وہ قبول نہ کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ حضرت حسن بصریؒ بھاگتے بھاگتے حبیب عجمی رحمتہ اللہ علیہ کے حجرے میں آ کر چھپ گئے اور کہا کہ حبیب! کسی کو نہ بتانا کہ میں یہاں چھپا ہوا ہوں۔ اتنے میں پولیس والے آ گئے انہوں نے حبیب عجمیؒ سے پوچھا کہ حسن بصریؒ کو دیکھا ہے؟ فرمایا' ہاں اس حجرے میں چھپے ہوئے ہیں ان کی باتیں حضرت حسن بصریؒ سن رہے تھے ان کے تو پاؤں کے نیچے کی زمین نکل گئی۔ پولیس والے حجرے میں داخل ہوئے مگر حسن بصریؒ کو اللہ تعالیٰ نے ان کی نگاہوں سے اوجھل کر دیا۔ جب ادھر ادھر دیکھ کر پولیس والے چلے گئے تو حضرت حسن بصریؒ باہر نکلے اور فرمایا حبیب عجمی! پولیس والوں کو کیوں بتا دیا تھا کہ میں اندر ہوں۔ عرض کیا حضرت! وہ آپ کو کونسا دیکھ سکے۔ اب ظاہر میں حبیب عجمیؒ کا مرتبہ بلند نظر آتا ہے درحقیقت حسن بصریؒ کی سوچ ماتحت الاسباب تھی اور حبیب عجمیؒ کی سوچ مافوق الاسباب تھی۔

✪ — ایک مرتبہ حضرت حسن بصریؒ گلی میں جا رہے تھے۔ ایک جگہ حبیب عجمیؒ کی پوستین

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

(جیکٹ) پڑی ہوئی دیکھی۔ حیران ہوئے کہ حبیب عجمیؒ پوستین یہاں چھوڑ کر کہاں چلے گئے۔ چنانچہ انتظار میں کھڑے ہو گئے تھوڑی دیر بعد حبیب عجمیؒ واپس آ گئے حسن بصریؒ نے پوچھا حبیب عجمیؒ! یہ پوستین کس کے حوالے کر گئے تھے۔ عرض کیا، حضرت! اس کے حوالے کر گیا تھا جس نے آپ کو یہاں حفاظت پر کھڑا کئے رکھا۔ اس واقعہ سے بھی ثابت ہوا کہ حبیب عجمیؒ کی سوچ مافوق الاسباب تھی جبکہ حضرت حسن بصریؒ کی سوچ ماتحت الاسباب تھی۔

✪ ـــ ایک مرتبہ حبیب عجمیؒ دریا سے پار جانا چاہتے تھے جب کنارے پر پہنچے تو دیکھا کہ حسن بصریؒ بیٹھے ہیں پوچھا حضرت! کیسے بیٹھے ہیں؟ فرمایا، کشتی کے انتظار میں ہوں وہ آئے گی تو دریا پار کروں گا۔ دونوں حضرات باتیں کرنے لگے کافی دیر باتیں کرنے کے بعد حضرت حبیب عجمیؒ عرض کرنے لگے اچھا حضرت! اجازت دیں میں جاتا ہوں۔ یہ کہا اور پانی پر چلتے ہوئے دریا پار کر گئے جب کہ حضرت حسن بصریؒ انتظار میں بیٹھے رہے کشتی آنے پر دریا پار کیا۔

اب تینوں واقعات سے ظاہراً یوں نظر آتا ہے کہ حبیب عجمیؒ بلند مرتبہ کامل بزرگ تھے جبکہ حقیقت اس کے برعکس تھی حسن بصریؒ پیر تھے حبیب عجمیؒ مرید تھے۔ حسن بصریؒ کامل تھے حبیب عجمیؒ ناقص تھے۔ حسن بصریؒ کی زندگی ماتحت الاسباب تھی حبیب عجمیؒ کی زندگی مافوق الاسباب تھی۔ حسن بصریؒ کی زندگی کو نبی اکرم ﷺ کی زندگی سے زیادہ قرب اور مشابہت نصیب تھی جبکہ حبیب عجمیؒ کی زندگی کو کمال مشابہت نصیب نہ تھی۔ پس ثابت ہوا کہ خلاف عادت واقعات (کرامات) کا صادر ہونا کمال کی دلیل نہیں ہوتی۔

<u>مثال نمبر2</u> :۔ایک بزرگ کا بیٹا فوت ہوا۔ انہیں پروا ہی نہ ہوئی۔ کہنے لگے "جس کی امانت تھی اس نے واپس لے لی۔" دوسری طرف نبی علیہ السلام کے بیٹے فوت ہوئے تو نبی علیہ السلام کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور فرما رہے ہیں۔ "**القلب یحزن والعین تدمع وانا بفراقک یا ابراھیم لمحزونون**" [دل غمگین ہے، آنکھ رو رہی ہے اور اے ابراہیم! تیرے فراق میں ہم بہت غمگین ہیں] سیدالانبیاءؐ کی ظاہری زندگی چونکہ ماتحت الاسباب تھی لہٰذا آپ گریہ فرما رہے تھے۔ جبکہ اس ولی کا معاملہ ابھی راہ کے راہی والا تھا لہٰذا ان پر بیٹے کی جدائی کا صدمہ نہ تھا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

مثال نمبر3:۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتے ہیں۔"و اللہ یدعو الی دارالسلام"
(یونس: آیت 45)

[اللہ تعالیٰ تمہیں سلامتی والے گھر کی طرف بلاتا ہے]

فرمان الٰہی کی بنا پر نبی علیہ السلام نے امت کو تعلیم دی کہ اللہ تعالیٰ سے جنت مانگا کریں اور جہنم سے پناہ مانگا کریں۔ "اللھم انا نسئلک الجنۃ و نعوذبک من النار"[اے اللہ! ہم آپ سے جنت چاہتے ہیں جہنم سے پناہ مانگتے ہیں]

فرمان الٰہی اور فرمان نبویؐ تو یہ ہے جبکہ رابعہ بصریہؒ ایک ہاتھ میں آگ لیکر اور دوسرے ہاتھ میں پانی لیکر نکلیں کہ میں جنت کو جلاتی ہوں، جہنم کو بجھاتی ہوں تاکہ لوگ خالص اللہ کے لئے عبادت کریں تاکہ انہیں جنت کی طمع اور جہنم کا خوف نہ ہو۔ ایک طرف فرمان نبویؐ ہے دوسری طرف رابعہ بصریہؒ کا عمل۔ اسی لئے حضرت مجدد الف ثانیؒ اپنے مکتوبات میں فرماتے ہیں۔ کہ رابعہؒ کا نزول پورا نہ ہوا تھا لہٰذا سوچ مافوق الاسباب تھی۔ رابعہؒ بیچاری اگر راز سے واقف ہوتی تو ایک ہاتھ میں پانی اور دوسرے میں آگ لیکر نہ نکلتی۔

ان تین مثالوں سے یہ بات واضح ہوگئی کہ بعض اولیاء جن کا نزول کامل نہیں ہوتا ان سے خلاف عادت واقعات بکثرت ظاہر ہوتے ہیں۔ اس پوری تفصیل کا نتیجہ یہ نکلا کہ کرامات کبھی تو کاملین کو عوام الناس میں قبولیت دینے کے لئے ظاہر کی جاتی ہیں، کبھی عقوبت اور سزا کے طور پر ظاہر ہوتی ہیں اور کبھی ناقص نزول والوں سے ظاہر ہوتی ہیں۔ چونکہ فرق کرنا مشکل ہے اس لئے اصول یہ بنا دیا گیا کہ کسی ولی کی کرامات اس کی فضیلت کی دلیل نہیں ہیں۔

(16)۔۔۔ مسئلہ:۔ استقامت کرامت پر فائق ہے۔

فائدہ:۔ ہر حال میں ہر کام شریعت و سنت کے مطابق کرنا، استقامت کہلاتا ہے۔ استقامت ہی سب سے بڑی کرامت ہے ایک شخص حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت میں کئی سال رہا۔ ایک دن عرض کرنے لگا کہ حضرت! اجازت دیں تو میں کسی اور شیخ کی خدمت میں جاکر رہوں، فرمایا وہ کیوں؟ کہنے لگا کہ میں تو کئی سال آپ کی خدمت میں رہا مگر میں نے ایک بھی کرامت نہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دیکھی۔ حضرت نے فرمایا یہ بتاؤ کہ اتنے سالوں میں ایک عمل بھی سنت کے خلاف دیکھا ہے۔ اس نے کہا "نہیں" فرمایا کہ اس سے بڑی اور کرامت کونسی ہوسکتی ہے۔

حضرت بایزید بسطامیؒ کو ایک باکرامت بزرگ کا پتہ چلا۔ آپ ملنے کے لئے تشریف لے گئے ابھی دور ہی تھے کہ دیکھا اس بزرگ کو تھوکنے کی ضرورت پیش آئی تو انہوں نے قبلہ کی طرف تھوکا۔ حضرت بایزید بسطامیؒ اسی وقت بغیر سلام کئے واپس تشریف لائے اور کہا کہ جو شخص ایک مستحب کی پابندی نہیں کرسکتا۔ وہ اتنا بڑا ولی کیسے بن سکتا ہے چنانچہ ولی کی پہچان یہی ہے کہ ہر حال میں اس کا ہر کام شریعت و سنت کے مطابق ہو۔

(17)— مسئلہ:۔ اولیاء اللہ کی قبور کو عام دستور سے اونچا بنانا اور ان پر چھت ڈالنا منع ہے۔

فائدہ:۔ صحیح حدیث کے مطابق بناء علی القبور جائز نہیں، لہٰذا قبر پر چھت ڈالنا اور عام دستور سے اونچا بنانا منع کیا گیا ہے۔

(18)— مسئلہ:۔ بعض اولیاء سے مرنے کے بعد بھی تصرفات و خوارق ظاہر ہوتے ہیں۔

فائدہ:۔ اہل اللہ جب اس دنیا سے رخصت ہوتے ہیں تو ان کا فیض منقطع نہیں ہوتا بلکہ روحانی سلسلہ ہمیشہ باقی رہتا ہے۔ بعض کاملین سے وفات کے بعد تصرفات و خوارق کا ظاہر ہوجانا بعید نہیں ہے۔

(19)— مسئلہ:۔ اگر خواب میں نبی علیہ السلام کو دیکھا اور کسی خلاف شرع کام کے بارے میں ان کی مرضی معلوم ہوئی تو اس خواب کا اعتبار نہیں۔

فائدہ:۔ نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ شیطان میری صورت کو اختیار نہیں کرسکتا۔ اس کی تفصیل کرتے ہوئے حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے تاہم شیطان وہ صورت اختیار نہیں کرسکتا۔ جس صورت میں آپؐ مدینہ میں آرام فرما ہیں۔ ممکن ہے شیطان خواب میں صورت تو کوئی اور دکھائے مگر دل میں القاء کرے کہ میں نبی علیہ السلام کی زیارت کر رہا ہوں تو کون تصدیق کرے گا کہ واقعی اسی صورت مبارکہ کی زیارت ہوئی یا کسی غیر صورت کی۔ لہٰذا ہمارے لئے حق و باطل میں فرق کرنے کا معیار شریعت و سنت ہے۔ اگر خواب میں کوئی ولی اللہ نظر آئے اور خلاف شریعت کام کا حکم دے تو اس کا بھی کوئی اعتبار نہیں۔ بعض لوگ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

خواب میں اپنے آباؤ اجداد میں سے کسی کو دیکھ لیتے ہیں اور ان سے خلاف شرع کوئی بات کا حکم پاتے ہیں تو خلاف شرع کام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ "استغفراللہ" یہ سراسر جہالت ہے کہ دین متین کو خوابوں سے بھی کم اہمیت دی جائے۔

(20)— مسئلہ:۔ جن افعال کا ظاہری قوتوں سے کرنا منع ہے ان کا باطنی قوتوں سے کرنا بھی منع ہے۔

فائدہ:۔ جس کام کو شریعت میں کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ اس کا ظاہری یا باطنی قوتوں سے کرنا ممنوع ہے مثلاً ایک آدمی کسی پر اپنی باطنی توجہ ڈال کر اسے اپنا تابع بنالے اور پھر اس سے خلاف شرع کام کروائے تو یہ ممنوع ہے یا کسی سے دشمنی ہو اور اس پر باطنی تصرف کر کے اسے پاگل بنا دے تو یہ منع ہے۔

(21)— مسئلہ:۔ ولی سے اتفاقاً کوئی گناہ سرزد ہو جانا' اس کی ولایت اور کرامت میں نقص نہیں ڈالتا بشرطیکہ اصرار نہ ہو۔

فائدہ:۔ اتفاقاً کوئی غلطی ہو جانا بشریت کا تقاضا ہے۔ تاہم کاملین ایسی غلطیوں پر اتنی سچی توبہ کرتے ہیں کہ عام لوگوں کو نیکیوں پر وہ اجر نہیں ملتا جو انہیں اس توبہ پر ملتا ہے۔ اہل اللہ سے غلطی ہو جانا ممکن ہے مگر غلطی پر اصرار نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ فاسقوں کی نشانی ہے۔

(22)— مسئلہ:۔ ولی کا بے عمل بیٹا پیر نہیں بن سکتا۔

فائدہ:۔ جس طرح ڈاکٹر کا بیٹا اس وقت تک ڈاکٹر نہیں بن سکتا جب تک کہ وہ ڈاکٹری کا علم نہ پڑھے۔ اسی طرح ولی کا بیٹا ولی نہیں بن سکتا۔ جب تک کہ وہ تقویٰ و طہارت کی زندگی گزار کر ولایت کے مقامات نہ حاصل کرے۔ جہلاء میں ولایت کا مدار کلاہ اور شجرہ پر ہوتا ہے۔ چنانچہ بد عمل فاسق و فاجر لوگ اپنے باپ دادا کی وجہ سے لاکھوں انسانوں کے روحانی پیشوا بنے پھرتے ہیں حالانکہ وہ تو روحانیت کی "ر" سے بھی واقف نہیں ہوتے' اور یہ لوگ "فخلف من بعدھم خلف اضاعوا الصلوۃ واتبعوا الشھوات" (مریم: آیت 59) [پھر ان کے بعد (بعضے) ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نماز کو برباد کیا اور (نفسانی ناجائز) خواہشات کی پیروی کی۔] کا مصداق ہوتے ہیں۔ ان کا کام تو سالانہ عرس پر چراغاں کروانا یا میلہ ٹھیلہ لگا کر تبرک تقسیم کرنا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہوتا ہے۔ نہ خود شریعت پر چلتے ہیں نہ دوسروں کو کہنے کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔ یہ سراسر گمراہی ہے۔ بقول شخصے

؎ میراث میں آئی ہے انہیں مسندِ ارشاد
زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن

(23)—— مسئلہ:۔ طریقت میں کوئی نئی بات (بدعت) کا پیدا کرنا دین کی بدعت سے کم نہیں۔

فائدہ:۔ طریقت کی بدعت شریعت کی بدعت ہی کی مانند ہے اس بات کو دل میں بٹھا لیا جائے تو جاہل پیروں کی بدعات سے بچنا آسان ہو جائے گا۔

(24)—— مسئلہ:۔ مقربین کو عبادت کا ثواب ابرار سے زیادہ ملتا ہے۔

فائدہ:۔ حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ اگر میرے صحابہؓ میں سے کوئی ایک مدجو اللہ کے راستے میں صدقہ کر دے تو اسے اتنا اجر ملے گا کہ بعد میں آنیوالے اگر احد پہاڑ کے برابر سونا بھی خرچ کر دیں تو وہ اجر نہ پا سکیں۔ ولی قرب کی جتنی منزلیں طے کرتا چلا جائے گا اسکو عبادت کا ثواب زیادہ ملیگا۔ اسی لئے کہا گیا۔ "حسنات الابرار سیئات المقربین" [ابرار کی نیکیاں مقربین کے تو گناہ ہوتے ہیں]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 9

اسباق تصوف

شریعت محمدیہؐ کا حسن و جمال:

سید الاولین والآخرین خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ دنیا کے آخری نبیؐ، امت محمدیہؐ دنیا کی آخری امت اور دین اسلام دنیا کا آخری دین ہے۔ شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کے احکام چونکہ قیامت تک کے لئے اتارے گئے لہٰذا بعض احکام شرعیہ کی اہمیت تو واضح کر دی گئی مگر ان کے ذرائع کو متعین نہیں کیا گیا۔ ذرائع و وسائل کے تعین نہ کرنے میں حکمت یہ تھی کہ دین اسلام قیامت تک کے لئے قابل عمل رہے۔ وگرنہ بدلتے حالات کے بدلتے تقاضوں میں ایک جامد دین نظر آتا اور عیسائیت کی مانند ناقابل عمل قرار دے کر مسجد اور مصلیٰ تک محدود کر دیا جاتا۔ مقاصد کو متعین کرنا اور وسائل کو حالات کے مطابق اپنانے کی گنجائش دینا شریعت محمدیہ کے حسن و جمال کی دلیل ہے۔ چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

مثال نمبر1:۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

واعدوا لهم ما استطعتم من قوة و من رباط الخيل ترهبون به عدو الله وعدو كم (الانفال آیت نمبر60)

[اور تیار کرو ان کی لڑائی کے واسطے جو کچھ جمع کر سکو قوت اور پلے ہوئے گھوڑوں سے کہ اس سے دھاک پڑے اللہ کے دشمنوں پر اور تمہارے دشمنوں پر]

اس آیت کریمہ میں حسب استطاعت قوت جمع کرنے کا حکم دیا گیا اور گھوڑے پالنے کی مثال دے کر سمجھا دیا گیا کہ اس سے مراد اسباب جہاد ہیں۔ مزید تفصیلات کا تعین نہیں کیا گیا البتہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

مقصود کی وضاحت و صراحت کر دی گئی کہ اتنی قوت جمع کرو جس سے تمہارے اور اللہ کے دشمن مرعوب رہیں۔ عقل سلیم اس بات کی تائید کرے گی کہ آج کے زمانے میں فقط گھوڑے پالنے، تلواریں اور نیزے جمع کرنے سے دشمن نہیں ڈرے گا بلکہ ہوائی جہاز، بحری بیڑے، میزائل اور نائٹروجن بم وغیرہ بنانے ہوں گے۔ پس ثابت ہوا کہ مقصد تو متعین کر دیا گیا مگر اسباب و وسائل کے اختیار کرنے میں لچک رکھی گئی تاکہ وقت کے تقاضوں کی رعایت رکھی جا سکے۔

مثال نمبر2:۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون" (الحجر: آیت نمبر9)

[بیشک ہم نے قرآن اتارا ہے اور ہم خود اس کے نگہبان ہیں]

قرآن مجید کی حفاظت و اشاعت کتنا اہم اور مہتم بالشان فریضہ ہے لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس کے متعلق یہ نہیں بتلایا کہ اس کیلئے تم فلاں فلاں طریقے اختیار کرنا۔ حتیٰ کہ عہد صدیقیؓ میں جنگ یمامہ ہوئی اور چار سو حافظ قرآن صحابہؓ شہید ہوگئے تو حضرت عمرؓ کو یہ خیال ہوا کہ قرآن کو سینوں کے علاوہ سفینوں میں بھی محفوظ کرنا چاہیے۔ چنانچہ ایک سرکاری نسخہ تیار کرنے کی تجویز حضرت ابو بکر صدیقؓ کے سامنے پیش کر دی۔ ابتداءً تو صدیق اکبرؓ کو اس تجویز کے ماننے میں تامل ہوا۔ انہوں نے فرمایا کہ جس چیز کو رسول اللہ ﷺ نے نہ تو خود کیا اور نہ ہمیں اسکا حکم دیا اسے ہم کیوں کریں؟ حضرت عمرؓ دلائل کیساتھ اپنی بات پر مصر رہے۔ حتیٰ کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ مطمئن ہوگئے۔ پھر انہوں نے حضرت زید بن ثابت انصاریؓ کی نگرانی میں صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت تشکیل دی جس نے پتھروں پر، چمڑے پر، کپڑے اور درختوں کے پتوں پر لکھی ہوئی آیات کو یکجا کیا۔ قرآن پاک جمع کرنے کا یہ کام عہد صدیقیؓ میں مکمل ہوا۔ حضرت عثمان غنیؓ نے اس سلسلے میں ایک قدم آگے بڑھایا اور اپنی نگرانی میں اس مصحف کی چار نقلیں کرا کر مختلف شہروں میں روانہ کیں۔ ان میں سے ایک تاشقند میں اور دوسری استنبول کے عجائب گھر میں آج بھی محفوظ ہے۔ مزید برآں صحابہ کرامؓ کے زمانے میں فتح، ضمہ، کسرہ، تشدید وغیرہ کو لکھا نہیں جاتا تھا، نہ ہی تا اور یا کے نقطے لگائے جاتے تھے مگر آج کے دور میں ضروری ہیں۔ پس ثابت ہوا کہ حفاظت و اشاعت قرآن کا مقصد متعین کر دیا گیا مگر ذرائع و وسائل کے اختیار

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کرنے میں وقتی تقاضوں کی رعایت رکھی گئی۔ یہ معاملہ علمائے امت کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا۔

مثال نمبر3:۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے۔

"طلب العلم فریضة علی کل مسلم و مسلمة"

[علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے]

حدیث پاک میں علم دین حاصل کرنے کی اہمیت بتلا دی گئی لیکن کیسے حاصل کیا جائے؟ اس کی تفصیل نہیں بتائی گئی۔ حضرات محدثین نے اسماء الرجال کا فن ترتیب دے کر احادیث کو متن و روایت کے ساتھ جمع کیا۔ حضرات صحابہ کرامؓ کو تو صحاح ستہ کے ناموں کا ہی پتہ نہ تھا کیونکہ اس وقت ان کتب کا نام و نشان تک نہ تھا۔ مگر آج ان کتب کے بغیر علم حدیث کا پڑھنا ناممکن ہے۔ آج علمائے کرام نے تحصیل علم کے لئے درس نظامی ترتیب دیا ہے اور وقتی تقاضوں کی رعایت کرتے ہوئے حصول علم کے لئے نصاب تجویز کیا ہے۔ آج کوئی طالب علم قرآن و حدیث پڑھنا چاہے تو اسے صرف و نحو کے فنون پڑھے بغیر چارہ نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ علم حاصل کرنے کی اہمیت بتا دی گئی مگر اسباب و ذرائع کو اختیار کرنے کا بوجھ علمائے امت کے کندھوں پر ڈال دیا گیا۔ ظاہر ہے کہ علمائے امت نے اس فریضہ کو ادا کرنے کا حق ادا کر دیا۔

آمدم بر سر مطلب:۔ مندرجہ بالا مثالوں سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو گئی کہ شریعت مطہرہ نے بعض احکام کی اہمیت تو واضح کر دی مگر ذرائع و وسائل کو متعین نہیں کیا۔ یہی شریعت مصطفویؐ کے کمال کی دلیل ہے۔ اب اس تناظر میں طریقہ ذکر و سلوک کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے۔

"ان فی جسد بنی آدم لمضغة اذا فسدت فسد الجسد کله و اذا صلحت صلح الجسد کله الا و هی القلب"

[بیشک بنی آدم کے جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔ جب وہ خراب ہو جائے تو تمام جسم خراب ہو جاتا ہے اور جب وہ درست ہو جائے تو تمام جسم درست ہو جاتا ہے سن لو وہ ٹکڑا انسان کا دل ہے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

معلوم ہوا کہ انسان کی اصلاح کا دارو مدار اس کے قلب کی اصلاح پر ہے۔ اسی لئے اللہ رب العزت کی نظر انسان کی شکل و صورت اور مال و دولت پر نہیں ہوتی بلکہ اس کے قلب اور اعمال پر ہوتی ہے۔ فرمان نبویؐ ہے۔

"ان اللہ لا ینظر الی صورکم ولا الی اموالکم و لکن ینظر الی قلوبکم و اعمالکم"

[بیشک اللہ تعالیٰ نہیں دیکھتا تمہاری صورتوں کو اور نہ تمہارے مالوں کو لیکن وہ دیکھتا ہے تمہارے دلوں کو اور تمہارے اعمال کو]

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ صفائی قلب یا سلامتی قلب کیسے حاصل ہو تو اس کی بھی نشاندہی فرمادی گئی۔ حدیث پاک میں حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے۔

"لکل شیء صقالۃ و صقالۃ القلوب ذکر اللہ" (رواہ بیہقی)

[ہر چیز کو چمکانے کے لئے ایک پالش ہوتی ہے اور دلوں کی پالش اللہ کا ذکر ہے]

مندرجہ بالا احادیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ قلب سلیم کا حاصل کرنا ہر انسان پر لازم ہے۔ گویا مقصد متعین کر دیا گیا۔ ذرائع و وسائل کی فقط نشاندہی کر دی گئی کہ یہ نعمت عظمیٰ ذکر اللہ سے نصیب ہو سکتی ہے۔ تفصیلات نہیں بتائی گئیں کہ تکبر، حرص، بخل، عجب اور حسد جیسی مہلک قلبی امراض سے چھٹکارا پانے کیلئے کون کون سا ذکر نفع بخش ہے۔

اجمالاً کہہ دیا گیا "ذکر اللہ شفاء القلوب" [اللہ کا ذکر بیمار دلوں کے لئے شفا ہے]

تفصیلات کا بوجھ امت کے اہل ذکر حضرات کے کندھوں پر رکھ دیا گیا تاکہ وہ طالبین کی طبائع اور کیفیات کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے انہیں ذکر کی تعلیم دیں۔ اس لئے مشائخ عظام کسی کو آیت مبارکہ "واذکر اسم ربک" کے تحت لفظ اللہ کے ذکر کا نسخہ تجویز کرتے ہیں تو کسی کو حدیث مبارکہ "اکثروا من قول لا الہ الا اللہ" کی روشنی میں بکثرت کلمہ پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں۔ کسی کو آیت کریمہ "واذکر ربک فی نفسک" کے تحت ذکر قلبی یعنی مراقبہ کرنا سکھاتے ہیں تو کسی کو "دون الجھر من القول" کے مطابق ذکر لسانی کرنا تجویز کرتے ہیں۔ پس ثابت ہوا کہ اہل ذکر کے اعمال و اشغال یعنی اسباق تصوف اہل علم کے درس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

نظامی کی مانند مقاصد کو حاصل کرنے کا ذریعہ و وسیلہ ہیں۔ اس کی تائید میں سلف صالحین کی چند عبارات پیش کی جاتی ہیں۔

سلف صالحین کی عبارات :-

✪ —— حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی" تحریر فرماتے ہیں۔

"مقصد جملہ اشغالات و مطلب و منتہیٰ جملہ مراقبات کا وہ حضور قلب بے کیف ہے جو حق تعالیٰ نے آپ کو نصیب فرمایا ہے۔ نسبت صحابہ کرامؓ یہی حضور تھا۔"

(مکاتیب رشید صفحہ 45)

✪ —— حضرت شاہ اسماعیل شہید" اپنی کتاب "ایضاح الحق الصریح" میں لکھتے ہیں۔

"صوفیہ کے نفع بخش اشغال کی حیثیت دوا و معالجہ کی ہے کہ بوقت ضرورت ان سے کام لے اور بعد میں پھر اپنے کام میں مشغول ہو۔" (ایضاح الحق الصریح ص 78)

✪ —— امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ اپنے مکتوبات میں لکھتے ہیں:

"طریقت و حقیقت کی منزلوں کو طے کرنے کا مقصد تحصیل اخلاص کے سوا کچھ نہیں ہے۔ اخلاص ہی سے مقام رضا حاصل ہوتا ہے۔ کوتاہ اندیش احوال و مواجید کو مقصود اور مشاہدات و تجلیات کو مطلوب جانتے ہیں اور کمالات شریعت سے محروم ہیں۔ بے شبہ مقام اخلاص کا حصول اور مرتبہ رضا تک وصول ان احوال و مواجید کو طے کرنے کے بعد ہی ہوتا ہے اس لئے ان کی حیثیت مقصود حقیقی کے معاون کی ہے۔"

(مکتوبات جلد اول مکتوب سہ و ششم)

یہ حقیقت واضح ہوئی کہ مشائخ کے اعمال و اشغال صفائی قلب حاصل کرنے کا ذریعہ و وسیلہ ہیں۔ اسی لئے وقت اور زمانے کے بدلتے تقاضوں کے پیش نظر مشائخ ان میں تبدیلی بھی کر دیتے ہیں۔

✪ —— حضرت شاہ اسماعیل شہید" لکھتے ہیں:

"ہر وقت اور ہر قرن کے اشغال جدا ہوتے ہیں اس لئے ہر طریق کے محققین تجدید

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اشغال کی کوشش فرماتے رہتے ہیں۔" (صراط مستقیم ص 7)

یہ تو کوئی بھی دعویٰ نہیں کرتا کہ صفائی قلب ان اشغال کے سوا اور کسی طرح سے نصیب نہیں ہو سکتی۔

✪ —— حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں۔

"میرا گمان غالب ہے کہ صحابہ کرامؓ نسبت کو اور طریقوں سے بھی حاصل فرماتے تھے۔ مثلاً نماز اور تسبیحات پر ان کی شرائط کے ساتھ مواظبت، طہارت، یاد موت اور عذابؒ و ثواب کے خیال پر مداومت کہ ان چیزوں سے مادی لذتوں سے بے تعلقی پیدا ہوتی ہے۔"

(القول الجمیل)

اگر کسی کو مروجہ اعمال و اشغال کے علاوہ کسی اور طرح سے صفائی قلب اور "کانک تراہ" کی کیفیت نصیب ہو جائے تو اسے مقصود نصیب ہوگیا۔ وہ مبارکباد کے لائق ہے۔ اگر یہ کیفیت قلب اور حضوری نصیب نہیں ہوئی۔ نماز میں دنیا کے خیالات اپنی طرف مگن کر لیتے ہیں ہٹانے کے باوجود ختم نہیں ہوتے، راستہ چلتے نگاہیں بے اختیار غیر محرم کی طرف اٹھتی ہیں، دل پر شہوانی شیطانی خیالات ہجوم کرتے ہیں، لوگوں کی تعریف سے طبیعت میں بشاشت پیدا ہوتی ہے جبکہ اپنی غلطیوں کو دوسروں سے چھپانے کے لئے غلط بیانی بھی ہو جاتی ہے۔ یہ سب مہلک باطنی امراض کی واضح نشانیاں ہیں۔ ایسے شخص کو مشائخ عظام کے زیر سایہ اپنی قلبی بیماریوں کا علاج کروانا ضروری ہے۔ اس سے مفر ممکن نہیں چونکہ قلب سلیم ہی روز محشر نجات کا سبب بنے گا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ "یوم لا ینفع مال و لا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم" (الشعراء آیت 88، 89)

[جس دن کام نہ آئے گا مال اور نہ بیٹے مگر جو کوئی آیا اللہ کے پاس صاف ستھرا دل لے کر]

اسباق تصوف کا مقصود قلب سلیم اور قلب منیب کا حصول ہے تاکہ سالک کی ظاہری و باطنی حالت، سیرت و اخلاق یعنی اعضاء و جوارح کا استعمال تخلقوا باخلاق اللہ کے عین مطابق ہو جائے۔ چنانچہ امام غزالیؒ اپنی کتاب "المنقذ من الضلال" میں لکھتے ہیں:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"مجھے یقینی طور پر معلوم ہو گیا ہے کہ صوفیاء ہی اللہ کے راستے کے سالک ہیں، ان کی سیرت بہترین، ان کا طریق سب سے زیادہ مستقیم اور ان کے اخلاق سب سے زیادہ تربیت یافتہ اور صحیح ہیں۔ اگر عقلاء کی عقل، علماء کی حکمت اور شریعت کے رمز شناسوں کا علم مل کر بھی ان کی سیرت و اخلاق سے بہتر لانا چاہے تو ممکن نہیں۔ ان کے تمام ظاہری و باطنی حرکات و سکنات مشکوۃ نبوت سے ماخوذ ہیں اور نور نبوت سے بڑھ کر روئے زمین پر کوئی نور نہیں جس سے روشنی حاصل کی جائے۔"

اوراد و وظائف کے دلائل:۔ مشائخ طریقت نے قرآن و حدیث کی روشنی میں چند اوراد و وظائف ترتیب دیئے ہیں جو مبتدی کیلئے دوا اور منتہی کیلئے غذا کی مانند ہیں۔ کسی شیخ کامل کے زیر سایہ ان وظائف کو چند دن پابندی سے کیا جائے تو زندگی میں اسلامی، ایمانی، قرآنی انقلاب پیدا ہو جاتا ہے۔ محبت الٰہی اس طرح انگ انگ میں سما جاتی ہے کہ آنکھ کا دیکھنا، زبان کا بولنا اور پاؤں کا چلنا بدل جاتا ہے۔ سالک یوں محسوس کرتا ہے کہ میرے اوپر منافقت اور دو رنگی کا غلاف چڑھا ہوا تھا جو اتر گیا ہے اور اندر سے ایک سچا اور سُچا انسان نکل آیا ہے۔

جس طرح نبوت نبی علیہ السلام میں پوشیدہ تھی "کنت نبیا و آدم بین الروح والجسد" [میں نبیؐ تھا جبکہ آدم روح اور جسم کے درمیان تھے]

مگر عالم ظاہر میں اظہار کیلئے خلوت و ذکر کی ضرورت پڑی۔ (غار حرا کی زندگی اسکی روشن دلیل ہے) اسی طرح ولایت ولی میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ مگر تقویٰ و طہارت اور پابندی وظائف کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسی راز کو امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا "ہر انسان ولی بالقوۃ ہوتا ہے ولی بالفعل بننے کیلئے اعمال کی ضرورت ہے۔" گویا ہر انسان میں اتنی استعداد رکھ دی گئی ہے کہ اگر وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے تو ولی بن جائے۔ شاہ ابو المعالی کے خلیفہ اجل حضرت شاہ بھیکہؒ ارشاد فرماتے ہیں۔

بھیکا بھکھا کوئی نہیں ہر دی گٹھڑی لعل
گرہ کھول نہ جاندے تے ترت پھرن کنگال

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[عیبکا بھوکا کوئی نہیں ہے ہر ایک کی گٹھڑی میں لعل و جواہر ہیں' یہ اس کی گرہ کھولنا نہیں جانتے بس کنگال پھرتے ہیں]

جس طرح ایک بیج میں درخت بننے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے اور اگر اس بیج کو کسی مالی کی زیر نگرانی چند دن زرخیز زمین میں پرورش پانے کا موقع مل جائے تو پھل پھول والا درخت بن جاتا ہے۔ اسی طرح سالک چند دن کسی شیخ کامل کے زیر سایہ ان اوراد و وظائف کو کرے تو اس کی شخصیت پر حسن اخلاق کے پھول لگتے ہیں اور اس کا شجر امید بار آور ثابت ہوتا ہے۔ دنیا کے کروڑوں انسانوں نے اب تک اس نسخے کو آزمایا اور اس سے فائدہ پایا۔ جس طرح ایک کیمسٹ کہتا ہے کہ چینی کھاؤ گے تو میٹھی محسوس ہوگی اسی طرح شیخ کامل جب اوراد و وظائف کی تلقین کرتا ہے تو اسے یقین ہوتا ہے کہ سالک کو یقینی فائدہ ہوگا۔ اور یہ بات کرتے ہوئے اس کے پاؤں کے نیچے چٹان ہوتی ہے۔ ہاں اگر کوئی شخص کسی شیخ ناقص کے ہاتھ لگ جائے یا شیخ تو کامل ہو مگر سالک اوراد و وظائف کی پابندی نہ کرے تو وہ بحث سے خارج ہے۔ اس کی مثال ایسے مریض کی سی ہے جو کسی شہرہ آفاق طبیب سے نسخہ لکھوائے مگر جیب میں ڈالے پھرے' استعمال نہ کرے اور کچھ دنوں کے بعد کہے ڈاکٹر صاحب! مجھے افاقہ نہیں ہوا۔ ڈاکٹر پوچھے گا کہ آپ نے نسخہ استعمال کیا تو یہ کہے گا کہ میں نے تو جیب میں ڈالا ہوا ہے۔ ڈاکٹر کہے گا کم بخت اسے تو پیٹ میں ڈالنا تھا پھر فائدہ ہوتا۔

ان اوراد و وظائف کی ایک خوبصورتی یہ بھی ہے کہ کرنے میں بہت آسان اور ملتا ہے اس سے تزکیہ و احسان۔ بس پوری کی پوری شریعت پر چلنا آسان ہو جاتا ہے۔ یہ بات دو اور دو چار کی مانند ٹھوس ہے۔ جسے یقین نہ ہو آزما کے دیکھے دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا۔

؎ صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کیلئے

اب ان اوراد و وظائف کی تفصیل بیان کی جاتی ہے۔

ذکر (وقوف قلبی):۔ ذکر کا لفظی معنی ہے یاد تو پھر ذکر اللہ کا مطلب ہوا اللہ کی یاد۔ یہی اللہ کا ذکر دلوں کی دوا اور باطنی بیماریوں کے لئے شفا ہے۔ امام ابن تیمیہؒ نے لکھا ہے کہ اللہ کا ذکر دل کے لئے ایسا ہے جیسے مچھلی کیلئے پانی۔ اس ذکر اللہ کے ذریعے سالک کو "فاذکرونی اذکر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کم" [پس تم مجھے یاد کرو میں تم کو یاد کروں گا] اور "فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی" [اگر وہ اپنے دل میں مجھے یاد کرتا ہے تو میں اپنے دل میں یاد کرتا ہوں] کی بشارتیں بھی نصیب ہوتی ہیں اور "انا جلیس مع من ذکرنی" [جو میرا ذکر کرتا ہے میں اس کا ہم جلیس ہوتا ہوں] کی سعادت عظمیٰ بھی نصیب ہوتی ہے۔ حافظ ابن قیمؒ نے "الوابل الصیب" میں ذکر کے 100 فائدے گنوائے ہیں۔ ذکر دو طرح کا ہوتا ہے:

ذکر لسانی اور ذکر قلبی۔ بقول شخصے

لسانی و قلبی یفرحان بذکرھا
وما المرء الا قلبہ و لسانہ

[میری زبان اور میرا دل اس کے ذکر سے خوش ہے اور آدمی کے پاس دل اور زبان ہی تو ہوتی ہے]

احادیث نبویؐ سے ثابت ہے کہ ذکر قلبی کو ذکر لسانی پر ستر گنا فضیلت حاصل ہے۔ عقلی طور پر دیکھا جائے تو بھی ذکر قلبی کو لسانی ذکر پر فضیلت حاصل ہے۔ مثلاً

✪ ـــ ذکر قلبی ہمہ وقت کرنا ممکن ہے جبکہ ذکر لسانی ممکن نہیں۔ مثلاً جب سالک کھانا کھا رہا ہوتا ہے، تقریر کر رہا ہوتا ہے، یا دکان پر بیٹھا گاہک سے سودا طے کر رہا ہوتا ہے تو وہ زبان سے ایک وقت میں دو کام نہیں کر سکتا۔ گفتگو کرے یا ذکر اللہ کرے۔ ایک وقت میں ایک کام ہی ممکن ہے۔ جب کہ ذکر قلبی لیٹے، بیٹھے، چلتے، پھرتے ہر گھڑی ہر آن کیا جا سکتا ہے۔

✪ ـــ ذکر لسانی کرتے ہوئے زبان ہلے گی، ہونٹ حرکت کریں گے، ہر وقت یہ ڈر رہے گا کہ کسی کو پتہ نہ چل جائے جبکہ ذکر قلبی کا پتہ یا تو کرنے والے کو ہوتا ہے یا جس کا ذکر ہو رہا ہوتا ہے اسے معلوم ہوتا ہے۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ ذکر قلبی فرشتے بھی نہیں سن سکتے، انہیں ایک خوشبو آتی محسوس ہوتی ہے۔ قیامت کے دن معاملہ کھلے گا کہ یہ تو یاد الٰہی کی خوشبو تھی۔

؎ میان عاشق و معشوق رمزے است
کراماً کاتبین را ہم خبر نیست

[عاشق اور معشوق میں کچھ اشارے ایسے ہوتے ہیں کہ وہ کراماً کاتبین کو بھی معلوم نہیں ہو پاتے]

اسی لئے ذکر قلبی کو ذکر خفی کہا جاتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ۔۔۔ در حقیقت جسم انسانی میں یاد کا مقام قلب ہے جبکہ زبان سے اس کا اظہار ہوتا ہے۔ کبھی کسی ماں نے بیٹے سے یہ نہیں کہا کہ بیٹا میری زبان تمہیں بہت یاد کرتی ہے، بلکہ ہمیشہ یہی کہے گی کہ بیٹا میرا دل تمہیں بہت یاد کرتا ہے۔ معلوم ہوا کہ یاد کا مقام انسان کا قلب ہے۔ پس عقلی دلائل سے بھی ثابت ہوا کہ ذکر خفی افضل ہے ذکر لسانی سے۔

بقول شخصے

؎ از دروں شو آشنا و وز بروں بیگانہ وش
ایں طریقہ زیبا روش کم تر بود اندر جہاں

[اندر سے تو آشنا ہو باہر سے بیگانہ ہو، یہی طریقہ بہتر ہے اور دنیا میں بہت کم ہے]

اسی ذکر قلبی کو مشائخ طریقت وقوف قلبی کہتے ہیں۔ قرآن و حدیث میں جا بجا اس کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

قرآن مجید سے دلائل

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"یا ایھا الذین آمنوا اذکروا اللہ ذکراً کثیراً" (الاحزاب: آیت 41)

[اے ایمان والو! اللہ کا ذکر کثرت سے کرو]

اس آیت میں اذکروا جمع کا صیغہ بھی ہے اور امر کا بھی۔ گویا مومنین کو ذکر کثیر کا حکم دیا جا رہا ہے۔ مزید برآں ذکر کثیر کرنیوالوں کیساتھ مغفرت اور جنت کے وعدے بھی کئے جا رہے ہیں۔

"والذاکرین اللہ کثیرا والذاکرات اعداللہ لھم مغفرۃ واجراً عظیماً" (الاحزاب: آیت 35)

[اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور عورتیں، اللہ نے ان کیلئے مغفرت اور بڑا اجر تیار کر رکھا ہے]

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ ذکر کثیر کا کیا مطلب ہے؟ کیا ہر نماز کے بعد تھوڑی دیر ذکر کر لیا کریں؟ یا صبح و شام ذکر کیا کریں یا اتنا ذکر کریں کہ تھک جائیں؟ آخر کیا کریں؟ اس آیت کے تحت مفسرین میں سے حضرت مجاہدؒ ذکر کثیر کی تعریف یوں بیان کرتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"الذکر الکثیر ان لا ینساہ بحال"

[ذکر کثیر یہ ہے کہ اسے کسی حال میں بھی نہ بھولے]

کسی حال میں بھی نہ بھولنے سے مراد کیا ہے؟ انسان کی تین بنیادی حالتیں ہیں۔ یا وہ لیٹا ہوگا یا بیٹھا ہوگا یا کھڑا ہوگا۔ ہر حال میں ذکر کرنے سے مراد لیٹے، بیٹھے، کھڑے اللہ کو یاد کرے، یہی عقلمندوں کی نشانی بتائی گئی ہے۔ قرآن پاک میں اولو الالباب (عقلمندوں) کے متعلق فرمایا گیا ہے۔

"الذین یذکرون اللہ قیاما و قعودا و علی جنوبھم"

(آل عمران: آیت 191)

[وہ بندے جو کھڑے بیٹھے اور لیٹے اللہ کا ذکر کرتے ہیں]

تفسیر صاوی میں اس آیت کے تحت لکھا ہے۔

"قال الصاوی تحت ھذہ الآیۃ، واعلم ان اللہ تعالی لم یفرض فریضۃ علی عبادہ الا جعل لھا حدا معلوما و عذر اھلھا فی حال العذر غیر الذکر فلم یجعل لہ حدا ولم یعذر احدا فی ترکہ الا من کان مغلوباً علی عقلہ ولذا امرھم فی جمیع الاحوال قال اللہ تعالی یذکرون اللہ قیاما و قعودا و علی جنوبھم ففیہ اشارۃ الی ان الذکر امرہ عظیم و فضلہ جسیم"

[مفسر صاوی نے اس آیت کے تحت فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر جو چیز بھی فرض کی ہے اس کیلئے اللہ تعالیٰ نے حد مقرر کر دی ہے اور حالت عذر میں ان کو معذور سمجھا ہے۔ سوائے ذکر کے کہ نہ تو کوئی اس کے واسطے حد مقرر کی ہے اور نہ کسی کو اس کے ترک میں معذور سمجھا ہے سوائے مجنون کے، اسی لئے ان کو امر کیا ہے اللہ نے ساتھ اس ذکر کے جمیع حالات میں۔ اور بتایا ہے کہ مومن یاد کرتے ہیں اللہ کو کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور اپنی کروٹوں پر اور اس میں اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ ذکر کی شان اور اس کی فضیلت بہت بڑی ہے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حضرت عبداللہ بن عباسؓ اس آیت کے تحت فرماتے ہیں:

"الذین یذکرون اللہ قیاما و قعودا و علی جنوبھم ای باللیل والنھار فی البر والبحر والسفر والحضر والغنی والفقر والمرض والصحۃ والسر والعلانیۃ"

[جو لوگ کھڑے بیٹھے اور لیٹے اللہ کو یاد کرتے ہیں یعنی رات میں اور دن میں۔ خشکی میں اور تری میں، سفر میں اور حضر میں، غنا میں اور فقر میں، مرض میں اور صحت میں خلوت میں اور جلوت میں]

ایسا ذکر تو پھر ذکر قلبی اور ذکر خفی ہی ہو سکتا ہے جو ہر حال میں کیا جا سکے۔ پس معلوم ہوا کہ قرآن پاک میں ذکر کثیر کا جو حکم دیا گیا ہے اس کی تفسیر ذکر قلبی، ذکر خفی یا صوفیاء کی اصطلاح میں وقوف قلبی ہی ہے۔ اس کو کرنے کا قرآن مجید میں حکم دیا گیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"واذکر ربک کثیرا و سبح بالعشی والابکار" (آل عمران: آیت 41)

[اور یاد کر اپنے رب کو کثرت سے اور صبح و شام اس کی تسبیح کر]

پس ثابت ہوا کہ وقوف قلبی کرنے کیلئے قرآن مجید میں حکماً فرمایا گیا ہے۔ خوش نصیب ہیں وہ حضرات جو اس کو سیکھنے کے لئے مشائخ عظام کی سرپرستی میں وقت گزارتے ہیں۔

احادیث سے دلائل

ارشاد نبویؐ ہے:

"عن ابی سعید ﷺ سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای العباد افضل درجۃ عنداللہ یوم القیمۃ قال الذاکرون اللہ کثیرا۔ قلت یا رسول اللہ و من الغازی فی سبیل اللہ قال لو ضرب بسیفہ فی الکفار والمشرکین حتی ینکسر و یختضب و ماکان الذاکرون افضل منہ درجۃ"

[رسول اکرم ﷺ سے سوال کیا گیا کہ قیامت کے دن اللہ کے ہاں کن لوگوں کا درجہ زیادہ ہوگا۔ فرمایا جو لوگ کثرت سے ذکر اللہ کرتے ہیں۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ! اور جو لوگ جہاد کرتے ہیں، فرمایا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کہ اگرچہ مجاہد' کفار اور مشرکین پر تلوار چلاتا رہے یہاں تک کہ وہ تلوار ٹوٹ جائے اور خون آلود ہو جائے پھر بھی ذاکرین کا درجہ افضل ہے]

اس حدیث پاک میں ذکر کثیر کرنے والوں کی فضیلت کتنی وضاحت سے بیان کی گئی ہے۔ آیئے اب سنت نبویؐ سے بھی اسکی دلیل ڈھونڈیں تو ایک روایت میں ہے۔

"عن عائشةؓ کان رسول اللهؐ یذکر الله علی کل احیانه"

[سیدہ عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر لمحے اللہ کا ذکر کرتے تھے]

اس حدیث پاک میں کل احیانه (ہر لمحے) کا لفظ گواہی دے رہا ہے کہ یہی ذکر قلبی' ذکر خفی ہے۔ پس آپؐ کی عادت مبارکہ اور سنت بیضاء ہمہ وقت یاد الٰہی میں مشغول رہنا تھی۔ مشائخ عظام اسی کی اتباع کیلئے سالکین طریقت کو وقوف قلبی کی مشق کرواتے ہیں۔ تاکہ انسان کا معاملہ "دست بکار دل بیار" [ہاتھ کام کاج میں دل اللہ کی یاد میں] کے مطابق ہو جائے۔ وقوف قلبی یہ ہے کہ انسان ہروقت اپنی توجہ دل کی طرف اور دل کی توجہ اللہ کی طرف رکھے اور لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے ہر گھڑی ہر آن دل میں رکھے یہ دھیان کہ میرا دل اللہ اللہ اللہ کہہ رہا ہے۔ یہی مندرجہ بالا آیات و احادیث کا منشاء ہے۔ پس ثابت ہوا کہ وقوف قلبی کی تعلیم قرآن و حدیث کے عین مطابق ہے۔

2۔ فکر (مراقبہ):۔ مراقبہ ماخوذ ہے رقیب سے' جس کے معنی ہیں منتظر' نگہبان' پاسبان جیسے ارشاد فرمایا گیا "ان الله کان علیکم رقیبا" (الاحزاب: آیت 52) [بیشک اللہ تم پر نگہبان ہے] تصوف کی اصطلاح میں مراقبہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ سے لو لگا کر بیٹھنے کو۔ پس سالک جب مراقب ہوتا ہے تو وہ ساری دنیا سے یک سو ہو کر' یک رو ہو کر' قبلہ رو ہو کر' باوضو ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔ آنکھوں کو بند کر لیتا ہے۔ سر کو جھکا لیتا ہے اور تھوڑی دیر کیلئے یہ سوچتا ہے کہ نہ زمین' نہ آسمان' نہ انسان' نہ حیوان' نہ شیطان کچھ بھی نہیں ہے۔ بس اللہ تعالیٰ کی رحمت آ رہی ہے اور میرے دل میں سما رہی ہے۔ میرے دل کی ظلمت و سیاہی دور ہو رہی ہے اور میرا دل اللہ اللہ اللہ کہہ رہا ہے۔ شروع شروع میں سالک کا دل ذکر کی طرف متوجہ نہیں ہوتا جیسے ہی سر جھکایا دنیا کے خیالات و وساوس نے ہجوم کیا۔ مثل مشہور ہے "کل اناء یترشح

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

بما فیہ" [ہر برتن میں سے وہی کچھ نکلتا ہے جو اس میں ہوتا ہے] دل میں دنیا بھری ہونے کی کتنی واضح دلیل ہے کہ سر تو جھکاؤ یاد الٰہی کی خاطر مگر پریشان خیالات تنگ کرنے لگیں۔ سالک کو اس بات سے گھبرانے کی ضرورت نہیں بلکہ یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ مجھے تو بہت محنت کرنی چاہیے۔ اگر دل میں یہی کچھ لے کر آگے منزل پر چلا گیا تو میری کتنی رسوائی ہوگی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "و حصل ما فی الصدور" (العادیات: آیت 10)

[جو سینوں میں ہوگا نکالیں گے]

اور "یوم تبلی السرائر" (الطارق: آیت 9) [وہ دن جب بھید کھول دیئے جائیں گے]

سالک مراقبہ میں بیٹھتے وقت جب یہ سوچتا ہے، گمان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت آرہی ہے تو حدیث پاک "انا عند ظن عبدی بی" [میں بندے کے ساتھ اس کے گمان کے مطابق معاملہ کرتا ہوں] کے مطابق رحمت دل میں سما جاتی ہے۔ بالفرض پہلے دن سارا وقت دنیا کے خیالات آئے فقط ایک لمحہ اللہ کا خیال آیا تو دوسرے دن دنیا کے خیالات نسبتاً کم آئیں گے۔ تیسرے دن اور کم۔ حتیٰ کہ وہ وقت آئے گا کہ جب سر جھکائیں گے تو فقط اللہ کا دھیان رہے گا۔ دنیا کمینی دل سے نکل جائے گی۔

دل کے آئینے میں ہے تصویر یار
جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

مراقبہ کے دوران بعض سالکین پر اونگھ سی طاری ہو جاتی ہے۔ یہ "اذ یغشیکم النعاس" [جب تمہارے اوپر اونگھ طاری کر دی گئی] کے مصداق کسب فیض ہی کی علامت ہوتی ہے۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں، ترقی ہوتی رہتی ہے۔ سالک کی مثال مرغی کی مانند ہے جو انڈوں پر بیٹھ کر انہیں گرمی پہنچاتی ہے۔ ابتداء میں جو انڈے پتھر کی طرح بے جان محسوس ہوتے ہیں ان میں جان پڑتی ہے حتیٰ کہ چوں چوں کرتے چوزے نکل آتے ہیں۔ اسی طرح سالک کو ابتدا میں اپنا دل پتھر کی مانند نظر آتا ہے لیکن مراقبہ میں بیٹھ کر ذکر کی حرارت پہنچانے سے وہ وقت آتا ہے جب دل اللہ اللہ کرنا شروع کر دیتا ہے۔ ظاہر میں یہ عمل جتنا ہلکا پھلکا سادہ سا لگتا ہے اس کا اثر اتنا ہی زیادہ ہے۔ چند دن مراقبہ کی پابندی کرنے سے تو یہ حالت ہو جاتی ہے کہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

؎ دل ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کے رات دن
بیٹھے رہیں تصور جاناں کئے ہوئے

یاد کا یہ طریقہ عاشقوں کا طریقہ نہیں بلکہ محبوبوں کا طریقہ ہے۔ عاشق تو آہ و زاری اور نالہ و فریاد کرتے ہیں۔ جبکہ محبوب فقط دل میں یاد بساتے ہیں۔

؎ وہ جن کا عشق صادق ہے وہ کب فریاد کرتے ہیں
لبوں پر مہر خاموشی دلوں میں یاد کرتے ہیں

اس طریقہ ذکر کے واضح دلائل قرآن و حدیث میں موجود ہیں۔

قرآن مجید سے دلائل :۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"واذکرربک فی نفسک تضرعا و خیفۃ و دون الجھرمن القول"

(الاعراف: آیت205)

[اور ذکر کرو اپنے رب کا اپنے نفس میں گڑگڑاتے ہوئے خفیہ طریقہ سے مگر اونچی آواز سے نہیں]

مفسرین نے "فی نفسک" کا مطلب "ای فی قلبک" کیا ہے۔ یعنی اپنے دل میں اپنے رب کا ذکر کرو۔ مزے کی بات یہ ہے کہ واذکر امر کا صیغہ ہے گویا حکم دیا جا رہا ہے کہ ذکر کرو اپنے رب کا۔ اگر اس حکم کی تعمیل میں مشائخ روزانہ ذکر و مراقبہ کریں تو اسے حکم کی تعمیل کہا جائے گا یا بدعت؟ ذاکرین پر اعتراض کرنے والے ذرا ٹھنڈے دل و دماغ سے سوچیں۔

؎ خرد کا نام جنون پڑ گیا جنون کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

ویسے بھی "فی نفسک" کا ترجمہ اپنے دل میں، اپنے دھیان میں، اپنی سوچ میں ہی کیا جا سکتا ہے اپنی زبان سے تو نہیں کیا جا سکتا۔ مراقبہ پر تنقید کرنے والوں کیلئے یہ آیت برہان مبین کا درجہ رکھتی ہے۔ معارف القرآن میں حضرت مفتی محمد شفیعؒ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں "تضرعا و خیفہ" سے ذکر قلبی اور "و دون الجھر من القول" سے ذکر لسانی مراد ہے۔ اس سے ایک تو ذکر قلبی کا ثبوت ملا دوسرا ذکر قلبی کا ذکر لسانی پر مقدم ہونا ثابت ہوا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ـــــ بعض ناقدین کو یہ کہتے سنا گیا کہ ذکر قلبی قرآن سے کہاں ثابت ہے؟ پہلی بات تو یہ کہ ہر چیز کا قرآن سے ثابت ہونا ضروری نہیں اگر ایسا ہوتا تو حدیث کی کوئی ضرورت ہی نہیں تھی۔ قرآن کافی تھا۔ بلکہ پھر تو صاحب قرآن کے آنے کی بھی ضرورت نہ تھی۔ جبرئیل علیہ السلام کتاب لے آتے اور بس "یعلمکم دینکم" والا معاملہ ہو جاتا۔ ہر چیز کو قرآن سے تلاش کرنیوالے معلوم نہیں حدیث پاک کو کیا سمجھتے ہیں؟ لگتا ہے انہیں نمازوں کی رکعتیں اور زکوۃ کی تفصیل قرآن پاک سے مل گئی ہے۔ لہٰذا اب صرف مراقبہ کی دلیل تلاش کرنا باقی رہ گئی ہے۔ خیر یہ تو تھا الزامی جواب۔ اب تحقیقی جواب کی طرف آئیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"ولا تطع من اغفلنا قلبہ عن ذکرنا" (کہف: آیت 28)

[اور اس کی اطاعت نہ کریں جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا]

اس آیت میں واضح دلیل ہے کہ ان کی اطاعت نہ کریں جن کے دل ہماری یاد سے غافل ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ان کی اطاعت کریں جن کے دل میں ہماری یاد ہے۔ ذکر قلبی کے ثبوت میں اس سے بڑی دلیل اور پیش نہیں کی جا سکتی۔

؏ مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

✪ ـــــ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"واذکر اسم ربک و تبتل الیہ تبتیلا" (مزمل: آیت 8)

[اپنے رب کو یاد کرو اور تمام مخلوق سے کٹ کر اسی ایک کے ہو رہو]

اس آیت مبارکہ میں دو باتوں کا حکم دیا گیا ہے۔

(i) اپنے رب کے نام کا ذکر کرو۔ یہاں قابل غور نکتہ یہ ہے کہ یہ نہیں کہا گیا رب کا ذکر کرو۔ ظاہراً یہ بھی کہہ دیا جاتا تو کافی تھا مگر رب کے نام کا ذکر کرو کا مطلب یہ ہوا کہ رب تو صفاتی نام ہے۔ یہاں ذاتی نام "اللہ" کا ذکر کرنے کا حکم ہے۔ چنانچہ لفظ اللہ کا ذکر کرنا رب کے نام کا ذکر کرنا ہوا۔ پس ثابت ہوا کہ قرآن مجید میں لفظ اللہ کا ذکر کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

(ii) اس (اللہ) کی طرف "**تبتل**" اختیار کرو۔ "**تبتل**" کہتے ہیں محبوب کی خاطر ماسوا سے انقطاع اختیار کرنے کو۔ گویا چاہتے ہیں مخلوق سے توڑو اور رب سے جوڑو۔ یہ انقطاع عن الخلوق بیٹھے بٹھائے تو نصیب ہونے سے رہا' اس کیلئے کچھ نہ کچھ تو کرنا پڑے گا۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا کریں؟ مشائخ عظام نے اس کا آسان حل بتا دیا کہ روزانہ کچھ وقت فارغ کر کے یکسو ہو کر یک رو ہو کر بیٹھ جاؤ۔ آنکھوں کو بند کر لو اور بند کرتے وقت یہ سوچو کہ آج تو میں اپنی مرضی سے آنکھیں بند کر رہا ہوں' ایک وقت آئے گا کہ یہ ہمیشہ کیلئے بند ہو جائیں گی۔ اس سے دنیا کی بے ثباتی دل میں بیٹھے گی اور مخلوق سے کٹ کر خالق حقیقی سے جڑنے کا داعیہ پیدا ہو گا۔ اگر طبیعت چاہے تو سر پر کپڑا ڈال لو اور یہ سوچو کہ آج تو اپنی مرضی سے سر پر کپڑا ڈال رہا ہوں ایک وقت آئے گا کہ مجھے کفن پہنا دیا جائے گا۔ اس سے "**تبتل**" کی کیفیت میں مزید اضافہ ہو گا۔ روزانہ دس پندرہ منٹ' آدھا گھنٹہ اس طرح بیٹھنے سے یہ سبق راسخ ہوتا جائے گا۔ پانی کا قطرہ دیکھنے میں کتنا نرم ہوتا ہے لیکن کسی پتھر پر متواتر گرتا رہے تو اس میں بھی سوراخ ہو جاتا ہے۔ اسی طرح انسان اگر روزانہ اس حالت میں بیٹھ کر اللہ اللہ کا ذکر کرے تو ایک وقت آتا ہے کہ اللہ کی یاد دل میں اپنا راستہ بنا لیتی ہے۔ یہ ساری کیفیت مراقبہ کہلاتی ہے اور یہی اس آیت کریمہ کا مقصود ہے۔ اس مشق کا نام "**تبتل**" رکھیں' مراقبہ رکھیں' محاسبہ رکھیں مگر اس حقیقت سے مفر ممکن نہیں کہ اس کا قرآن پاک میں حکم دیا گیا ہے۔ ثابت ہوا کہ مراقبہ قرآن پاک کی تعلیمات کے عین مطابق ہے۔

احادیث سے دلائل :۔ بخاری شریف میں **کیف کان بدء الوحی** کے باب میں مذکور ہے کہ نبی علیہ السلام نزول وحی سے پہلے کئی کئی دن کا زاد لے کر غار حرا میں وقت گزارتے تھے۔ اس وقت نہ تو نماز تھی' نہ قرآن تھا' نہ روزہ تھا' پھر وہاں بیٹھ کر کیا کرتے تھے؟ محدثین نے لکھا ہے کہ ذکر اللہ میں اپنا وقت گزارتے تھے' مخلوق سے ہٹ کٹ کے اللہ سے لو لگانے کا نام مراقبہ ہی تو ہے۔ مشائخ اسی سنت کو زندہ کرتے ہیں۔ اگر کوئی صاحب اعتراض کریں کہ یہ تو اعلان نبوت سے پہلے کی بات ہے تو چلیں اعلان نبوت کے بعد کا فرمان پیش کیا جاتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"عن ابی هریرةؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما یذکر عن ربہ تبارک و تعالی اذکر فی بعد العصر و بعد الفجر ساعة اکفک فیما بینھما" (اخرجہ احمد کذا فی الدر)

[حدیث قدسی میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے حضور ﷺ کو حکم فرمایا کہ عصر اور فجر کے بعد میرا ذکر کیا کرو ان دو وقتوں کے درمیان کی میں کفایت کروں گا]

مشائخ کرام صبح و شام اسی مراقبے ہی کا تو حکم دیتے ہیں۔

درج ذیل میں ذکر و مراقبہ کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات قلمبند کئے جاتے ہیں۔

سوال نمبر1 :۔ ذکر کا لفظ قرآن پاک کیلئے بھی استعمال ہوا ہے تو کیا یہ بہتر نہیں کہ جہاں ذکر کرنے کا حکم ہے وہاں قرآن پاک کی تلاوت مراد لے لی جائے؟

جواب :۔ گو کہ ذکر کا لفظ قرآن پاک کیلئے بھی استعمال ہوا ہے تاہم قرآن پاک کی تلاوت اور ذکر اللہ دو مستقل الگ الگ عبادتیں ہیں۔ طبرانی شریف کی روایت ہے :

"فی حدیث طویل لابی ذر اوصیک بتقوی اللہ فانہ راس الامر کلہ و علیک بتلاوة القرآن و ذکر اللہ فانہ ذکر لک فی السماء و نور لک فی الارض" (جامع صغیر بروایت طبرانی)

[ایک طویل حدیث میں حضرت ابو ذرؓ سے نبی علیہ السلام کا فرمان منقول ہے کہ میں تمہیں تقویٰ کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ ہر کام کی بنیاد ہے اور تمہارے اوپر تلاوت قرآن اور اللہ کا ذکر لازم ہے۔ بیشک یہ تمہارے لئے آسمان میں ذکر اور زمین میں نور ہے]

اس حدیث پاک میں تلاوت قرآن اور ذکر اللہ کا حکم دیا گیا ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ دو مستقل الگ الگ عبادتیں ہیں لہٰذا جہاں ذکر اللہ کا حکم ہے وہاں تلاوت قرآن مراد نہیں لی جا سکتی۔

سوال نمبر2 :۔ مشائخ جو معمولات بتاتے ہیں وہ صبح و شام کرنے ہوتے ہیں، کیا اس کی کوئی اصل بھی ہے؟

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جواب :- جی ہاں ارشاد باری تعالیٰ ہے :

"واذکر ربک کثیرا و سبح بالعشی والابکار"

[ذکر کر اپنے رب کا کثرت سے اور صبح و شام اس کی تسبیح کرو]

اس آیت میں وضاحت کے ساتھ صبح و شام تسبیحات کرنے کا حکم موجود ہے۔

سوال نمبر3 :- کیا لیٹ کر بھی مراقبہ کیا جا سکتا ہے؟

جواب :- جی ہاں کوشش تو یہی ہو کہ باادب بیٹھ کر مراقبہ کریں۔ کوئی عذر، بیماری وغیرہ کا ہو تو لیٹ کر بھی مراقبہ کر سکتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"الذین یذکرون اللہ قیاماً و قعوداً و علی جنوبھم"

(آل عمران: آیت 191)

اس آیت میں "جنوبھم" کا لفظ بتا رہا ہے کہ لیٹ کر بھی اللہ کو یاد کرنا جائز ہے۔

سوال نمبر4 :- بعض لوگ مراقبہ میں اچھلتے کودتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

جواب :- جذب میں آجانا قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔ چنانچہ کسی آیت میں "خروا للاذقان سجدا" کے الفاظ ہیں تو کہیں "خروا سجدا و بکیا" کا مضمون ہے۔ کسی حدیث میں "فخر للہ ساجدا" کا بیان اس کی دلیل پیش کرتا ہے۔ مشائخ کا فرمان ہے کہ سالک حتی الوسع اپنی کیفیات کو ضبط کرے اور اگر بے قابو ہونے لگے اور کسی صورت قرار نہ آئے تو مراقبہ ختم کر دے یہی اولیٰ ہے، اچھلنا کودنا محمود نہیں ہے۔

سوال نمبر5 :- ذکر سے ترقی زیادہ ہوتی ہے یا فکر سے؟

جواب :- سالک کیلئے پہلے ترقی ذکر سے ہوتی ہے حتیٰ کہ سالک کو فنائے نفس نصیب ہوتی ہے اس سے آگے ترقی فکر سے ہوتی ہے۔ اس کے بعد وہ مرحلہ آتا ہے کہ سالک کی ترقی نہ ذکر سے ہوتی ہے نہ فکر سے بلکہ محض عنایت خداوندی سے ہوتی ہے۔

سوال نمبر6 :- قلب جاری ہونے کا کیا مطلب ہے؟

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جواب :- عوام الناس کے نزدیک قلب میں نبض کی مانند نرم مگر تیز حرکت کا محسوس ہونا' قلب کا جاری ہونا کہلاتا ہے۔ اور خواص کے نزدیک قلب کا جاری ہونا یہ ہے کہ قلب جوارح پر جاری ہو جائے۔ یعنی اعضاء و جوارح پر قلب کا کنٹرول ہو جائے اور وہ شریعت و سنت کے مطابق استعمال ہوں۔

سوال نمبر7 :- امام ابن تیمیہؒ نے اپنی کتاب "العبودیت" میں لکھا ہے:

"ذکر اسم ذات "اللہ اللہ" بغیر دوسرے لفظ سے مرکب کئے بدعت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کسی کو اسم مفرد کے ذکر کا حکم نہیں دیا۔ اور نہ ہی مسلمانوں کیلئے کوئی اسم مفرد مجرد مشروع کیا ہے۔ اسم مفرد مجرد مفید ایمان نہیں ہو سکتا۔ احادیث نبویؐ سے جملہ مرکب کی تعلیم ثابت ہے مثلاً سبحان اللہ ' الحمد للہ ' اللہ اکبر۔ کیا یہ ٹھیک نہیں ہے؟

جواب : دلیل 1 :- "سبحان اللہ" جملہ مرکبہ نہیں بلکہ مضاف' مضاف الیہ ہے۔ چنانچہ تفسیر بیضاوی میں "سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا" کے تحت لکھا ہے۔

"سبحان مصدر لا یکاد یستعمل الا مضافا منصوبا باضمار فعله" [سبحان مصدر ہے۔ یہ ہمیشہ مضاف اور منصوب ہو کر مستعمل ہوتا ہے اور اس کا عامل ہمیشہ مقدر ہوتا ہے] لہٰذا سبحان اللہ کے ساتھ سبحت یا اسبح فعل پوشیدہ سمجھا جائے گا۔

اس تمثیل کو سامنے رکھ کر ہم کہتے ہیں کہ اسم ذات منادیٰ ہے اور اس سے حرف ندا حذف کرنا جائز ہے۔ قرآن پاک میں اس کی دلیل یوسف اعرض عن ہذا ہے۔ کافیہ میں منادیٰ کی تعریف اس طرح کی گئی ہے:

"هو المطلوب اقباله بحرف نائب مناب ادعوا"

[منادیٰ وہ ہے جس کا روبرو ہونا مطلوب ہے ایک حرف کے واسطہ سے جو لفظ "ادعوا" کا قائم مقام ہے۔ پس "اللہ" درحقیقت "ادعو اللہ" بن کر کلام تام بن جاتا ہے]

دلیل 2 :- کلام عرب میں جملہ اسمیہ میں کبھی کبھی مبتدا کو ذکر کر دیا جاتا ہے جبکہ خبر محذوف ہوتی ہے۔ یہاں بھی اللہ کا لفظ مبتدا ہے اور خالق' رازق' قادر وغیرہ خبر محذوف ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

لگتا ہے کہ امام ابن تیمیہ "کسی عنوان پر لکھتے ہوئے روانی میں یہ اعتراض کر گئے ہیں ورنہ مندرجہ بالا دلائل کے بعد کسی اشکال کی گنجائش نہیں رہتی۔

دلیل 3 :- کئی قرآنی آیات سے ذکر اسم ذات بلا ضم ضمیمہ کا ثبوت ملتا ہے۔ مثلاً

1- "واذکر اسم ربک بکرة و اصیلا" (الدھر: آیت 25)

2- "واذکر اسم ربک و تبتل الیہ تبتیلا" (المزمل: آیت 8)

ان آیات مبارکہ میں رب کے نام کا ذکر "واذکر اسم ربک" کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اگر کوئی شخص پوچھے کہ رب کا نام کیا ہے؟ تو کہا جائے گا..... "اللہ"۔ علم کلام کی تمام کتب میں اللہ تعالیٰ کے اسم ذات کے بارے میں ہے :

"اللہ — اللہ علم لذات الواجب الوجود المستجمع بجمیع الصفات الکمال المنزہ عن النقص والزوال"

[لفظ اللہ نام ہے اس ذات کا جس کا وجود ضروری ہے اور تمام صفات کمالیہ کو جامع ہے اور کمزوریوں اور عیبوں سے پاک ہے]

گویا ان آیات سے لفظ اللہ کا ذکر کرنے کا ثبوت ملتا ہے۔ اسی کو ذکر اسم ذات کہا جاتا ہے۔ سالکین طریقت لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے ہر گھڑی ہر آن اسی ذکر میں مشغول رہتے ہیں۔

بقول شخصے ڈھول کی تھاپ تو رک سکتی ہے۔ گٹار کا تار تو ٹوٹ سکتا ہے مگر کوئل کو گیت گانے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ اسی طرح محب کو محبوب کا نام لینے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ مزید وضاحت کیلئے محب و محبوب کے تعلق کا قرآن کے حوالے سے جائزہ لیا جاتا ہے۔

✪ — محبت بے قرار کر دینے والی اور شدید تر ہو۔

"والذین امنوا اشد حبا للہ" اس کی دلیل ہے۔

✪ — محبوب کے حسن و جمال کی باتیں سنکر محبت میں اضافہ ہو۔

"اذا تلیت علیھم آیاتہ زادتھم ایمانا" اس کی دلیل ہے۔

✪ — محب کو محبوب کے سوا کوئی طلب نہ ہو۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"الیس اللہ بکاف عبدہ" اس کی دلیل ہے۔

✪ — محبوب کے ذکر سے دل کو طمانیت نصیب ہو۔

"الابذکراللہ تطمئن القلوب" اس کی دلیل ہے۔

✪ — محبوب کا تذکرہ سنتے ہی دل مچل اٹھے۔

"الذین اذا ذکراللہ وجلت قلوبھم" اس کی دلیل ہے۔

✪ — جب محب کو محبوب کے ذکر سے روکا جائے تو وہ ساری دنیا کو لات مار کر پیچھے دھکیل دے۔

"قل اللہ ثم ذرھم فی خوضھم یلعبون" اس کی واضح دلیل ہے۔

<u>دلیل 3 :-</u> مسلم شریف کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے قیامت کے متعلق فرمایا:

"لا تقوم الساعۃ حتی یقال اللہ اللہ"

[قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک اللہ اللہ کہا جاتا رہے گا]

اگر مفرد مجرد اسم کا ذکر جائز نہ ہوتا تو نبی علیہ السلام بھی فقط ایک ہی مرتبہ اللہ کا لفظ کہتے۔ دو مرتبہ اللہ اللہ کہنا ذکر اسم ذات کے مشروع اور مفید ایمان ہونے کی ٹھوس نبوی دلیل ہے۔

<u>عقلی دلیل :-</u> جب کسی سے محبت ہو تو اس کا نام سنتے ہی محب تڑپ اٹھتا ہے۔ بقول شخصے

ع اک دم بھی محبت چھپ نہ سکی جب تیرا کسی نے نام لیا

جس طرح محبوب کا نام سننے سے کانوں میں رس گھل جاتا ہے اسی طرح محبوب کا نام لینے سے دل کو سکون و آرام ملتا ہے۔

؎ کتنی تسکین ہے وابستہ ترے نام کے ساتھ
نیند کانٹوں پہ بھی آجاتی ہے آرام کے ساتھ

سالک جب بار بار اسم ذات کا ذکر کرتا ہے تو اس کے انگ انگ میں محبت الٰہی کی مستی چھا جاتی ہے۔

؎ اللہ اللہ ایں چہ شیریں است نام شیر و شکر می شود جانم تمام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[اللہ اللہ کتنا شیریں نام ہے کہ اس کو لینے سے میرا بدن میٹھے دودھ کی مانند ہوگیا]

رہا یہ اعتراض کہ فقط اللہ اللہ کے نام کی مالا جپنے میں کیا فائدہ اور اس کو رٹنے کا کیا مطلب ——— تو عرض ہے کہ

ہم رٹیں گے گرچہ مطلب کچھ نہ ہو
ہم تو عاشق ہیں تمہارے نام کے

(3) درود شریف :- سید السادات اور معدن السعادات نبی اکرم ﷺ کے امت پر اسقدر احسانات ہیں کہ نہ تو ان کا حق ادا ہو سکتا ہے نہ ہی شمار ہو سکتا ہے۔ لہٰذا سالک ں باقاعدگی اور محبت و اخلاص سے درود شریف پڑھے وہ کم ہے چہ جائیکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف و کرم سے اس پر سینکڑوں اجر و ثواب عطا فرمادیئے۔ نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا اولیائے کرام کا صبح و شام کا معمول رہا ہے۔ دلائل و فضائل کے لئے آیات و احادیث بکثرت ہیں۔ اختصار کی وجہ سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

قرآن مجید سے دلائل:- ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"ان اللہ و ملئکتہ یصلون علی النبی۔ یاایھا الذین آمنوا صلوا علیہ و سلموا تسلیما" (احزاب: آیت 56)

[بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان پیغمبر ﷺ پر۔ اے ایمان والو! تم بھی آپ ﷺ پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو]

اس آیت شریفہ کو "ان" کے لفظ سے شروع فرمایا گیا جو نہایت تاکید کی دلیل ہے۔ مزید برآں مضارع کا صیغہ استعمال کیا گیا جو استمرار اور دوام کی دلیل ہے۔ مفہوم یہ ہوا کہ یہ قطعی چیز ہے کہ اللہ اور اس کے فرشتے ہمیشہ درود بھیجتے رہتے ہیں نبی اکرم ﷺ پر، اس سے بڑھ کر عزت افزائی کیا ہوگی کہ اللہ تعالیٰ نے درود بھیجنے کی نسبت پہلے اپنی طرف کی پھر فرشتوں کی طرف پھر مومنوں کو حکم دیا کہ تم بھی درود بھیجو، احسان کا بدلہ چکانا مکارم اخلاق میں سے ہے اور نبی کرم ﷺ ہمارے محسن اعظم ہیں پس اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس کی مکافات کا طریقہ بتا دیا۔ نبی اکرمؐ کی شان محبوبیت کا عجب عالم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلمہ شہادت میں آپؐ کے نام کو اپنے نام کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ساتھ ذکر فرمایا۔ آپ ؐ کی اطاعت کو اپنی اطاعت کے ساتھ۔ آپ ؐ کی محبت کو اپنی محبت کے ساتھ اور آپ پر درود کو اپنے درود کے ساتھ شریک فرمایا۔ حضرت شاہ عبدالقادر ؒ لکھتے ہیں:

"اللہ سے رحمت مانگنی اپنے پیغمبر پر اور ان کے ساتھ ان کے گھرانہ پر بڑی قبولیت رکھتی ہے۔ ان پر ان (کی شان) کے لائق رحمت اترتی ہے اور مانگنے والے پر ایک دفعہ مانگنے سے دس رحمتیں اترتی ہیں۔ اب جس کا جتنا بھی جی چاہے اتنا حاصل کرے۔"

علامہ سخاوی ؒ نے قول بدیع میں امام زین العابدین ؒ سے نقل کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا اہل سنت ہونے کی نشانی ہے۔

احادیث سے دلائل

نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے۔

"عن ابی هريرة ؓ ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من صلى على صلوة واحدة صلى الله عليه عشرا" (رواہ مسلم و ابوداؤد)

[حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے اللہ جل شانہ اس پر دس دفعہ صلوٰۃ بھیجتے ہیں]

✪ — طبرانی کی روایت سے یہ حدیث نقل کی گئی ہے کہ جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر دس دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر سو دفعہ درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر سو دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی پیشانی پر "براءة من النفاق و براءة من النار" لکھ دیتے ہیں۔

✪ — امام مستغفری ؒ نے نبی اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو کوئی ہر روز مجھ پر سو دفعہ درود شریف بھیجے اس کی سو حاجتیں پوری کی جائیں۔ تمیں دنیا کی باقی آخرت کی۔ مشائخ نقشبند اسی لئے سالکین طریقت کو صبح و شام سو سو دفعہ درج ذیل درود پاک پڑھنے کی تلقین فرماتے ہیں۔ "اللهم صل على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد و بارك وسلم" یہ درود پاک نہایت مختصر اور جامع ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ـــــ علامہ سخاویؒ نے حضور اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے کہ تین آدمی قیامت کے دن عرش کے سائے میں ہوں گے۔ ایک جو مصیبت زدہ کی مصیبت ہٹائے، دوسرے جو میری سنت کو زندہ کرے، تیسرے جو میرے اوپر کثرت سے درود بھیجے۔ کثرت درود کے ثمرات میں سے ہے خطاؤں کا کفارہ ہونا۔ درجات کا بلند ہونا۔ اعمال کا بڑی ترازو میں تلنا۔ ثواب کا غلاموں کے آزاد کرنے سے زیادہ ہونا۔ خطرات سے نجات پانا۔ نبی علیہ السلام کی شفاعت نصیب ہونا۔ آپؐ کا گواہ بننا۔ عرش کا سایہ ملنا۔ حوض کوثر پر حاضری نصیب ہونا۔ قیامت کے دن کی پیاس سے بچنا۔ پل صراط پر سہولت سے گزرنا۔ جہنم سے خلاصی ہونا۔ مرنے سے پہلے مقرب ٹھکانا دیکھ لینا۔ ثواب کا بیس جہادوں سے زیادہ ہونا۔ نادار کے لئے صدقہ کا قائم مقام ہونا۔ مال میں برکت ہونا۔ پڑھنے والے کے بیٹے اور پوتے کا مستفیع ہونا۔ دشمنوں پر غلبہ ملنا۔ نفاق سے بری ہونا۔ دل کا زنگ دور ہونا۔ لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا ہونا۔ جو شخص ساری دعاؤں کو درود بنائے۔ اس کے دنیا و آخرت کے سارے کاموں کی کفایت ہونا۔ خواب میں نبی علیہ السلام کی زیارت نصیب ہونا۔ سالکین طریقت کو چاہئے کہ صبح و شام محبت وادب کے ساتھ بارگاہ نبوی میں درود کا ہدیہ بھیجا کریں۔

بقول شخصے

؎ بے مایہ سہی لیکن شاید وہ بلا بھیجیں
بھیجی ہیں درودوں کی کچھ ہم نے بھی سوغاتیں

درود شریف کے متعلق پوچھے جانے والے چند عمومی سوالات کے جوابات درج ذیل ہیں۔

سوال نمبر1:۔ جب اللہ اور اس کے فرشتے نبی علیہ السلام پر دورد بھیجتے ہیں تو پھر ہمارے درود کی کیا ضرورت ہے؟

جواب:۔ ہمارا نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا اس وجہ سے نہیں کہ نبی علیہ السلام کو اس کی احتیاج ہے اگر ایسا ہوتا تو اللہ تعالیٰ کے درود کے بعد فرشتوں کے درود کی بھی ضرورت نہیں تھی۔ ہمارا درود تو نبی اکرم ﷺ کی عظمت کے اظہار کے لئے ہے۔ مزید برآں ہمارا درود

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

شریف پڑھنا تو ہمارے اپنے گناہوں کا کفارہ اور درجات کی بلندی کا ذریعہ ہے۔

سوال نمبر2 :۔ سنا ہے کہ ایک گنہگار امتی کے پلڑے میں نبی اکرم ﷺ چھوٹا سا پرچہ ڈالیں گے تو پلڑا جھک جائے گا۔ وہ کیسے؟

جواب :۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اخلاص کی قدر ہے جتنا اخلاص زیادہ ہوگا اتنا ہی وزن زیادہ ہوگا۔ حدیث البطاقہ یعنی ایک ٹکڑا کاغذ کا جس پر کلمہ شہادت لکھا ہوگا۔ ننانوے دفتر گناہوں کے ہونگے اور ہر دفتر منتہائے نظر تک پھیلا ہوگا اس پر غالب آ جائے گا۔ اس کی دلیل ہے۔

سوال نمبر3 :۔ کیا درود شریف میں "صلیت علی محمد" یا "اصلی علی محمد" پڑھ سکتے ہیں۔

جواب :۔ نہیں پڑھ سکتے۔ نبی اکرم ﷺ کی ذات بابرکات عیب سے پاک ہے جبکہ ہم سراپا عیوب و نقائص ہیں پس جو سراپا عیب ہو وہ سراپا پاک کی کیا ثناء بیان کر سکتا ہے۔

بقول شخصے۔

ہزار بار بشویم دہن زمشک وگلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

لہٰذا "اللھم صل علی محمد" میں ہم اللہ تعالیٰ سے درخواست کرتے ہیں تاکہ رب طاہر کی طرف سے نبی طاہر ﷺ پر درود و صلوٰۃ ہو۔

سوال نمبر4 :۔ کیا حائضہ عورت درود پڑھ سکتی ہے؟

جواب :۔ حائضہ عورت اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم ﷺ کا نام لے سکتی ہے۔ کلمہ پڑھ سکتی ہے درود اور استغفار پڑھ سکتی ہے، صرف قرآن پاک کی تلاوت نہیں کر سکتی۔ فقہا نے لکھا ہے کہ اگر کوئی معلمہ اپنی شاگردہ کو اس حالت میں سبق دینا چاہے تو قرآن کا ایک ایک لفظ جدا جدا کرکے پڑھائے مگر قرآن پاک کو ہاتھ نہ لگائے۔

سوال نمبر5 :۔ کیا بے وضو درود شریف پڑھنا جائز ہے؟

جواب :۔ جائز ہے مگر باوضو پڑھنا "نور علی نور" ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سوال نمبر6:- نبی اکرم ﷺ پر جمعہ کے دن کثرت سے درود بھیجنے میں کیا حکمت ہے؟

جواب:- بعض احادیث میں آیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ جمعہ کے دن اپنے والد کی پشت سے ماں کے پیٹ میں تشریف لائے۔ نبی اکرم ﷺ جس طرح نبیوں کے سردار ہیں جمعہ کا دن باقی دنوں کا سردار بنا۔ پس جمعہ کے دن درود کی کثرت کو مناسبت ہوئی۔

سوال نمبر7:- درود ابراہیمی میں "اللھم صل علی محمد" کے ساتھ "کما صلیت علی ابراھیم" کہنا ظاہر کرتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فضیلت نصیب ہے۔

جواب:- عربی دان حضرات جانتے ہیں کہ "کما" کا لفظ کبھی اعلیٰ کے لئے استعمال ہوتا ہے کبھی ادنیٰ کے لئے۔ جیسے قرآن پاک میں فرمایا گیا ہے "مثل نورہ کمشکوۃ فیھا مصباح" (النور: آیت 35) [اس کے نور کی مثال اس طاق کی سی ہے جس میں چراغ ہو]

حالانکہ اللہ جل شانہ کے نور کو چراغوں سے کیا نسبت، حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں اس سوال کے دس جواب لکھے ہیں مکتوبات امام مجدد الف ثانی میں بھی اس کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

(4)۔۔۔استغفار

روزانہ صبح و شام ایک سو مرتبہ استغفار پڑھنا، مشائخ نقشبند ایک نہایت مختصر اور جامع استغفار پڑھتے ہیں "استغفراللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ" قرآن وحدیث سے اس کے دلائل درج ذیل ہیں۔

قرآن مجید سے دلائل

دلیل نمبر1:- ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"استغفروا ربکم ثم توبوا الیہ" (ھود: آیت 52) [تم استغفار کرو اپنے رب کے سامنے اور توبہ کرو] اس آیت کریمہ میں استغفار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ پس مشائخ نقشبند اسی حکم کی روزانہ تعمیل کرتے ہوئے نہایت ندامت سے استغفار پڑھتے ہیں اور یہی تعلیم اپنے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سالکین کو بھی دیتے ہیں۔

دلیل نمبر2 :۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا:

"فقلت استغفروا ربکم انہ کان غفارا۔ یرسل السماء علیکم مدرارا۔ ویمدد کم باموال وبنین ویجعل لکم جنت ویجعل لکم انھارا" (سورۃ نوح: آیت 10۔12)

[پس میں نے (ان سے) کہا کہ اپنے پروردگار سے مغفرت طلب کرو' بیشک بخشش ان کی دائمی صفت ہے۔ وہ تم پر بارش نازل فرماتے ہیں اور بارش بھی موسلادھار' اور مال و اولاد دے کر تمہیں بڑھاتے ہیں اور تمہاری خاطر باغات اور نہروں کا انتظام کر رکھا ہے]

دلیل نمبر3 :۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"ماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم وماکان اللہ معذبھم وھم یستغفرون" (الانفال: آیت 33)

[حق تعالیٰ آپ کی موجودگی میں ان کو عذاب نہیں دیں گے۔ اور (اسی طرح) جب وہ استغفار کر رہے ہوں تو بھی ان کو عذاب نہیں ہوگا]

اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں:

"کان فیھم امنان النبی صلی اللہ علیہ وسلم والاستغفار فذھب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وبقی الاستغفار" (ابن کثیر جلد2 صفحہ 312)

[امت میں عذاب سے بچنے کے لئے دو ذریعے تھے نبی اکرم ﷺ اور استغفار' نبی اکرم ﷺ تو اس دنیا سے رخصت ہوئے البتہ استغفار اب بھی باقی ہے]

دلیل نمبر4 :۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"کانوا قلیلا من الیل مایھجعون ' وبالاسحار ھم یستغفرون" (الذاریات: آیت17' 18)

[یہ حضرات رات کو بہت کم سوتے ہیں اور سحر کے اوقات میں مغفرت طلب کرتے ہیں]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

احادیث سے دلائل

دلیل نمبر1:- بخاری شریف کی روایت ہے:

"عن ابی ھریرہؓ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول واللہ انی لاستغفراللہ واتوب الیہ فی الیوم اکثرمن سبعین مرۃ"

[حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتاہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں، یہ عمل دن میں ستر مرتبہ سے بھی بڑھ جاتا ہے]

دلیل نمبر2:- تفسیر بیضاوی صفحہ 521 پر مرقوم ہے:

"وروی عنہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاستغفراللہ فی الیوم واللیلۃ مائۃ مرۃ" (رواہ النجاری والنسائی وابن ماجہ)

[حضور ﷺ نے فرمایا "میں بعض اوقات دن اور رات میں سوسو مرتبہ بھی استغفار کرتا ہوں۔"]

محدثین نے لکھا ہے کہ نبی اکرم ﷺ کا روزانہ ستر مرتبہ یا سو مرتبہ استغفار پڑھنا اظہار عبودیت اور تعلیم امت کے لئے تھا۔ حالانکہ آپ تو بخشے بخشائے تھے۔ "لیغفرلک اللہ ماتقدم من ذنبک وماتاخر" اس پر قوی دلیل ہے۔

دلیل نمبر3:- "عن ابی بکرؓ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال، علیکم بلا الہ الا اللہ والاستغفار فاکثرمنھا فان ابلیس قال انما اھلکت الناس بالذنوب واھلکونی بلا الہ الا اللہ والاستغفار الی آخرہ" (تفسیر مظہری جلد 10 صفحہ 484)

[حضرت ابو بکر صدیقؓ حضور ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا تم پر "لا الہ الا اللہ" اور استغفار کی کثرت ضروری ہے کیونکہ ابلیس نے کہا ہے کہ میں نے لوگوں کو گناہوں سے ہلاک کیا ہے اور وہ مجھے لاالہ اور استغفار سے ہلاک کر رہے ہیں۔

دلیل نمبر4:- علامہ ابن کثیرؒ اپنی تفسیر جلد 2 صفحہ 460 پر استغفار کے متعلق لکھتے ہیں:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لزم الاستغفار جعل اللہ لہ من کل ھم فرجا ومن کل ضیق مخرجا ورزقہ من حیث لا یحتسب" (ابوداؤد جلد 1 صفحہ 220)

[حضرت ابن عباسؓ نبی اکرم ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ جس نے استغفار پر دوام اختیار کیا حق تعالیٰ اس کو ہر غم اور تکلیف سے خلاصی عطا فرماتے ہیں اور اس کو ایسے طور پر رزق دیتے ہیں جس کا اسکو گمان بھی نہیں ہوتا]

دلیل نمبر5 :۔ حضرت فضالہ بن عبیدؓ حضور اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"العبد آمن من عذاب اللہ ما استغفر اللہ عزوجل"

(ابن کثیر جلد 2 صفحہ 312)

[بندہ جب تک استغفار کرتا رہتا ہے۔ عذاب خداوندی سے محفوظ رہتا ہے]

پس سالک کو چاہئے کہ روزانہ استغفار پڑھنا اور اپنے گناہوں سے توبہ تائب ہونا لازمی سمجھے۔ "اکمال الشیم" میں لکھا ہے۔ اے دوست! تیرا توبہ کی امید پر گناہ کرتے رہنا' اور زندگی کی امید پر توبہ کو مؤخر کرتے رہنا تیری عقل کا چراغ گل ہونے کی دلیل ہے۔

اللہ رب العزت ارشاد فرماتے ہیں:

"یآ ایھا الذین آمنوا توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا" (التحریم: آیت 8)

[اے ایمان والو حق تعالیٰ کی طرف پکی سچی توبہ اختیار کرو]

دوسری جگہ ارشاد فرمایا گیا:

"و توبوا الی اللہ جمیعاً ایھا المومنون لعلکم تفلحون"

(النور: آیت 31)

[اے ایمان والو! حق تعالیٰ کی طرف رجوع کرو' تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ]

ائمہ کرام کا اجماع ہے توبہ کے واجب ہونے پر' اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کے لئے توبہ کے دروازوں کو کھلا رکھا ہے۔ حتیٰ کہ غرغرۂ موت آجائے یا پھر سورج مغرب کی طرف سے طلوع ہو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جائے۔

✪ ___ ترمذی شریف کی روایت ہے:

"ان اللہ عزوجل یقبل توبۃ العبد مالم یغرغر"

[حق تعالٰی بندہ کے سکرات الموت میں مبتلا ہونے سے قبل اس کی توبہ قبول فرمالیتے ہیں]

✪ ___ مسلم شریف کی روایت ہے:

"من تاب قبل ان تطلع الشمس من مغربھا تاب اللہ علیہ"

[حق تعالٰی کی طرف سے توبہ کا دروازہ کھلا ہے جب تک سورج مغرب سے طلوع نہیں کرتا]

✪ ___ چنانچہ توبہ کرنے والے کے گناہوں کو اسی طرح بخشا جاتا ہے کہ جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

"التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ"

[گناہوں سے توبہ کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو]

✪ ___ اگر اللہ تعالٰی کو پیار آ جائے تو نہ صرف گناہوں کو بخشتے ہیں بلکہ گناہوں کو نیکیوں میں تبدیل کر دیا جاتا ہے۔

"فاولئک یبدل اللہ سیئاتھم حسنات" (الفرقان: آیت 70)

[پس یہی لوگ ہیں جن کی برائیوں کو حق تعالٰی نیکیوں سے بدل دیں گے]

✪ ___ حضرت عمران بن حصینؓ سے مسلم شریف میں روایت ہے کہ ایک صحابیؓ نے ایسی سچی توبہ کی کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لقد تاب توبۃ لو قسمت بین سبعین من اھل المدینۃ لوسعتھم"

[اس شخص نے ایسی سچی توبہ کی ہے کہ اگر ستر آدمی جو مدینہ ہی کے رہنے والے ہیں۔ تقسیم کر دیجائے تو ان کو کافی رہے]

✪ ___ روایت ہے کہ ایک آدمی صحرا میں سفر کر رہا تھا کہ ایک جگہ تھک کر سو گیا۔ جب جاگا تو دیکھا کہ اونٹنی کہیں چلی گئی ہے۔ تلاش بسیار کے باوجود نہ ملی حتی کہ اسے یقین ہو گیا کہ مجھے اس صحرا میں شدت بھوک و پیاس سے موت آجائے گی۔ عین اس مایوسی کے عالم میں اونٹنی آگئی تو وہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

شخص کہنے لگا۔ "اللھم انت عبدی وانا ربک" [یا اللہ تو میرا بندہ میں تیرا رب] "اخطاء من شدة الفرح" [وہ شخص شدید خوشی کی وجہ سے غلط کہہ بیٹھا] جتنی خوشی اس مسافر کو ہوئی اس سے زیادہ خوشی اللہ تعالیٰ کو ہوتی ہے جب کوئی بندہ توبہ تائب ہوتا ہے۔

✪ — بعض مشائخ سے منقول ہے کہ جب شیطان کو مردود بنا دیا گیا تو اس نے مہلت مانگی "رب فانظرنی الی یوم یبعثون" [یا اللہ مجھے قیامت تک مہلت دے دے] اللہ تعالیٰ نے فرمایا "فانک من المنظرین الی یوم الوقت المعلوم" [جا تجھے وقت معین تک مہلت دی گئی] پس سوچنے کی بات ہے کہ اگر شیطان ملعون کو مہلت مل سکتی ہے تو امت محمدیہؐ کے گنہگاروں کو کیوں نہیں مل سکتی۔

✪ — تفسیر ابن کثیر جلد 4 صفحہ 178 میں لکھا ہے۔

"وفی روایة قال ابلیس وعزتک وجلالک لاازال اغوینھم مادامت ارواحھم فی اجسادھم فقال اللہ عزوجل عزتی وجلالی لاازال اغفرلھم مااستغفرونی"

شیطان نے قسم کھا کر کہا کہ اے اللہ! میں تیرے بندوں کو بہکاؤں گا۔ "ولا تجد اکثرھم شٰکرین" (الاعراف: آیت 17) [اور آپ ان میں سے اکثروں کو احسان ماننے والا نہ پائیں گے] جب شیطان نے بہکانے کی قسمیں کھائیں تو رحمت خداوندی جوش میں آئی۔ فرمایا "شیطان! تو میرے بندوں کو ورغلانے کی قسمیں کھاتا ہے اب میری بات بھی سن لے۔ میرے بندے بتقاضائے بشریت گناہ کرتے رہیں گے کرتے رہیں گے۔ اگر موت سے پہلے پہلے توبہ کرلیں گے تو "فبعزتی وجلالی" [مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم میں ان کے گناہوں کو معاف کر دوں گا]

✪ — ایک بوڑھے میاں کہیں جارہے تھے کہ راستے میں چند نوجوان آپس میں بحث مباحثہ کرتے نظر آئے۔ قریب سے گزرنے لگے تو ایک نوجوان نے کہا باباجی! ہمیں ایک مسئلہ بتادو۔ ایک شخص جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو وہ اللہ کے نزدیک افضل ہے یا وہ شخص جو بڑا گنہگار ہو مگر اس نے سچی توبہ کرلی ہو۔ دونوں میں سے کس کے دل پر اللہ تعالیٰ کی خاص نظر ہوتی ہے۔ بوڑھے میاں نے کہا بچو!

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

میں کپڑا بنتا ہوں میرے لمبے لمبے دھاگے ہوتے ہیں جب کوئی ٹوٹے تو میں اس کو گرہ لگاتا ہوں۔ تاہم اس پر نظر رکھتا ہوں کہ وہ دوبارہ نہ ٹوٹ جائے۔ ممکن ہے کہ جس گنہگار نے گناہوں کی وجہ سے اللہ سے رشتہ ٹوٹنے کے بعد سچی توبہ سے گانٹھ باندھی اس کے دل پر اللہ کی خاص نظر رہتی ہو' کہ یہ بندہ کہیں پھر نہ ٹوٹ جائے۔ "سبحان اللہ"

✪ —— فرمایا گیا کہ اے میرے بندے! اگرچہ تیرے گناہ آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں' اگرچہ تیرے گناہ ساری دنیا کے درختوں کے پتوں کے برابر ہیں' اگرچہ تیرے گناہ ساری دنیا کی ریت کے ذرات کے برابر ہیں یا سارے سمندروں کی جھاگ کے برابر ہیں پھر بھی تیرے گناہ تھوڑے ہیں میری رحمت زیادہ ہے تو آجا توبہ کرلے میں تیری توبہ کو قبول کرلوں گا۔ بلکہ یہاں تک فرمایا کہ اے میرے بندے! اگر تو نے توبہ کی پھر توڑ بیٹھا' پھر توبہ کی پھر توڑ بیٹھا' پھر توبہ کی پھر توڑ بیٹھا' صد بار اگر توبہ شکستی باز آ۔ اے میرے بندے تو نے سو دفعہ توبہ کی اور سو دفعہ توڑ بیٹھا میرا در اب بھی کھلا ہے آجا توبہ کرلے میں تیری توبہ کو قبول کرلوں گا۔ سچ کہا گیا۔

"امة مذنبة و رب غفور" [امت گنہگار ہے اور رب کریم بخشنہار ہے]

(5)—— تلاوت قرآن مجید

روزانہ ایک پارہ یا نصف پارہ قرآن پاک کی تلاوت کرنا۔

قرآن مجید سے دلائل

دلیل نمبر 1 :- ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"فاقرؤا ما تیسر من القرآن" [قرآن پاک کی تلاوت کرو' جتنا قدر تم سے ہو سکے]

اس آیت کریمہ میں قرآن پاک کو پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اسی کی تعمیل میں مشائخ حضرات سالکین طریقت کو تلاوت قرآن پاک کی تلقین کرتے ہیں۔

دلیل نمبر 2 :- ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"الذین آتینھم الکتٰب یتلونہ حق تلاوتہ" (البقرہ: آیت 121)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[جن لوگوں کو ہم نے کتاب عطا فرمائی ہے۔ وہ اسکی تلاوت کا حق ادا کر رہے ہیں]

احادیث سے دلائل

دلیل نمبر1:- طبرانی نے جامع الصغیر میں روایت نقل کی ہے کہ نبی علیہ السلام نے ایک صحابی کو نصیحت کی۔

"اوصیک بتقوی اللہ فانہ راس الامر کلہ وعلیک بتلاوۃ القرآن وذکر اللہ فانہ ذکرلک فی السماء ونورلک فی الارض"

[میں تجھے خدا سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں، کیونکہ یہ تمام امور کی جڑ ہے۔ اور تلاوت قرآن اور ذکر اللہ کو لازم رکھ۔ کیونکہ یہ آسمان میں تیرے ذکر کا سبب ہیں اور زمین میں تیری ہدایت کا]

دلیل نمبر2:- ایک حدیث حضرت ابوذرؓ سے منقول ہے:

"عن ابی ذرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیک بتلاوۃ القرآن فانہ نورلک فی الارض وذخرلک فی السماء"

[فرمایا رسول اللہ ﷺ نے، تم پر تلاوت قرآن ضروری ہے۔ کیونکہ یہ تیرے لئے زمین میں ہدایت کا سبب ہے اور آسمان میں یہ تیرا ذخیرہ (جمع ہو رہا) ہے]

دلیل نمبر3:- بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے:

"عن ابن عمرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ھذہ القلوب تصداء کما یصدأ الحدید اذا اصابہ الماء قیل یا رسول اللہ ﷺ وما جلاءھا قال کثرۃ ذکر الموت وتلاوۃ القرآن"

[فرمایا نبی اکرم ﷺ نے ان دلوں پر زنگ لگ جاتا ہے۔ جس طرح پانی لگنے سے لوہا زنگ آلود ہو جاتا ہے۔ عرض کیا گیا، یا رسول اللہ ﷺ! ان کو صاف کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا موت کا ذکر کثرت سے کرو، اور تلاوت قران پاک کثرت سے کرو]

دلیل نمبر4:- امام ابو داؤد نے یہ حدیث نقل کی ہے:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"عن عبدالله بن عمرو بن العاصؓ قال قال رسول الله صلی الله علیہ وسلم من قام بعشر آیات لم یکتب من الغافلین ومن قام بماۃ آیۃ کتب من القانتین ومن قام بالف آیۃ کتب من المقنطرین" (ابوداؤد جلد1 صفحہ 205)

[حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا جس آدمی نے نفلوں میں کھڑے ہو کر دس آیات پڑھیں، ایسا شخص غافلین میں شمار نہیں ہوگا اور جس شخص نے سو آیات پڑھیں ایسا شخص عبادت گزار لوگوں میں شمار ہوگا اور جس نے ایک ہزار آیات پڑھیں وہ اجر کے خزانے کو جمع کرنیوالوں سے ہوگا]

دلیل نمبر5 :- امام بخاریؒ نے یہ حدیث نقل کی ہے:

"عن عبدالله بن عمر ﷺ روایۃ طویلۃ وفیہ قال علیہ الصلوۃ والسلام اقرء القرآن فی کل شہر"

(بخاری جلد1 صفحہ 755 ابوداؤد جلد1 صفحہ 205)

[حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے ایک لمبی روایت ہے اور اس میں حضور ﷺ نے فرمایا "کم از کم" ایک ماہ میں قرآن کا ختم ضرور کرو]

(6)— رابطہ شیخ

تمام معمولات کا اصل اصول رابطہ شیخ ہے۔ دین سیکھنے کے لئے شیخ سے رابطہ رکھنا یعنی گاہے گاہے حاضر خدمت ہو کر، یا خط وکتابت یا ٹیلی فون وغیرہ کے ذریعے اپنے حالات سے شیخ کو باخبر رکھنا اور ان کی ہدایت کے مطابق اپنی زندگی بسر کرنا۔

قرآن مجید سے دلیل

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"واتبع سبیل من اناب الی" (لقمان: آیت 15)

[ان لوگوں کے رستہ پر چلو، جو میری طرف رجوع کر چکے ہوں]

پیر و مرشد میں چونکہ انابت الی اللہ کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے لہٰذا ان کی پیروی کرنا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

آیات بالا کے مطابق حکم الٰہی کی تعمیل ہے۔ اتباع کے لئے اطلاع ضروری ہوتی ہے اور اسی کو رابطہ شیخ کہتے ہیں۔

احادیث سے دلائل

دلیل نمبر1:۔حدیث پاک میں ہے:

"عن ابی هریرة ؓ ان النبی صلی الله علیه وسلم قال الرجل علی دین خلیله فلینظراحدکم من یخالل" (ابوداؤد، ترمذی)

[ہر شخص اپنے دوست کے طریقہ پر ہوتا ہے پس اس کو دیکھ لینا چاہیے کہ وہ کس شخص سے دوستی کر رہا ہے]

حدیث بالا کے مطابق انسان اپنے خلیل کے دین پر ہوتا ہے پس سالک کو چاہئے کہ وہ شیخ کی محبت کو لازم پکڑے ان کو اپنا خلیل اور اپنا رہبرو رہنما جانے تاکہ ان کی مانند دین کے رنگ میں رنگ جانا آسان ہو، ترمذی شریف کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا "لا تصاحب الا مؤمنا" [ایماندار کے علاوہ کسی اور کو دوست مت بناؤ] یہی صحبت شیخ اور رابطہ شیخ ہے۔

دلیل نمبر2:۔حدیث پاک میں ہے:

"المرء مع من احب" (بخاری ومسلم)

[ہر شخص کا حشرونشر اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا]

یہ حدیث مبارکہ سالکین طریقت کی تسلی کے لئے کافی وافی شافی ہے۔ سالک اپنے شیخ سے رابطہ اگر مضبوط سے اضبط بنائے گا، تو محبت بھی شدید پائے گا۔ یہی علامت ہے قیامت کے دن "المرء مع من احب" کا مژدہ جانفزا سننے کی۔ حضرت انس ؓ سے روایت ہے کہ "انت مع من احببت" [تو اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ تونے محبت کی] پس رابطہ شیخ ہی تمام معمولات کا خلاصہ اور نچوڑ ٹھہرا اور یہی "صراط الذین انعمت علیهم" کی تفسیر ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دلیل نمبر3 :- حدیث پاک میں ہے:

"علیکم بمجالسة العلماء واستماع کلام الحکماء فان اللہ تعالی یحیی القلب المیت بنور الحکمة کماتحی الارض المیت بماء المطر" (الترغیب والترھیب)

[علماء کی مجلس میں بیٹھا کرو، اور دانا لوگوں کی باتیں سنا کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ حکمت کے نور کیساتھ مردہ دلوں کو زندہ فرماتے ہیں۔ جس طرح بنجر زمین کو بارش کے پانی سے زندہ کرتے ہیں]

صحبت شیخ میں وقت گزارنا اسی فرمان نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہونا ہے۔

دلیل نمبر4 :- حضرت ابوسعیدؓ سے ایک حدیث پاک میں بنی اسرائیل کے ایک قاتل کا قصہ منقول ہے جس نے 100 قتل کئے پھر نادم و شرمندہ ہوا تو کسی نے اسے صلحاء کی بستی میں جانے کے لئے یوں کہا۔

"انطلق الی ارض کذاوکذافان بھا اناسایعبدون اللہ تعالی فاعبداللہ معھم" (ریاض الصالحین)

[فلاں فلاں علاقہ میں جاؤ، ان میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے لوگ ہوں گے، تم بھی ان کے ساتھ عبادت میں شریک ہوجاؤ]

سالک جب اپنے شیخ کی خانقاہ میں حاضر ہوتا ہے تو وہاں مریدین کا مجمع "اناسا یعبدون اللہ تعالی" کا مصداق بن کرموجود ہوتا ہے پس اسے "فاعبداللہ معھم" پر عمل پیرا ہونے کی سعادت نصیب ہوتی ہے۔

عقلی دلیل :- جب کوئی مریض ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے تو ڈاکٹر مرض تشخیص کرنے کے بعد نسخہ لکھ کر دیتا ہے اور کہتا ہے کہ کہ آپ گھر جائیں اور اتنے اتنے دن یہ دوائی استعمال کریں۔ پھر مجھے آکر حقیقت سے آگاہ کریں۔ اسی طرح مرشد اپنے مرید کو بیعت کرنے کے بعد معمولات کا روحانی نسخہ بتاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ گھر جاکر معمولات کی پابندی کریں اور گاہے بگاہے اپنے حالات سے مطلع کرتے رہیں اسی کا نام رابطہ شیخ ہے۔

اشعار سے دلائل :- شعراء امت نے رابطہ شیخ کی اہمیت میں جو اشعار کہے ہیں ان میں سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

چند ایک ہدیہ قارئین کیے جاتے ہیں۔

ہر کہ خواہد ہمنشینی باخدا اوشیند درحضور اولیاء

[جو اللہ تعالیٰ کی ہم نشینی چاہتا ہے وہ اولیاء کے حضور میں بیٹھ جائے]

صحبت صالح ترا صالح کند صحبت طالع ترا طالع کند

[نیک لوگوں کی صحبت تجھے نیک کرے گی اور بروں کی صحبت تجھے برا بنا دے گی]

گر تو سنگ خارہ و مرمر شوی چوں بصاحب دل رسی گوہر شوی

[اگر تو خارہ اور مرمر پتھر بن جائے جب کسی صاحب دل کی خدمت میں پہنچ جائے گا تو موتی بن جائے گا]

قال را بگزار مرد حال شو پیش مرد کاملے پامال شو
صد کتاب و صد ورق درنار کن جان و دل را جانب دلدار کن

[قال کو چھوڑو حال پیدا کرو، کسی کامل شخص کے سامنے پامال ہو جاؤ تو صاحب حال بن جاؤ گے سو کتاب اور سو ورق کو آگ میں ڈال، دل اور جان کو دلدار کی طرف متوجہ کر]

گلے خوشبوئے درحمام روزی رسیدازدست محبوبے بدستم
بدو گفتم تو مشکی یا عنبیری کہ از بوئے دل آویز تومستم
بگفتا من گل ناچیز بودم ولیکن مدتے باگل نشستم
جمال ہمنشیں درمن اثر کرد وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

[ایک دن حمام میں خوشبودار مٹی ایک محبوب کے ہاتھ سے مجھے ملی، میں نے اس مٹی سے کہا کہ تو مشک ہے یا عنبر کہ میں تیری پیاری خوشبو سے مست ہوں اس نے جواب دیا کہ میں تو ناچیز مٹی تھی لیکن ایک مدت تک پھول کی ہم نشین رہی ہوں میرے ہم نشین کے جمال نے مجھ پر اثر کیا ورنہ میں وہی حقیر مٹی ہوں جو پہلے تھی۔]

جلا، دیتی ہے شمع کہنہ کو موج نفس انکی خدایا کیا چھپا ہوتا ہے اہل دل کے سینوں میں
نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ انکو ید بیضا لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں
تمنا درد دل کی ہو تو کر خدمت فقیروں کی نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینوں میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 10

معمولات شب و روز

✪ ـــ سالک کو چاہیے کہ رات کے آخری حصے میں تہجد کیلئے اٹھے۔ حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ کا قول ہے "سحر خیزی میں مرغان سحر کا تجھ پر سبقت لے جانا تیرے لئے باعث ندامت ہے۔" حضرت جنید بغدادیؒ اپنی وفات کے بعد کسی کو خواب میں نظر آئے اور فرمایا "سب کشف و کرامات اڑ گئے۔ بس رات کے آخری حصے کے چند نفل کام آئے۔"

حضرت خواجہ ابو سعید ابو الخیرؒ کی رباعی تہجد کے بارے میں مشہور ہے۔

شب خیز کہ عاشقاں بشب راز کنند   گرد در و بام دوست پرواز کنند
ہرجا کہ درے بود بشب در بندند   الا در دوست را کہ بشب باز کنند

[رات کو اٹھو اس لئے کہ عشاق رات کو راز و نیاز کرتے ہیں دوست کے دروازے اور چھت کے ارد گرد پرواز کرتے ہیں۔ ہر جگہ کے دروازے رات کو بند کر دیئے جاتے ہیں سوائے دوست کے دروازے کے جسے رات کو کھول دیتے ہیں]

✪ ـــ خواب سے بیدار ہونے کے بعد مسنون دعا پڑھے۔ بند جوتا ہو تو جھاڑ لے پہلے دایاں پہنے پھر بایاں پہنے اور مسنون دعاؤں کی رعایت کرتے ہوئے بیت الخلاء اور وضو سے فارغ ہو (مختلف اوقات کی مسنون دعاؤں کا پڑھنا بہت اہم ہے اس میں ہرگز سستی نہ کرے۔ اس سے وقوف قلبی رکھنے میں تقویت ملتی ہے۔)

✪ ـــ حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ سے منقول ہے کہ بعد از وضو تین بار کہے

"خداوندا! آنحضرت تو باز گشتم از ہر بدی و تقصیرے کہ بر من گزشتہ است"

[اے اللہ میں نے ہر اس گناہ اور خطا سے توبہ کی جس کا میں مرتکب ہو چکا ہوں]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اس دعا کا مقصود توبہ و استغفار ہے تاکہ ظاہری وضو کے ساتھ باطنی طہارت بھی نصیب ہو اس سے نماز میں "ان تعبدالله کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک" کی کیفیات نصیب ہونے میں آسانی ہوتی ہے۔ صوفیہ کا منتہائے مقصد یہی ہے۔

✪ — ہر مرتبہ وضو کرنے کے بعد دو رکعت صلوۃ تحیتہ الوضو پڑھا کرے۔ منقول ہے کہ معراج کے وقت نبی علیہ السلام نے جنت میں حضرت بلال﷜ کے چلنے کی آواز سنی۔ واپسی پر دریافت کیا تو پتہ چلا کہ تحیتہ الوضو پابندی سے پڑھتے ہیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ الکفرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھے۔

✪ — نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ چار رکعت، آٹھ رکعت یا بارہ رکعت تہجد ادا کرے۔ حضرت خواجہ ابو یوسف ہمدانی﷫ کا معمول تھا کہ پہلے دوگانہ میں آیت الکرسی والا رکوع اور سورہ بقرہ کا آخری رکوع پڑھتے۔ پھر آٹھ رکعت میں دس دس آیات پڑھ کر سورۃ یٰسین مکمل کرتے۔ آخری دو رکعت میں تین تین بار سورۃ اخلاص پڑھتے۔ (حضرت خواجہ ابو یوسف ہمدانی﷫ کی صحبت میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی﷫ اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری﷫ نے فیضان پایا۔ آپ ان دونوں حضرات کے پیر تعلیم کہلاتے ہیں۔)

حضرت خواجہ عزیزان علی رامیتنی﷫ فرمایا کرتے تھے "تہجد کی نماز میں سورۃ یٰسین پڑھنے پر تین دل ملتے ہیں۔

"رات کا دل یعنی آخری پہر، قرآن کا دل یعنی سورۃ یٰسین، انسان کا دل، ان تین دلوں کا اجتماع قبولیت دعا کا سبب بنتا ہے۔"

✪ — حضرت خواجہ عبید اللہ احرار﷫ کا قول ہے "اگر کبھی تہجد ترک ہو جائے تو دوسرے دن نصف النہار سے پہلے نفل پڑھ لے۔ جس سالک کو اٹھنے کا یقین نہ ہو وہ نوافل پڑھ کر سوئے۔"

✪ — حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند بخاری﷫ تہجد کی دعا میں درج ذیل اشعار بھی پڑھا کرتے تھے۔

چوں بدرگاہ تو خود را در پناہ آوردہ ام ‌‌ ‌ یا الہ العالمین بار گناہ آوردہ ام
بر درت زیں بار خود پشت دو تاہ آوردہ ام ‌ ‌ ‌ عجز و زاری بر در عالم پناہ آوردہ ام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

من نمی گویم کہ بودم سالہا در راہ تو | ہستم آں گمراہ اکنوں رویراہ آوردہ ام
چار چیز آوردہ ام شاہا کہ در گنج تو نیست | نیستی و حاجت و عذر و گناہ آوردہ ام
دل و درویشی و دلریشی و بے خویشی بہم | ایں ہمہ بر دعویٰ عشقت گواہ آوردہ ام
چشم رحمت برکشا موئے سفید من بہ بیں | زانکہ از شرمندگی روئے سیاہ آوردہ ام

[چونکہ آپ کی درگاہ میں اپنے آپ کو پناہ میں لے آیا ہوں۔ یا الہ العالمین گناہ کا بوجھ لے آیا ہوں۔ تیرے در پر اپنے اس بوجھ کی وجہ سے اپنی کمر دو ٹکڑے کر کے لے آیا ہوں۔ عالم کو پناہ دینے والے کے در پر عجز و زاری لے کر آیا ہوں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سالہا تیری راہ میں تھا میں وہی گمراہ ہوں کہ اب راہ کی طرف رخ کر کے آیا ہوں۔ چار وہ چیزیں لے کر آیا ہوں۔ اے بادشاہ جو آپ کے خزانہ میں نہیں ہے۔ عدم و حاجت و عذر و گناہ لے کر آیا ہوں۔ دل اور فقیری اور زخمی دل اور بے یار و مددگاری ان سب کو تیرے عشق کے دعویٰ پر گواہ لے کر آیا ہوں۔ رحمت کی نگاہ فرمائیں اور میرے سفید بالوں کو دیکھیں۔ اس لئے کہ شرمندگی سے سیاہ چہرہ لے کر آیا ہوں]

کبھی کبھی حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ سے منسوب "دعائے صدیقؓ" یا "مناجات صدیقؓ" بھی پڑھ لیا کرے۔

دعا سے فراغت پر سو مرتبہ استغفار اور سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ کسی نے شیخ العرب والعجم حضرت مولانا عبدالغفور عباسیؒ سے پوچھا "استغفار پہلے پڑھیں کہ درود شریف"۔ فرمایا کہ استغفار کی مثال کپڑے دھونے والے صابن کی سی ہے۔ جبکہ درود شریف کی مثال کپڑے پر لگانے والے عطر کی سی ہے۔ آپ یہ بتائیں کہ کپڑے کو پہلے عطر لگائیں یا صابن سے دھوئیں؟ سائل نے عرض کیا "حضرت پہلے صابن سے دھونا چاہیے پھر عطر لگانا چاہیے۔" فرمایا "بس اسی طرح پہلے خوب نادم و شرمندہ ہو کر استغفار پڑھیں تاکہ دل دھل جائے پھر محبت و عقیدت سے درود شریف پڑھیں تاکہ عطر لگے اور محبت رسولؐ کی خوشبو انگ انگ میں سما جائے۔"

تسبیحات کے بعد ذکر و مراقبہ یعنی جو سبق شیخ نے تلقین کیا ہو اس میں مشغول ہو جائے اور خطرات کو دور کرتے ہوئے پوری توجہ سے مراقبہ کرے۔ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند بخاریؒ نے حضرت مولانا محمد یعقوب چرخیؒ کو نصیحت کی تھی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"پیش از صبح بسبق باطن مشغول باشی"

[صبح سے پہلے باطنی سبق میں مشغول ہو جایا کریں]

✪ ــــ نماز فجر کی دو سنتیں گھر پر ادا کرے کہ یہ بھی سنت ہے پھر فرض نماز باجماعت تکبیر اولیٰ سے ادا کرنے کیلئے مسجد جائے۔ فرض نمازوں میں تکبیر اولیٰ کی حفاظت کرنا اپنے اوپر لازم سمجھے کہ صلحاء کا شعار ہے۔ ہمارے سلسلہ عالیہ کے مشائخ کی تکبیر اولیٰ کئی کئی ماہ تک فوت نہیں ہوتی تھی۔

✪ ــــ مسجد میں مسنون دعائیں پڑھ کر داخل ہو۔ اعتکاف کی نیت کر لیا کرے۔ مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا سخت برا سمجھے۔ ہر نماز کو زندگی کی آخری نماز سمجھ کر پڑھے تاکہ کامل یکسوئی نصیب ہو۔

✪ ــــ ہر نماز کے بعد تسبیحات فاطمہ، تیسرا کلمہ ایک مرتبہ، آیت الکرسی، فجر اور مغرب کے بعد سات مرتبہ "اللھم اجرنی من النار" دس مرتبہ "اللھم اغفرلی و للمومنین و المومنات والمسلمین والمسلمات" حضرت مرشد عالمؒ اس معمول کی پابندی فرماتے تھے۔

✪ ــــ اس کے بعد ایک پارہ قرآن پاک کی تلاوت کرے۔ حفاظ اپنی منزل کے حساب سے پڑھیں۔ سورۃ یٰسین روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے۔

✪ ــــ جب سورج ایک یا دو نیزے کی قدر بلند ہو جائے تو چار رکعت نماز اشراق ادا کرے۔ اس پر ایک حج اور ایک عمرے کا ثواب ملتا ہے۔ حضرت مولانا محمد یعقوب چرخیؒ فرماتے تھے۔ اشراق کے بعد دس مرتبہ "لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر" پڑھیں۔ یہ وصیت انہیں حضرت سیف الدین باخوزیؒ نے کی تھی۔ (رسالہ السنیہ ص 33)

✪ ــــ مشائخ بخارا کا معمول ہے کہ اشراق کے نوافل میں استخارہ کی نیت بھی شامل کرتے ہیں۔ بعد میں تھوڑی دیر نیند کرتے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ پورے دن کے معاملات کو واضح فرمائے۔ مزید برآں ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، چاروں قل پڑھ کر نبی علیہ السلام اور جمیع

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

مومنین و مومنات کو ایصال ثواب کرتے ہیں۔

✪ ـــ اس کے بعد جو شخص علم پڑھنے یا پڑھانے کا شغل رکھتا ہو وہ اس میں مشغول ہو جائے۔ اگر تاجر یا ملازم ہو تو شرعی مسائل کا لحاظ رکھتے ہوئے اپنے کاروبار میں مشغول ہو جائے۔ حق تعالیٰ کی یاد کو لازم پکڑے تاکہ "رجال لا تلهيهم تجارة و لا بيع عن ذكر الله" پر عمل نصیب ہو۔ اس کو وقوف قلبی کہتے ہیں۔ یعنی ہاتھ کام کاج میں مشغول دل یاد خدا میں مشغول۔

✪ ـــ جب سورج خوب اونچا ہو جائے تو چار رکعت نوافل چاشت ادا کرے۔ حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا فرمان ہے۔

"چاشت کی پہلی رکعت میں والشمس و ضحها۔ دوسری میں والليل اذا يغشى تیسری میں والضحى اور چوتھی میں الم نشرح پڑھے۔"

(رسالہ انفاس نفیسہ ص 7)

✪ ـــ جو حضرات دنیاوی مشاغل کی وجہ سے یا دفتری پابندی کی وجہ سے باامر مجبوری نماز چاشت نہ پڑھ سکتے ہوں وہ اشراق کے وقت دو رکعت نماز اشراق اور چار رکعت نماز چاشت کی نیت سے پڑھ لیں۔ فی زمانہ یہی معمول بہتر ہے۔

✪ ـــ دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد گنجائش ہو تو قیلولہ کرے کیونکہ سنت رسول مقبول ﷺ ہے۔ اس سے تہجد کی پابندی آسان ہو جاتی ہے۔ جب آفتاب ڈھل جائے تو ظہر نماز کی چار سنتیں گھر پر پڑھے جبکہ فرض باجماعت ادا کرے۔

✪ ـــ حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا فرمان ہے کہ ظہر کے بعد تین مرتبہ کلمہ باز گشت پڑھیں۔ "خداوندا مقصود من توئی و رضائے تو۔ مرا محبت و معرفت ذوق و شوق خود بدہ"

(رسالہ انفاس نفیسہ ص 84)

✪ ـــ ظہر کے بعد پھر کام کاج میں مشغول ہو جائے۔ فرصت ہو تو حسب اجازت شیخ دلائل الخیرات یا حزب البحر وغیرہ پڑھ کر ایک مرتبہ شجرہ شریف پڑھ لے۔ وقت میں گنجائش ہو تو حدیث و فقہ کی کتب یا تصوف کی کتابیں خصوصاً مکتوبات امام ربانی اور مکتوبات معصومیہ و حالات مشائخ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سلسلہ نقشبندیہ وغیرہ پڑھے۔ بعض مشائخ کا معمول ظہر کے بعد سورۃ فتح پڑھنے کا بھی ہے۔

✪ ــــ نماز عصر کے بعد اورادو وظائف میں مشغول ہو جائے۔ حضرت خواجہ دوست محمد قندھاریؒ کا فرمان ہے کہ سالک اپنے لطائف پر حسب ذیل ترتیب سے مراقبہ کرے۔

"لطیفہ قلب پر اسم اللہ 5000 مرتبہ۔ لطیفہ روح پر 1000 مرتبہ۔ لطیفہ سر پر 1000 مرتبہ۔ لطیفہ خفی پر 1000 مرتبہ۔ لطیفہ اخفی پر 1000 مرتبہ۔ لطیفہ نفس پر 2000 مرتبہ۔ لطیفہ قالب 1000 مرتبہ یعنی کل 12000 مرتبہ ذکر اسم ذات کرے۔"

✪ ــــ نماز مغرب باجماعت ادا کر کے چھ سے بارہ رکعت نماز اوابین کی نیت سے پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ واقعہ اور سورۃ الم سجدہ اور سورۃ دخان کی تلاوت کرے۔

✪ ــــ پھر کھانے پینے سے فارغ ہو کر عشا کی نماز باجماعت ادا کرے۔ 100 مرتبہ استغفار اور 100 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر سورۃ ملک پڑھے۔

✪ ــــ حضرت مرشد عالمؒ کا معمول تھا کہ ایک مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ فاتحہ' ایک مرتبہ آیت الکرسی' ایک ایک مرتبہ چاروں قل پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے گرد حصار بناتے' پھر رات کو سویا کرتے تھے۔ یہ حفاظت کیلئے بہت مفید ہے۔

✪ ــــ سالک کو چاہیے کہ ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی' معوذتین اور تسبیحات فاطمہ کا اہتمام کرے۔ جمعہ کے دن صلوۃ التسبیح پڑھے۔ اخیر عشرہ رمضان میں اعتکاف کی کوشش کرے۔ نصف شعبان' لیلتہ القدر' عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی راتوں کا قیام کرنے کی کوشش کرے۔

✪ ــــ ایام بیض (13 – 14 – 15) ماہ قمری حساب سے روزہ رکھنا' شوال کے چھ روزے' ماہ ذوالحجہ کی نویں تک نو روزے' یوم عاشورہ' پندرھویں شعبان' آٹھ روزے اول ماہ رجب و شعبان کے رکھنے کی کوشش کرے۔ مجرد ہو تو نفلی روزے خوب رکھے۔ ایک دن روزہ ایک دن افطار بہترین عمل ہے۔ ہمیشہ روزہ رکھنا مکروہ ہے۔

✪ ــــ اگر قضا نمازیں اور روزے وغیرہ ذمہ باقی ہو تو پہلے ادا کرنے لازمی ہیں۔ مختلف مواقع کی مسنون دعائیں یاد کر کے موقعہ بہ موقعہ پڑھتا رہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ —— اپنی روحانی صحت کے ساتھ ساتھ جسمانی صحت کا خیال رکھے۔ حدیث پاک میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قوی مومن کمزور مومن سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ ہمارے مشائخ صبح یا شام جو وقت مناسب ہو تا چہل قدمی کیا کرتے ہیں۔

✪ —— اگر معمولات میں کمی بیشی چاہے تو اپنے شیخ کی اجازت سے کرے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 11

معارف و حقائق

نوٹ:۔ سالکین طریقت کی افادیت کیلئے تصوف کی معتبر کتابوں سے اخذ شدہ معارف و حقائق قلمبند کئے گئے ہیں۔

دنیا:۔

✪ ۔۔۔ ایک شخص نے رابعہ بصریہؒ کے پاس دنیا کی برائی کا تذکرہ کیا' فرمایا' آئندہ میرے پاس نہ آنا تمہیں دنیا سے بہت محبت ہے۔

✪ ۔۔۔ جو مادی دنیا کا سفر کرے اس کے پاؤں پہ آبلے اور جو روحانی دنیا کا سفر کرے اس کے دل پہ آبلے۔

✪ ۔۔۔ دنیا سے اتنا تعلق رکھو جتنا بیت الخلا سے حاجت کے وقت رکھا جاتا ہے۔

✪ ۔۔۔ طالب دنیا سمندر کا پانی پینے والے کی مانند ہے جتنا پئے اتنی ہی پیاس بڑھتی ہے۔

✪ ۔۔۔ ایک بادشاہ نے کہا اے فقیر! مانگ کیا مانگتا ہے؟ فقیر نے کہا "میں اپنے غلام کے غلام سے کیا مانگوں؟" بادشاہ نے پوچھا "کیا مطلب؟" کہا "دنیا میری غلام اور آپ دنیا کے غلام۔"

✪ ۔۔۔ بعض لوگوں نے ذوالنون مصریؒ سے کہا فلاں جماعت شغل و طرب میں مشغول ہے' بددعا کریں۔ فرمایا یا اللہ! جیسے انہیں دنیا میں خوشیاں دیں آخرت میں بھی خوشیاں عطا فرما۔

✪ ۔۔۔ دنیا کی حقیقت ایسے ہے جیسے پاخانہ کو چاندی کا ورق لگا دیں یا بڑھیا کو زرق برق کپڑے پہنا دیں۔

✪ ۔۔۔ اگر کوئی اہل دنیا کی تعظیم کرے تو کونسی عجیب بات ہے لوگ تو سانپ اور بچھو کو دیکھ کر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

بھی کھڑے ہو جاتے ہیں۔

✪ ـــــ اگر کسی کا دین دیکھنا ہو تو اس کی دنیا دیکھو اگر دنیا ٹھیک ہوگی تو دین بھی ٹھیک ہو گا۔

دل :۔

✪ ـــــ دل غیر سے خالی اور پیٹ حرام سے خالی ہو تو ہر اسم "اسم اعظم" ہو تا ہے۔

✪ ـــــ لقمان حکیمؒ نے فرمایا "میں چاند اور سورج کی روشنی میں پرورش پاتا رہا مگر دل کی روشنی سے بڑھ کر کسی کو سود مند نہ پایا۔"

✪ ـــــ دل سیاہ ہو تو چمکتی آنکھیں کچھ فائدہ نہیں دیتیں۔

✪ ـــــ جس گھر میں آرائش نہ ہو بگڑ جاتا ہے اسی طرح جس دل میں غم نہ ہو وہ بگڑ جاتا ہے۔

✪ ـــــ یحیٰی بن معاذؒ نے فرمایا "دل ہنڈیا کی مانند ہے جبکہ زبان چمچہ کی مانند۔ چمچہ وہی نکالتا ہے جو ہنڈیا میں ہو تا ہے۔"

✪ ـــــ حضرت علیؓ سے پوچھا گیا افضل چیز کیا ہے؟ فرمایا "غناء القلب" یعنی دل غنی ہونا چاہیے۔

✪ ـــــ قیامت کے بازار میں کسی سودے کی اتنی قیمت نہ ہوگی جتنا مومن کا دل خوش کرنے کی۔

عبادات :۔

✪ ـــــ دو چیزیں پہلے عبادت تھیں اب عادت بن گئی ہیں۔ ایک نکاح دوسرا طعام۔

✪ ـــــ نماز میں جی نہ لگنے کی وجہ ایسے ہے جیسے چمڑے کے کارخانے میں کام کرنے والا عطر کی دکان پر جائے تو اس کا دم گھٹنے لگتا ہے۔

✪ ـــــ اول حضوری نماز کی یہ ہے کہ معانی سمجھ کر نماز پڑھے۔

✪ ـــــ ایک بقال نے ۲۳ سال روزے رکھے گھر والے سمجھتے دن کا کھانا دکان پر کھاتا ہو گا۔ دکان والے سمجھتے تھے گھر سے کھا کر آتا ہو گا۔ کسی کو پتہ نہ چلنے دیا۔ اسے اخلاص کہتے ہیں۔

✪ ـــــ جو عبادت دنیا میں مزہ نہ دے گی وہ آخرت میں کیا جزا دے گی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ـــ تیرا ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے لئے مسجد میں آجانا پہلی نماز کے قبول ہونے کی علامت ہے۔

✪ ـــ خیالات محمودہ مثلاً عظمت الٰہی ، قبر، حشر اور جنت وغیرہ کا خیال نماز میں آئے تو خشوع کے منافی نہیں حضرت عمرؓ نماز میں جہاد کی صفیں درست کرتے تھے۔

✪ ـــ حضرت نانوتویؒ فرماتے تھے کہ حجر اسود کسوٹی ہے۔ حج و عمرہ کے بعد نیکی غالب ہو تو خیر اگر شر غالب ہو تو تباہی ہے۔

✪ ـــ نماز میں انسان اشرف الاعضاء (چہرے) کو اخس الاشیاء (زمین) پر ٹیک دیتا ہے۔ اسی لیے نماز کو معراج مومن کہا گیا ہے۔

توبہ :-

✪ ـــ گناہ کا آغاز مکڑی کے جالے کی طرح اور انجام جہاز کے لنگر کی طرح ہوتا ہے۔

✪ ـــ جو گناہ پر پچھتائے اسے ولی سمجھو۔ جو پرواہ نہ کرے گناہگار انسان سمجھو جو گناہ کرکے اترائے اسے شیطان سمجھو۔

✪ ـــ گناہ کو نہ دیکھو کہ کتنا چھوٹا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کو سامنے رکھو کہ کس کی نافرمانی کی جارہی ہے۔

✪ ـــ اگر تم غلطیوں کو چھپانے کے لئے دروازے بند کرو گے تو سچ بھی باہر ہی رہ جائے گا۔

✪ ـــ عنایت الٰہی کی دو صورتیں ہیں اول معصیت سے پہلے عصمت دوسرا معصیت کے بعد میں توبہ نصیب ہونا۔

✪ ـــ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہ بدی جو تمہیں رنجیدہ کرے اس نیکی سے بہتر ہے جو تمہیں نازاں کرے۔

✪ ـــ صدق دل سے توبہ کی علامت یہ ہے کہ اس جرم میں متہم نہیں کیا جاتا۔

✪ ـــ کوئی شخص ایسا نہیں کہ جس نے مکروہ چیز چھوڑی ہو اور اسے شریف چیز نہ ملی ہو۔

✪ ـــ حضرت ابراہیم تیمیؒ نے کہا "اخلاص یہ ہے کہ اپنی نیکیوں کو اس طرح چھپائے جس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

طرح اپنی برائیوں کو چھپاتا ہے۔

✪ ــــ اس نیت سے گناہ کرنا کہ دوچار دفعہ کر کے چھوڑ دوں گا بہت بڑی غلطی ہے۔

✪ ــــ جس طرح درخت کو اپنے پھل بھاری نہیں لگتے اسی طرح انسان کو اپنی برائیاں وزنی معلوم نہیں ہوتیں۔

✪ ــــ واعظ کو چاہیے کہ لوگوں کو اللہ کی نعمتیں یاد دلائے تاکہ شکر کریں' اپنے گناہ یاد دلائے تاکہ توبہ کریں۔ نفس و شیطان کی عداوت یاد دلائے تاکہ بچ سکیں۔

✪ ــــ نفس میں دیا سلائی کی طرح سارے خبائث پوشیدہ ہوتے ہیں۔ رگڑ لگانے کی دیر ہوتی ہے گناہوں کی آگ بھڑک اٹھتی ہے۔

شیخ اور مرید:۔

✪ ــــ مرید صادق کو مرشد کی خاموشی سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے بہ نسبت گفتار کے۔

✪ ــــ بعض مرتبہ مشائخ پر حال وارد ہوتا ہے تو فوراً توجہ دیتے ہیں جیسے آملہ پکائیں تو جوش دیتے وقت ایک لمحہ ایسا آتا ہے کہ اس میں قوت پیدا ہوتی ہے اتار لو تو ٹھیک ورنہ قوت کم ہو جاتی ہے۔

✪ ــــ ایک شیخ کے مرید زیادہ دوسرے کے کم' مثال ایسے ہی ہے جیسے دو نوجوان ایک صاحب اولاد اور دوسرا بانجھ مگر رجولیت (قوت مردمی) دونوں میں ایک جیسی۔

✪ ــــ مرید پیر سے ایسے فیض حاصل کرتا ہے جیسے لوگ شہد کی مکھی سے شہد نکالتے ہیں۔

✪ ــــ شیخ کو چاہیے کہ دوباتوں کی تلقین کرے: (۱) اخلاق کی درستگی (۲) بقدر ضرورت علم۔

✪ ــــ بد نظری کرتے وقت سوچے کہ اگر شیخ دیکھ رہے ہوتے تو پھر نہ کرتا' اسی طرح اللہ کا لحاظ کرے۔

✪ ــــ ایک غافل نے کسی شیخ سے کہا کہ آپ کا مرید ریائی ذکر کرتا ہے۔ فرمایا اس کے پاس ٹمٹماتا چراغ ہے لہٰذا بخشش کی امید ہے۔ آپ کے پاس تو یہ بھی نہیں۔

✪ ــــ جس نے معمولات میں پابندی حاصل کرلی اس پر رحمت ہوگئی۔ فرحت قلب اس کی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

لونڈی ہے جو خود بخود مل جائے گی۔

✪ ـــ سالک کو چاہیے کہ ضرورت پوری کرے لذت کے پیچھے نہ پڑے۔ جیسے کسی نے خوبصورت عورت دیکھی تو حکم ہے کہ بیوی سے ہمبستری کرو ضرورت پوری ہوئی اللہ اللہ خیر سلا۔

✪ ـــ مجذوب گو مقبول مگر کامل نہیں ہوتا۔

✪ ـــ نبی علیہ السلام کا فرمان ہے کہ میں تمہارے لیے بمنزلہ والد کے ہوں لہٰذا شیخ روحانی باپ اور اسکی بیوی ماں کی مانند ہوتی ہے۔

✪ ـــ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی" فرماتے تھے کہ جو شخص بیعت کی تمنا ظاہر کرے میں اسکو اس لئے مرید کرلیتا ہوں کہ پیر کو قیامت کے دن جہنم جاتا دیکھ کر مرید ترس کھائے گا۔ شاید اسی برکت سے بخشا جاؤں۔

✪ ـــ ایک شخص نے کسی بزرگ کو ہدیہ دے کر دعا کی درخواست کی فرمایا "ہدیہ واپس لے جاؤ، یہ دعا کی دکان نہیں ہے۔"

✪ ـــ شیخ کی مٹھی چاپی کرتے ہوئے سنت کی نیت کی جائے کیونکہ احادیث سے ثابت ہے جبکہ سر پر تیل لگانا روایات سے ثابت نہیں لہٰذا بدن کی ضرورت کی نیت کرنی بہتر ہے۔

✪ ـــ شیخ گنہگار مرید کو یوں سمجھے کہ کسی حسینہ نے چہرے پر سیاہی لگالی ہے اگر دھوئے تو چاند سا چہرہ نکل آئے گا۔

✪ ـــ عارف حق تعالیٰ کی شیون و تجلیات کی پوری رعایت کرتا ہے۔ نبی ﷺ نے تجلی محبوبیت کا غلبہ دیکھا کہ حق تعالیٰ چاہتے ہیں میں ناز کروں۔ تو فرمایا اللھم ان تھلک ھذہ العصابۃ لم تعبد بعد الیوم [اے اللہ! اگر تو نے اس جماعت کو ہلاک کر دیا تو آج کے بعد تیری عبادت نہیں کی جائے گی]

✪ ـــ حضرت ایوب علیہ السلام نے دیکھا کہ حق تعالیٰ صبر دیکھنا چاہتے ہیں شفاء کی دعا نہ کی۔ جب منکشف ہوا کہ اظہار عبدیت چاہتے ہیں فوراً کہا ۔ انی مسنی الشیطان بنصب و عذاب [شیطان نے مجھ کو رنج اور آزار پہنچایا ہے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ — شیخ کو زبان بننا چاہیے اور مرید کو کان۔ مشائخ کو چاہیے کہ عام مریدوں کو خانگی معاملات سے مطلع نہ کریں نفع کی بجائے نقصان ہوتا ہے۔

✪ — الفانی لا یرد [فانی واپس نہیں لوٹتا] کی مثال ایسے ہے جیسے بالغ آدمی نابالغ نہیں ہو سکتا اور پکا ہوا پھل کچا نہیں ہو سکتا۔

تقویٰ :۔

✪ — تقویٰ یہ ہے کہ روز محشر کوئی تمہارا گریبان نہ پکڑے۔

✪ — تقویٰ یہ ہے کہ دل کی تمناؤں کو مجسم کر کے طشتری میں رکھیں اور سر بازار پھرائیں تو ندامت نہ ہو۔

✪ — ہم ایسے زمانے میں پیدا ہوئے ہیں کہ سلف صالحین نے اپنے علم و تقویٰ کے باوجود اس سے پناہ مانگی تھی۔

✪ — وساوس کا آنا رحمت ہے خلاف تقویٰ نہیں ہے حکمت یہ ہے کہ عجب کی جڑ کٹتی ہے۔

ذلک صریح الایمان

✪ — ولایت کا تعلق ایمان و تقویٰ سے اور دونوں کا تعلق دل سے ہے۔

✪ — تقویٰ کے بغیر ترقی کا ہونا بے روح جسم پھولنے کی مانند ہے لاش پھول کر پھٹتی ہے تو پوری بستی کو بدبودار بنا دیتی ہے۔

ذکر و مراقبہ :۔

✪ — سالک کو مراقبہ میں اس طرح سکون ملتا ہے جیسے بچے کو ماں کی گود میں پہنچ کر ملتا ہے۔

✪ — کنواں کھودیں تو پہلے مٹی ریت نکلتی ہے بعد میں پانی۔ اسی طرح مبتدی کو مراقبہ میں پہلے وساوس آتے ہیں پھر یکسوئی حاصل ہوتی ہے۔

✪ — سالک کا حال خوابیدہ شخص کی مانند ہوتا ہے جسے جاگنے پر پتہ چلتا ہے کہ محبوب حقیقی پاس ہی تھا۔

✪ — ذکر کی مستی خیال ہستی کو کم کر دیتی ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ـــ اذان کے وقت ذکر سے ہٹ کر اذان کے کلمات کا جواب دینا افضل ہے۔

✪ ـــ اگر مراقبہ میں جی نہ لگے تو ایک دن مراقبہ اور ایک دن ناغہ کرے۔

دعا:۔

✪ ـــ حقیقی دعا وہ ہے جو جسم کے انگ انگ سے نکلے۔

✪ ـــ شیخ عثمان خیر آبادیؒ گاہکوں کو کھوٹے سکوں کے بدلے میں بھی مال دے دیتے تھے۔ مرتے وقت دعا مانگی کہ میں نے لوگوں کے کھوٹے سکے قبول کئے۔ اے اللہ! تو میرے کھوٹے عملوں کو قبول فرما۔ پس دعا قبول ہوئی۔

✪ ـــ شیخ شہاب الدینؒ خطیب دعا مانگتے تھے کہ یا اللہ مرتے وقت کوئی پاس نہ ہو، نہ اپنا نہ پرایا نہ ہی ملک الموت۔ بس میں اور تو۔

✪ ـــ مناسب وقت پر دعا بلا کو ٹالتی ہے نزول کے بعد مصیبت ختم نہیں ہوتی کم ہوتی ہے۔

✪ ـــ اگر تو جذبہ کامل کے ساتھ سمندر کے کنارے دعا کرے گا تو موجیں تیرے سامنے موتیوں بھری ہوئی صدف لائیں گی۔

✪ ـــ ابوالحسن نوریؒ کی دعا۔ "اے اللہ! اگر میری مغفرت نہیں کرنی تو جہنم کو مجھ سے بھر دے اور باقی سب انسانوں کی مغفرت فرما دے۔"

✪ ـــ دعا کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ قیامت کے دن کہے گا اے اللہ! میں نے تو دعا کی تھی مجھے نیک بنا، پس معذور سمجھا جائے گا۔

✪ ـــ جس سے حسد ہو اس کے لیے بلندی درجات کی دعا کرنا حسد کا بہترین علاج ہے۔

علم و عمل:۔

✪ ـــ اخلاص یہ ہے کہ انسان اعمال کا بدلہ نہ لے۔

✪ ـــ بے عمل عالم پارس کی طرح ہے جو اوروں کو سونا بناتا ہے خود پتھر ہی رہتا ہے۔

✪ ـــ بے عمل عالم کی مثال اس مریض کی مانند ہے جس کے پاس دوا ہو استعمال نہ کرے۔

✪ ـــ جس طرح چراغ جلائے بغیر روشنی نہیں دیتا علم بھی عمل کے بغیر فائدہ نہیں دیتا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ — عالم بے عمل چمچ کی مانند ہے جو رنگ برنگے کھانوں میں رہے مگر ذائقہ سے ناواقف رہتا ہے۔

✪ — علم کا پڑھنا اور اس کا بڑھنا بے فائدہ ہے جب تک خوف خدا بھی نہ بڑھے۔

✪ — محنت ہمارے ہاتھ میں ہے نصیب خدا کے ہاتھ میں۔ ہمیں اسی سے کام لینا چاہئے جو ہمارے ہاتھ میں ہے۔

✪ — بے کار انسان مردے سے بھی بد تر ہے کیونکہ مردہ کم جگہ روکتا ہے۔

✪ — حضرت بایزید بسطامیؒ کا قول ہے کہ میں نے تیس سال مجاہدہ کیا مگر علم پر عمل سے زیادہ سخت کوئی چیز نہیں دیکھی۔

✪ — قاضی بیضاویؒ نے شیراز کی قضا کے لئے کسی بزرگ سے سفارش کروائی انہوں نے سفارشی رقعے میں لکھا یہ مرد صالح عالم فاضل ہے۔ جہنم میں ایک مصلے کی جگہ چاہتا ہے۔

✪ — جس طرح مخلوق کیلئے عمل کرنا ریا ہے اسی طرح مخلوق کیلئے عمل ترک کرنا بھی ریا ہے۔

✪ — عالم بدعمل پر اعتراض کا حق نہیں، اس لئے کہ وہ علم کا مدعی ہے عمل کا نہیں۔

✪ — حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا "ہمارے بازاروں میں خریدو فروخت وہ کرے جو فقیہ ہو" سبحان اللہ، سارے ملک کو درسگاہ بنا دیا۔

برائے علمائے کرام:-

✪ — نفس کی سرکشی کو توڑنا اماطة الاذی عن الطریق میں داخل ہے۔

✪ — آج کا عام روحانی مرض ہے یالیت لنا مثل ما اوتی قارون انه لذو حظ عظیم۔

✪ — البداية و النهاية میں ہے کہ لوگ صحابہ کرامؓ کی بڑی کرامت اسے سمجھتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص کا لشکر دریائے دجلہ عبور کر گیا۔ محققین کے نزدیک صحابہ کرامؓ کی بڑی کرامت یہ ہے کہ جب ان کے سامنے قیصرو کسریٰ کی دولت کے دریا بہے تو وہ اس میں سے ایمان کو بچا کر گزر گئے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ــــ نقشبندی، چشتی وغیرہ نسبت کرنے میں حرج نہیں ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا واتبعت ملة آبائی ابراهیم و اسحاق و یعقوب حالانکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجی ہوئی شریعت کے متبع تھے۔

✪ ــــ قل ان کان آباؤکم کی تفسیر یہ ہے کہ جب اعلیٰ سامنے آئے تو ادنیٰ سے توجہ ہٹ جاتی ہے۔

✪ ــــ جس سے محبت ہو اس کا نام آئے تو نبض تیز ہو جاتی ہے۔ یہی معنی وجلت قلوبهم کا ہے۔

✪ ــــ ومن یعمل من الصالحات وهو مومن فلا کفران لسعیه وانا له کاتبون۔ اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے نیکیاں لکھنے کی نسبت اپنی طرف کی۔ قربان جائیں اس عزت افزائی پر۔

✪ ــــ بغیر معصیت کے کوئی نعمت چھن جائے تو بہتر ملتی ہے۔ ماننسخ من آیة اوننسها نات بخیر منها او مثلها اسکی دلیل ہے۔

✪ ــــ کسی نے حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ سے کہا آپ بھوک کی اتنی تعریف کیوں کرتے ہیں فرمایا "اگر فرعون بھوکا ہوتا تو انا ربکم الاعلی نہ کہتا۔"

✪ ــــ علماء کا درس نظامی کا نصاب آٹھ سالہ ہوتا ہے سند یہ ہے کہ حضرت شعیبؑ کی خدمت میں حضرت موسیٰؑ کے رہنے کا عہد آٹھ سالہ ہے لیکن تخصص کے لیے اتممت عشراً فمن عندک۔

✪ ــــ نانا کی طرف اولاد کی نسبت جائز ہے۔ ومن ذریته داود وسلیمان وایوب و یوسف و موسی و هارون وکذالک نجزی المحسنین و زکریا و یحیی و عیسی و الیاس کل من الصالحین۔

✪ ــــ بعض اسلاف کے چراغ کے تیل کا خرچہ زیادہ ہوتا تھا اور کھانے کا خرچہ کم ہوتا تھا۔

✪ ــــ بے عمل علماء کے لئے عجیب تنبیہ ہے فرمایا نبذ فریق من الذین او تو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

الکتاب کتاب اللہ و راء ظھورھم۔

✪ ــــ امام باقرؒ سے فمن یکفر بالطاغوت و یومن باللہ کی تفسیر پوچھی گئی کہا کل من شغلک من مطالعۃ الحق فھو طاغوتک۔

✪ ــــ حضرت حبیب عجمیؒ کا قول ہے۔ "خدا کی رضا ایسے دل میں ہے لیس فیہ غبار النفاق۔ [جس میں نفاق کا ذرہ بھی نہ ہو]

✪ ــــ حضرت عبداللہ بن مبارک نے فرمایا السکون حرام علی قلوب الاولیاء۔

✪ ــــ حدیث: من کثر صلوتہ باللیل حسن وجھہ بالنھار۔ [جو رات میں کثرت سے نماز پڑھے گا دن میں اس کے چہرے پر نور بھی زیادہ ہوگا]

✪ ــــ عبودیت کی شان ہے۔ انی ظلمت نفسی اور معبود کی شان ہے یا عباد لاخوف علیکم الیوم۔

✪ ــــ خواجہ بایزید بسطامیؒ نے فرمایا "محبت یہ ہے کہ جو کچھ محب دے اسے تھوڑا جانے اور جو کچھ محبوب دے اسے زیادہ جانے مثلاً اللہ تعالیٰ نے دنیا کو متاع الدنیا قلیل کہا اور والذاکرین اللہ کثیرا یہ اللہ تعالیٰ کو اپنی مخلوق سے محبت کی دلیل ہے۔"

✪ ــــ و یزید فی الخلق مایشاء سے مراد خوش آوازی ہے۔

✪ ــــ شاہ مینا شرح وقایہ پڑھتے تھے جب کتاب الزکوۃ پر پہنچے تو چھوڑ دیا۔ استاد نے پوچھا کیوں؟ کہا علم کا مقصد عمل ہے۔ صوم و صلوۃ فرض ہیں پس ان کا علم ضروری ہے۔ جب زکوۃ فرض ہوگی تو مسائل سیکھ لوں گا۔ سبحان اللہ پہلے لوگ جتنا پڑھتے جاتے تھے اتنا عمل بھی کرتے جاتے تھے۔

✪ ــــ ایک مرتبہ شیخ الاسلام عز الدین ابن عبدالسلام سے کسی نے کہا کہ بادشاہ کے ہاتھ چومیں۔ حضرت نے فرمایا "خدا کی قسم، اس پر بھی راضی نہیں ہوں کہ وہ میرا ہاتھ چومے چہ جائیکہ میں اس کے ہاتھ چوموں۔"

✪ ــــ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کو بادشاہ وقت نے بڑی جاگیر پیش کی فرمایا "اللہ تعالیٰ نے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ساری دنیا کو متاع الدنیا قلیل کہا اسی قلیل میں سے تھوڑا سا حصہ آپ کو ملا ہے۔ اب اس میں سے بھی تھوڑا سا حصہ آپ مجھے دیں گے تو اتنا تھوڑا لیتے ہوئے مجھے شرم آتی ہے۔"

✪ ـــ ایک بزرگ کسی امیر کے سامنے پاؤں پھیلا کر بیٹھے تھے۔ امیر نے کہا انہیں دینار بھری تھیلی دے دو۔ فرمایا جو پاؤں پھیلاتا ہے وہ ہاتھ سمیٹ لیا کرتا ہے۔

✪ ـــ عطر لگاتے ہوئے یہ نیت کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ خوش ہو فرمایا گیا ہے۔ من تطیب للہ فلہ اجر [جو اللہ کیلئے خوشبو لگائے اسکے لئے اجر ہے]

✪ ـــ ان الذین اتقوا اذا مسھم طئف من الشیطان تذکروا فاذا ھم مبصرون میں اہل سلوک کے لئے بڑی تسلی ہے۔

✪ ـــ ایک ککڑی بیچنے والے نے آواز لگائی الخیار العشرۃ بدانق۔ حضرت شبلیؒ نے چیخ ماری کہ جب دس خیار کی یہ قیمت ہے تو ہم اشرار کی کیا قیمت ہوگی۔

✪ ـــ احوال و مواجید کے متعلق حضرت جنیدؒ کا قول ہے تلک خیالات تربی بھا اطفال الطریقۃ۔

✪ ـــ ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی زبان سے نکلا ماشاء اللہ و شئت۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا جعلتنی للہ نداً بل ماشاء اللہ وحدہ۔

✪ ـــ تلک آیات الکتب و قرآن مبین۔ پہلے حصے میں کتاب کی حفاظت اور دوسرے میں سمجھ کر پڑھنے کی تلقین۔ یہ کہنا غلط ہے کہ بدون سمجھے پڑھنا بے فائدہ ہے۔

✪ ـــ اللہ تعالیٰ کو بندے کا یسر مطلوب ہے اور یرید اللہ بکم الیسر کا یہی مطلب ہے۔

✪ ـــ یدعون ربھم خوفا و طمعا میں عجیب تعلیم دی یعنی عبادت کو ایسا کامل نہ سمجھو کہ ناز کرنے لگو نہ ایسا ناقص کہ بے کار سمجھنے لگو۔

✪ ـــ انسان کو آئندہ کی خبر نہ دینا حق تعالیٰ کی رحمت ہے ولو اتبع الحق اھواء ھم لفسدت السموت والارض۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ـــ ایک شعر سن کر حضرت ابو الحسن نوریؒ پر حال پڑا لوگوں نے حضرت جنیدؒ سے کہا آپ پر حال کیوں نہ ہوا فرمایا و تری الجبال تحسبها جامدة

✪ ـــ انزل من السماء ماء فسالت اودية بقدرها [اس نے آسمان سے پانی نازل فرمایا۔ چنانچہ اس کے مطابق وادیاں بہنے لگیں]

اس آیت میں چاروں سلاسل کے لئے تمثیل ہے۔

✪ ـــ مہمات میں ایک دو کا مشورہ کافی ہوا کرتا ہے۔ ان تقوموا لله مثنى و فرادى ثم تتفكروا ما بصاحبكم من جنة۔

✪ ـــ ولئن شئنا لنذهبن بالذی اوحینا الیک میں علم پر ناز ختم اور ولولا ان ثبتناک لقد کدت ترکن الیهم میں عمل پر ناز کی جڑ اکھاڑ دی اس آیت کو سمجھنے والا نہ علم پہ ناز کر سکتا ہے نہ عمل پر۔

✪ ـــ اخبار پڑھنے کی ضرورت پر دلیل دی جاسکتی ہے کان رسول الله ﷺ یتفقد اصحابه۔

✪ ـــ اذا حضر العشاء والعشاء فابدوا بالعشاء [جب عشاء اور کھانا ایک وقت پیش ہوں تو پہلے کھانا کھاؤ پھر نماز پڑھو]

✪ ـــ کسب دنیا جائز حب دنیا منع بلکہ کمال رحمت یہ کہ احبیت منع ہے۔ قل ان کان اباؤ کم وابناؤ کم میں یہی بتایا گیا۔

✪ ـــ مومن پل صراط سے گذریں گے تو جہنم کہے گی یامومن اسرع فان نورک اطفاء ناری۔

✪ ـــ اہل دنیا روز محشر غرباء کو اجر ملتا دیکھیں گے تو کہیں گے یالیتنا جلودنا قرضت بالمقاریض فنعطی مثل ما اوتوا۔

✪ ـــ ایک دن آواز آئے انک من اهل الجنة دوسرے دن آواز آئے انک من اهل النار تو بھی عبادات میں فرق نہ آئے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ــــ نادانوں کی بات پر تحمل عقل کی زکوٰۃ ہے۔

✪ ــــ بہت زیادہ کھا کر بیمار ہونیوالوں کی تعداد فاقہ کشی سے بیمار ہونیوالوں سے زیادہ ہے۔

✪ ــــ ہر بچے کی پیدائش اس بات کی علامت ہے کہ خدا ابھی بندے سے مایوس نہیں ہوا۔

✪ ــــ سچ پر چلنے والوں کا ہر قدم شیطان کے سینے پر ہوتا ہے۔

✪ ــــ حیرت ہے کہ انسان ہاتھ تو دنیا کے آگے پھیلاتا ہے مگر گلہ خدا سے کرتا ہے۔

✪ ــــ بری عادات کی طاقت کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب انہیں چھوڑنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

✪ ــــ جتنی محنت سے لوگ جہنم خریدتے ہیں اس سے آدھی محنت میں جنت ملتی ہے۔

✪ ــــ کسی سے کنارہ کشی کے لئے بھی معذرت ضروری ہے ولا تنسوا الفضل بینکم۔

✪ ــــ ترک تبلیغ کے لئے مخاطب کی ناگواری عذر نہیں۔ افنضرب عنکم الذکر صفحا ان کنتم قوما مسرفین۔

✪ ــــ الاثم ماحاک فی صدرک۔ [گناہ وہ ہے جو دل میں کھٹک پیدا کرے]

✪ ــــ مکہ کی حقیقت تجلی الوہیت، مدینہ کی حقیقت تجلی عبدیت، عرفات کی حقیقت "حاضری" کی اہمیت۔

✪ ــــ مسلم شریف کی حدیث ہے اماتھم اللہ اماتۃ [مومنوں کو جہنم میں ایک قسم کی موت دی جائے گی۔ جس سے تکلیف کم ہو جائے گی]

متفرقات:۔

✪ ــــ جنت میں حوریں، شراب اور قرب خداوندی جمع ہوگا چونکہ حکم الٰہی ہوگا۔

✪ ــــ ایک عمل ایک وقت ناجائز اور دوسرے وقت جائز ہو سکتا ہے۔ جیسے نکاح سے پہلے لڑکی کو دیکھنا حرام بعد میں دیکھنا ثواب، چونکہ بیوی بن گئی ہے۔

✪ ــــ نیچی داڑھی سے زیادہ تاکید اونچے پاجامے کی ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ — نیچی داڑھی سے زیادہ تاکید اونچے پاجامے کی ہے۔

✪ — زبان سے اثر نہ ہونے کی مثال ایسے ہے جیسے ایک عام آدمی پولیس والے کو کہے کہ تم برطرف ہو۔ سو دفعہ بھی کہے تو کیا اثر۔ الٹا پولیس والا گردن ناپے گا جبکہ وزیر ایک دفعہ کہے تو برطرف۔ لہٰذا پہلے عند اللہ مقام پاؤ پھر زبان سے جو نکلے گا اسکا اثر ہو گا۔

✪ — حضرت شاہ ابو سعیدؒ نے سلاسل اربع کی مثال اربع انہار میں یوں دی ہے۔ پانی کی نہر نسبت سہروردیہ دودھ کی نہر نسبت نقشبندیہ، شراب کی نہر نسبت چشتیہ، شہد کی نہر نسبت قادریہ۔

✪ — طب جسمانی میں معدے اور طب روحانی میں دماغ کی اہمیت ہوتی ہے۔

✪ — انگریزی پڑھ کر دیندار بننا عربی پڑھ کر بے دین بننے سے بہتر ہے۔

✪ — صبر کی حقیقت یہ ہے کہ بڑے آرام کیلئے چھوٹی تکلیف برداشت کرنا آسان ہوتی ہے۔

✪ — شریعت میں اعضاء و جوارح کو آمادہ کرنا پڑتا ہے طریقت میں اعضاء و جوراح آدمی کو آمادہ کرتے ہیں۔

✪ — جس نے اپنی زندگی میں اپنی ذات کو مشتہر کیا وہ مرنے کے بعد گمنام۔ جس نے زندگی میں گمنامی کی کوشش کی وہ مرنے کے بعد مشتہر۔

✪ — حیض کے درمیان طہر کا ایک دن بھی حیض سمجھا جاتا ہے۔ اسی طرح جھوٹے آدمی کا سچ بھی جھوٹ سمجھا جاتا ہے۔

✪ — یہ تجربہ شدہ بات ہے کہ جو بچہ سورۃ یوسف پہلے یاد کرے اسے قرآن جلدی یاد ہو جاتا ہے۔

✪ — مرشد کی دعا کا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ وفات نبویؐ سے تین سال پہلے ایمان لائے مگر حافظہ اتنا کہ روایات سب سے زیادہ۔ چونکہ نبی علیہ السلام نے دعا دی تھی۔

✪ — جس طرح شہوت بغیر محل حرام ہے اسی طرح غصہ بھی بغیر محل حرام ہے۔

✪ — شیخ ابو سعید ابوالخیرؒ کے ایک مخالف نے تھپڑ مارا۔ آپ نے اس کی طرف دیکھا تو اس نے کہا والقدر خیرہ و شرہ من اللہ تعالی آپ نے فرمایا، دیکھنا یہ چاہتا ہوں کس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کے چہرے پر سیاہی لگی ہے۔

✪ — بزرگوں کا کلام نقل کرنے سے کیا ہوتا ہے، دیکھو طوطا کیسے ہو بہو آدمی کی طرح بولتا ہے کیا وہ آدمی ہو جاتا ہے، ہرگز نہیں۔

✪ — حقیقی صبر یہ ہے کہ بلا آنے کو ایسا سمجھے جیسے بلا جانے کو سمجھتا ہے۔

✪ — عقلمند وہ ہے جو مصیبت نازل ہونے کے پہلے دن وہی کرے جو تیسرے دن کرے گا۔

✪ — اگر سارے جہاں کا لقمہ بنا کر مہمان کے منہ میں رکھ دو تو بھی حق مہمانی ادا نہ ہوگا۔

✪ — سچائی کی مشعل جہاں جلتی دیکھو فائدہ اٹھاؤ یہ نہ دیکھو کہ مشعل بردار کون ہے۔

✪ — ہر بچے کی پیدائش اس بات کی علامت ہے کہ خدا ابھی بندے سے مایوس نہیں ہوا۔

✪ — مسلمان کو فائدہ نہ پہنچا سکو تو نقصان نہ دو۔ خوش نہ کر سکو تو رنجیدہ نہ کرو۔ تعریف نہ کر سکو تو غیبت نہ کرو۔

✪ — صرف ریاضی ہی میں نہیں اخلاقیات میں بھی خط مستقیم کا فاصلہ سب سے کم ہوتا ہے۔

✪ — سو سال کی عمر میں ایک لمحے کی غلطی انسان کا رخ مشرق سے مغرب کی طرف بدل دیتی ہے۔

✪ — غلطی کے بعد چہرے کو بہانے کی چادر سے نہ چھپاؤ کیونکہ چادر چہرے سے زیادہ میلی ہے۔

✪ — کمینے آدمی سے دوستی نہ کرو کیونکہ گرم کوئلہ ہاتھ جلاتا ہے اور ٹھنڈا کوئلہ ہاتھ کالے کرتا ہے۔

✪ — جب جسم سیر ہو جاتا ہے تو تمام اعضاء شہوت کے بھوکے ہو جاتے ہیں۔

✪ — حیوانات میں مکھی سب سے زیادہ حریص اور مکڑی سب سے زیادہ قناعت پسند پس اللہ تعالیٰ نے مکھی کو مکڑی کی غذا بنا دیا۔

✪ — اگر انسان کے خیالات شرعی گواہ ہوتے تو کوئی پارسا بد معاش ہوتے۔

✪ — نظر اس وقت تک پاک ہے جب تک اٹھائی نہ جائے۔

✪ — حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے نصیحت فرمائی۔ "بری نظر چھوڑ دو خشوع کی توفیق ملے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

گی۔ بیہودہ گوئی چھوڑ دو دانائی عطا ہوگی۔"

✪ ــــ فحش کلامی کرنے پر ایک نوجوان کو کسی بزرگ نے کہا "دیکھ تو خدا تعالیٰ کے نام کیسا خط بھیج رہا ہے"۔

✪ ــــ اگر غرور کوئی علم ہوتا تو اس کے کئی سند یافتہ ہوتے۔

✪ ــــ اگر تو حق تعالیٰ سے راضی ہے تو یہ نشانی ہے اس بات کی کہ وہ تجھ سے راضی ہے۔

✪ ــــ جو شخص کسی دوسرے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے شکریہ ادا کرتا ہے وہ قرضے کی پہلی قسط ادا کر دیتا ہے۔

✪ ــــ انکساری کا سہارا لے کر چلو ورنہ ٹھوکر کھا کر گر پڑو گے۔

✪ ــــ عیاری چھوٹے کمبل کی طرح ہے اس سے سر چھپاؤ گے تو پاؤں ننگے ہو جائیں گے۔

✪ ــــ حضرت موسیٰؑ نے دعا کی، خدایا! مخلوق کی زبان مجھ سے روک دے فرمایا، اگر میں ایسا کرتا تو اپنے لئے کرتا۔

✪ ــــ کلوا واشربوا ٹھیک مگر کلوا تا گلو غلط ہے۔

✪ ــــ پیٹ کا دھندہ نہ ہوتا تو کوئی جانور جال میں نہ پھنستا۔

✪ ــــ صندل کا درخت اس کلہاڑے کے منہ کو بھی خوشبودار بنا دیتا ہے جو اسے کاٹتا ہے۔

✪ ــــ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا "میں تمہیں عبادت کرتے دیکھتا ہوں مگر حلاوت میں کمی پاتا ہوں۔" صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا حلاوت کیا ہوتی ہے؟ فرمایا "انکساری۔"

✪ ــــ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا، "اب سوائے اتباع سنت کے کوئی آرزو باقی نہیں رہی۔"

✪ ــــ اشراف نفس کے بغیر جو ہدیہ ملے اس میں برکت ہوتی ہے۔

✪ ــــ لباس کے تین درجے ہیں ایک آسائش کا جو ضروری ہے، دوسرا زیبائش کا جو جائز ہے، تیسرا نمائش کا جو منع ہے۔

✪ ــــ موحد ہوتے ہوئے مئودب ہونا اور مئودب ہوتے ہوئے موحد ہونا بڑی سعادت ہے۔

✪ ــــ شاہ شجاع کرمانیؒ نے ۴۰ سال رات کو جاگ کر عبادت کرنے کا معمول رکھا۔ ایک رات

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سو گئے تو اللہ تعالیٰ کی زیارت نصیب ہوئی۔ عرض کی "یااللہ! میں نے جاگنے میں آپ کو ڈھونڈا مگر آپ سونے میں ملے۔" فرمایا "جاگنے کی برکت سے سونے میں ملا۔"

✪ — اگر مرغی کے نیچے بطخ کا انڈا رکھ دیں تو بچہ مرغی کا ہی کہلائے گا اگرچہ مرغی سے بڑا ہوگا۔ اسی طرح مرید کتنا ہی ترقی کر جائے روحانی بیٹا اپنے مرشد ہی کا رہیگا۔

✪ — غلطی ہونے پر نفس کو سزا دی جاسکتی ہے۔ جیسے حالت حیض میں جماع کرے تو صدقہ نکالنے کا حکم ہے۔

✪ — توسل کی حقیقت یہ ہے کہ دعا مانگے "اے اللہ! فلاں شخص آپ کا مقبول ہے اور مجھے اس سے محبت ہے پس اس محبت کے صدقے رحمت فرما۔"

✪ — افضل عمل کی ہمت نہ ہو تو جائز عمل کرلینا بہتر۔ معلوم ہوا کہ تہجد میں اٹھنے کی ہمت نہ ہو تو پڑھ کر سوئے۔

✪ — اے دوست تو اپنے اصل مکان کی طرف جارہا ہے لیکن سست رفتاری کے ساتھ، اصل مکان کی طرف تو جانور بھی تیز چلتے ہیں۔

✪ — شیطان کے وساوس کی مثال بجلی کے تار کی طرح ہے۔ قریب یا دور کرنے کے لیے پکڑو چمٹ جائے گی۔

✪ — بیوی کی محبت اگر غفلت عن الدین کا سبب نہ بنے تو محمود بلکہ مطلوب ہے۔

✪ — امام ابو حنیفہؒ نے امام یوسفؒ کو نصیحت کی کہ کوئی پشت سے پکارے تو جواب نہ دو پشت سے جانوروں کو پکارتے ہیں۔

✪ — حضور اکرم ﷺ سے بنی ثقیف کے ایک وفد نے عرض کیا کہ ہم اسلام لانے کو تیار ہیں مگر زکوٰۃ دیں گے نہ جہاد کریں گے۔ فرمایا، منظور، جب اسلام لائے تو سب اعمال کئے۔ یہ نبی علیہ السلام کی حکمت تھی۔

✪ — نبی اکرم ﷺ نے ایک بی بی کو نوحہ سے توبہ کرائی۔ کہنے لگی "ایک نوحہ کا قرضہ ہے اتار کر توبہ کرونگی" فرمایا ٹھیک ہے۔ اٹھ کر گئی راستے سے لوٹ آئی، حکمت یہ ہے۔

✪ — ایسی بات نہ کرو جس سے دوسروں کو تکلیف پہنچے یہ نصف سلوک ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ — منصور حلاج ؒ کو سولی چڑھانے سے پہلے مریدین نے پوچھا۔ ہمارے اور پتھر مارنے والوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ فرمایا "تمہیں ایک ثواب انہیں دو ثواب۔ تمہیں مجھ سے حسن ظن ہے انہیں شریعت کا خیال۔ حسن ظن فرع ہے جبکہ شریعت اصل ہے۔

✪ — محبت شیخ خیال غیر میں شامل نہیں ہے۔ حضرت ابراہیم ؑ نے چاند دیکھ کر کہا ھذا ربی۔ یہ ظاہر تو شرک ہے لیکن حقیقت میں شرک کا ابطال ہے۔

✪ — امام باقر ؒ کا فرمان ہے کہ مردہ دلی نفسانی خواہشات سے پیدا ہوتی ہے۔ زندہ انسان ہی غور سے سنتے ہیں۔

✪ — جو نعمت کی قدر نہیں کرتا نعمت نامعلوم طریقے سے چھین لی جاتی ہے۔

✪ — وعظ گوئی سے عجب پیدا ہو تو لکھ کر وعظ کرے اس طرح لوگ کہیں گے بیچارہ دیکھ دیکھ کر بول رہا ہے۔

✪ — اپنے اختیار و قصد سے کسی کی برائی دل میں رکھنا اور اسے ایذا پہنچانے کی تدبیر کرنا کینہ ہے۔ اگر کسی سے رنج کی بات پیش آئے اور طبیعت ملنے کو نہ چاہے تو یہ انقباض ہے دور ہونے کی دعا کرے۔

✪ — مال دنیا کی کمی پر نظر رہنا حب دنیا کی علامت ہے۔

✪ — اہل اللہ کے نزدیک مال پر فخر کرنے والوں کی مثال ایسے ہے جیسے بھنگی آپس میں گندگی کے ٹوکروں پر فخر کریں۔

✪ — حضرت ابراھیم ادھم ؒ سے کوئی فاقے کی شکایت کرتا فرماتے "تم فاقے کی قدر کیا جانو، ہم نے سلطنت دے کر خریدے ہیں، ہم سے پوچھو۔"

✪ — عورت کے لئے زیور و لباس کی محبت کم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ گھر میں اچھے کپڑے پہنے دوسری جگہ جائے تو معمولی کپڑے پہنے۔

✪ — ابن عطاء سکندری کو الہام ہوا کہ میں ایسا رزاق ہوں اگر تو دعا کرے کہ رزق نہ ملے تو پھر بھی دوں گا اگر رو رو کر مانگے گا تو کیوں نہ دوں گا۔

✪ — امام مالک ؒ کے ہاں امام شافعی ؒ مہمان ہوئے۔ امام مالک ؒ نے پہلے خود ہاتھ دھوئے اور کھانا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

شروع کیا تاکہ مہمان بے تکلف ہو جائے۔

✪ ـــ دریا کے پانی اور آنکھوں کے پانی میں صرف جذبات کا فرق ہوتا ہے۔

✪ ـــ ہماری مشرقی عورتیں عام طور پر (عاشقات الازواج) اور قاصرات الطرف (دوسروں کی طرف نہ دیکھنے والیاں) ہوتی ہیں۔ عورتیں فطرتاً مرد کے تابع، مگر مرد محبت کی وجہ سے عورت کا تابع ہوتا ہے۔

✪ ـــ بوڑھا آدمی چراغ سحر ہے تو جوان آدمی چراغ شام ہے۔

✪ ـــ حقوق العباد کو حقوق اللہ پر ترجیح دینے میں ایثار کی تعلیم مقصود ہے۔

✪ ـــ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ہمارے جذبات کا لحاظ فرمایا ہے سات زمینیں سات آسمان مگر سات آسمان کا تذکرہ بار بار سات زمین کا ایک ہی بار۔

✪ ـــ حضور اکرم ﷺ کو جب اختیار دیا جاتا دو باتوں میں، تو آپ ﷺ آسان شق کو اختیار فرماتے۔ اس میں عاجزی و کمال عبدیت ہے۔

✪ ـــ ایک صاحب نے حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ سے مکہ کے قیام کی اجازت طلب کی۔ فرمایا "تم ہندوستان رہو دل مکہ میں یہ بہتر ہے اس سے کہ تم مکہ میں رہو اور دل ہندوستان میں۔"

✪ ـــ شجاعت اور تدبیر اکٹھی ہو سکتی ہیں شیر کتنا بہادر مگر چھپ کر شکار کرتا ہے۔

✪ ـــ عوام کا یہ حال کہ شرک کو بھی توسل سمجھتے ہیں علمائے خشک کا یہ حال کہ توسل کو بھی شرک سمجھتے ہیں۔

✪ ـــ حرم شریف کی خاصیت رحم کی سی ہوتی ہے بچہ بڑا ہوتا ہے تو رحم بھی بڑا ہو جاتا ہے۔ اسی طرح حجاج کے زیادہ ہونے پر حرم میں وسعت ہوتی ہے۔

✪ ـــ الٰہی میں اگرچہ تیری نافرمانی کروں مگر تجھ سے امیدیں تو منقطع نہیں ہوتیں۔ دنیا کی بے وفائی نے تیری طرف دھکیل دیا اور تیرے لطف و کرم کے علم نے تیرے دروازے پر جما دیا۔

✪ ـــ الٰہی تو نے اپنا احسان کم نہیں کیا تو پھر کس طرح تیرے سوا کسی دوسرے کی امید کی جاوے اور تو نے اپنی بندہ نوازی کی عادت کو نہیں بدلا تو تیرے غیر سے کیونکر سوال کیا جاوے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ —— الٰہی جس نے تجھ کو پایا اس نے کیا نہ پایا اور جس نے تجھ کو نہ پایا اس نے کیا پایا۔

✪ —— الٰہی ہوائے نفسانی نے شہوت کی مضبوط رسیوں میں مجھ کو جکڑ لیا تو میرا مددگار ہو کہ میری بھی مدد فرما اور میرے متعلقین کی بھی مدد فرما۔

✪ —— الٰہی قبر میں اترنے سے پہلے ہمیں شک سے، شرک سے اور نفاق سے بری فرما۔ اے اللہ میں ہوائے نفسانی اور وساوس شیطانی پر تیری مدد چاہتا ہوں۔

✪ —— الٰہی تو جانتا ہے کہ یقیناً مجھ سے طاعت کی بجا آوری پر مداومت نہیں ہوئی تاہم طاعت کی محبت دل سے کبھی نہیں نکلی۔

✪ —— الٰہی میں بہت سی طاعتیں بجا لایا اور بہت سی حالتوں کو میں نے پختہ اور راسخ کیا مگر تیرے عدل نے ان پر میرے اعتماد کو ڈھا دیا۔ نہیں بلکہ تیرے فضل نے مجھ کو ان پر اعتماد کرنے سے پھیر دیا۔

✪ —— الٰہی جس کی نیکیاں بھی برائیاں ہیں تو بھلا اس کی برائیاں کیونکر برائیاں نہ ہوں گی اور جس کے علوم و حقائق بھی محض دعوے ہیں تو بھلا اس کے دعوے کیونکر دعوے نہ ہوں گے۔

✪ —— الٰہی جب کبھی میری بدی نے میری زبان بند کی تیرے کرم نے مجھ کو گویا کر دیا اور جب کبھی میرے برے اوصاف نے مجھے مایوس کیا تیرے احسان نے میری امید بندھا دی۔

✪ —— الٰہی باوجود میری ناعاقبت اندیشی کے تو مجھ پر کس قدر مہربان ہے اور باوجود میرے افعال کی قباحت کے تو مجھ پر کس قدر رحم کرنے والا ہے۔

✪ —— الٰہی جب میرا حال تجھ سے مخفی نہیں تو میں تجھ سے اس کا شکوہ کیوں کروں۔ الٰہی جب تو میرا کفیل ہے تو مجھے نفس و شیطان کے حوالے نہ فرما اور جب تو میرا مددگار ہے تو مجھے ذلیل و رسوا نہ فرما اور جب تو مجھ پر مہربان ہے تو روز محشر کی ناکامی سے بچا۔

✪ —— الٰہی تو نے میری ناتوانی کے وجود سے پہلے اپنے آپ کو میرے ساتھ لطف و مہربانی سے متصف فرمایا تو کیا میری ناتوانی کے وجود کے بعد مجھ کو اپنے لطف و مہربانی سے محروم فرمائیگا۔

✪ —— الٰہی مجھ سے وہ ہے جو میری بدی اور کمینگی کے لائق ہے اور تجھ سے وہ ہے جو تیرے کرم کو سزاوار ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ــــ الٰہی جب میں اپنے غنا کی حالت میں بھی محتاج ہوں تو اپنے فقر کی حالت میں کیونکر فقیر و محتاج نہ ہونگا۔

✪ ــــ جس نے نعمتوں کی قدر ان کی موجودگی میں نہ پہچانی وہ اس کے فقدان کے بعد اس کی قدر پہچانے گا۔

✪ ــــ جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی مہربانیوں اور احسانات سے متوجہ نہ ہوا تو وہ آزمائش کی زنجیروں میں اس کی طرف کھینچا جائے گا۔

✪ ــــ جو کلام کسی متکلم سے ظاہر ہوتا ہے ضرور اس پر اس قلب کا نورانی یا تاریک لباس ہوتا ہے جس سے وہ پیدا ہوا۔

✪ ــــ طاعت کے فقدان پہ غم نہ ہونا اور اس کے ساتھ طاعت کی طرف نہ اٹھنا دھوکہ میں پڑنے کی علامت ہے۔

✪ ــــ جب تو اپنی قدر اس کے نزدیک معلوم کرنا چاہے تو یہ دیکھ کہ اس نے تجھ کو کس کام میں لگا رکھا ہے۔

✪ ــــ جس نے اپنے عمل کا ثمرہ لذت و حلاوت کی شکل میں دنیا میں پالیا تو یہ اس کے آخرت میں قبول ہونے کی دلیل ہے۔

✪ ــــ جس کے سلوک کی ابتدا اوراد کے التزام سے منور ہوگی اس کے سلوک کی انتہا انوار و معارف کے ساتھ روشن ہوگی۔

✪ ــــ جس کو تو ہر سوال کا جواب دینے والا۔ ہر مشاہدہ کا ظاہر کرنے والا اور ہر علم کا بیان کرنے والا دیکھے تو اس سے اسکا جہل سمجھ لے۔

✪ ــــ عارف وہ ہے کہ جس کی بیقراری کبھی زائل نہ ہو اور ماسوائے اللہ تعالیٰ کے اس کو کبھی قرار نہ آوے۔

✪ ــــ غیر کے بقا کی طرف تیرا نظر اٹھانا اور ماسوا کے فقدان سے تیرا وحشت ناک ہونا تیرے اس تک نہ پہنچنے کی دلیل ہے۔

✪ ــــ جب تک تو مخلوقات میں خالق کا مشاہدہ نہ کرے ان کا تابع ہے اور جب تو اس کا مشاہدہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کرے تو مخلوقات تیرے تابع ہیں۔

✪ ــــ بڑا سخت تعجب ہے کہ جس سے کسی طرح جدا نہیں ہو سکتا اس سے بھاگتا ہے اور جس کے ساتھ کسی طرح نہیں رہ سکتا اس کو طلب کرتا ہے فی الحقیقت آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔

✪ ــــ تو اپنی عبودیت کے اوصاف میں پختہ ہو۔ وہ اپنے اوصاف کے ساتھ تیری امداد فرمائے گا تو اپنی ذلت میں پختہ ہو وہ اپنی عزت سے تیری اعانت کرے گا۔ تو اپنے عجز میں پختہ ہو وہ اپنی قدرت سے تیری مدد کرے گا تو اپنی ناتوانی میں پختہ ہو وہ اپنی طاقت قوت کے ساتھ دستگیری فرمائیگا۔

✪ ــــ جو چیز تیری نہیں دوسرے کی ہے اس کا دعویٰ تیرے لئے حرام کردیا تو کیا اپنے وصف کا دعویٰ تیرے لئے مباح کردے گا حالانکہ وہ تمام عالم کا پروردگار ہے۔

✪ ــــ تو اپنے دل کو اغیار سے خالی کر اللہ تعالیٰ اسے معارف و اسرار سے پر کرے گا۔

✪ ــــ بسا اوقات قبض کی تاریک رات میں وہ علوم و معارف تجھ کو دیئے جو تو بسط کے روز روشن میں نہیں پا سکتا۔

✪ ــــ ابتدائے سالک اس کی انتہا کا آئینہ اور تجلی گاہ ہے جس کی ہدایت اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوگی اس کی نہایت بھی اس تک ہوگی۔

✪ ــــ جس کی عمر میں برکت دی جاتی ہے وہ تھوڑے زمانہ میں اس قدر اللہ تعالیٰ کے الطاف و احسانات پالیتا ہے جو نہ عبارت اور بیان کے احاطہ میں آسکیں نہ اشارہ وہاں پہنچ سکے۔

✪ ــــ پردہ پوشی کی دو قسمیں ہیں ایک تو گناہ کے صدور سے پردہ پوشی دوسری گناہ ہونے کے بعد خلق سے پردہ پوشی۔

✪ ــــ علوم و حقائق تجلی کے وقت مجمل وارد ہوتے ہیں پھر حفظ و نگہداشت کے بعد تفصیل ہوتی ہے۔ "لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ......"

✪ ــــ امداد الہیہ کا ورود بقدر قابلیت اور استعداد کے ہوتا ہے اور انوار کی روشنی بقدر صفائی اسرار باطنی کے ہوتی ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ —— ورد کا تو تیرا مولیٰ تجھ سے طلبگار ہے اور وارد کا تو اس سے خواہاں ہے تو بھلا تیرے مطلوب کو اس کے مطلوب سے کیا نسبت ہو سکتی ہے۔

✪ —— مولیٰ تعالیٰ کے احسان اور اپنے عصیان سے ڈر کہ مبادا یہ تیرے لئے استدراج ہو' چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہم درجہ بدرجہ ان کو اتاریں گے ایسی طرح کہ وہ نہ جانیں گے۔

"سنستدرجھم من حیث لا یعلمون۔"

✪ —— حقیقت میں متواضع وہ نہیں ہے کہ جب کوئی تواضع کا کام کرے تو اپنے آپ کو اس سے بلند اور بالا تر سمجھے بلکہ متواضع وہ ہے کہ جب تواضع کرے تو اپنے آپ کو اس سے کمتر اور پست خیال کرے۔

✪ —— جس چیز سے تو مایوس ہے اس سے آزاد ہے اور جس کا طامع ہے اسکا بندہ ہے۔

✪ —— درحقیقت تیرا ہمنشیں وہ ہے جو تیرا عیب جان کر بھی تیرا ساتھی رہا اور بجز تیرے مولیٰ کریم کے ایسا اور کوئی نہیں ہے۔

✪ —— گاہے تو بدکار ہوتا ہے لیکن تجھ کو تجھ سے بدتر کی صحبت نیکوکار دکھلاتی ہے۔

✪ —— ایسے شخص کی مجالست نہ کر کہ نہ جس کا حال تجھ کو اللہ تعالیٰ کی طرف برانگیختہ کرے اور نہ اس کا کلام تجھ کو اللہ تعالیٰ کی طرف رہنمائی کرے۔

✪ —— جب تو یہ جانتا ہے کہ شیطان تجھ سے غافل نہیں ہوتا تو تو بھی اپنے ایسے مولیٰ سے کہ تیری پیشانی اس کے قبضہ قدرت میں ہے غافل نہ ہو۔

✪ —— نہ تیری طاعت اس کو کچھ نفع بخشتی ہے اور نہ تیری معصیت اسکو کوئی نقصان پہنچاتی ہے تجھ کو طاعت کا حکم کیا اور معصیت سے روکا کہ اس کا نفع تیری طرف عود کرے۔

✪ —— اپنی عنایت خاصہ اور توجہ کے بھید کے ظہور کی طرف اپنے بندوں کو نگراں پایا تو فرمایا اللہ تعالیٰ جس کو چاہے اپنی رحمت کے ساتھ مخصوص کرے اور جب دیکھا کہ اگر ان کو اسی کے ساتھ چھوڑ دیا جائیگا کہ سر عنایت وہی ہے تو تقدیر ازلی پر اعتماد کر کے عمل کرنا چھوڑ دیں گے تب فرمایا اللہ کی رحمت نیکوکاروں کے قریب ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ ـــ جس نے تیری تعظیم کی اس نے درحقیقت تیرے پروردگار کی ستاری کی تعریف کی۔

✪ ـــ جب اپنا فضل و احسان تجھ پر ظاہر کرنا چاہتے ہیں اعمال صالحہ تجھ میں پیدا کر کے مدح کے موقع میں تیری طرف نسبت کر دیتا ہے۔

✪ ـــ جب تجھ کو ماسوا سے متوحش اور دل برداشتہ کر دیا تو تو سمجھ لے کہ وہ تیرے لئے اپنے ساتھ دل لگی اور انس کا دروازہ کھولنا چاہتا ہے۔

✪ ـــ اول تجھ پر ایجاد کی نعمت مبذول فرمائی اور دوسرے ہر لحظہ پے در پے ظاہری و باطنی بقاء کی نعمت پہنچائی۔

✪ ـــ جب عطا سے تجھے فراخ دلی ہو اور منع سے دل تنگی ہو تو سمجھ لے کہ تو عبودیت میں سچا نہیں۔

✪ ـــ خلق کا دینا تیرے لئے حرمان ہے اور اللہ تعالیٰ کا نہ دینا بھی احسان ہے۔

✪ ـــ نہ دینا صرف اسی وجہ سے تجھ کو تکلیف رساں ہے کہ تجھ کو نہ دینے میں اللہ تعالیٰ کی حکمت و لطف کی فہم نہیں۔

✪ ـــ جب تجھ کو دیا تو اپنا جود و کرم دکھلایا اور جب نہ دیا تو اپنا قہر و غلبہ مشاہدہ کرایا پس وہ بہر حال معرفت سے تجھ کو بہرہ ور فرماتا ہے اور اپنے لطف و احسان کے ساتھ تیری طرف متوجہ ہے۔

✪ ـــ صرف دار آخرت ہی کو اپنے مومن بندوں کے اعمال کیلئے محل جزا مقرر کیا ایک تو اس وجہ سے کہ جو کچھ دینا چاہتا ہے دار دنیا اسکو سما نہیں سکتی دوسرے یہ کہ دار بقا میں بدلہ دینے سے ان کی قدر کو برتر اور بالا ٹھہرایا۔

✪ ـــ جس نے یہ گمان کیا کہ مصیبت اور تکالیف میں اس کا لطف و مہربانی جدا رہے تو یہ اس کی نظر عقل کا قصور ہے۔

✪ ـــ جب تک تو اس دار دنیا میں ہے کدورتوں کے پیش آنے کو عجیب نہ خیال کر کیونکہ دنیا نے اسی چیز کو ظاہر کیا جو اس کا وصف ضروری اور نعمت لازمی ہے۔

✪ ـــ جب صبح ہوتی ہے تو غافل فکر کرتا ہے کہ آنے میں کیا کام کرونگا اور دانشمند انتظار کرتا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ساتھ کیا معاملہ فرمائے گا۔

✪ ـــ اس میں تیری کوشش جس کا وہ تیرے لئے کفیل ہو چکا اور اس میں تیری کوتاہی جس کا وہ تجھ سے طالب ہوا تیری عقل کا چراغ گل ہونے کی دلیل ہے۔ پیش قدمی کرنے والی ہمتیں تقدیر کی دیواروں کو نہیں پھاڑ سکتیں۔

✪ ـــ اللہ تعالیٰ سے یہ طلب نہ کر کہ تجھ کو تیری موجودہ حالت شغل دینی یا دنیوی سے نکال کر اس کے سوا کسی دوسری حالت کے کام میں لگا دے کیونکہ اگر وہ چاہتا تو بغیر نکالے کے کام میں لگاتا۔

✪ ـــ دعا و عبادت سے تیرا مطلوب حصول بخشش و عطا نہ ہونا چاہیے بلکہ اپنی عبودیت کے اظہار اور اس کی ربوبیت کے حقوق کو قائم کرنا ہونا چاہیے۔

✪ ـــ اکثر اوقات عارف اپنے مولیٰ کی مشیت پر اکتفا کر کے اس کی طرف اپنی حاجت پیش کرنے سے حیا کرتا ہے تو بھلا وہ اسکی مخلوق کی طرف حاجت لے جانے میں حیا کیوں نہیں کرے گا۔

✪ ـــ سوال کے ساتھ یاد تو اس کو دلایا جائے جس پر غفلت و سہو جائز ہو اور طلب کے ساتھ متنبہ اس کو کریں جس کو سائل سے بے پروائی ممکن ہو۔

✪ ـــ اپنے مولیٰ سے دعا و سوال کرنا کچھ عمدہ اور معتبر حال نہیں۔ پسندیدہ حال یہ ہے کہ تجھ کو حسن ادب عطا ہو جائے۔

✪ ـــ اے سالک اپنی ہمت کو اپنے مولیٰ کریم کے غیر کی طرف نہ بڑھا کیونکہ کریم سے امیدیں تجاوز نہیں کرتیں۔

✪ ـــ باوجود گڑگڑانے کے دعا میں عطا کے وقت میں تاخیر کا ہونا تجھ کو قبولیت دعا سے مایوس نہ کردے کیونکہ وہ تیری اجابت کا کفیل اس امر میں ہوا ہے جس کو وہ تیرے لئے پسند فرماتا ہے۔

✪ ـــ شہوت نفسانیہ کو دل میں سے بجز روکنے والے خوف کے یا بیقرار کرنے والے شوق کے کوئی چیز نہیں نکال سکتی۔

✪ ـــ جب تو یہ چاہے کہ امید کا دروازہ تیرے لئے مفتوح ہو تو اپنی طرف اپنے مولیٰ حقیقی کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

احسانات کا مشاہدہ کر اور جب چاہے کہ خوف کا دروازہ تجھ پر کھلے تو جو کچھ نافرمانیاں اور بے ادبیاں اس کی جناب میں صادر ہوئی ہیں ان کا مشاہدہ کرے۔

✪ — اگر تجھ کو تیرے نفس کی طرف لوٹا دیا تو تیری مذمتوں کی نہایت نہیں اور اگر اپنا جود و کرم تجھ پر ظاہر فرمایا تو تیری خوبیوں کی انتہا نہیں۔

✪ — لغزش اور معصیت صادر ہونے کے وقت عفو کی امید میں نقصان کا ہونا اپنے اعمال پسندیدہ پر اعتماد کی علامت ہے۔

✪ — جب تجھ پر دو امر مشتبہ ہو جائیں کہ کون اولیٰ ہے ان میں نفس پر جو زیادہ شاق ہو اسکو دیکھ اور اس کی پیروی کر کیونکہ نفس پہ وہی شاق ہوتا ہے جو حق ہوتا ہے۔

✪ — معصیت میں خط نفسانی کھلم کھلا ہے اور طاعت میں خط نفسانی پوشیدہ ہے پس جو بیماری پوشیدہ ہو اس کا علاج سخت ہوتا ہے۔

✪ — جب تیرا مولیٰ تیری ایسی تعریف میں خلقت کی زبان کو گویا کر دے جس کے تو لائق نہیں تو تو اپنے مولیٰ کی تعریف میں جو اس کے لائق ہے تر زبان ہو۔

✪ — سب سے زیادہ جاہل وہ شخص ہے جو اپنی نسبت لوگوں کے خیالی اوصاف گمان کرنے پر اپنے یقینی عیوب کا خیال چھوڑ دے۔

✪ — مومن حقیقی کی جب مدح ہوتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس پر شرماتا ہے کہ اس کی ایسے وصف میں تعریف ہوتی ہے جس کا مشاہدہ اپنے نفس میں نہیں کرتا۔

✪ — لوگ بسبب ان اوصاف حمیدہ کے جو تجھ میں گمان کرتے ہیں تیری توصیف کرتے ہیں تو بسبب ان بری خصلتوں کے جو اپنے اندر پاتا ہے اپنے نفس کی مذمت کر۔

✪ — خواہش نفسانی کی حلاوت و لذت کا قلب میں مستحکم ہو جانا سخت لاعلاج بیماری ہے۔

✪ — تجھ سے خوارق عادات کیونکر ظاہر ہوں ابھی تک تو نے نفسانی عادتوں کو تو ترک کیا ہی نہیں۔

✪ — ہر ایک معصیت اور غفلت اور نفسانی شہوت کی جڑ اپنے نفس سے رضامندی ہے۔

✪ — اپنے عیوب باطنی کی طرف تیرا نگاہ کرنا ان اشیاء کے حصول کی طرف نظر کرنے سے جو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تجھ سے پوشیدہ اور غائب ہیں زیادہ بہتر ہے۔

✪ ـــ مخلوق سے لینے کی طرف ہاتھ نہ پھیلا، مگر جب ان میں بھی مولیٰ حقیقی کو ہی دینے والا مشاہدہ کرے۔

✪ ـــ تیرے اوقات میں بہتر اور عمدہ وقت وہ ہے جس میں تو اپنی حاجتمندی کا مشاہدہ کرے اور اپنی ذلت و خواری کی طرف لوٹے۔

✪ ـــ اگر مواہب الٰہی کا نزول اپنے اوپر چاہتا ہے تو فقر و فاقہ کو اپنے اوپر راست کرے کیونکہ حق تعالیٰ فرماتا ہے صدقے فقراء ہی کے واسطے ہیں۔

✪ ـــ فاقوں کا نازل ہونا مریدوں کی عید ہے۔

✪ ـــ اگر تو دائمی عزت کا خواہاں ہے تو فانی عزت کو اختیار نہ کر۔

✪ ـــ اگر یقین کا نور تجھ پر روشن ہو جاتا تو دنیا کے محاسن پر فنا کے گہن کو ظاہر دیکھ لیتا۔

✪ ـــ اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ تو صرف نصیحت قبول نہ کرے گا تو اس لئے دنیا کے مصائب کی چاشنی کا ایسا ذائقہ چکھایا جو تجھ پر دنیا کی مفارقت سہل کر دے۔

✪ ـــ اگر تو چاہے کہ معزولی کے غم سے محفوظ رہے تو بے بقا اور ناپائیدار ولایت دنیاوی اختیار نہ کر۔

✪ ـــ جو عمل تارک الدنیا کے قلب سے ہو وہ تھوڑا نہیں اور جو عمل دنیا کے حریص اور اللہ تعالیٰ سے غافل کے قلب سے ہو وہ زیادہ نہیں۔

✪ ـــ فکر قلب کا چراغ ہے جب وہ نہ رہیگا تو قلب کی روشنی بھی جاتی رہے گی۔

✪ ـــ ذکر میں حضور نہ ہونے کے سبب ذکر کو نہ چھوڑ کیونکہ اثنائے ذکر میں غفلت ہونے کے بہ نسبت نفس ذکر سے غفلت کا ہونا زیادہ سخت ہے اور کچھ بعید نہیں کہ تجھ کو اللہ تعالیٰ ذکر غفلت سے ذکر بیداری تک اور ذکر بیداری سے ذکر حضور تک اور ذکر حضور سے اس ذکر تک جس میں اللہ کے سوا سب سے غیبت ہو جائے بلند فرما دیوے اور اللہ تعالیٰ پر کچھ دشوار نہیں ہے۔

✪ ـــ عمر گذشتہ کا عوض نہیں اور عمر موجودہ بے بہا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ — تیرا اعمال کی بجا آوری کو فارغ وقت پر ٹالنا تیرے نفس کی حماقتوں سے ہے۔

✪ — اغیار سے خالی ہونے والے وقت کا انتظار نہ کر کیونکہ یہ تجھ کو اس کے مراقبہ اور نگہداشت سے جس حال میں تجھ کو ٹھہرا رکھا ہے جدا کر دے گا۔

✪ — بقدر ایک سانس کے بھی تیرا وقت نہیں گزرتا مگر اس میں تیرے لئے خدا کا امر مقدر کیا ہوا ظاہر ہوتا ہے۔

✪ — تنزیہ ہے اس ذات پاک کے واسطے جس نے اپنے اولیاء کی طرف راہ یابی کا وہی طریقہ رکھا جو اپنی طرف راہ یابی کا طریقہ ٹھہرایا اور اپنے اولیاء تک اسی کو پہنچایا جس کو اپنی طرف پہنچانا چاہا۔

✪ — گمنامی کی زمین میں اپنے وجود کو دفن کر دے کیونکہ جو دانہ زمین میں دفن نہیں ہوتا اس کا نشوونما کامل نہیں ہوتا۔

✪ — قلب کے لئے کوئی چیز اس گوشہ نشینی کے برابر نافع نہیں جس کے ساتھ صفات الٰہی و نعماء شناسی کے میدان میں داخل ہو۔

✪ — تجھ پر اپنی خدمت و طاعت کو واجب فرمایا اور حقیقت میں اس کی وجہ سے تیرے جنت میں داخل ہونے کو واجب فرمایا۔

✪ — جب حق جل و علا نے اپنے بندوں کی کوتاہی وظائف عبودیت کی بجا آوری کی طرف اٹھنے میں معلوم فرمائی تو اپنی طاعت و عبادت کو ان پر واجب فرما کر گویا ان کو اپنے ایجاب کی زنجیروں کے ساتھ اپنی طاعت کی طرف ہانکا۔ تیرا پروردگار ان لوگوں پر تعجب فرماتا ہے کہ جو زنجیروں میں باندھ کر جنت میں بھیجے جاتے ہیں۔

✪ — تیرے لئے طاعات کو اوقات معینہ کے ساتھ اس لئے مقید کر دیا تاکہ کسل اور لیت و لعل مانع نہ ہو اور وقت فراخ رکھا تاکہ کچھ حصہ اختیار کا بھی تیرے لئے باقی رہے۔

✪ — تیرا ضعف و ناتوانی معلوم کر کے نماز کی تعداد گھٹا دی اور فضل خداوندی کا محتاج جان کر امداد ثواب بڑھا دی۔

✪ — نماز حقیقی دلوں کو اغیار کے میل کچیل سے پاک کرنیوالی اور پوشیدہ اسرار کا دروازہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کھولنے والی ہے نماز سرگوشی کا محل اور محبت و اخلاص کی جگہ ہے۔ اس میں قلوب کے میدان اسراروں کیلئے فراخ ہوتے ہیں اور اس میں انوار کے ستارے چمکتے ہیں۔

✪ ــــ اس کے صدقہ کئے ہوئے عمل پر تو کیونکر عوض کا طالب ہو سکتا ہے یا اس کی تحفہ بھیجی ہوئی راستی پر کس طرح جزاء کا طالب ہو سکتا ہے۔

✪ ــــ محب وہ نہیں ہے جو اپنے محبوب سے عوض کا امیدوار ہو یا حصول غرض کا طلبگار ہو۔

✪ ــــ جس چیز کو تو محبوب بنائے گا اس کا بندہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسکو پسند نہیں کرتا کہ اس کے سوا تو کسی کا بندہ بنے۔

✪ ــــ حق جل و علا جس طرح عمل مشترک کو پسند نہیں فرماتا اسی طرح قلب مشترک کو بھی پسند نہیں فرماتا۔

✪ ــــ تیرا خواہش کرنا کہ لوگ تیرے اعمال اور باطنی احوال کی خصوصیت جان لیں عبودیت کے اندر تیرا سچا نہ ہونے کی دلیل ہے۔

✪ ــــ گناہ اور نافرمانی کرنے کے وقت جس قدر تو حلم خداوندی کا محتاج ہے۔ بندگی اور طاعت کرنے کے وقت اس سے زیادہ اس کے حلم کا محتاج ہے۔

✪ ــــ اپنے کسی عمل پر جس کا تو فاعل حقیقی نہیں ہے عوض کا طلبگار مت ہو۔ ایسے عمل پر تجھ کو یہی عوض کافی ہے کہ اس کو قبول فرمایا اور اس پر مواخذہ نہیں کیا۔

✪ ــــ جب تو کسی عمل پر عوض کا خواہاں ہوگا تو تجھ سے اس میں صدق اور اخلاص کا مطالبہ ہوگا۔

✪ ــــ عمل کرنے والوں کے لئے جزاء معجل یہی کافی ہے جو اثنائے طاعت میں ان کے قلوب پر الہامات اور لذت مناجات کے دروازے کھولتا ہے۔

✪ ــــ ہمارا پروردگار اس سے برتر اور بالاتر ہے کہ بندہ تو اس کے ساتھ اپنی طاعتوں سے نقد کا معاملہ کرے اور وہ اس کا بدلہ قیامت کے ادھار پہ چھوڑ دے۔

✪ ــــ کوئی عمل بارگاہ خداوندی میں اس عمل سے زیادہ قبولیت کے لائق نہیں جسکا مشاہدہ تیری نظر سے غائب ہو اور تیرے خیال میں اس کا وجود حقیر ہو۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

✪ —— چکی کے گدھے کی سیر کی ابتداء اور سیر کی انتہاء ایک ہوتی ہے تو مخلوق سے مخلوق کی طرف سفر نہ کر بلکہ مخلوق سے خالق کی طرف جا۔

✪ —— طاعات و عبادات کے فوت ہو جانے پر غم نہ ہونا اور معاصی و سئیات کے واقع ہونے پر پشیمانی کا نہ ہونا موت قلب کی علامت ہے۔

✪ —— جب تجھ سے کوئی گناہ صادر ہو جائے تو تجھ کو تیرے پروردگار کے ساتھ حصول استقامت سے مایوس نہ کر دے کیونکہ شاید یہ آخری گناہ ہو جو تجھ پر مقدر ہوا ہے۔

✪ —— اگر اس کے عدل و انصاف سے مڈبھیڑ ہو گئی تو کوئی گناہ صغیرہ نہیں اور اگر اس کے فضل کا سامنا ہوا تو کوئی گناہ کبیرہ نہیں۔

✪ —— جب تک قلب نازیبا حرکتوں سے باز نہ آئے اس میں حقائق و اسرار کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا نہیں ہوتی۔

✪ —— علم فائدہ بخش وہی ہے جس کی شعائیں سینہ اور دل میں پھیل جائیں اور دل پر سے شکوک و اوہام کے پردے اٹھا دے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 12

اخلاق حمیدہ

سید الاولین والآخرین حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کے اخلاق حمیدہ کی گواہی رب کعبہ نے ان الفاظ میں دی۔ "وانک لعلی خلق عظیم" (القلم: آیت 4) [اور بیشک آپ اعلیٰ اخلاق پر فائز ہیں] امت محمدیہ ﷺ کو حکم دیا گیا کہ "لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ" (الاحزاب: آیت 21) [تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں اسوہ حسنہ ہے]

ان آیات مبارکہ کے پیش نظر سالک کو اخلاق رزیلہ سے چھٹکارہ پانے اور اخلاق حمیدہ سے متصف ہونے کے بغیر چارہ نہیں۔ یہی پیغام حدیث پاک میں اس طرح دیا گیا "تخلقوا باخلاق اللہ تعالی" [اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے مزین کرو] اسلام میں اخلاق حمیدہ کو ایمان لانے کے بعد تمام اعمال پر فضیلت دی گئی ہے ارشاد نبوی ﷺ ہے۔ "اکمل المومنین ایمانا احسنھم خلقا" [ایمان والوں میں سب سے کامل وہ ہے جو اخلاق میں اعلیٰ ہے] اس بارے میں حیران کن بات تو یہ ہے کہ مکارم اخلاق کی تعلیم کو بعثت نبوی ﷺ کا مقصد بتایا گیا ارشاد گرامی ہے "بعثت لاتمم مکارم الاخلاق" [میں مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے مبعوث ہوا ہوں]

ایک روایت میں ہے "الدین النصیحۃ" [دین سراسر خیر خواہی ہے] لہٰذا مومن کسی کا بدخواہ نہیں ہو سکتا۔ سالک کو چاہئے کہ جہاں تک ہو سکے دوسروں کو فائدہ پہنچائے دین کا ہو یا دنیا کا۔ ایمان لانے کے بعد افضل ترین نیکی مخلوق کو آرام پہنچانا ہے۔ بداخلاق آدمی سے نہ تو خالق خوش ہوتا ہے نہ ہی مخلوق۔ ایک روایت میں ہے کہ جس کے دل میں مومن کا غم نہیں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

وہ میری امت میں سے نہیں۔ ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا "یا اللہ! تیری مخلوق میں سب سے بہترین کون ہے؟" فرمایا "کسی دوسرے کو کانٹا چبھے تو یہ غمگین ہو" پس بارگاہ ربوبیت میں عمدہ سیرت ہی سب سے بڑی سفارش ہے۔

مکارم اخلاق:۔ سیدہ عائشہؓ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ مکارم اخلاق دس ہیں۔

(1) سچ بولنا (2) سچ کا معاملہ کرنا (3) سائل کو عطا کرنا (4) احسان کا بدلہ دینا (5) صلہ رحمی کرنا (6) امانت کی حفاظت کرنا (7) پڑوسی کا حق ادا کرنا (8) ساتھی کا حق ادا کرنا (9) مہمان کا حق ادا کرنا (10) ان سب کی جڑ اور اصل اصول حیا ہے۔

ایک بزرگ کا قول ہے "روشن دل وہ ہے جس میں خَلق نہ ہو' اور سیاہ دل وہ ہے جس میں خُلق نہ ہو۔" مشائخ کرام نے درج ذیل دس باتوں کو خوش خلقی کی علامت قرار دیا ہے:

(1) لوگوں سے خندہ پیشانی سے ملنا (2) لوگوں کی غمخواری کرنا (3) حاجت مندوں کے کام آنا (4) لوگوں کے اچھے کام کی مخالفت نہ کرنا (5) عیب جوئی و عیب گوئی سے بچنا (6) اپنے عیوب پر نظر رکھنا (7) کوئی مذمت کرے تو نیک تاویل نکالنا (8) گنہگار کی معذرت قبول کرنا (9) میانہ روی اختیار کرنا (10) لایعنی سے پرہیز کرنا۔

سالک کو چاہئے کہ حتی الوسع کسی کی دل آزاری نہ کرے۔ بیماریوں میں سب سے بری دل کی بیماری ہے اور دل کی بیماریوں میں سب سے بری دل آزاری ہے۔

مسجد ڈھا دے مندر ڈھا دے' ڈھا دے جو کچھ ڈھیندا
پر کسے دا دل نہ ڈھاویں رب دلاں وچ رہندا

اخلاق الصالحین:۔ حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمتہ اللہ علیہ کا قول ہے "جس نے کوئی رات اور دن مومن کو تکلیف دیئے بغیر گزارا۔ اس نے وہ رات نبی علیہ السلام کے ساتھ بسر کی" سالک کو چاہئے کہ برائی کے جواب میں حتی المقدور اچھائی کا معاملہ کرے۔

فرمان باری تعالیٰ ہے۔ "ادفع بالتی ھی احسن" (حم السجدہ: آیت 34)

[آپ نیک برتاؤ سے (بدی کو) ٹال دیا کیجئے]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

قانون فطرت بھی یہی ہے کہ صندل کا درخت اس کلہاڑے کے منہ کو بھی خوشبودار بنا دیتا ہے جو اسے کاٹتا ہے۔ پھول کی پتیاں ان ہاتھوں کو بھی خوشبودار بنا دیتی ہیں جو ہاتھ انہیں مسل دیتے ہیں۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ کا قول ہے۔ "اے دوست! اگر کوئی تیرے راستے میں کانٹے بچھائے تو تو اس کے راستے میں کانٹے نہ بچھانا ورنہ ساری دنیا میں کانٹے ہی کانٹے ہو جائیں گے۔"

حسن خلق کے فضائل:۔ حضرت خواجہ محمد معصومؒ اپنے مکتوبات میں حسن خلق کے متعلق فرماتے ہیں۔

اے شفقت کے آثار والے! دنیوی زندگی نہایت قلیل ہے اور ابدی و دائمی معاملات اس کے ساتھ وابستہ ہیں، سعادت مند وہ شخص ہے جو اس تھوڑی فرصت کو غنیمت جان کر اس میں آخرت کے کام بنائے اور طویل سفر کا توشہ مہیا کرے اور چونکہ حق تعالیٰ نے آپ کو لوگوں کی ایک جماعت کی ضروریات کا مرجع بنایا ہے۔ (اس لئے) اللہ تعالیٰ جل سلطانہ کا شکر بجالا کر مخلوق خدا کی حاجت روائی میں اچھی طرح کمر ہمت باندھیں اور اپنے مالک (اللہ تعالیٰ) کے بندوں اور بندیوں کی خدمت گاری کو دنیا و آخرت کے درجات حاصل کرنے کا وسیلہ تصور فرمائیں اور مخلوق کے ساتھ نیک سلوک اور احسان کرنے اور ان کے ساتھ کشادہ روئی و خوش خلقی سے پیش آنے اور ان کے معاملات میں نرمی و سہولت اختیار کرنے کو مولائے حقیقی جل سلطانہ، کی رضامندی کا دریچہ (کھڑکی) جانیں اور نجات کا سبب اور ترقی درجات کا ذریعہ سمجھیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ مخلوق اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے پس اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے محبوب وہ شخص ہے جو اس کے کنبہ کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔ مسلمانوں کی ضروریات پوری کرنے، ان کو خوش کرنے، حسن خلق، نرمی کرنے، مہلت دینے اور بردباری کی فضیلت کے بارے میں چند حدیثیں تحریر کی جاتی ہیں اچھی طرح غور فرمائیں اور اگر کسی حدیث کے معنی (سمجھنے) میں کوئی پوشیدگی رہ جائے تو کسی دیندار طالب علم سے اس کا حل طلب کریں۔

پیغمبر خدا ﷺ نے فرمایا ہے کہ مسلمان مسلمان کا (دینی) بھائی ہے وہ اس پر ظلم نہیں کرتا۔ اور اس کو کسی دشمن یا ہلاکت کے سپرد نہیں کرتا اور جو شخص اپنے بھائی کی حاجت روائی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

میں رہتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی میں رہتا ہے اور جس شخص نے کسی مسلمان کا کوئی غم دور کیا اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کے غموں میں سے کوئی غم دور کر دے گا اور جس شخص نے کسی کے (بدن یا عیب) کی پردہ پوشی کی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ اس کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے اور مسلم کی روایت ہے کہ جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد کرنے میں رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس بندہ کی مدد میں رہے گا اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ کی کچھ مخلوق ہے جن کو لوگوں کی حاجات (پوری کرنے) کے لئے ہی پیدا کیا گیا ہے لوگ اپنی حاجات میں ان کی طرف رجوع کرتے ہیں یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے مامون ہیں۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں آیا ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ کی کچھ قومیں (لوگ) ہیں جن کو اس نے بندوں کے فائدوں کے لئے نعمتوں کے ساتھ مخصوص کیا ہے اور جب تک وہ ان نعمتوں کو (اللہ کے بندوں پر) خرچ کرتے رہیں گے اللہ تعالیٰ ان کو نعمتوں میں برقرار رکھے گا لیکن جب وہ ان نعمتوں کو (خرچ کرنے سے) روک لیں گے تو اللہ تعالیٰ ان نعمتوں کو ان لوگوں سے چھین لے گا اور دوسروں کی طرف منتقل کر دے گا۔ اس کو ابن ابی الدنیاؒ و طبرانیؒ نے روایت کیا ہے۔ نیز حدیث شریف میں ہے جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرنے کے لئے چلا (یعنی کوشش کی) تو یہ عمل اس کے لئے دس سال کے اعتکاف سے بہتر ہے۔ اور جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ایک دن کا اعتکاف کیا اللہ تعالیٰ اس کے اور دوزخ کے درمیان تین خندق کا فاصلہ کر دے گا۔ ہر خندق دوسری خندق سے اتنے فاصلہ پر ہوگی جتنا کہ زمین کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک (مشرق سے مغرب تک) فاصلہ ہے۔ اس کو طبرانی اور حاکم نے روایت کیا اور کہا ہے کہ اس کی اسناد صحیح ہیں۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص نے اپنے (مسلمان) بھائی کی ضرورت (پوری کرنے) میں کوشش کی یہاں تک کہ اس کو اس کے لئے پورا کر دیا اللہ عزوجل اس کے لئے پچھتر ہزار فرشتوں کا سایہ کرے گا جو اس پر اگر وہ صبح کا وقت ہوگا تو شام تک اور شام کا وقت ہوگا تو صبح تک رحمت طلب کرتے اور اس کے لئے دعا کرتے رہیں گے اور وہ کوئی قدم نہیں اٹھائے گا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ اس کا ایک گناہ مٹا دے گا اور اس کے ساتھ ایک درجہ بلند کر دے گا۔ اس کو ابن

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حبان وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص نے اپنے کسی مسلمان بھائی کی حاجت (پوری کرنے) میں کوشش کی، اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم پر ستر نیکیاں لکھے گا اور اس کے ستر گناہ مٹا دے گا۔ یہاں تک کہ جہاں سے وہ چلا تھا وہاں واپس آجائے پس اگر اس بھائی کی حاجت اس کے ہاتھ پر پوری ہوگئی تو وہ (کوشش کرنے والا شخص) اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہوگیا جیسا کہ اس دن پاک تھا جب اس کی ماں نے اس کو جنا تھا اور اگر اس (کوشش) کے دوران ہلاک ہوگیا تو وہ جنت میں بغیر حساب داخل ہو جائے گا۔ اس کو ابن ابی الدنیاؒ نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اپنے مسلمان بھائی کے لئے کسی نیک مقصد کو حاصل کرنے اور کسی تنگی کو آسان کرنے کے بارے میں کسی صاحب اقتدار کی طرف پہنچا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز پل صراط سے گزرنے کے وقت اس کی مدد فرمائے گا جبکہ لوگوں کے قدم لڑکھڑا رہے ہوں گے۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ سب سے افضل عمل کسی مومن کو خوش کرنا ہے یعنی تو اس کی ستر پوشی کرے یا اس کی بھوک کو دور کرے یا اس کی حاجت پوری کرے اس کو طبرانی اور ابوالشیخ نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک فرائض (کی ادائیگی) کے بعد سب سے پسندیدہ عمل کسی مسلمان کو خوش کرنا ہے۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ جب کوئی آدمی کسی مومن کو خوش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس خوشی سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے جو کہ اللہ عزوجل کی عبادت کرتا ہے اور اس کی توحید بیان کرتا ہے (یعنی لاالہ الااللہ کہتا ہے) پس جب بندہ اپنی قبر میں منتقل ہو جاتا ہے تو وہ خوشی اس کے پاس آتی ہے اور کہتی ہے کہ کیا تو مجھ کو نہیں پہچانتا تو وہ اس کو کہتا ہے کہ تو کون ہے پس وہ کہتی ہے کہ میں وہ خوشی ہوں کہ تو نے مجھے فلاں شخص پر داخل کیا تھا آج میں تیری وحشت کو انس میں تبدیل کروں گی۔ اور تجھ کو حجت (دلیل) کی تلقین کروں گی اور تجھ کو قول ثابت (کلمہ شہادت) پر ثابت رکھوں گی اور یوم قیامت کی حاضری کے مقامات میں تیرے ساتھ حاضر رہوں گی اور تیرے لئے تیرے رب کی طرف شفاعت کروں گی اور تجھ کو جنت میں تیری منزل دکھاؤں گی۔ اس کو ابن ابی الدنیاؒ اور ابوالشیخؒ نے روایت کیا ہے اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ﷺ سے اس چیز کے متعلق دریافت کیا گیا جس کے ذریعہ اکثر لوگ جنت میں داخل ہوں گے تو آپ نے فرمایا (وہ چیز) اللہ تعالیٰ سے ڈرنا (تقویٰ) اور اچھے اخلاق ہیں اور آپؐ سے اس چیز کے متعلق دریافت کیا گیا جس کی وجہ سے اکثر لوگ دوزخ میں داخل ہوں گے تو آپؐ نے فرمایا وہ منہ اور شرمگاہ ہے۔ اس کو ترمذی، ابن حبان اور بیہقی نے روایت کیا۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ ایمان کے اعتبار سے سب سے کامل مومن وہ ہے جو اخلاق میں سب سے اچھا ہو اور اپنے اہل و عیال کے ساتھ سب سے زیادہ مہربان ہو، اس کو ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ بیشک بندہ ضرور اپنے حسن خلق کی وجہ سے آخرت کے بہت بڑے درجے اور بہت بلند منزل پر پہنچے گا اور بیشک یہ (اس کی) عبادت (کے ثواب) کو کئی گنا کردے گا۔ اور بیشک وہ ضرور اپنی بداخلاقی کی وجہ سے جہنم میں سب سے نیچے کے درجے میں پہنچے گا۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ کیا تم کو ایسی عبادت کی خبر نہ دوں جو کہ آسان ہو اور بدن پر ہلکی ہو، (وہ) خاموشی اور حسن خلق ہے۔ اس کو ابن ابی الدنیا نے روایت کیا اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آپ ﷺ کے چہرہ مبارک کی جانب سے آیا اور کہا یا رسول اللہ ﷺ کونسا عمل افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا حسن خلق پھر وہ شخص آپ کی دائیں جانب سے آیا اور عرض کیا کونسا عمل افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا حسن خلق اور پھر وہ آپ ﷺ کی بائیں جانب سے آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کونسا عمل افضل ہے؟ پس رسول اللہ ﷺ اس شخص کی طرف مڑے اور فرمایا تجھ کو کیا ہوگیا ہے کہ تو سمجھ نہیں رہا۔ (وہ عمل) حسن خلق (ہے اور وہ) یہ ہے کہ اگر تجھ سے ہو سکے تو غصہ نہ کیا کر اس کو محمد بن نصر المروزی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ میں اس شخص کے لئے جنت کے احاطہ میں گھر دلانے کا ضامن ہوں جو جھگڑا کرنا ترک کردے اگرچہ وہ حق پر ہی کیوں نہ ہو اور اس شخص کے لئے جنت کے وسط میں گھر دلانے کا ضامن ہوں، جو جھوٹ بولنا ترک کردے اگرچہ جھوٹ بولنا مزاح کے طور پر ہی ہو، اور اس شخص کے لئے جنت کے اعلیٰ درجے میں گھر دلانے کا ضامن ہوں جو اپنے اخلاق کو اچھا بنائے اس کو ابوداؤد ابن ماجہ اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور نیز حدیث قدسی میں آیا ہے بیشک

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

یہ وہ دین ہے جس کو میں نے اپنے لئے پسند کیا ہے اور سخاوت و حسن خلق کے سوا اور کوئی چیز اس کے لئے سزاوار نہیں' پس جب تک تم اس (دین) پر قائم رہو' ان دونوں اوصاف سے اس (دین) کا اکرام کرو' اس کو طبرانی اور بزار نے روایت کیا۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے حسن خلق گناہوں کو اس طرح پگھلا (مٹا) دیتا ہے جس طرح کہ پانی برف کو پگھلاتا ہے اور بداخلاقی عمل کو اس طرح فاسد کر دیتی ہے جس طرح کہ سرکہ شہد کو فاسد کر دیتا ہے۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور تمام کاموں میں نرمی کرنے کو پسند کرتا ہے۔ اس کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند کرتا ہے اور نرمی کرنے والے سے راضی ہوتا ہے اور نرمی پر ایسی مدد کرتا ہے جو وہ سختی پر نہیں کرتا۔ اس کو طبرانی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ کیا میں تم کو اس شخص کے بارے میں خبر نہ دوں جو دوزخ کی آگ پر حرام کر دیا جاتا ہے یا (یوں فرمایا) جس پر دوزخ کی آگ حرام کر دی جاتی ہے (سنو) یہ ہر اس شخص پر حرام کر دی جاتی ہے جو آسانی' نرمی اور سہولت والا ہے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ ڈھیل دینا اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور جلدی کرنا شیطان کی طرف سے ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ عذر قبول کرنے والا کوئی نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک حلم (بردباری) سے زیادہ پسندیدہ کوئی چیز نہیں ہے۔ اس کو ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ بیشک بندہ حلم (بردباری) کے ذریعہ صائم و قائم (دن کو روزہ رکھنے اور رات کو نماز پڑھنے والے) کا درجہ پالیتا ہے۔ اس کو ابن حبان نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص کو غصہ آیا پھر اس نے اس کو ضبط کیا تو اللہ تعالیٰ اس سے ضرور محبت کرے گا۔ اس کو اصفہانی نے روایت کیا۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ کیا تم کو اس چیز کی خبر نہ دوں جس کے باعث اللہ تعالیٰ (جنت) میں مکان کو اونچا کرتا ہے اور جس کی وجہ سے درجات کو بلند کرتا ہے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) نے عرض کیا ہاں یارسول اللہ ﷺ (ضرور ارشاد فرمایئے) آپ نے فرمایا (وہ یہ ہے کہ) جو شخص تجھ سے جہالت (کا برتاؤ) کرے تو اس سے بردباری کر اور جو شخص تجھ پر ظلم کرے تو اس کو معاف کر دے اور جو شخص تجھ کو محروم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کرے تو اس کو عطا کرے اور جو تجھ سے قطع تعلق کرے تو اس سے میل جول کرے۔ اس کو طبرانی وبزار نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کسی کو پچھاڑ دینے سے طاقت ور نہیں ہوتا درحقیقت طاقت ور وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھے۔ اس کو بخاری ومسلم نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ بیشک یہ بھی ایک قسم کا صدقہ (نیکی) ہے کہ تو کشادہ روئی کے ساتھ لوگوں کو سلام کرے۔ اس کو ابن ابی الدنیاؒ نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ اپنے مسلمان بھائی کے سامنے تیرا تبسم کرنا، تیرے لئے صدقہ (نیکی) ہے اور تیرا امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرنا صدقہ ہے اور راستہ بھٹکنے کی زمین (جگہ) میں تیرا کسی کو راستہ بتانا تیرے لئے صدقہ ہے اور تیرا راستہ سے پتھر یا کانٹا یا ہڈی دور کرنا تیرے لئے صدقہ ہے۔ اور تیرا اپنے ڈول میں سے اپنے بھائی کے ڈول میں پانی ڈال دینا تیرے لئے صدقہ ہے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے۔ اور نیز حدیث شریف میں ہے کہ بیشک جنت میں ایک ایسا بالاخانہ ہوگا جس کے باہر کا حصہ اس کے اندر سے اور اندر کا حصہ اس کے باہر سے (شفاف ہونے کی وجہ سے) نظر آئے گا تو ابومالک اشعریؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ (بالاخانہ) کس کے لئے ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا اس شخص کے لئے ہوگا جس نے اچھا کلام کیا اور (لوگوں کو) کھانا کھلایا اور رات کو جب لوگ سو رہے ہیں وہ نماز کے لئے کھڑا ہوا۔ اس کو طبرانی وحاکم نے روایت کیا ہے۔

یہ حدیثیں کتاب ترغیب وترہیب سے لی گئی ہیں۔ جو کہ علم حدیث کی معتبر کتابوں میں سے ہے اللہ تعالٰی ان احادیث کے منشاء پر عمل عطا فرمائے۔ اپنے حال کے صفحہ کو ان احادیث کے مضمون کے ساتھ موازنہ کریں جو کچھ حال کے موافق معلوم ہو اس پر اللہ تعالٰی جل سلطانہ کا شکر بجا لانا چاہئے اور جو کچھ ایسا نہ ہو تو حق سبحانہ سے عاجزی وزاری کے ساتھ اپنا حال ان (احادیث) کے موافق ہونے کی دعا کرنی چاہئے۔ اگر کسی کو ان پر عمل کرنے کی توفیق سردست حاصل نہ ہو تو بہرحال اپنی کوتاہی کا اعتراف تو اس کو حاصل ہونا ہی چاہئے۔ اور یہ (اعتراف) بھی ایک نعمت ہے اللہ تعالٰی اس بات سے اپنی پناہ میں رکھے کہ کسی کو عمل کی توفیق بھی حاصل نہ ہو اور اپنے آپ کو قصوروار بھی نہ جانے کیونکہ ایسے شخص کو اسلام سے بہت کم حصہ حاصل ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہر کس کہ بیافت دولتے یافت عظیم
وآں کس کہ نیافت درد نایافت بس است

[جس شخص نے پالیا اس نے ایک بڑی دولت پالی اور جس شخص نے نہیں پایا اس کو نہ پانے کا درد ہی کافی ہے] (مکتوبات معصومیہ دفتر اول مکتوب 147)

خیر خواہی کی لاجواب مثالیں:-

1)۔۔۔ روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے لشکر کے ہمراہ جا رہے تھے کہ راستے میں چیونٹیاں پھر رہی تھیں۔ ایک چیونٹی نے دوسری چیونٹیوں سے کہا "یا ایھا النمل ادخلوا مسٰکنکم" (النمل: آیت 18)

[اے چیونٹیو! اپنے اپنے سوراخوں میں جا گھسو]

اللہ تعالیٰ کو چیونٹی کی خیر خواہی اتنی پسند آئی کہ نہ صرف اس کا تذکرہ قرآن مجید میں کیا بلکہ ایک سورت کا نام النمل رکھ کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے چیونٹی کے نام کو عزت بخشی۔ سوچنے کی بات ہے کہ ایک چیونٹی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا یہ معاملہ ہے تو اگر ایک مومن دوسروں کی خیر خواہی کرے گا تو کتنا زیادہ اجر و ثواب پائے گا۔ اللہ اکبر کبیرا

2)۔۔۔ قانون فطرت ہے کہ اگر کسی کھیت میں حیوانوں کا گوبر اور انسانوں کی نجاست ڈال دی جائے تو یہ گندگی اور نجاست کھاد کا کام کرتی ہے اور اس کھیت کی فصل اچھی پیدا ہوتی ہے۔ ٹھنڈے دل و دماغ سے سوچنے کی بات ہے کہ گندگی اگر ساتھ رہنے والی فصل کو فائدہ پہنچا سکتی ہے اور ہم اشرف المخلوقات ساتھ رہنے والے انسانوں کو فائدہ نہیں پہنچاتے تو پھر ہم گندگی و نجاست سے بھی گئے گزرے بن گئے۔

3)۔۔۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ گرمیوں کی دوپہر میں سوئے ہوئے تھے اور ایک باندی پنکھا کر رہی تھی۔ اس باندی کو نیند آئی تو وہ وہیں بیٹھے بیٹھے سو گئی۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ کی آنکھ کھلی تو آپ نے اس باندی کو سوئے ہوئے پایا۔ آپ نے اس کے ہاتھ سے پنکھا لے کر اسے پنکھا کرنا شروع کر دیا وہ باندی تھکی ہوئی تھی کافی دیر تک گہری نیند سوئی رہی۔ جب آنکھ کھلی تو اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

نے دیکھا کہ امیر المومنین اسے پنکھا کر رہے ہیں وہ چونک اٹھی آپ نے فرمایا گھبراؤ نہیں جیسے میں انسان ہوں ویسے ہی تم بھی انسان ہو۔ میں نے تم کو سوتے دیکھا تو سوچا کہ پنکھا کر کے اللہ کی رضا حاصل کروں۔

4)۔۔۔۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ" اپنی جوانی میں کپڑے کی دکان کیا کرتے تھے۔ ایک دن آپ ظہر کے بعد دکان بند کر کے گھر جا رہے تھے۔ ایک دوست نے صورتحال دریافت کی تو فرمایا کہ آج موسم ابر آلود ہے اس کیفیت میں گاہک کو کپڑے کے رنگ و معیار کی صحیح شناخت نہیں ہوتی۔ میں نے دکان بند کر دی تاکہ کوئی گاہک کم قیمت کپڑے کو اچھا سمجھ کر دھوکہ نہ کھائے۔

5)۔۔۔۔ فاتح مصر حضرت عمرو بن العاص ؓ جب مصر فتح کرنے کے بعد اپنے خیمے میں آئے تو دیکھا کہ ایک کبوتری نے انڈے دے رکھے ہیں اور گھونسلہ بنا رکھا ہے۔ آپ نے لشکر کو کوچ کرنے کی اجازت دے دی مگر اپنے خیمے کو وہیں لگا رہنے دیا تاکہ کبوتری کو تکلیف نہ پہنچے۔ عربی زبان میں کبوتری کو فسطاط کہتے ہیں۔ آج اسی جگہ فسطاط نامی شہر آباد ہے اور عمرو بن العاص ؓ کی عظمت کی گواہی دیتا ہے۔

6)۔۔۔۔ حضرت مولانا روم" اپنے شاگردوں کے ہمراہ ایک پگڈنڈی پر جا رہے تھے کہ دیکھا ایک کتا سو رہا ہے۔ آپ مع جماعت اس وقت تک وہیں کھڑے رہے جب تک کتا از خود وہاں سے اٹھ کر ایک طرف کو نہ چلا گیا۔ یہ اس لئے کیا کہ میری وجہ سے کتے کی نیند میں خلل نہ آئے۔

7)۔۔۔۔ حضرت خواجہ باقی اللہ" ایک رات تہجد کیلئے اٹھے۔ سخت سردی تھی۔ آپ نے تہجد پڑھی پھر اپنے بستر کی طرف بڑھے تاکہ لحاف میں لپٹ کر بیٹھیں۔ دیکھا کہ ایک بلی کہیں سے آ کر لحاف میں گھس گئی ہے۔ چنانچہ آپ ساری رات مصلے پر بیٹھے ٹھٹھرتے رہے مگر بلی کو لحاف سے نکالنا پسند نہ کیا۔

8)۔۔۔۔ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاری" نے سترہ دن ایک زخمی بیمار کتے کی خدمت کی۔ جب کتا صحت یاب ہوگیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسے علوم و معارف عطا فرمائے کہ آپ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے سرخیل امام بنے۔ ایک بدکار عورت نے پیاسے کتے کو پانی پلایا تو اس کی مغفرت ہوگئی۔ پس سالک کو چاہیے کہ دوسروں کی خیر خواہی کو اپنے لئے ذریعہ نجات سمجھے۔ سلف

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

صالحین نے حیوانوں کے ساتھ حسن خلق کا اس قدر مظاہرہ کیا تو ہمیں انسانوں کے ساتھ خوش خلقی کا معاملہ کیوں نہیں کرنا چاہیے۔ دین اسلام نے تو مومنین کو مواخات کی مالا میں پرویا ہے۔

اخوت اسلامی کے فضائل :۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"انما المؤمنون اخوۃ" (الحجرات : آیت 10)

[بے شک ایمان والے بھائی بھائی ہیں]

حدیث پاک میں ہے۔ "اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہے اس کو نیک دوست عطا کر دیتا ہے کہ اگر بھول جائے تو یاد کرا دے اور اگر یاد ہو تو اس کی مدد کرے۔"

ایک روایت میں ہے:

"دو بھائیوں کی مثال ایسے ہے کہ جیسے دو ہاتھ ہوں۔ جب ہاتھ ملتے ہیں تو ایک ہاتھ دوسرے کو دھوتا ہے۔ جب بھی دو مومن ملے تو اللہ تعالیٰ نے ایک کو دوسرے سے بھلائی عطا کی۔"

جناب رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے:

"جس نے اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی کو بھائی بنایا اللہ تعالیٰ جنت میں اس کے لئے اس قدر درجہ بلند کرے گا کہ ویسا درجہ وہ اپنے کسی اور عمل کے ذریعے نہیں لے سکتا۔"

فرمان الٰہی ہے:

"ویستجیب الذین آمنوا و عملوا الصلحت و یزیدھم من فضلہ" (الشوریٰ: آیت 26)

[اور دعا سنتا ہے ایمان والوں کی جو بھلے کام کرتے ہیں اور زیادہ دیتا ہے انہیں اپنا فضل]

"و یزیدھم" کے بارے میں مفسرین فرماتے ہیں:

"ان کے بھائیوں کے بارے میں ان کی سفارش قبول کرے گا اور انہیں ان کے ساتھ جنت میں داخل کرے گا۔"

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حضرت سعید بن مسیبؒ، شعبیؒ، ابن ابی لیلیٰ، ہشام بن عروۃ، ابن شبرمہ، شریح، شریک بن عبداللہ، ابن عینیہ عبداللہ ابن مبارک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور ان کے موافقین کا یہی مذہب ہے۔

حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے:

"مومن الفت رکھنے والا۔ الفت کیا جانے والا ہے اور جو الفت نہ کرے اور نہ ہی اس سے الفت کی جائے اس میں کچھ بھلائی نہیں۔"

حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے:

"مومن اپنے بھائی کی وجہ سے کثیر ہے۔"

حضرت عمر بن خطابؓ کا قول ہے:

"اسلام کے بعد کسی بندے کو نیک بھائی سے بڑھ کر بھلائی نہیں ملی۔ تم میں سے ایک آدمی اگر اپنے بھائی سے محبت دیکھے تو اس کو تھام رکھے اس لئے کہ یہ کم ہی ملا کرتی ہے۔"

بعض متقدمین حضرات کا فرمان ہے۔ "اس امت سے سب سے پہلے خشوع اٹھا لیا جائے گا۔ پھر تقویٰ پھر امانت اور پھر الفت۔" ایک حکیم کے چند اشعار ہیں۔

ما نالت النفس علی بغیة الذ من ود صدیق امین
من فاته ود اخ صالح فذلک المقطوع منه الوتین

[نفس نے ایک امانت دار دوست کی محبت سے بڑھ کر لذیذ مقصود حاصل نہیں کیا جو نیک بھائی کی محبت سے محروم رہا یہ ایسا ہے کہ اس کی مضبوط رسی ٹوٹ گئی]

حضرت عمر بن خطابؓ کی وصیت حضرت یحییٰ بن سعید انصاریؒ نے حضرت سعید بن المسیبؒ سے روایت کی۔ "تجھ پر سچے دوست بنانے لازم ہیں۔ ان کے پہلو میں زندگی گزار۔ اس لئے کہ فراخی میں یہ زینت ہیں اور مصیبت میں یہ کام آنے والا سامان ہے۔"

حضرت ابن مسعودؓ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرنے والے (قیامت کے روز) سرخ یاقوت کے ستونوں پر ہوں گے۔ ہر ستون کے سرے پر ایک ہزار بالا خانے ہوں گے وہ اہل جنت پر جھانکتے ہوں گے۔ اہل جنت کو ان کا حسن اس طرح روشنی دے گا جیسا کہ دنیا والوں کو سورج روشنی دیتا ہے۔ ان پر سبز ریشم کا لباس ہوگا۔ ان کی پیشانیوں پر یہ تحریر ہوگا:

"هٰؤُلاء المتحابون في الله عزو جل"

[یہ اللہ عزو جل کی خاطر باہم محبت کرنے والے ہیں]

حضرت عبادۃ بن صامتؓ کی روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"میری خاطر محبت رکھنے والوں میری خاطر ملاقات کرنے والوں اور میری خاطر تواضع اور صداقت اختیار کرنے والوں کیلئے محبت حق (اور لازم) ہوگی۔"

ابو بشرؒ نے حضرت مجاہدؒ سے روایت کیا:

"جب اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت رکھنے والے باہم ملتے ہیں اور ایک بھائی دوسرے کے سامنے نرم پڑ جاتا ہے تو اس سے گناہ اس طرح جھڑ جاتے ہیں جیسے کہ موسم سرما میں خشک درخت کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔"

نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے:

"سات آدمیوں کو اللہ تعالیٰ اس روز اپنے عرش کا سایہ عطا کرے گا جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔ دو وہ آدمی جنہوں نے اللہ کی خاطر محبت کی۔ اسی پر جمع ہوئے اور اسی پر جدا ہوئے"

حضرت فضیل بن عیاضؒ فرمایا کرتے تھے:

"محبت و رحمت کے ساتھ ایک بھائی کا دوسرے بھائی پر نظر کرنا بھی عبادت ہے۔"

نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے:

"ایک آدمی نے کسی دوسری بستی میں جا کر اپنے ایک بھائی سے ملاقات کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کے راستہ پر ایک فرشتہ مقرر کر دیا۔ اس نے پوچھا' کہاں کا ارادہ ہے؟

کہا! اس بستی میں میرا ایک بھائی ہے اس کی ملاقات کا ارادہ ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

پوچھا۔ کیا تو صلہ رحمی کر رہا ہے یا تجھ پر اس کا کوئی احسان ہے جس کا بدلہ چکا رہا ہے۔

کہا۔ نہیں! بلکہ مجھے اس سے اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت ہے۔

فرشتے نے کہا۔ میں تیری طرف اللہ تعالیٰ کا قاصد ہوں۔ اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت رکھتا ہے جیسے کہ تو نے اللہ کی خاطر اس آدمی سے محبت رکھی۔

حضرت عمر بن خطابؓ سے مروی ہے:

"اگر آدمی دن کو روزے رکھے اور افطار نہ کرے اور رات کو قیام کرے اور جہاد کرے مگر اللہ تعالیٰ کی خاطر نہ کسی سے محبت رکھے نہ ہی کسی سے عداوت رکھے تو اتنی بڑی عبادت بھی اسے نفع نہ دے گی۔"

ایک دفعہ نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا:

"کون سا برہنہ ایمان پختہ ترین ہے۔"

صحابہؓ نے عرض کیا "نماز۔"

فرمایا (نماز) ایک نیکی ہے مگر اس درجہ کی نہیں۔

صحابہ کرامؓ نے عرض کیا حج اور جہاد۔

فرمایا نیکی ہے اور اس درجہ کی نہیں۔

عرض کیا۔ اے اللہ کے رسولؐ آپ ہی ہمیں بتائیے۔

فرمایا۔ پختہ ترین برہنہ ایمان "حب فی اللہ" اور "بغض فی اللہ" ہے۔

حضرت عبادہ بن صامتؓ کی حدیث میں ہے اور موسیٰ بن عقبہؒ نے فرمایا:

"میں اپنے ایک بھائی کو ایک بار ملتا ہوں تو کئی روز تک اس کی ملاقات کے باعث خوشی کی مجلس قائم کرتا ہوں۔"

حضرت جعفر بن سلیمانؒ نے فرمایا:

"جب میں اپنے جی میں سستی دیکھتا ہوں تو محمد بن واسعؒ کے چہرے کی طرف دیکھتا ہوں۔"

حضرت محمد بن واسعؒ نے فرمایا:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

"دنیا میں تین لذیذ ترین چیزیں ہی باقی رہ گئیں۔"

1۔ باجماعت نماز پڑھنا۔

2۔ رات کو تہجد پڑھنا۔

3۔ بھائیوں سے ملاقات کرنا۔

حضرت حسنؓ اور حضرت ابو قلابہؒ فرمایا کرتے تھے:

"ہمیں اپنے احباب اپنی اولاد و اہل سے بھی محبوب تر ہیں۔ اس لئے کہ ہمارے اہل ہمیں دنیا یاد دلاتے ہیں اور ہمارے احباب ہمیں آخرت یاد دلاتے ہیں۔"

اخوت کی بنیادی شرط:۔ دو آدمیوں کے درمیان مواخات قائم ہونے کیلئے بنیادی شرط یہ ہے کہ دونوں ہم جنس ہوں یعنی دونوں کے حال میں مماثلت ہو۔ مثلاً دونوں نیکو کار ہوں یا دونوں ایک شیخ کے مرید ہوں یا دونوں علم ظاہر و علم باطن کے حامل ہوں۔ بعض متقدمین کا قول ہے کہ دو آدمیوں میں الفت چار وجوہات میں سے کسی ایک وجہ کی بناء پر ہوتی ہے۔

1۔ جب وہ عزم میں یکساں ہوں۔ (مثلاً دونوں سالک ہوں)

2۔ حال میں اشتراک ہو۔ (مثلاً دونوں ایک ہی سلسلہ میں منسلک ہوں)

3۔ علم میں قریب قریب ہوں۔ (مثلاً دونوں صاحب نسبت ہوں)

4۔ اخلاق میں اتفاق ہو۔ (مثلاً دونوں میں عاجزی ہو)

اگر دو آدمیوں میں چاروں قدریں مشترک ہوں تو انکی مواخات پختہ ترین ہوتی ہے۔ اسلئے کہا جاتا ہے "الجنس یمیل الی الجنس"

[جنس کا میلان اپنی ہی جنس کی طرف ہوتا ہے]

حدیث پاک میں ہے:

"اگر ایک مومن کسی ایسی مجلس میں جائے جہاں ایک سو منافق ہوں اور ایک مومن ہو تو وہ اسی (مومن) کے پاس آکر بیٹھے گا۔ اگر منافق کسی مجلس میں جائے جس میں ایک سو مومن ہوں صرف ایک منافق ہو تو وہ اس (منافق) کے پاس جاکر بیٹھے گا۔"

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اس حدیث کا سبب یہ ذکر کیا گیا ہے کہ مدینہ میں احد کی ایک عطارہ عورت تھی۔ مکہ کی ایک عطارہ عورت مدینہ آئی اور یہ مزاح کرنے والی عورت تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے پوچھا۔ "کہاں ٹھہری ہو۔" عرض کیا "فلاں (عطارہ) کے پاس۔" نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "ارواح جمع شدہ لشکر ہیں جن کا باہم تعارف ہوا ان میں الفت ہو گئی اور جن میں باہم اجنبیت ہوئی ان میں اختلاف ہوا۔"

حدیث مواخات سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ان صحابہ کرامؓ کے درمیان مواخات قائم کی جو علم و حال میں ہم شکل و ہم جنس تھے چنانچہ حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ کے درمیان مواخات قائم کی۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت عبدالرحمٰنؓ کے درمیان مواخات قائم کی یہ دونوں مالدار ہونے کی وجہ سے مماثل تھے۔ حضرت سلمان فارسیؓ اور حضرت ابو الدرداءؓ کے درمیان مواخات قائم کی یہ علم و زہد میں ہم شکل تھے۔ حضرت عمارؓ اور حضرت سعدؓ کے درمیان مواخات قائم کی یہ حال میں مشترک تھے۔ حضرت علیؓ اور اپنے درمیان مواخات قائم کی۔ سبحان اللہ۔

روایت ہے کہ حضرت معروف کرخیؒ نے ابو محفوظؒ سے پوچھا:

"اے ابو محفوظؒ! اس شہر میں دو بلند پایہ بزرگ ہیں۔ میں کس کی مصاحبت کروں تاکہ اس سے علم و ادب سیکھوں۔ امام احمد بن حنبلؒ یا بشر بن حارثؒ۔"

انہوں نے فرمایا:

"ان میں سے ایک کی بھی مصاحبت نہ رکھ۔ اس لئے کہ امام احمد بن حنبلؒ محدث و فقیہ ہیں۔ ان کا اختلاط لوگوں سے زیادہ رہتا ہے ان کی مصاحبت تیرے دل کی حلاوت ذکر اور محبت خلوت کو گنوا دے گی۔ اور بشر بن حارثؒ اپنے حال میں غرق ہیں وہ تیری طرف توجہ نہیں کر سکیں گے۔ البتہ اسود بن سالمؒ کی مصاحبت کرو کہ وہ احباب کے معاملے میں فراخ دل اور صابر آدمی ہیں۔ وہ آپ کیلئے بہتر ہیں اور توجہ بھی کریں گے۔"

حضرت معروف کرخیؒ نے ایسا ہی کیا تو انہیں خوب نفع ہوا۔ حالانکہ اسود بن سالمؒ ان دونوں سے کم درجہ کے بزرگ تھے۔ مگر حال کی مناسبت اور وصف کی مشابہت کی وجہ سے فائدہ زیادہ ہوا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ایک عرب عالم کا قول ہے:

"دوست کی مثال کپڑے میں پیوند کی طرح ہے۔ اگر اسی کپڑے کی جنس کا پیوند نہ ہو تو اس کیلئے معیوب بن جاتا ہے۔"

جب دو ایسے آدمی مصاحبت کریں جو ہم جنس و ہم مشرب نہ ہوں تو ان میں تفریق ہو جانا لازمی ہے۔ ایک عرب شاعر کا قول ہے۔

و قائل لما تفرقتما فقلت قولاً فیه انصاف
لم یک من شکلی ففارقته والناس اشکال و الاف

[کہنے والے نے پوچھا کہ تم میں جدائی کیوں ہوئی۔ میں نے انصاف کی بات بتائی کہ وہ میری شکل کا نہ تھا اس لئے میں نے اس کو چھوڑ دیا اور لوگ اشکال و الفت کے ساتھ رہتے ہیں]

حبیب کیسا ہو....؟

حضرت بشر بن حارثؒ فرمایا کرتے تھے:

"صرف خوش خلق آدمی ہی سے اختلاط رکھو اس لئے کہ یہ بھلی بات ہی کرے گا اور بد خلق سے اختلاط مت کرو اس لئے کہ یہ بری بات ہی کرے گا۔"

حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں:

"تو جس سے مواخات قائم کرنا چاہتا ہے اسے غصہ دلا دے پھر کوئی آدمی اس سے تیرے بارے میں پوچھے اگر وہ اچھی بات کرے تو اس کی مصاحبت اختیار کر لے۔"

ایک بزرگ فرماتے ہیں:

"امتحان لئے بغیر کسی سے مواخات قائم نہ کرو۔ اس کے سامنے ایک راز کھول دو۔ پھر اسے غصہ دلا کر دیکھو۔ اگر راز فاش کر دے تو اس سے بچ کر رہو۔"

ابو یزیدؒ سے کسی نے پوچھا "میں کس آدمی سے مصاحبت کروں؟"

فرمایا "جو تجھ سے ایسے آگاہ ہو جیسے اللہ تعالیٰ آگاہ ہے اور تیری ایسی پردہ پوشی کرے جیسے اللہ تعالیٰ کرتا ہے۔" (گویا تخلقوا باخلاق اللہ کا عملی نمونہ ہے۔)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ایک بزرگ فرماتے ہیں۔ "صرف اس آدمی سے مواخات قائم کرو جو چار حالات میں بھی ایک جیسا ہے"۔

1۔ غصہ کے وقت

2۔ رضا کے وقت

3۔ لالچ کے وقت

4۔ خواہش نفس کے وقت

ایک ادیب" کا قول ہے۔ "صرف اس آدمی سے مصاحبت رکھ جو تیرا راز چھپائے اور تیری نیکی پھیلائے۔ مصائب میں تیرا ساتھی ہو اور مرغوبات میں تجھ پر ایثار کرے۔"

ایک عالم کا فرمان ہے کہ دو میں سے ایک آدمی ہی کی مصاحبت کرو:

1۔ وہ آدمی جس سے تو کوئی دین کی بات سیکھے۔

2۔ وہ آدمی جو تجھ سے دین کی بات سیکھے۔

روایت ہے کہ ابو سلیمان" نے ابن ابی حواری" کو نصیحت کی:

"اے احمد! دو میں سے ایک آدمی ہی کی مصاحبت کرو۔"

1۔ وہ آدمی کہ تو دنیا میں اس کی وجہ سے فراخی پائے۔

2۔ وہ آدمی کہ تو آخرت میں اس کی وجہ سے انعام پائے۔

حضرت ابو ذر" فرمایا کرتے تھے:

"برے ساتھی سے تنہائی بہتر ہے اور نیک ساتھی تنہائی سے بہتر ہے۔"

سلف صالحین میں سے ایک بزرگ نے اپنے بیٹے کو وصیت کی:

"اے بیٹے لوگوں میں اس کی مصاحبت کرنا کہ اگر تو محتاج ہو جائے تو وہ تیرے قریب ہو۔ اور اگر تو امیر ہو جائے تو تیرے مال میں طمع نہ کرے۔ اگر اس کا درجہ بڑھ جائے تو تجھ پر بڑائی نہ دکھائے۔ اگر تو اس کی خاطر تواضع کرے تو وہ تیری حفاظت کرے۔ (یعنی تجھے ذلیل نہ کرے) اگر تو اس سے زیادتی کرے تو وہ برداشت کرے۔ اگر تو اس کے پاس ہو تو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

وہ تیری زینت کا باعث بنے۔"

ایک بزرگ کا فرمان ہے کہ لوگوں کی چار اقسام ہیں تین کی مصاحبت کر اور ایک کی مصاحبت نہ کر۔

1۔ سمجھدار آدمی جو اپنی سمجھ سے آگاہ ہے۔ یہ عالم ہے اس کی اتباع کرو۔

2۔ سمجھدار آدمی جو اپنی سمجھ سے آگاہ نہیں یہ سونے والا ہے اسے جگادو۔

3۔ بے سمجھ آدمی جو اپنی آپ کو بے سمجھ ہی سمجھے یہ جاہل ہے اسے سکھاؤ اور تعلیم دو۔

4۔ بے سمجھ آدمی جو اپنے آپ کو بے سمجھ گمان نہ کرے۔ یہ منافق ہے اس سے دور رہو۔

حضرت ابو مہران ؒ فرمایا کرتے تھے کہ میں گھر سے نکلتا ہوں تو تین کے درمیان ہوتا ہوں۔

1۔ اگر اپنے سے زیادہ عالم سے ملاقات ہو تو اس سے سیکھتا ہوں۔

2۔ اگر اپنے جیسے سے ملاقات ہو تو یہ میرے مذاکرات کا دن ہے۔

3۔ اگر اپنے سے کم علم والے سے ملاقات ہو تو یہ میرا ثواب کا دن ہے۔ (یعنی اسے سکھاتا ہوں اور ثواب کا امیدوار ہوں۔)

ابو جعفر محمد بن علی ؒ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی "پانچ آدمیوں سے مصاحبت نہ کرنا بلکہ راستہ چلتے ہوئے ان کے ساتھ بھی نہ چلنا۔"

1۔ جھوٹے کی۔ یہ قریب کو دور اور دور کو قریب ظاہر کرے گا۔

2۔ احمق کی۔ فائدہ پہنچانا چاہے گا مگر نقصان پہنچا بیٹھے گا۔

3۔ بخیل کی۔ وہ تجھے اس وقت چھوڑ دے گا جب تو اس کا محتاج ہو گا۔

4۔ صلہ رحمی نہ کرنے والے (بے وفا) کی۔ میں نے قرآن میں تین جگہ اس پر لعنت ہوتے پائی ہے۔

5۔ فاسق (بدکار) کی۔ کہ وہ تجھے ایک لقمہ یا اس سے کم میں فروخت کر دے گا۔

بیٹے نے پوچھا "لقمے سے کم تر کیا چیز ہے؟" فرمایا "لقمے کی امید پر یعنی طمع۔"

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ایک بزرگ فرماتے تھے کہ پانچ آدمیوں کی مصاحبت سے دور رہو۔

1۔ بدعتی

2۔ فاسق

3۔ جاہل

4۔ دنیا کا لالچی

5۔ لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا

حضرت سفیان ثوریؒ فرمایا کرتے تھے کہ احمق کے چہرے کی طرف دیکھنا ایک لکھی ہوئی خطا ہے۔

ایک حدیث پاک میں ہے:

"اللہ تعالیٰ کے ہاں بہترین ساتھی وہ ہے جو اپنے اصحاب کے ساتھ زیادہ نرم روی رکھے اور بہترین پڑوسی وہ ہے جو اپنے پڑوسی سے نرمی سے پیش آئے۔ جاہل کی مصاحبت سے دور رہو ورنہ اس کی صحبت تجھے بھی جاہل کردے گی یا اپنے مولیٰ کریم سے غافل کردے گی۔"

قرآن مجید میں دو آدمیوں کی مصاحبت سے بچنے اور ایک کی مصاحبت اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

1۔ جاہل کے مصاحبت سے بچو۔ فرمایا گیا "فاستقیما و لا تتبعن سبیل الذین لا یعلمون" (یونس: آیت 89) [سو تم دونوں ثابت قدم رہو اور مت چلو راہ انکی جو نہیں جانتے]

2۔ غافل کی مصاحبت سے بچو۔ فرمایا گیا "و لا تطع من اغفلنا قلبہ عن ذکرنا" (الکھف: آیت 28) [نہ اطاعت کر اسکی جسکا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کردیا]

3۔ منیب کی مصاحبت اختیار کرو۔ فرمایا گیا "واتبع سبیل من اناب الی" (لقمان: آیت 15)

[اور اس کی راہ کا اتباع کر جس نے میری طرف رجوع کیا]

پس سالک کو چاہیے کہ اپنے مرشد اور پیر بھائیوں ہی سے مصاحبت رکھے کہ وہی اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

آیت کا مصداق ہوتے ہیں۔

اخوت کے آداب:۔ سالکین کو چاہیے کہ اخوت کے آداب کو ہروقت پیش نظر رکھیں اور اپنا رہن سہن اس کے مطابق بنائیں۔ چند آداب درج ذیل ہیں۔

1)۔۔۔ محبت و مودت میں اپنے بھائیوں پر سبقت لے جانے کی کوشش کریں۔ نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے "جب بھی دو آدمیوں نے اللہ کی خاطر محبت کی تو ان میں سے اللہ تعالٰی کو محبوب تر وہ ہے جو اپنے بھائی سے زیادہ محبت کرے۔" دوسری روایت میں ہے۔ "اللہ تعالٰی کی خاطر اخوت قائم کرنے والوں میں سے اللہ تعالٰی کو محبوب تر وہ ہے جو اپنے بھائی کیلئے زیادہ نرم ہو۔"

"اللہ تعالٰی نے اپنے محبوب کو ارشاد فرمایا:

"واخفض جناحک للمومنین" (الحجر: آیت 88)

[اور مسلمانوں پر شفقت رکھئے]

اور صحابہ کرامؓ کے اوصاف کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:

"رحمھاء بینھم" (الفتح: آیت 29)

[ایک دوسرے کے ساتھ نرم تھے]

کسی شاعر نے مومن کامل کے متعلق کہا:

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم　　رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

مومن کا ایک وصف بتایا گیا "اذلۃ علی المومنین اعزۃ علی الکافرین" (المائدہ: آیت 54) [مہربان ہونگے وہ مسلمانوں پر سخت ہونگے وہ کافروں پر]

ایک اور جگہ فرمایا گیا:

"وتواصو بالصبرو تواصو بالمرحمہ" (البلد: آیت 17) [اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے اور ایک دوسرے کو رحم کھانے کی وصیت کرتے رہے]

حدیث پاک میں ہے "ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء"

[تم زمین والوں پر رحم کرو! آسمان والا تم پر رحم کرے گا]

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

2)۔۔۔۔اپنے بھائیوں کی حاجت روائی میں کوشاں رہیں۔ روز محشر بعض لوگ کہیں گے۔

"فما لنا من شافعین و لا صدیق حمیم" (الشعراء: آیت 100-101)

[پھر کوئی نہیں ہماری سفارش کرنے والا اور نہ کوئی دوست محبت کرنے والا]

اس آیت میں حمیم کے معنی ہیں ھمیم۔ یعنی ھاء کو قرب کے باعث حاء سے بدل دیا۔ یہ اہتمام سے ماخوذ ہے۔ یعنی "مھتمم بامرہ" [اس کے معاملہ کا اہتمام کرنے والا] اس سے معلوم ہوا کہ صدیق (دوست) وہی ہے جو تیرے امور کا اہتمام کرے۔ سلف صالحین کا طریقہ تھا کہ "جب ان کا ایک بھائی فوت ہوتا تو اس کے اہل و عیال کی چالیس چالیس برس تک خدمت کرتے اور انہیں صرف چہرہ غائب ہونے کی ہی تکلیف ہوتی تھی۔"

سیرت سلفؒ سے اخوت فی اللہ کے حقوق کے بارے میں واقعہ منقول ہے کہ ایک آدمی اپنے بھائی کے گھر میں آتا ہے اور اس بھائی کو معلوم بھی نہیں۔ وہ اس کے گھر والوں سے پوچھتا ہے "تمہارے پاس آٹا ہے، گھی ہے، تمہیں فلاں چیز کی ضرورت ہے۔" اگر وہ جواب دیں کہ ہمارے پاس فلاں فلاں چیز نہیں تو وہ یہ تمام چیزیں خرید کر انہیں لا دیتا یعنی وہ اپنے اہل و عیال اور اپنے بھائی کے اہل و عیال میں فرق نہ رکھتا۔ اپنے بھائی کا بوجھ بھی خوشی خوشی اٹھاتا اور بتاتے ہیں کہ جب بھائی سے ملاقات ہوتی تو اس مدد کا ذکر تک نہ کرتا۔

روایت ہے کہ حضرت مسروقؒ نے کافی قرض لے رکھا تھا اور ان کے دوست حضرت خثیمہؒ پر بھی قرض تھا۔ چنانچہ حضرت مسروقؒ نے حضرت خثیمہؒ کا قرض ادا کر دیا اور انہیں معلوم نہ تھا جبکہ حضرت خثیمہؒ نے حضرت مسروقؒ کا قرض ادا کر دیا اور انہیں یہ معلوم نہ تھا کہ کون ادا کر گیا۔ حضرت ابو الدرداءؓ نے ہل میں جتے ہوئے دو بیلوں کو دیکھا کہ ایک بیل رک کر بدن کھجلانے لگا تو دوسرا بیل بھی رک گیا۔ حضرت ابو الدرداءؓ یہ دیکھ کر رو پڑے۔ فرمایا کہ اگر حیوان ایک دوسرے کی اتنی رعایت کرتے ہیں تو دو بھائیوں کو ایک دوسرے کی کتنی رعایت کرنی چاہیے۔

3)۔۔۔۔کسی غلطی کے ارتکاب پر اپنے بھائی کو رسوا نہ کرے بلکہ مناسب طریقے سے اصلاح کی کوشش کرے۔ حضرت ابو الدرداءؓ کے بارے میں مروی ہے کہ ایک نوجوان ان کی مجلس پر چھا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

گیا حتیٰ کہ حضرت ابو الدرداءؓ اس کی نیکو کاری کی بناء پر اس سے محبت کرنے لگے۔ اچانک یہ نوجوان کوئی کبیرہ گناہ کر بیٹھا۔ بعض حاسدین اسے حضرت ابو الدرداءؓ کے پاس لے آئے اور کہا کہ کاش آپ اسے دور کر دیں۔ آپ نے فرمایا سبحان اللہ ہم ایک چیز کی وجہ سے اپنے دوست کو نہیں چھوڑ سکتے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے پیغمبر علیہ السلام کو اپنے اہل کے بارے میں یہی حکم دیا۔

فان عصوک فقل انی بری ء مما تعملون (الشعراء: آیت 216)

[پھر اگر تیری نافرمانی کرے۔ تو کہہ دے میں الگ ہوں تمہارے کام سے]

اس آیت میں یہ نہیں کہا کہ "میں تم سے نسبی طور پر ہی بے زار ہوں۔"

حضرت عمرؓ نے ایک آدمی سے مواخات کر رکھی تھی وہ غیر ملک چلے گئے تو غفلت میں پڑ گئے۔ جب حضرت عمرؓ کو پتہ چلا تو آپ نے ان کی طرف ایک مکتوب لکھا۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ حم تنزیل الکتب من اللہ العزیز العلیم۔ غافر الذنب و قابل التوب" (المومن: آیت 1، 2، 3)

[یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے ہر چیز کا جاننے والا ہے، گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے]

یہ لکھنے کے بعد اسے برے فعل پر ندامت دلائی۔ جب اس نے مکتوب پڑھا تو کہا۔ "اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا اور حضرت عمرؓ نے مجھے اچھی نصیحت کی۔" پھر وہ توبہ تائب ہو کر نیک ہو گیا۔ اپنے بھائی کی نصیحت پر عمل پیرا نہ ہونا سخت دلی اور کذب حال کی علامت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کاذبین کے متعلق فرمایا:

"ولکن لا تحبون النصحین" (الاعراف: آیت 79)

[اور لیکن تم نصیحت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے]

4)—— اپنے بھائی کے عیوب اور اس کی لغزشوں کی پردہ داری کرے۔ حدیث پاک میں ہے "ایسے برے پڑوسی سے اللہ کی پناہ مانگو کہ اگر وہ نیکی دیکھے تو اسے چھپا دے اور اگر وہ برائی دیکھے تو اسے ظاہر کر دے"۔

وصف عدالت میں امام شافعی کا قول علماء نے بہت پسند کیا ہے۔ محمد بن عبداللہ بن عبدالحکیم نے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

امام شافعیؒ کو یہ فرماتے سنا۔

"ہر آدمی ایسا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہی کرتا رہے اور نافرمانی نہ کرے اور ہر آدمی ایسا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا رہے اور اطاعت نہ کرے۔اب جس کی نیکیاں اس کی برائیوں سے بڑھ گئیں تو یہ عدل ہے۔"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے اصحاب سے فرمایا "جب تمہارا بھائی سو رہا ہو اور اس کا کپڑا اس سے کھل جائے تو تم کیا کرتے ہو؟" انہوں نے عرض کیا "ہم اسے ڈھانپ دیتے ہیں اور پردہ کرتے ہیں۔" فرمایا "بلکہ تم اس کا پردہ کھولتے ہو۔" انہوں نے عرض کیا "سبحان اللہ یہ کون کرے گا۔" فرمایا "تم میں سے ایک آدمی اپنے بھائی کے بارے میں ایک بات سنتا ہے تو اس میں اضافہ کرکے اسے پھیلاتا ہے۔" (وہ پردہ کھولنے والا ہوا۔)

ایک حدیث پاک میں ہے جو شخص دنیا میں اپنے بھائیوں کی غلطیوں کی پردہ پوشی کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے گناہوں کی پردہ پوشی کرے گا۔

5)۔۔۔ کسی معاملے میں اپنے بھائی کا راز نہ کھولے۔ حضرت عباسؓ نے اپنے بیٹے کو کہا۔

"میں دیکھتا ہوں کہ حضرت عمر بن خطابؓ آپ کو دوسروں پر مقدم رکھتے ہیں۔ اس لئے تین باتوں کا خیال رکھنا۔ ان کا کوئی راز نہ کھولنا' ان کے سامنے کسی کی غیبت نہ کرنا اور انہیں تمہارے جھوٹ کا تجربہ نہیں ہونا چاہیے۔" امام شعبیؒ نے جب یہ بات سنی تو فرمایا یہ کلمہ ہزار کلمات سے بہتر ہے۔ حفاظت راز کے بارے میں عبداللہ بن معتز کا شعر مشہور ہے۔

و مستودعی سراً تبراء ت کتمه　　فاو دعته صدری فصارله قبراً

[اور میری جائے حفاظت راز ہے اس کا اخفاء ہی اقامت کر لیا۔ چنانچہ میں نے سینہ کو یہ امانت دی اور وہ اس کی قبر بن گیا]

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے:

"مومن مومن کا بھائی ہے نہ وہ اسے غمزدہ کرتا ہے نہ ہی شرمندہ کرتا ہے۔"

6)۔۔۔ سالک کو چاہیے کہ اپنے بھائی کیلئے غائبانہ دعا کرتا رہے۔ حدیث پاک میں ہے "آدمی کی اپنے بھائی کے معاملے میں وہ دعا قبول ہوتی ہے جو اپنے بارے میں قبول نہیں ہوتی۔" ایک

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حدیث میں آتا ہے۔ "بھائی کی اپنے بھائی کے لئے غائبانہ دعا رد نہیں ہوتی اور فرشتہ کہتا ہے ولک مثل ھذا (اور تجھے بھی اسی قدر ملے) حضرت ابو الدرداءؓ فرمایا کرتے تھے۔ "میں سجدہ میں اپنے چالیس بھائیوں کیلئے دعا کرتا ہوں اور ان کے نام لیا کرتا ہوں۔" ایک بزرگ فرمایا کرتے تھے:

"ہمارے بڑوں کی دعائیں ہمارے گرد پہرہ دیا کرتی ہیں۔"

7)۔۔۔ سالک کو چاہیے کہ اپنے بھائی کی وفات کے بعد اس کیلئے دعا کرے۔ کیا خبر اس کی دعا قبول ہو جائے اور حسن نیت کی وجہ سے مردے کی بخشش ہو جائے۔ حدیث پاک میں ہے۔ "قبر میں مردے کی مثال ایسے ہے جیسے کہ ڈوبنے والا ہر چیز سے لپٹ لپٹ جائے۔ وہ اپنے بیٹے یا والد یا بھائی کی دعا کا منتظر رہتا ہے اور زندوں کی دعاؤں سے مردوں کی قبروں پر پہاڑوں کے برابر انوارات آتے ہیں۔ کہا کرتے ہیں "جیسے دنیا میں زندوں کیلئے تحائف ہوتے ہیں۔ مردوں کیلئے دعائیں بمنزلہ ان تحائف کے ہیں۔" سلف صالحین اپنے بھائیوں کو اپنی وفات کے بعد دعائیں کرنے کی وصیت کرتے تھے۔ حضرت علیؓ فرمایا کرتے تھے "غریب وہ نہیں جس کے پاس مال نہ ہو بلکہ غریب وہ ہے جس کا کوئی حبیب نہ ہو۔" اللہ تعالیٰ نے مومنین کو کتنی اچھی اور خوبصورت دعا سکھائی۔

"ربنا اغفرلنا و لاخواننا الذین سبقونا بالایمان" (الحشر: آیت 10)

[اے ہمارے پروردگار! ہماری مغفرت فرما اور ہمارے ان ایمان والے بھائیوں کی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں]

8)۔۔۔ سالک کیلئے ضروری ہے کہ اپنے بھائی کیلئے دسترخوان کو وسیع رکھے اور "انما نطعمکم لوجه الله" (الدھر: آیت 9) [بیشک ہم آپ کو اللہ کیلئے کھلاتے ہیں] پر عمل پیرا ہو۔ محمد بن واسعؒ ایک مرتبہ حضرت ابو سلیمان دارانیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے عمدہ عمدہ مرغوب چیزیں دستر خوان پر رکھیں مگر ہمراہ کھانے کی بجائے فقط پاس بیٹھے محو گفتگو رہے اور فرمایا "میں نے یہ چیزیں تمہارے لئے چھپا رکھی تھیں۔" محمد بن واسع نے کہا "آپ ہمیں مرغوب چیزیں کھلاتے ہیں اور آپ خود نہیں کھاتے۔" فرمایا "میں انہیں نہیں کھاؤں گا۔ میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

انہیں چھوڑ چکا اور تمہارے سامنے اس لئے رکھتا ہوں کہ میں جانتا ہوں تم یہ چیزیں چاہتے ہو۔"

حضرت ابراہیم بن ادھمؒ اپنے بھائیوں کے آنے پر مصیصہ شہر اور ساحلی بستیوں سے صنوبر، بادام اور بندق کا پھل توڑ کر لاتے اور فرماتے "کھاؤ"۔ وہ عرض کرتے "کاش آپ یہ کام چھوڑ دیتے اور اپنی نماز پڑھتے رہتے۔" وہ فرماتے "یہ میرے لئے نفلی نماز سے افضل ہے۔"

شریعت نے تو اپنے صدیق کے گھر سے بغیر اذن کھانا کھانے کی بھی اجازت دی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت بریرہؓ پر صدقہ کیا ہوا گوشت کھایا اور وہ موجود نہ تھیں۔ اس لئے کہ آپ کو معلوم تھا کہ آپ کا ایسا کرنا حضرت بریرہؓ کیلئے مسرت کا باعث ہو گا۔

ہاشم اوقصؒ نے دیکھا کہ حضرت حسن بصریؒ ایک سبزی فروش کی دکان پر بیٹھے اس ٹوکری سے یہ چیز اور اس ٹوکری سے وہ چیز کھا رہے ہیں تو کہا "اے ابو سعیدؒ! آپ ایک آدمی کا مال بغیر اس کی اجازت کے کیوں کھا رہے ہیں۔" فرمایا "اے لڑکے کھانے کی آیت پڑھنا۔ وہ خاموش رہے تو حضرت حسن بصریؒ نے یہ آیت پڑھی "و لا علی انفسکم ان تاکلوا من بیوتکم" سے لے کر "او صدیقکم" (النور: آیت 61) تک پڑھی۔

بعض سلف کا یہ حال تھا کہ اچانک مہمان آگئے۔ گھر میں کھانے کو نہ تھا۔ اپنے بھائی کے گھر گئے اور وہاں سے روٹیاں اور ہنڈیا پکی ہوئی اٹھا لائے اور مہمانوں کے سامنے رکھ دیں۔ جب وہ بھائی ملتا تو اس کام کو مستحسن سمجھتا اور کہا کرتا کہ اگر دوبارہ مہمان آئیں تو ایسا ہی کیجئے گا۔

حضرت محمد بن واسعؒ اور فرقد سنجیؒ کے اصحاب ان کے گھر میں آتے اور صاحب خانہ سے اجازت لئے بغیر ہی کھا لیا کرتے وہ فرمایا کرتے۔

"تم نے مجھے سلف صالحین کا اخلاق یاد دلا دیا۔ ہم اسی طرح تھے۔"

مالک بن دینارؒ اور محمد بن واسعؒ دونوں حضرت حسن بصریؒ کے گھر میں تشریف لائے۔ حضرت حسنؓ موجود نہ تھے۔ محمد بن واسعؒ نے چارپائی کے نیچے سے کھانے کی ٹوکری نکالی اور کھانا کھانے لگے حضرت حسن بصری تشریف لائے تو فرمایا:

"دور صحابہ میں ہم ایسے ہی تھے ہم ایک دوسرے سے تنفر نہیں کیا کرتے تھے۔"

سلف صالحین اپنے مسلمان بھائیوں سے اختلاط رکھتے، مل کر کھاتے کھلاتے، بازاروں میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

چلتے' ضروریات کی چیزیں خود خرید لاتے اور سامان خود اٹھا لیتے۔ صحابہؓ و تابعینؒ کی یہی سیرت تھی۔ حضرت عمرؓ اپنے گھر والوں کیلئے اپنی پیٹھ پر (خوراک وغیرہ) بوری اٹھا لیتے۔ حضرت علیؓ اپنے کپڑے اور ہاتھ میں کھجور اور نمک اٹھا لاتے اور فرمایا کرتے۔

لا ینقص الکامل من کمالہ ماجر من نفع الی عیالہ

[کامل اس وجہ سے ناقص نہیں ہوتا کہ اس نے اہل و عیال کے نفع کیلئے مشقت اٹھائی]

حضرت ابیؓ بن کعب' عبداللہ ابن مسعودؓ اور ابو ہریرہؓ کا یہی طریقہ تھا۔ یہ لکڑیاں خود لاتے۔ اپنے کاندھوں پر آٹے کی بوریاں اٹھا لاتے۔ نبی اکرم ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ ایک چیز خریدتے تو خود اٹھا لیتے آپ کا صحابیؓ عرض کرتا "یہ مجھے دیجئے میں اٹھا لیتا ہوں۔" آپ فرماتے "چیز کا مالک اسے اٹھانے کا زیادہ حقدار ہے۔" نبی اکرم ﷺ بعض اوقات بکری کا دودھ دوہتے' اہل خانہ کے ہمراہ روٹیاں پکانے میں مدد کرتے' گھر میں جھاڑو دیتے حالانکہ آپ پر خشیت الٰہی اور محبت الٰہی کا غلبہ رہا کرتا تھا۔ (اس تفصیل سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جو سالکین ذکر و اذکار اور وظائف و اوراد میں لگ کر گھر کے کام کاج سے علیحدگی اختیار کر لیتے ہیں اور اسے زہد و تقویٰ سمجھتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔

حضرت علیؓ کا قول ہے "میں اپنے بھائیوں کو جمع کر کے انہیں کھانا کھلاؤں یہ بات مجھے ایک غلام آزاد کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔"

حضرت ابو سلیمان دارانیؒ فرماتے تھے "اگر میں ساری دنیا کا مالک بن جاؤں اور ساری دنیا کا نوالہ بنا کر اپنے بھائی کے منہ میں دے دوں تو بھی اسے کم سمجھوں گا۔ ایک مرتبہ فرمایا "میں اپنے ایک بھائی کو نوالہ کھلاتا ہوں تو اس کا ذائقہ اپنے حلق میں محسوس کرتا ہوں۔"

9)۔۔۔ سالک کو چاہیے کہ اپنے بھائی کی دلآزاری ہرگز نہ کرے۔ حضرت بکر بن عبداللہ مزنیؒ چھت کا پرنالہ اپنے صحن میں رکھا کرتے تھے تاکہ کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔ ایک عالم حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کے گھر مہمان بن کر ٹھہرے۔ حضرت نے کھانے کیلئے پھل پیش کئے۔ فراغت پر مہمان نے کہا کہ حضرت میں چھلکے باہر پھینک دیتا ہوں۔ فرمایا کہ آپ چھلکے ایک ہی جگہ باہر پھینک دیں گے۔ ہمسائے کے بچے دیکھیں گے تو ان کے دل میں پھل کھانے کی خواہش پیدا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہوگی۔ جب ان بچوں کو گھر میں پھل کھانے کو نہ ملے گا تو ان کی دل آزاری ہوگی۔ اس نے کہا کہ حضرت آپ کیسے پھینکیں گے فرمایا ان چھلکوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک اس جگہ، دوسرا دوسری جگہ اس طرح فاصلے فاصلے سے چھلکے پھینکوں گا کہ دیکھ کر اندازہ ہی نہ ہوگا کہ یہاں کسی نے پھل کھائے ہیں۔

پس مسلمان بھائی کی دل آزاری سے بچنا چاہیے اور اس کا تذکرہ ہمیشہ اچھے الفاظ میں کرنا چاہیے۔ حضرت ابن عباسؓ نے حضرت مجاہدؒ کو وصیت کی:

"جب تیرا بھائی تجھ سے غائب ہو تو اس کا ذکر اسی طرح کر جیسے کہ اگر تو اس سے غائب ہو تو اپنا ذکر ہونا پسند کرتا اور جیسے تو چاہتا ہے کہ تجھے معاف کر دیا جائے اس طرح اسے بھی معاف کر۔"

ایک بزرگ فرمایا کرتے تھے "میں نے غیر حاضری میں جب بھی کسی بھائی کا ذکر کیا تو یہ فرض کر لیا کہ وہ یہیں بیٹھا ہے۔ چنانچہ میں نے اس کے بارے میں وہی کہا جو وہ اپنی موجودگی میں سننا پسند کرتا ہے۔" ایک دوسرے کے ساتھ نزاع کی کیفیت پیدا نہ ہونے دی جائے۔ ابو اسامہ باہلیؓ کی حدیث میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم جھگڑ رہے تھے۔ آپؐ غضبناک ہوئے اور فرمایا "نزاع کرنا چھوڑ دو، اس لئے کہ اس میں بھلائی کم ہے۔ نزاع چھوڑ دو اس لئے کہ اس کا فائدہ کم ہے اور یہ بھائیوں کے درمیان عداوت بھڑکاتا ہے۔"

عبدالرحمٰن بن جبیر بن نضیر نے اپنے والد سے نقل کیا کہ میں یمن میں تھا اور میرا ایک پڑوسی یہودی تھا۔ وہ مجھے تورات کی باتیں بتایا کرتا۔ ایک دن میں نے اسے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے اندر ایک نبیؐ مبعوث فرمایا۔ اس نے ہمیں اسلام کی دعوت دی۔ ہم نے اسلام قبول کر لیا اور اللہ تعالیٰ نے ہم پر تورات کی تصدیق کرنے والی کتاب بھیجی۔ یہودی نے کہا:

"تم نے سچ کہا مگر تم پر جو نازل ہوا اس کی تم لوگ تاب نہیں رکھتے۔ ہم اس نبیؐ کی اور اس کی امت کی صفات تورات میں پاتے ہیں کہ کسی آدمی کے لئے جائز نہیں کہ وہ علم رکھتا ہو اور گھر کی چوکھٹ سے نکلے تو اس کے دل میں اپنے مسلمان بھائی کے خلاف ناراضگی ہو۔"

سلف صالحین کا قول ہے کہ شیطان جس قدر اللہ تعالیٰ کی خاطر مواخات قائم کرنے والوں سے جلتا اور حسد کرتا ہے اسقدر وہ نیکی میں تعاون کرنے والوں کے درمیان تفریق پیدا نہیں کرتا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

اس کا صرف یہی کام ہے اور وہ دوسرے کاموں سے فارغ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"قل لعبادی یقولوا التی ھی احسن ان الشیطن ینزغ بینھم"

(بنی اسرائیل: آیت53)

[اور کہہ دے میرے بندوں کو کہ بات وہی کہیں جو بہتر ہو۔ شیطان جھگڑواتا ہے آپس میں]

حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعات بتاتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"من بعد ان نزغ الشیطن بینی و بین اخوتی" (یوسف: آیت100)

[بعد اس کے کہ جھگڑا اٹھایا شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان]

سالک کو چاہیے کہ اپنے دینی بھائی کو نصیحت کرے مگر فضیحت سے بچے۔ نصیحت کہتے ہیں تنہائی میں اچھی بات سمجھانے کو اور فضیحت کہتے ہیں لوگوں میں بیٹھ کر غلطیوں کی نشاندہی کرنے کو تاکہ بھائی شرمندہ ہو۔ اسی طرح عتاب کرے مگر توبیخ سے بچے۔ عتاب کہتے ہیں خلوت میں ناراض ہونے کو اور توبیخ کہتے ہیں لوگوں کے سامنے ناراض ہونے کو۔

اسی طرح مدارات کرے مگر مداہنت سے بچے۔ مدارات کہتے ہیں کہ اللہ کی رضا کیلئے بھائی کا قرض ادا کر دیا وغیرہ اور مداہنت کہتے ہیں کہ تو کسی کام کے ذریعے دنیا چاہے اور نفسانی مزے کیلئے ایک کام کرے۔

اسی طرح غبطہ کرے مگر حسد سے بچے۔ غبطہ (رشک) کہتے ہیں کہ جو انعام تو بھائی پر دیکھے وہ اپنے لئے بھی چاہے۔ یہ نہ چاہے کہ بھائی کا انعام ختم ہو۔ حسد یہ ہے کہ جو انعام بھائی کے پاس ہے وہ لینا چاہے جبکہ وہ انعام بھائی کے پاس نہ رہے۔

اسی طرح فراست پر اعتماد کرے مگر بدظنی سے بچے۔ فراست کہتے ہیں کہ اپنے وجدان باطنی کے ذریعے بھائی کی برائی کا اندازہ کر لینا اور بدظنی کہتے ہیں کہ اپنے خبث باطن کی وجہ سے بھائی کو برا سمجھنا۔ یہ بدظنی حرام ہے۔ رسول اکرم ﷺ سے مروی ہے۔

"ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو۔ ایک دوسرے سے دشمنی و اختلاف نہ رکھو۔ باہم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

حسد نہ کرو۔ نہ ہی باہم قطع تعلق کرو اور اللہ کے بندے! بھائی بھائی بن جاؤ۔"

متقی آدمی کی علامت یہ ہے کہ اگر باہم دو بھائیوں میں کسی وجہ سے تفریق بھی ہو جائے تو انقطاع ہو جانے پر بھی خوش روئی اور حسن خلق کا مظاہرہ کرے۔ بقول شاعر

ان الکریم اذا تقضی ودہ یخفی القبیح و یظہر الاحسانا

و تری اللئیم اذا تصرم حبلہ یخفی الجمیل و یظہرا البہتانا

[شریف آدمی جب محبت ختم کرتا ہے تو برائی چھپاتا اور نیکی ظاہر کرتا ہے۔ اور کمینے آدمی کی جب رسی ٹوٹتی ہے تو اچھائی چھپاتا اور بہتان ظاہر کرتا ہے]

نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ دعا مانگی تو درج ذیل الفاظ سے [illegible]ں۔ "یامن اظہرالجمیل و سترالقبیح و لم یواخذ بالجریرہ و لم یہتک السر"

[اے جس نے اچھائی ظاہر کی اور برائی پر پردہ ڈال دیا اور گناہ پر مواخذہ نہیں کیا اور پردہ دری نہیں کی]

ان مندرجہ بالا صفات کو اپنے اندر پیدا کرنا ہی تخلقوا باخلاق اللہ تعالیٰ کہلاتا ہے۔ سالک کو چاہیے کہ یہ دعا اکثر مانگا کرے۔

"ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین آمنوا۔ ربنا انک روف مدحیم۔" (الحشر: آیت 10)

[اے ہمارے پروردگار! ہم کو بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں]

ایک مرتبہ نبی علیہ السلام تشریف فرما تھے کہ ایک صحابیؓ سامنے سے آئے۔ ابھی وہ دور ہی تھے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "جنتی آ رہا ہے۔" پھر کچھ دن کے بعد اسی طرح ہوا کہ آپؐ نے اسے دیکھ کر فرمایا "جنتی آرہا ہے"۔ ایک دوسرے صحابیؓ یہ سن کر رشک کرنے لگے۔ دل میں سوچا کہ کسی طرح اس بھائی کا خاص عمل دیکھوں جس کی وجہ سے انہیں جنت کی بشارت نصیب ہوئی۔ پس وہ تین دن کیلئے اس بھائی کے گھر مہمان بن کر وارد ہوئے۔ دن رات اپنے بھائی کے اعمال کو ملاحظہ کیا کوئی خاص بات نظر نہ آئی جو امتیازی حیثیت رکھتی ہو۔ تیسرے دن اس بھائی سے پوچھ لیا کہ آپ کونسا ایسا عمل کرتے ہیں جس کی وجہ سے آپ کو نبی اکرم ﷺ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

نے جنت کی بشارت دی۔ انہوں نے کہا کوئی خاص عمل تو نہیں البتہ رات جب میں سونے لگتا ہوں تو اپنے مسلمان بھائیوں کی طرف سے دل کو صاف کر لیتا ہوں۔ شاید یہ سینہ بے کینہ اللہ تعالیٰ کو ایسا پسند آیا ہو کہ دنیا میں جنت کی بشارت نصیب ہوئی۔

مواخات کو قائم و دائم رکھنے کیلئے دو صفات مرکزی حیثیت رکھتی ہیں ایک تواضع دوسری ایثار۔ حدیث پاک میں آتا ہے "من تواضع للہ رفعہ اللہ" [جس نے اللہ کیلئے تواضع کی اسے اللہ نے بلندی دی]

زمین کی طرح جس نے عاجزی و انکساری کی خدا کی رحمتوں نے اس کو ڈھانپا آسماں ہو کر

ایک بزرگ اپنے متوسلین سے فرمایا کرتے تھے:

"ایک کتے نے اصحاب کہف کا ساتھ دیا تو اس کتے کے ساتھ جنت کا وعدہ ہوا اور اس کا تذکرہ قرآن مجید میں ہوا۔ تم اپنے احباب کو اصحاب کہف کی مانند سمجھا کرو اور اپنے آپ کو ان کا کتا تصور کیا کرو۔ پس تمہیں بھی اپنے احباب کی وجہ سے جنت میں داخلہ نصیب ہوگا۔"

حضرت خواجہ فضل علی قریشیؒ اپنے مریدین سے فرمایا کرتے کہ فقیرو! دیکھو سر اونچا ہے جب بھی کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے تو سر پر جوتے لگتے ہیں۔ پاؤں نیچے ہیں لہٰذا جب بھی عزت ملتی ہے تو لوگ پاؤں پکڑتے ہیں اور منت سماجت کر کے مناتے ہیں۔ پس تم غرور و تکبر سے بچو۔ سالک کو چاہیے کہ اپنے دینی بھائی کیلئے اس طرح بچھ جائے کہ اگر وہ سینے پر پاؤں رکھ کر بھی گزر جائے تو یہ برا نہ مانے۔

ایک بزرگ تواضع کی فضیلت یوں بیان فرمایا کرتے تھے:

"انسان سجدے کی حالت میں اپنی پیشانی کو زمین پر ٹکا دیتا ہے یہ جھکنا اللہ تعالیٰ کو اتنا پسند آیا کہ فرمایا انسان جتنا میرے قریب سجدے کی حالت میں ہوتا ہے اتنا کسی دوسری حالت میں نہیں ہوتا۔"

دوسروں کو اپنے سے بہتر اور افضل تصور کرنا تواضع کی علامت ہے۔ سالک اپنے سے عمر میں بڑوں کا اس لئے ادب کرے کہ ان کی نیکیاں مجھ سے زیادہ ہیں اور اپنے سے چھوٹوں پر اس لئے شفقت کرے کہ ان کے گناہ مجھ سے کم ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ایک مرتبہ چند سالکین اپنے شیخ کی خانقاہ میں حاضری کیلئے پیدل جا رہے تھے۔ ایک آدمی نے انکو دیکھا تو سوچا کہ چلو ان میں سے جو بھی بڑا بزرگ ہوگا اس سے دعا کرواؤنگا۔ چنانچہ پہلے سے مصافحہ کیا اور کہا کہ آپ بزرگ ہیں میرے لئے دعا کریں۔ وہ کہنے لگے میں تو خادم ہوں بزرگ تو وہ ہیں جو میرے پیچھے آرہے ہیں۔ چنانچہ اس نے دوسرے سے دعا کیلئے کہا اس نے بھی وہی جواب دیا کہ میں تو خادم ہوں بزرگ تو وہ ہیں جو میرے پیچھے آرہے ہیں۔ کرتے کرتے سب گزر گئے۔ جب آخری صاحب گزرنے لگے تو اس شخص نے ان سے دعاؤں کی گذارش کی کہ آپ بزرگ ہیں میرے لئے دعا کریں۔ وہ فرمانے لگے اوہو۔ میں تو خادم ہوں بزرگ تو وہ تھے جو آگے گزر گئے۔ اللہ اکبر۔ گویا سب دوسروں کو اپنے سے افضل و اعلیٰ سمجھتے تھے۔

ایثار کہتے ہیں کہ اپنی ضرورت کے باوجود اپنے بھائی کو اپنے آپ پر ترجیح دینا۔ چنانچہ صحابہ کرام ؓ کی خاص صفت بتائی گئی۔ "ویوثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصہ" (الحشر: آیت 9) [وہ انکو اپنے پر ترجیح دیتے ہیں حالانکہ وہ خود اس کے زیادہ مستحق ہوتے ہیں] ایک صحابیؓ کا مشہور واقعہ ہے کہ مہمان گھر آئے تو دسترخوان بچھا کر چراغ بجھا دیا خود کھانا نہ کھایا تاکہ مہمان پیٹ بھر کر کھالے۔

شیخ ابو الحسن انطاکیؒ کے پاس شہر "رے" میں 30 سالکین جمع ہوئے۔ پانچ آدمیوں کا کھانا تھا۔ خادم نے دسترخوان پر کھانا چن دیا اور بہانے سے چراغ بجھا دیا۔ سب سالکین اندھیرے میں اس طرح اپنے ہاتھ کھانے اور منہ کی طرف بڑھاتے رہے جیسے خوب مزے مزے سے کھانا کھا رہے ہوں۔ بعض اپنا منہ اس طرح چلاتے رہے جیسے کھانا چبا چبا کر کھا رہے ہوں۔ کافی دیر کے بعد وہ دستر خوان سے اٹھ گئے۔ سالکین کے چلے جانے کے بعد جب چراغ روشن کیا گیا تو خادم نے دیکھا کہ کھانا بچا ہوا ہے ہر کسی نے کم کھایا تاکہ میرا دوسرا بھائی کھانا کھالے۔ یہی اخلاق صحابہ کرامؓ سے منقول ہیں۔ ایک بکری کا سر سات گھروں سے ہوتا ہوا پھر پہلے گھر پہنچ گیا۔

سیدنا علیؓ اور سیدہ فاطمہؓ نے تین دن پانی سے سحری و افطاری کی مگر اپنا کھانا سائلین کو دے دیا چنانچہ آیات نازل ہوئیں۔ "ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا و یتیما و اسیرا" (الدھر: آیت 8)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

[اور وہ لوگ (محض) خدا کی محبت سے غریب اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں]

حضرت حذیفہؓ سے جنگ یرموک میں ایک زخمی مجاہد نے پانی مانگا تو دوسری طرف سے حضرت ہشام بن العاص نے آہ کی۔ اس مجاہد نے اپنا منہ بند کر لیا اور دوسرے کی طرف اشارہ کیا کہ پہلے اسے پانی پلائیں۔ جب دوسرے کو پلانے لگے تو تیسری طرف سے آواز آئی۔ دوسرے نے تیسرے کے پاس بھیج دیا۔ پانی پلانے والے جب وہاں پہنچے تو وہ فوت ہوگئے۔ جب دوسرے کی طرف لوٹ کر آئے تو دیکھا کہ وہ بھی فوت ہوگئے جب پہلے کی طرف آئے تو وہ بھی شہید ہوگئے۔ انسانی تاریخ میں ان مجاہدین نے ایثار کا ایک نیا باب رقم کیا کہ عین جان کنی کے عالم میں خود پانی نہ پیا اور دوسرے کی طرف بھیجا خود پیاس کی حالت میں اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔

ایک مرتبہ حکومت وقت نے شیخ ابو الحسن نوریؒ، شامؒ اور رقامؒ کو گرفتار کیا تاکہ قتل کر دیا جائے۔ جب سر اڑانے لگے تو شیخ ابو الحسن نوریؒ پہلے جلاد کی طرف بڑھے تاکہ انہیں قتل کر دیا جائے، پوچھا گیا کہ پہل کیوں کی؟ فرمایا اسلئے کہ میرے بھائی چند لمحے اور جی لیں۔ سبحان اللہ مواخات کے پودے کی آبیاری ایثار کے پانی سے کرتے رہیں تو یہ ایسا درخت بن جاتا ہے۔

"اصلها ثابت و فرعها في السماء" (ابراہیم: آیت 24)

[جس کی جڑ خوب گڑی ہوئی ہو اور اس کی شاخیں آسمان میں جا رہی ہوں]

اسلام نے تو تھوڑی دیر کی مصاحبت اختیار کرنے والوں کے ساتھ بھی ایثار کا برتاؤ کرنے کی تعلیم دی ہے پھر پیر بھائیوں اور عزیز و اقارب کا تو کیا کہنا۔

نبی اکرم ﷺ کے بارے میں مروی ہے کہ ایک آدمی نے راستہ میں آپؐ کی مصاحبت اختیار کی۔ جب ایک جنگل میں پہنچے تو نبی اکرم ﷺ نے پیلو کی دو مسواکیں توڑیں ان میں سے ایک ٹیڑھی تھی دوسری سیدھی۔ آپ نے ٹیڑھی خود لے لی اور سیدھی اپنے ساتھی کو دے دی۔ اس آدمی نے عرض کیا "آپ مجھ سے زیادہ سیدھی (مسواک) کے حقدار ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

"جو آدمی بھی کسی کی مصاحبت کرتا ہے چاہے دن کی ایک گھڑی کرے تو اللہ تعالیٰ اس سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

مصاحبت کے بارے میں پوچھے گا کہ کیا اس میں اللہ عزوجل کا حق ادا کیا یا نہیں۔ میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ مجھ پر تیرا ایسا حق ہو جو میں نے ادا نہ کیا ہو۔"

اخوت فی اللہ، محبت فی اللہ اور حسن مصاحبت دراصل سلف صالحین کے طرق تھے۔ آج یہ ناپید ہوگئے ان کے آثار جاتے رہے۔ جو ان پر عمل کرے اس نے انہیں زندہ کیا اور جس نے انہیں زندہ کیا اسے بعد میں عمل کرنیوالوں جیسا اجر ملے گا۔ جس سالک کو نیک مخلص بھائی مل جائے وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے کہ تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کے پروردگار ہے۔

نوٹ :۔ اخوت اسلامی کے تحت دیئے گئے اکثر واقعات شیخ ابو طالب مکی" کی کتاب "قوت القلوب" سے اخذ کئے گئے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

باب 13

سوالات و جوابات

سوال نمبر1 :- شیخ کو مریدوں پر تنقید کرنے اور ڈانٹ ڈپٹ کرنے کے باوجود مریدوں کی محبت کیوں ملتی ہے۔

جواب :- ڈاکٹر علاج معالجہ کے لئے اگرچہ نشتر لگاتا ہے مگر شفاء حاصل ہونے کے بعد لوگ دعائیں دیتے ہیں۔

سوال نمبر2 :- پیر سے محبت رکھنے کے بارے میں شریعت کی کوئی دلیل بھی پیش کی جاسکتی ہے۔ یا نہیں؟

جواب :- ایک مرتبہ نبی علیہ السلام نے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا' تو کس کو دوست رکھتا ہے؟ "عرض کیا کہ آپ ﷺ کو۔" آپ ﷺ نے پوچھا کہ "اللہ تعالیٰ سے بھی زیادہ؟" عرض کیا "جی ہاں' اگر آپ ﷺ نہ ہوتے تو ہم بت پرست ہوتے۔"

سوال نمبر3 :- آج کل کامل پیر کے نااہل بیٹے کو بھی پیر سمجھا جاتا ہے' کیا یہ ٹھیک ہے؟

جواب :- جس طرح ڈاکٹر کے بیٹے کو ڈاکٹر ماننے کے لئے کوئی تیار نہیں ہوتا' جب تک وہ باقاعدہ ڈاکٹری کا علم حاصل نہ کرے۔ اسی طرح پیر کا بیٹا پیر نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ باقاعدہ نسبت اخذ نہ کرے۔ ہاں اگر نسبت اخذ کرے تو پیر کا بیٹا "نور علی نور" ہوتا ہے۔ اس سے ہی بیعت کی تجدید کرنا افضل ہے۔

سوال نمبر4 :- بعض لوگ کہتے ہیں کہ پیر کامل نہ بھی ہو تو کوئی حرج نہیں' یقین پکا ہونا چاہئے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جواب :- جس طرح ایک قیدی دوسرے قیدی کو نہیں چھڑا سکتا یا ایک سویا ہوا دوسرے سوئے ہوئے کو نہیں جگا سکتا یا ایک اندھا دوسرے اندھے کو راستہ نہیں دکھا سکتا اسی طرح ایک غافل دوسرے غافل کو ذاکر نہیں بنا سکتا۔ جب پیر ہی کامل نہیں تو مرید کامل کیسے بنے گا۔

سوال نمبر5 :- جب قرآن وحدیث موجود ہیں تو پیر پکڑنے کی کیا ضرورت ہے۔ انسان اپنی اصلاح خود کیوں نہیں کرسکتا؟

جواب :- صحابہ کرامؓ نے قرآن اترتے ہوئے دیکھا، صاحب قرآن کو دیکھا، نبیؐ کے فرمان کو اپنے کانوں سے سنا۔ مگر اپنا تزکیہ خود نہ کرسکے بلکہ نبی علیہ السلام نے ان کا تزکیہ کیا۔ قرآن پاک میں "ویزکیھم" کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ مزکی کی ضرورت پڑتی ہے۔ آج اس گئے گزرے دور میں بھلا ہم اپنی اصلاح خود کیسے کرسکتے ہیں؟ جس طرح درخت کو اپنے پھل بوجھل محسوس نہیں ہوتے اسی طرح انسان کو بھی اپنے عیوب برے محسوس نہیں ہوتے۔ شیخ کے بغیر تزکیہ حاصل کرنے کی مثال ایسے ہی ہے جیسا کہ ایک آدمی کہے کہ میں بیمار تو ہوں مگر میڈیکل کی کتابیں موجود ہیں خود پڑھ کر اپنا علاج کرلوں گا۔ کیا اسے عقلمند کہا جائے گا؟

سوال نمبر6 :- بعض سالکین اپنے اوپر مباحات کا دائرہ تنگ کرلیتے ہیں، یہ کیسا ہے؟

جواب :- مباحات میں وسعت اس لئے نہیں کہ ہر شخص ہر مباح کو استعمال ہی کرے بلکہ کیا معلوم کس کو کس وقت کس چیز کی ضرورت پیش آجائے۔ اسی لئے بعض مشائخ تمباکو کھانا پینا تو بڑی دور کی بات ہے پان کھانے اور چائے پینے سے بھی پرہیز کرتے ہیں۔

سوال نمبر7 :- بعض اوقات سالکین پر کبھی عجیب کیفیات ہوتی ہیں اور کبھی کچھ بھی نہیں اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب :- سالک کی مثال درخت کی سی ہوتی ہے۔ ایک وقت آتا ہے درخت پر کونپلیں پھوٹتی ہیں نئے نئے پتے نکلتے ہیں پھر نئے پتے نکلنا بند ہوجاتے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ درخت کی ترقی رک گئی بلکہ اس وقت درخت اپنے تنے شاخیں مضبوط کر رہا ہوتا ہے۔ یہی معاملہ سالک کے ساتھ ہوتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سوال نمبر8:- سالک کو کیسے پتہ چلتا ہے کہ اس کا مشرب کیا ہے؟

جواب:- سالک جس نبیؑ کے زیر قدم ہو، اس نبی علیہ السلام کی صفات کا پرتو سالک کی شخصیت پہ واضح نظر آتا ہے۔ جو موسوی المشرب ہوگا اسے کلام الٰہی سے شغف زیادہ ہوگا ابراہیمی المشرب کو توکل علی اللہ اور مہمان نوازی میں خصوصیت نصیب ہوگی۔ عیسوی المشرب کی زندگی میں زہد فی الدنیا غالب ہوگا اس میں سلبی قوت بہت زیادہ ہوگی محمدی المشرب کو اتباع سنت اور اخلاق محمدیہ سے شغف زیادہ ہوگا۔

سوال نمبر9:- اگر اولیاء اللہ کا فیض مرنے کے بعد بھی رہتا ہے تو دوسرے شیخ سے بیعت ہونے کی کیا ضرورت ہے؟

جواب:- فیض تو رہتا ہے مگر اس قدر نہیں کہ ناقص کو کامل بنا سکے۔

سوال نمبر10:- کوئی شیخ اپنے مرید کو عاق کرے اور مرید کا اعتقاد سالم رہے تو بیعت قائم رہتی ہے یا نہیں؟

جواب:- شیخ ناراض ہوجائے مگر مرید کا اعتقاد باقی و قائم رہے تو بیعت باقی رہتی ہے۔ غزوہ تبوک میں حضور ﷺ حضرت کعب بن مالکؓ سے منقبض ہوگئے تھے مگر ان کا اعتقاد درست رہا لہٰذا کامیابی ہوئی۔

سوال نمبر11:- اگر کسی مرید کا اعتقاد پیر کے بارے میں جاتا رہے اور شیخ بیعت واپس نہ کرے تو بیعت رہتی ہے یا نہیں؟

جواب:- بیعت ٹوٹ جاتی ہے۔ حضرت عبداللہ بن جابرؓ سے روایت ہے ایک اعرابی نے رسول اللہ ﷺ سے پاس رہنے کی بیعت کی مگر بخار ہوا۔ اور وہ بغیر اجازت چلا گیا تو نبیؐ نے فرمایا: مدینہ بھٹی کی مانند ہے اپنے میل کو دور کرتا ہے اور اپنے اچھے کو خالص کرتا ہے۔

سوال نمبر12:- پیر کا مرید سے تعلق کیسا ہونا چاہئے؟

جواب:- وہی ہونا چاہئے جو سیدنا صدیق اکبرؓ کا حضرت نبی اکرم ﷺ سے تھا۔ ایک مرتبہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

نبی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے تین چیزیں پسند ہیں۔ جواب میں سیدنا صدیق اکبرؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ مجھے بھی تین چیزیں پسند ہیں۔ (1) آپؐ کے چہرہ انور کو دیکھتے رہنا۔ (2) آپؐ پر اپنا مال خرچ کرنا (3) میری بیٹی آپؐ کے نکاح میں ہے۔ سوچئے ان تینوں کا مرکز و محور ایک ہی ذات تھی۔ پس مرید کو اپنے شیخ سے ایسا ہی والہانہ تعلق ہونا چاہئے۔

سوال نمبر 13:- سلوک میں ذکر ہی سے فائدہ ہوتا ہے یا کسی اور چیز سے بھی؟

جواب:- سالک کو ابتدا میں ذکر سے فائدہ ہوتا ہے۔ پھر ایک وہ وقت آتا ہے کہ ذکر خواہ نفی واثبات ہی کیوں نہ ہو، مفید نہیں رہتا۔ بلکہ فکر کام آتا ہے۔ اس منزل پر تلاوت قرآن، کثرت نوافل، تبلیغ وتدریس اور تصنیف سے فائدہ ہوتا ہے پھر قرب بالفرائض کا درجہ آتا ہے خواہ وہ اللہ کی طرف سے مقرر ہوں یا بندوں کی طرف سے۔ مثلاً شیخ نے کہا خانقاہ میں خدمت کرو اب یہ خدمت کرنا فائدہ زیادہ دے گا بہ نسبت ذکر و فکر کے۔ اسے قرب بالفرائض کہتے ہیں۔

سوال نمبر 14:- اسباق کے خواص سے کیا مراد ہے؟

جواب:- ہر سبق سے رذائل کا ازالہ وابستہ ہے پیر اس پر نظر رکھتا ہے کہ رذائل دور ہوئے یا نہیں۔ جب ایک کے رذائل دور ہو جاتے ہیں تو شیخ دوسرا سبق دے دیتا ہے۔

سوال نمبر 15:- قرب بالنوافل سے کیا مراد ہے؟

جواب:- سالک فنائے کامل حاصل کرنے کے بعد قرب بالنوافل سے ترقی پاتا ہے یعنی اپنی طرف سے جو چاہتا ہے عبادت کرتا ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ اس سے جو دین کا کام لینا چاہیں اس میں لگا دیتے ہیں، یہ قرب بالفرائض کہلاتا ہے۔ کسی کو تبلیغ کا کام، کسی کو تدریس کا اور کسی کو تصنیف و تالیف کا کام سپرد کیا جاتا ہے۔ قرب بالفرائض والا فرائض کو چھوڑ کر نوافل میں مشغول ہوجائے تو گرفت کی جاتی ہے جیسے حضرت داؤد علیہ السلام کی خلوت میں آدمیوں کو بھیج کر تنبیہہ فرمائی۔

سوال نمبر 16:- نفی اثبات حبس دم کے ساتھ ایک دفعہ میں اکیس سے زیادہ کرسکتے ہیں یا نہیں؟

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

جواب:- سالک کو اول یہ ذکر بلحاظ شرائط 21 مرتبہ تک پہنچانا چاہئے پھر اس سے زیادہ کرے تو فائدہ ہے۔ مکتوبات معصومیہ میں کسی صاحب نے لکھا کہ میں ایک سانس میں ایک سو ایک بار نفی اثبات کرتا ہوں حضرت خواجہ محمد معصومؒ نے اس کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

سوال نمبر17:- کیا قرات قرآن سے وہ نتائج واثرات حاصل ہوتے ہیں جو صوفیہ کے بتائے ہوئے اذکار سے حاصل ہوتے ہیں؟

جواب:- ابتداء میں سالک کی زیادہ ترقی ذکر سے ہوتی ہے حتی کہ فنائے قلب اور فنائے نفس نصیب ہو جائے پھر تلاوت، نوافل اور دوسرے دینی اشغال سے زیادہ ترقی ہوتی ہے۔

سوال نمبر18:- جن کے اسباق زیادہ ہیں انہیں وقت پورا نہ ملے تو کیا کریں؟

جواب:- ایسی صورت میں صرف نیت کر کے لطائف پر سے توجہ کرتے ہوئے گزر جائیں تو بھی فائدہ سے خالی نہیں ہو گا۔

سوال نمبر19:- نسبت سلب ہو جانے کا کیا مطلب ہے؟

جواب:- نسبت نام ہے اس تعلق کا جو بندے کو اللہ تعالیٰ سے ہوتا ہے۔ اس تعلق کو کوئی سلب نہیں کر سکتا البتہ کیفیات و واردات سلب کی جا سکتی ہیں۔

سوال نمبر20:- بعض لوگ چلتے پھرتے ہر وقت تہلیل لسانی (کلمہ کا ذکر) کرتے رہتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

جواب:- سو فیصد جائز بلکہ مستحسن ہے حضرت خواجہ عزیزان علی رامتینیؒ سے ایسا ہی سوال پوچھا گیا تو فرمایا: شریعت نے قریب المرگ کو کلمہ کی تلقین کرنے کا حکم دیا ہے۔ میں ہر وقت اپنے آپ کو قریب المرگ سمجھتا ہوں۔ لہٰذا اپنے نفس کو کلمے کی تلقین کرتا رہتا ہوں۔

سوال نمبر21:- جو لوگ سفر کے دوران جیب میں قرآن پاک رکھتے ہیں اور مجبوراً پیشاب کے لئے بیت الخلاء میں جاتے ہیں تو کیا حکم ہے؟

جواب:- جیب کا حکم غلاف کا سا ہونا چاہئے، تاہم بہتر ہے کہ قرآن مجید کو کسی پلاسٹک وغیرہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کے غلاف میں لپیٹ کر جیب میں رکھیں۔

سوال نمبر22 :- مومن کو نماز کا انتظار کیوں رہتا ہے؟

جواب :- نماز جب روح کی غذا بن جاتی ہے تو نماز پڑھنے کے لئے دل اسی طرح بیتاب ہوتا ہے جیسے روٹی کھانے کے لئے معدہ بیتاب ہوتا ہے۔

سوال نمبر23 :- مجذوب کون ہوتے ہیں؟

جواب :- اللہ تعالیٰ کے بعض بندے روحانی امور کے لئے متعین ہوتے ہیں اور بعض مادی یا تکوینی امور کے لئے۔ تکوینی امور کے لوگ ظاہر میں دیوانوں کی مانند ہوتے ہیں۔ ضروری نہیں ہوتا کہ رجال تشریع کو رجال تکوین کی خبر ہو، جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت خضر علیہ السلام کا علم نہ تھا۔ کبھی کبھی تکوین و تشریع ایک ہی شخص میں جمع ہوجاتی ہیں۔ رجال تکوین میں قطب مدار اور رجال تشریع میں قطب ارشاد ہوتے ہیں۔ عموماً قطب مدار قطب ارشاد کے ماتحت ہوتا ہے۔ بخاری شریف کی روایت ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے ہوئی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ساتھ رہنے کی خواہش ظاہر کی تو حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا: "انی علی علم من علم الله علمنیه لا تعلم انت وانت علي علم علمکم الله لا اعلمه" [اللہ تعالیٰ نے ایک قسم کا علم مجھ کو دیا ہے جو تم کو نہیں ملا ہے اور تم کو ایک قسم کا علم دیا ہے جو مجھ کو نہیں ملا] یہ تکوینی امور کے لوگ مجذوب کہلاتے ہیں۔

سوال نمبر24 :- واردات کونیہ اور علمیہ سے کیا مراد ہے؟

جواب :- سالک کے دل میں بعض اوقات علمی نکات ڈالے جاتے ہیں اور بعض اوقات مادی امور سے متعلق نکات مثلاً ایسا ہوگا ایسا نہ ہوگا اس کو واردات کونیہ کہتے ہیں۔ علمی معارف کو واردات علمیہ کہتے ہیں دونوں محمود ہیں مگر علمیہ کونیہ سے افضل ہوتے ہیں علمیہ ہر شخص کو نہیں ملتے۔

؏ دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سوال نمبر25 :- مشرب کیا ہوتا ہے؟

جواب :- ہر سالک کسی نہ کسی نبی کے زیر قدم ہوتا ہے۔ لیکن کون کس کے زیر قدم ہے اس کا پتہ نہیں ہوتا۔ ایک بزرگ نے اپنے مرید کو دوسرے بزرگ کی خدمت میں بھیجا تاکہ انہیں اپنے مشرب کا پتہ چلے۔ جب مرید پہنچا تو اس بزرگ نے کہا تمہارے یہودی کا کیا حال ہے؟ مرید بہت خفاء ہوا۔ جب واپس پہنچا اور بزرگ نے مرید سے حقیقت حال پوچھی تو مرید نے جھکتے جھکتے بتایا۔ شیخ نے کہا' الحمدللہ کہ میں موسوی المشرب ہوں۔

سوال نمبر26 :- قیوم کسے کہتے ہیں؟

جواب :- عالم تجلیات صفات الٰہی کا مظہر ہے۔ اب تجلیات ذات کا مظہر بھی کسی کو ہونا چاہیئے اس کو قیوم کہتے ہیں کہ عالم کا قیام مادی وسائل پر نہیں بلکہ ذکر اللہ پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ قیامت نہیں آئے گی جب تک کہ زمین پر ایک بھی اللہ اللہ کرنے والا ہوگا۔ مشائخ چونکہ ذکر اللہ کرتے ہیں اور اس کے سلسلے کو جاری کرتے ہیں لہٰذا ان میں سے کسی خاص کو قیوم بنادیا جاتا ہے۔

سوال نمبر27 :- دست غیب سے کیا مراد ہے؟

جواب :- بعض مشائخ کو روزانہ مصلے کے نیچے سے یا کسی اور طرح سے رزق مل جاتا ہے یہ دست غیب کہلاتا ہے۔ یہ بھی دست غیب ہے کہ بلاتوقع کوئی ہدیہ پیش کرے۔

سوال نمبر28 :- بزرگوں کے ختم شریف پڑھنے کی کیا اصل ہے؟

جواب :- کوئی آیت یا عبادت جسے کسی شیخ کی زندگی اور کیفیات سے مناسبت کاملہ ہو ان کے ایصال ثواب کے لئے پڑھنا ختم شریف کہلاتا ہے۔ بعض مشائخ خود متعین کرتے ہیں اور بعض کی وفات کے بعد متوسلین مقرر کردیتے ہیں۔

سوال نمبر29 :- خواب' واقعہ اور مشاہدہ میں کیا فرق ہے؟

جواب :- نیند میں جو کچھ نظر آئے خواب کہلاتا ہے۔ مراقبہ میں بیٹھے بیٹھے سو جائے اور کچھ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

دیکھے تو واقعہ کہلاتا ہے۔ اگر مراقبہ میں بقائم ہوش وحواس کچھ دیکھے تو مشاہدہ کہلاتا ہے۔

سوال نمبر30 :۔ قبض و بسط سے کیا مراد ہے؟

جواب :۔ بعض اوقات سالک کو عجیب وغریب انشراح اور کیفیات محسوس ہوتی ہیں' یہ بسط کہلاتا ہے بعض اوقات یہ کیفیات ایسے دب جاتی ہیں جیسے کچھ بھی نہ تھا' یہ قبض کہلاتا ہے۔ قبض و بسط دونوں اللہ تعالٰی کی نعمتیں ہیں ہم اپنی کمزوریوں کے باعث صرف بسط مانگتے ہیں جس طرح درخت کو کاشتکار پانی دیتا ہے پھر کچھ عرصہ پانی خشک و جذب ہونے کیلئے چھوڑ دیتا ہے۔ ہر وقت پانی کھڑا رہے تو نقصان دہ ہے اس طرح وقفے وقفے سے پانی دینے سے درخت سرسبز وشاداب ہوتا ہے۔ یہی حقیقت قبض اور بسط کی ہے۔ ان کیفیات کے ذریعے سالک کی تربیت کی جاتی ہے۔

سوال نمبر31 :۔ فنافی الرسول ؐ سے کیا مراد ہے؟

جواب :۔ جب طبعی طور پر سنت کی اتباع ہونے لگے تو اس کیفیت کا نام فنافی الرسول ہے۔

سوال نمبر32 :۔ یادداشت سے کیا مراد ہے؟

جواب :۔ چھوٹے بچے کو ترتیب سے اے بی سی یاد ہوتی ہے بڑے کو اتنی تیزی سے پڑھنا نہیں آتا مگر بوقت ضرورت صحیح انگلش لکھ سکتا ہے۔ یا ہم مسجد میں جانے کا ارادہ کرتے ہیں راستے میں ادھر ادھر دیکھتے ہیں دوستوں کو سلام کرتے ہیں مگر مسجد میں جانا نہیں بھولتے۔ اس کو یادداشت کہتے ہیں۔ سالک بھی دنیا کے کام کرتا ہے' مگر اللہ تعالٰی کو ہرگز نہیں بھولتا۔

سوال نمبر33 :۔ نقشبندیہ سلسلہ اور چشتیہ سلسلہ میں بنیادی فرق کیا ہے؟

جواب :۔ دونوں میں کاملین اولیاء اللہ گزرے ہیں۔ فرق صرف طریق کار کا ہے۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ؒ سے کسی نے پوچھا' میں سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت ہوں یا سلسلہ چشتیہ میں۔ فرمایا' اس کی مثال یوں ہے کہ ایک زمین میں جھاڑیاں ہیں۔ اس میں کاشت کرنے کے دو طریقے ہیں۔ ایک تو یہ کہ اس میں سال چھ مہینے صفائی کرو پھر کاشت کرو' دوسرا یہ کہ جتنا صاف

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

ہو اتنا کاشت کرتے جاؤ اس نے کہا کہ مجھے دوسرا طریقہ پسند ہے موت کا کیا پتہ کب آ جائے۔ فرمایا پھر تمہیں سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت ہونا چاہئے۔

سوال نمبر 34:۔ کیا وجہ ہے کہ حنفی المسلک ممالک مثلاً پاکستان، ہندوستان، بنگلہ دیش، وسط ایشیاء کی ریاستیں، ترکی اور شام وغیرہ میں سلاسل صوفیہ زیادہ رائج ہیں؟

جواب:۔ تمام دین کا نچوڑ چار فقہیں ہیں اور یہ چار بھی سمٹ کر دو میں آجاتی ہیں حنفی و شافعی۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا ہے کہ حنفی المسلک میں کمالات نبوت غالب ہیں اور شافعی المسلک میں کمالات ولایت غالب ہیں حنفی المسلک ممالک میں اتباع سنت زیادہ ہوتی ہے۔

سوال نمبر 35:۔ نماز میں وساوس اور خیالات بہت آتے ہیں؟

جواب:۔ ہر وسوسہ خیال ہے جبکہ ہر خیال وسوسہ نہیں ہوتا۔ وسوسہ وہ خیال ہے جو مقصد میں حائل ہو لیکن فقط خیال مقصد میں حائل نہیں ہوتا۔ خیالات کا آنا مضر نہیں خیالات کا لانا مضر ہے۔ ہمیں نماز میں دنیا کے خیالات آتے ہیں جو اسفل ہے اور اکابرین کو خیالات آتے ہیں دین کے جو اعلیٰ ہیں جیسے حضرت عمرؓ نماز میں جہاد کی صفیں درست فرماتے تھے۔ ایسے خیالات محمود ہیں اور حضور قلب کے خلاف نہیں ہیں۔

سوال نمبر 36:۔ بعض مشائخ کو نماز میں اس قدر استغراق نصیب ہوتا ہے کہ ارد گرد کا پتہ بھی نہیں چلتا کہ کیا ہو رہا ہے، ہماری نمازیں کیوں ایسی نہیں ہیں؟

جواب:۔ نماز میں اس قدر استغراق حاصل ہونا لازمی امر نہیں ہے حضور قلب سے مراد نماز میں توجہ الی اللہ ہے نبی علیہ السلام نے ایک بچے کے رونے پر نماز کو مختصر کر کے سلام پھیر دیا تھا۔

سوال نمبر 37:۔ سنا ہے وسوسہ آنے پر منتہی کی گرفت ہوتی ہے؟

جواب:۔ صرف اس وسوسہ پر گرفت ہوتی ہے جو منتہی کو غافل کر دے۔ جو وسوسہ آئے اور گزر جائے اس پر گرفت نہیں ہوتی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

سوال نمبر38 :- ظن اور الہام میں کیا فرق ہے؟

جواب :- انسان جب نیت و ارادے کے ساتھ ایک رائے قائم کرلیتا ہے اس کو ظن کہتے ہیں اور جب خود بخود قلب میں کوئی خیال وارد ہوتا ہے اسے الہام کہتے ہیں۔

سوال نمبر39 :- عالم خلق اور عالم امر سے کیا مراد ہے؟

جواب :- اللہ تعالیٰ نے کائنات کو دو طرح سے پیدا کیا جسے کن کہہ کر پیدا کیا وہ عالم امر کہلاتا ہے جسے بتدریج پیدا کیا وہ عالم خلق کہلاتا ہے۔

سوال نمبر40 :- کیا سماع جائز ہے؟

جواب :- ساز اور باجوں کے ساتھ کسی قسم کا گانا حتیٰ کہ حمد و نعت بھی ناجائز ہے۔ بغیر مزامیر کے چند شرائط کے ساتھ جائز ہے۔ مثلاً

1۔ اشعار فاسقانہ مضامین پر مبنی نہ ہوں۔

2۔ مجلس میں محرم، غیر محرم کا اختلاط نہ ہو۔

3۔ سامعین کو اتنی رغبت ہو جیسے بھوک میں کھانے کی۔

سوال نمبر41 :- سنت اور بدعت کی کیا پہچان ہے؟

جواب :- سنت عمل آفاقی ہوتا ہے بدعت علاقائی ہوتی ہے یعنی سنت عمل ہر جگہ اور ہر ملک میں یکساں ہوگا مثلاً دسویں محرم کا روزہ رکھنا سنت ہے یہ ہر جگہ ہر ملک میں رکھا جاتا ہے۔ دسویں محرم کا "منانا" بدعت ہے اسی لئے ایران میں منانے کا طریقہ اور، پاکستان میں اور، عراق میں اور، ہندوستان میں اور ہے۔

سوال نمبر42 :- امت کا ایک بہت بڑا طبقہ تصوف کو اچھا نہیں سمجھتا یہ کیوں ہے؟

جواب :- بعض لوگ ڈھونگی پیروں کی باتیں سن کر متنفر ہوجاتے ہیں یہ نہیں سوچتے کہ آج تو ہر معاملے میں کھوٹا کھرے سے ملا ہوا ہے۔ نکھارنا تو ہمارا کام ہے۔ علماء میں بھی بعض نفس پرست دنیادار لوگ شامل ہوجاتے ہیں۔ اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ علم حاصل کرنا بند کردے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تصوف پر اعتراض کرنے والوں کی مثال ہندہؓ کی سی ہے جسے آکل الاکباد کہتے ہیں۔ مسلمان ہونے سے پہلے کتنی پکی دشمن تھی مسلمان ہونے کے بعد کہنے لگی "یا رسول اللہ"! اب آپ سے بڑھ کر کسی چیز سے محبت نہیں۔" معترضین پر تصوف کی حیثیت کھل جائے تو ان کا یہی حال ہو۔

سوال نمبر43 :- تصوف میں عروج کن چیزوں سے ہوتا ہے؟

جواب :- چار چیزوں سے: (1) کثرت ذکر (2) اتباع سنت (3) تقویٰ (4) رابطہ شیخ

سوال نمبر44 :- بعض مشائخ کی زبان سے "اناالحق اور سبحانی ما اعظم شانی" وغیرہ کے الفاظ کیوں نکلے؟

جواب :- یہ الفاظ غلبہ حال میں نکلے اس حالت میں انسان معذور ہوتا ہے حضرت موسیٰؑ کے سامنے اگر درخت سے آواز نکل سکتی ہے "انني انا الله" تو کیا عجب ہے کہ کسی انسان کی زبان سے انا الحق کے الفاظ نکلیں۔ تاہم صاحب ہوش آدمی ایسے الفاظ کہے گا تو جوتے پڑیں گے۔

سوال نمبر45 :- اکثر گناہوں کا سبب کیا ہوتا ہے؟

جواب :- اکثر گناہ "حب جاہ" یا "قوت باہ" کی وجہ سے ہوتے ہیں۔

سوال نمبر46 :- حضرت مجدد الف ثانیؒ نے لکھا ہے کہ آخر میں حقیقت کعبہ اور حقیقت محمدیہ ایک ہو جائیں گے؟

جواب :- کعبہ تجلیات ذاتی کا مرکز ہے اسی لئے وہ مسجود الیہ ہے آنحضرت ﷺ کا قلب مبارک بھی آخر میں دائمی طور پر تجلیات ذاتی کا مرکز بن جائے گا۔ حضرت یوسفؑ کو ایک نبی حضرت یعقوبؑ نے سجدہ کیا۔ حضرت آدمؑ کو سجدہ کروایا گیا۔ "لا یسعني ارضي ولا سمائي و لکن یسعني قلب عبد مومن" کعبہ بھی تجلیات ذاتیہ کا مرکز مومن کا قلب بھی، فرق اتنا ہے کہ کعبہ دائمی تجلیات کا مرکز مگر مومن پر کبھی ہیں کبھی نہیں۔

سوال نمبر47 :- بعض بزرگوں سے مروی ہے کہ حضرت علیؓ ایک رکاب میں پاؤں رکھتے تو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

بسم اللہ پڑھتے دوسرے پر پاؤں رکھتے تو والناس پڑھتے یہ کیسے ممکن ہے یا بعض بزرگ اپنے شہر سے دوسری جگہ پہنچے شادی کی بچے ہوئے واپس آئے تو چند گھنٹے ہی گزرے تھے کیا ایسا ہو سکتا ہے؟

جواب :- زمانے کا ایک طول ہوتا ہے ایک عرض ہوتا ہے عام مشہور یہی ہے کہ زمانے کا صرف طول ہے عرض نہیں ہے ممکن ہے اللہ تعالیٰ خواص کے ایسے کام زمانے کے عرض میں کروا دیتے ہوں جیسے واقعہ معراج۔

سوال نمبر48 :- مبداء تعین کسے کہتے ہیں؟

جواب :- ہر سالک کے لئے اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات میں سے ایک مبداء تعین ہوتا ہے اس سالک کی رسائی اپنے مبداء تعین تک ہی ہوتی ہے اگر کسی کو اس سے اوپر سیر نصیب ہو تو وہ نظری ہوتی ہے قدمی نہیں (مقام نہیں بنے گا) جیسے گھر لاہور میں ہے یہ اصل مقام ہوا۔ اب جہاں گھوم پھر آؤ مقام یہی رہے گا۔

سوال نمبر49 :- تعین اول کونسا ہے؟

جواب :- حدیث پاک میں ہے "کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق" [میں مخفی خزانہ تھا پس میں نے پسند کیا کہ میں پہچانا جاؤں، پھر میں نے مخلوق کو پیدا کر دیا] بعض مشائخ نے کہا کہ خدا کا پہلی بار مخلوق کو پیدا کرنے کا علم تعین اول ہے بعض نے کہا ارادہ (تخلیق) تعین اول ہے لیکن حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا حب (یہ چاہنا کہ مجھے پہچانا جائے) تعین اول ہے یہ "حب" ہی نبیؐ کا مبداء تعین ہے اس سے اوپر لاتعین کا مقام ہے۔

سوال نمبر50 :- صوفیائے کرام فقط مصلے پر بیٹھ کر تسبیحات پھیرتے رہتے ہیں جہاد میں حصہ کیوں نہیں لیتے؟

جواب :- جہاد کا لفظ قرآن مجید میں کئی مقامات پر وارد ہوا ہے۔ مثلاً

1)— جہاد بالمال یعنی اپنے مال کو اللہ کے راستے میں خرچ کرنا "وجاھدوا باموالکم" اس پر دلیل ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

2)—— جہاد بالنفس یعنی اپنی جانوں پر احکام شریعت نافذ کرنا۔ فرمان الٰہی ہے "و تجاھدون فی سبیل اللہ باموالکم وانفسکم" اسی لئے حدیث پاک میں بھی وارد ہے "المجاھد من جاھد نفسہ فی طاعۃ اللہ۔"

3)—— جہاد بالقرآن یعنی کفار کے سامنے اعلائے کلمۃ اللہ کی خاطر اسلام کی دعوت کو پیش کرنا "و جاھدھم بہ جھادا کبیرا" اس کی دلیل ہے۔

4)—— جہاد بالسیف یعنی کفار کے ساتھ قتال کرنا جیسے فرمان الٰہی ہے "یا ایھا النبی جاھد الکفار والمنافقین واغلظ علیھم"

صوفیائے کرام عام طور پر جہاد کی پہلی تین صورتوں میں فعال رہتے ہیں۔ اس کی مثالیں اظہر من الشمس ہیں۔ رہی بات جہاد بالسیف کی تو جب دین اسلام کی سربلندی کیلئے جہاد فرض عین ہو جاتا ہے تو یہ حضرات کفن بردوش ہو کر میدان میں نکل آتے ہیں اور کفار کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار یعنی بنیان مرصوص بن جاتے ہیں۔ چند مثالیں درج ذیل ہیں:

1)—— ساتویں صدی ہجری میں تاتاریوں نے جب جلال الدین خوارزم شاہ کی واحد اسلامی سلطنت اور عباسی خلافت کا چراغ گل کر دیا تو یہ ضرب المثل بن گئی تھی۔

"اذا قیل لک ان التاتار انھزموا فلا تصدق"

[اگر کوئی کہے کہ تاتاریوں نے شکست کھائی تو یقین نہ کرنا]

ایسی عجیب صورت حال میں حضرت محمد دربندیؒ جیسے حضرات نے تاتاری شہزادوں کے دلوں کی کایا پلٹ دی اور تیس سال کے بعد یہی شہزادے مسلمان ہو گئے اور دنیا میں اسلام کی عظمت کا پھریرا لہرانے لگا۔ علامہ اقبالؒ نے کہا

ہے عیاں آج بھی تاتار کے افسانے سے
پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

2)—— ہندوستان میں جب اکبر بادشاہ کی وجہ سے دین الٰہی کی آندھی اٹھی تو حضرت مجدد الف ثانیؒ نے احیائے دین کا علم بلند کیا اور وقت کے بڑے بڑے فوجی جرنیلوں مثلاً شیخ فرید اور خان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

خانان کے دلوں پر توجہات ڈالیں حتیٰ کہ وہ وقت آیا کہ رسومات بدعات کا قلع قمع ہوا اور دنیا میں "یحی الارض بعد موتہا" کا نقشہ پیش ہوا۔ اور نگزیب جیسا دیندار بادشاہ انہی کی محنت کا ثمر تھا۔

3)ـــ روس نے داغستان پر حملہ کیا تو غازی محمد شہیدؒ، حمزہ بےؒ اور شیخ شاملؒ جیسے مشائخ طریقت نے 1813ء سے 1859ء تک 46 سال جنگ لڑی اور کیمونسٹوں کے ساتھ قتال کیا۔

4)ـــ طرابلس کی جنگ میں شیخ احمد الشریف سنوسی نے اپنے مریدین کو اطالویوں کے سامنے صف آراء کیا اور انہیں پندرہ سال ناکوں چنے چبوائے۔ صحرائے اعظم افریقہ کی سنوسی خانقاہ آج تک مشہور ہے۔

5)ـــ انیسویں صدی عیسوی میں الجزائر میں امیر عبدالقادر نے فرانسیسیوں سے 1832ء سے لے کر 1847ء تک 15 سال جنگ کی یہ شیخ طریقت تھے۔

6)ـــ ہندوستان میں تحریک خلافت کے سلسلے میں جہاد شاملی کے حافظ فیاض شہیدؒ اور انگریز سے آزادی کے حصول کے لئے سید احمد شہیدؒ اور شاہ اسماعیل شہیدؒ کے ناموں کو تاریخ میں نمایاں مقام حاصل ہے۔

7)ـــ افغانستان میں سید جمال الدین افغانیؒ، ہندوستان میں شیخ الہند اسیر مالٹا حضرت محمود الحسنؒ اور سلسلہ شاذلیہ کے حسن البناء وغیرھم یہ سب حضرات مشائخ طریقت تھے۔ ان سب نے جہاد بالسیف کیا۔ ان عظیم قربانیوں کے بغیر تاریخ اسلام نامکمل ہے۔

8)ـــ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے شیخ حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہیدؒ نے اپنے مریدین میں ایسا جذبہ جہاد بھرا کہ ایک خاتون اپنے دو بیٹوں کو مخاطب ہو کر کہنے لگی۔

؎ بولی اماں محمد علی کی جاں بیٹا خلافت پہ دے دو

بتایئے حضرت مولانا محمد علی جوہرؒ اور مولانا شوکت علیؒ میں جذبہ جہاد کس نے بھرا تھا۔ وہی شیخ جو خود بھی ایک ظالم کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ آج بھی ان کی قبر مبارک کے قریب یہ اشعار لکھے ہوئے ہیں:

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

؎ بہ لوح تربت من یافتند از غیب تحریرے

کہ ایں مقتول راجز بے گناھی نیست تقصیرے

حضرت مولانا محمد علی جوہرؒ مسلمانوں کی آزادی کیلئے اپنے گھر سے ہجرت کر کے لندن چلے گئے تاکہ مسلمانوں کی آواز انگریز کے ایوانوں تک پہنچا سکیں۔ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں اور جب جان سے مار دیئے جانے کی دھمکی دی گئی تو "افضل الجہاد کلمۃ حق عند سلطان جائر" کے مطابق کفر کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر کہا:

تم یوں ہی سمجھنا کہ فنا میرے لئے ہے ــــ پر غیب میں سامان بقا میرے لئے ہے

پیغام ملا تھا جو حسین ابن علیؓ کو ــــ خوش ہوں کہ وہ پیغام قضا میرے لئے ہے

اللہ کے رستے کی جو موت آئے مسیحا ــــ اکسیر یہی ایک دوا میرے لئے ہے

توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے ــــ یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

کتابیات

"تصوف و سلوک" کی ترتیب و تالیف میں جن کتب سے مدد حاصل کی گئی ہے ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام کتاب	مولف	سن ترتیب و تالیف
1	کتاب اللمع فی التصوف	شیخ ابو نصر سراج طوسیؒ	378 ہجری
2	کتاب التعرف	شیخ ابو بکر بن ابراہیم بخاری الکلاباذیؒ	380 ہجری
3	قوت القلوب	شیخ ابو طالب محمد بن عطیہ مکیؒ	386 ہجری
4	طبقات الصوفیہ	شیخ عبدالرحمٰن محمد بن الحسینی نیشاپوریؒ	412 ہجری
5	حلیتہ الاولیاء	محدث کبیر شیخ ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصفہانیؒ	430 ہجری
6	رسالہ قشیریہ	شیخ ابوالقاسم بن ہوازن القشیری نیشاپوریؒ	465 ہجری
7	کشف القلوب	شیخ المشائخ ابوالحسن علی بن عثمان ہجویریؒ	470 ہجری
8	طبقات الصوفیہ	شیخ الاسلام عبداللہ بن محمد انصاری ہرویؒ	480 ہجری
9	احیاء العلوم	شیخ محمد امام غزالیؒ	505 ہجری
10	آداب المریدین	شیخ شہاب الدین سہروردیؒ	563 ہجری
11	زبدۃ الحقائق	شیخ الطریقت عزیز بن محمد نسفیؒ	616 ہجری
12	تذکرۃ الاولیاء	شیخ فرید الدین عطارؒ	630 ہجری
13	عوارف المعارف	شیخ شہاب الدین سہروردیؒ	632 ہجری
14	فتوحات مکیہ	شیخ محی الدین ابن عربیؒ	637 ہجری
15	مرصاد العباد	نجم الدین امام رازیؒ	654 ہجری
16	لمعات	شیخ فخرالدین عراقیؒ	688 ہجری
17	نفحات الانس	مولانا جامیؒ	ہجری
18	دلیل العارفین	خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ	ہجری
19	فوائد السالکین	خواجہ فرید الدین گنج شکرؒ	ہجری

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

20	راحت القلوب	حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ	ہجری
21	مکتوبات امام ربانی	حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ	ہجری
22	مکتوبات معصومیہ	حضرت خواجہ محمد معصومؒ	ہجری
23	عمدۃ السلوک	حضرت سید زوار حسین شاہؒ	ہجری
24	انفاس عیسیٰ	حکیم الامت حضرت تھانویؒ	ہجری
25	شجرہ طیبہ	حضرت خواجہ محمد عبد المالک صدیقیؒ	ہجری

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

تصوّف وسلوک سے اقتباس

آج اُمّت مُسلمہ کی زبوں حالی اس انتہا کو پہنچ چکی ہے کہ جھوٹ سچ اور کھوٹا کھرے سے بالکل پیوست نظر آتا ہے۔

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے

جس طرح علم ظاہر کے حامل علمائے حق کی صفوں میں علمائے سوء داخل ہو چکے ہیں اسی طرح علم باطن کے حامل مشائخ حق پرست کے بھیس میں نفس پرست لوگ شامل ہو چکے ہیں عوام الناس کی روحانی اور باطنی تنزلی کی انتہا یہاں تک ہو چکی کہ ایک طبقے نے بیعت طریقت کو لازم قرار دے کر فرائض کے ترک کرنے اور شریعت و طریقت کو الگ الگ ثابت کرنے کا بہانہ بنا لیا۔

ضَلّوا فَاَضَلّوا: (خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا۔)

دوسرے طبقے نے بیعت طریقت کو گمراہی سمجھ کر اسکی مخالفت کا بیڑا اٹھا لیا

وَيَا اَسَفیٰ!

ان حالات میں اہل حق کیلئے افراط و تفریط کے شکار ان دونوں طبقوں سے جو مکھی لڑائی لڑنے کے سوا چارہ نہیں تاکہ احکام شریعت کو نکھار کر پیش کیا جائے اور حق و باطل کی حد فاصل کو واضح کیا جائے۔

برائے رابطہ

دار العلوم جھنگ، جھنگ صدر فون: 0471-622832

مکتبۃ الفقیر 223 سنت پورہ فیصل آباد فون: 618003-631539

جامعۃ الحبیب شاداب کالونی فیصل آباد فون: 655531-659429

Courtesy www.pdfbooksfree.pk